مہاراجہ رنجیت سنگھہ

پروفیسر سیتارام کوہلی، ایم - اے
گورنمنٹ کالج، لاہور

الہ آباد
ہندستانی ایکیڈیمی، یو - پی

مہاراجہ رنجیت سنگھ

مہاراجہ رنجیت سنگھ

مصنفہ

پروفیسر سیتارام کوہلی ' ایم - اے

گورنمنٹ کالج ' لاہور

الہ آباد

ہندوستانی ایکیڈیمی ' یو - پی

۱۹۳۳

Published by
The Hindustani Academy, U. P.,
Allahabad.

First Edition

Price { Rs. 4/8 (Cloth)
Rs. 4/- (Paper)

Printed by Mirza Abul Fazl
at the Minerva Press
Allahabad.

پوجنیہ پتاجی

سکھوں کے عہد حکومت کی دلچسپ داستانیں سناکر آپ نے ہی اول اول میرے دل میں خالصہ تاریخ کے مطالعہ کا شوق ڈالا - چنانچہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی زندگی پر یہ چھوٹی سی تصنیف بڑے ادب اور پیار سے آپ کی بھینٹ کرتا ہوں قبول کیجیئے -

آپ کا پیارا بیٹا

سیتارام

فہرست مضامین

نواں باب

صفحہ

دسواں باب

گیارھواں باب

بارھواں باب

تیرھواں باب

چودھواں باب

پندرھواں باب

سولھواں باب

دیباچه

سولہ سال گذرے پنجاب یونیورسٹی نے مصنف کو مہاراجہ رنجیت سنگھ کی گورنمنٹ کا ریکارڈ مرتب کرنے کے کار خاص پر تعینات کیا تھا - سرکار خالصہ کے چالیس سالہ کاغذات الحاق پنجاب کے وقت سنہ ۱۸۴۹ء میں برٹش گورنمنٹ کے قبضہ میں آئے جو سنہ ۱۹۱۵ء تک گورنمنٹ پنجاب کے سیکریٹریٹ دفتر میں جوں کے توں پڑے رہے - مصنف نے چار سال میں اِس تمام دفتر کو ترتیب دی - اور ہر محکمہ کے تمام کاغذات کی فہرست تاریخ اور نمبر وار معہ شرح تیار کی جسے پنجاب گورنمنٹ نے "خالصہ دربار ریکارڈ" کے نام سے دو جلدوں میں شائع کیا -

انہیں تحقیقات کے دوران میں مصنف کو مہاراجہ رنجیت سنگھ کی تاریخ سے خاص دلچسپی پیدا ہو گئی چنانچہ اِس مضمون پر جتنی کتابیں شائع ہو چکی تھیں - اُن سب کا مطالعہ کیا - اب مصنف کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ عام پبلک کی واقفیت کے لئے رنجیت سنگھ کی حیرت انگیز زندگی کے صحیح واقعات کتاب کی شکل میں شائع کئے جائیں -

اتفاق سے انہیں ایام میں ہندوستانی ایکیڈیمی کے سیکریٹری صاحب کی فرمائش موصول ہوئی جس میں مصنف کو

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے حالات زندگي پر اُردو میں
کتاب لکھنے کي درخواست کي گئي تھي - چنانچہ
مصنف نے پوري توجہ سے اس کام کو ہاتھ میں لیا اور اُس
کا نتیجہ آج ناظرین کي خدمت میں حاضر ہے - انگریزي
زبان میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کي زندگي کے حالات پہلے
پہل پرنسپ ' کپتان مرے ' میک گریگر اور کننگھم نے سنہ
۱۸۳۴ع اور سنہ ۱۸۵۱ع کے درمیاني عرصہ میں شائع کئے -
اِس کے بعد سر لیپل گرفن اور سید محمد لطیف نے زیادہ
تر انھیں کتابوں کي بنیاد پر اپني تصنیفات مرتب کیں -
گو سید محمد لطیف نے مہاراجہ کے زمانہ کي لکھی ہوئي
فارسي کتابوں سے بھي مدد لي مگر اُس کے خیالات بھیثُت
مجموعي پرنسپ اور مرے کي کتابوں پر ھي مبني ھیں -
پرنسپ نے اپني کتاب سنہ ۱۸۳۴ع میں شائع کي - وہ دیباچہ
میں ذکر کرتا ھے کہ یہ کتاب کپتان ویڈ اور کپتان مرے
کي رپورٹ کو ترتیب دے کر لکھي گئي ھے - کپتان ویڈ اور
کپتان مرے کو گورنرجنرل کی طرف سے ھدایت ھوئي تھی
کہ وہ مہاراجہ کي زندگی کے حالات پر رپورٹ مرتب کریں -
کپتان ویڈ لدھیانہ ریزیڈنسی کا افسر تھا - کپتان مرے انبالہ
ایجنسی کا ریزیڈنٹ تھا - یہ دونوں اصحاب دربار لاھور میں اکثر
آیا جایا کرتے تھے - اُنھوں نے خوشوقت رائے اور دیگر اخبار
نویسوں سے جو سرکار انگریزی کي طرف سے مہاراجہ کے دربار
میں متعین تھے واقعات حاصل کئے - اِن اخبار نویسوں کو علم تاریخ
سے کوئي باقاعدہ واقفیت نہ تھي چنانچہ اُنھوں نے واقعات

کے ساتھہ ھي کئي قسم کي مبالغہ آميز اور بازاري کہانياں بھي شامل کر ديں جنھيں ويڈ اور مرے نے اپني رپورٹوں ميں شامل کر ليا - جب يہ رپورٹيں کتاب کي صورت ميں شائع ہوئيں تو يہ کہانياں بھي تاريخ کا ايک حصہ بن گئيں - بعد کے مصنفين يکے بعد ديگرے اِنھيں اپني کتابوں ميں درج کرتے گئے - کسی نے اُن کي اصليت جانچنے کي کوشش نہ کي - ہم نے اس کتاب ميں مہاراجہ کے زمانہ کي فارسي زبان ميں لکھي ہوئی تاريخوں سے مدد لے کر اس قسم کے معاملات پر روشنی ڈالنے کي کوشش کی ھے اور ان پر تفصيل کے ساتھہ اِس کتاب کے فٹ نوٹس ميں بحث کی ھے -

ميک گريگر جنوری سنہ ۱۸۴۷ع ميں ھنری لارنس کے ماتحت دربار لاھور ميں متعين ھوا تھا - اُنھيں دنوں اُس نے اپنی کتاب کے لئے مصالح اکٹھا کيا - اُس کی کتاب کا بہت سا حصہ جو رنجيت سنگھ کے عہد حکومت سے تعلق رکھتا ھے منشی سوھن لال اور ديوان امر ناتھ کي فارسی کتابوں سے اخذ کيا گيا ھے -

کننگھم کی مشہور تاريخ انگريزوں اور سکھوں کے باھمي تعلقات اور رنجيت سنگھ کی وفات کے بعد کے دربار لاھور کے حالات کے لئے ضخيم باتفصيل اور نادر کتاب ھے - مگر اِس ميں مہاراجہ کي زندگي کے حالات اِس قدر وضاحت سے بيان نہيں کئے گئے -

انگريزي کتابوں کے علاوہ مہاراجہ رنجيت سنگھ کي زندگي کے حالات اُس کي حين حيات ميں لکھي ہوئي فارسی کتب ميں بھي

موجود هیں - اِن تمام میں سب سے زیادہ مستند منشی سوهن لال کي عمدةالتواریخ ' دیوان امرناتھ کا ظفرنامہ ' رنجیت سنگھ اور میاں بوتي شاہ کی تاریخ پنجاب هیں - منشی سوهن لال مہاراجہ کا درباري وقائع‌نویس تھا - اُس کے روزنامچے میں دربار کے روزانہ واقعات درج هیں - واقعات کي تاریخ کے لحاظ سے سوهن لال کی کتاب بالکل صحیح اور نہایت هی مستند هے -

کپتان ویڈ کی درخواست پر اِسی کتاب کی ایک نقل مئی سنہ ۱۸۳۱ع میں مہاراجہ نے اُسے دی تھی - کیونکہ کپتان ویڈ انھی ایام میں لارڈ ولیم بنٹنک گورنرجنرل کے حکم سے مہاراجہ کی زندگی کے حالات پر رپورٹ مرتب کر رہا تھا - ویڈ نے بعد میں یہ مسودہ ولایت کی رائل ایشیاٹک سوسائٹي کے کتب‌خانہ میں دے دیا جہاں یہ ابھی تک موجود هے - اِس مسودہ کے پہلے صفحہ پر کپتان ویڈ کے اپنے هاتھ سے لکھا هوا مفصلہ ذیل نوٹ بھی هے :—

" میں یقین واثق کے ساتھ یہ فیصلہ دینے کے قابل هوں کہ واقعات کي سچائي اور تاریخوں کي درستي کے لحاظ سے جو کہ میں نے نہایت باریک‌بیني سے دیگر مورخین کے ساتھ مقابلہ کی هیں اور سکھوں کے درمیان اپنے سترہ سالہ قیام کے دوران میں خود ذاتی طور پر تحقیقات کي هیں - یہ کتاب رنجیت سنگھ کي حیرت‌خیز زندگی کا سچا اور صحیح ریکارڈ هے " -

سوهن لال کی کتاب عمدۃ التواریخ کے نام سے سنہ ۱۸۸۵ع میں لاهور میں شائع هوئي تهي لیکن اب یہ نایاب ہے -

دیوان امر ناتھ مہاراجہ کے مشہور دیوان راجہ دینا ناتھ کا بیتا تھا - وہ اپنے زمانہ کے نہایت قابل اُستاد مولوي احمد بخش چشتي کا شاگرد تھا - مولوی صاحب کو خود تاریخ کے مطالعہ کا بہت شوق تھا * - اور یہي شوق اُنھوں نے اپنے اِس هونہار اور قابل شاگرد میں پھونک دیا - مہاراجہ کی خاص فرمائش پر دیوان امر ناتھ نے مہاراجہ کي زندگي کے حالات سنہ ۱۸۲۳ع اور سنہ ۱۸۳۹ع کے درمیان قلمبند کئے تھے - دیوان امر ناتھ کو اپنے والد راجہ دینا ناتھ کے اعلیٰ عہدہ کا بڑا فائدہ تھا ' کیونکہ وہ هر قسم کی صحیح واقفیت حاصل کر سکتا تھا - یہ مسودہ هم نے اپني شرح سمیت " ظفر نامۂ رنجیت سنگھ " کے نام سے سنہ ۱۹۲۸ع میں شائع کیا تھا - اُس کے دیباچہ میں دیوان امر ناتھ کی نسبت تمام حال درج ہے -

بوٹی‌شاہ کي تاریخ پنجاب مسودہ کي شکل میں ہے - یہ ابھي تک شائع نہیں هوئي - اِس کے نسخے لاهور کی یونیورسٹي لائبریري ' دیال سنگھ لائبریري اور پبلک لائبریري میں موجود هیں - هم نے دیال سنگھ لائبریری والا نسخہ استعمال کیا ہے - بوٹی‌شاہ کا اصل نام غلام محی‌الدین تھا اور وہ لدھیانہ کا

* مولوي صاحب نے سنہ ۱۸۱۹ع سے سنہ ۱۸۶۰ع تک کي مسلسل روزانہ ڈائري بیس جلدوں میں مرتب کي تھي - یہ مسودہ ابھي تک اُن کے وارثوں کے پاس موجود ہے -

باشندہ تھا - مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار کے ساتھ اُس کا کسي قسم کا تعلق یا لگاؤ نہ تھا - اِس کتاب کے تاریخی واقعات مہاراجہ رنجیت سنگھ کي وفات کے ساتھ ہی ختم ہوتے ہیں - اُس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بوٹي شاہ نے اپنا مسودہ لکھتے وقت سوہن لال کي عمدۃالتواریخ کے مسودہ کو بھی دیکھا تھا -

اِن کتابوں کے علاوہ ہم نے جنگ ملتان ' جنگ پشاور اور جنگ نوشہرہ کے لئے گنیش داس پنگل کے ہندي چھندوں کا بھي استعمال کیا ہے - گنیش داس کے چھند ابھی تک مسودہ کی شکل میں ہیں - اِن چھندوں کي ایک نقل ہمارے پاس بھي موجود ہے - ہم ابھي یہ نہیں بتا سکتے کہ گنیش داس کون تھا یا مہاراجہ کے دربار میں اُس کا کتنا رسوخ تھا - مگر اِن چھندوں میں واقعات بڑی تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں جس سے ہم اِس نتیجہ پر ضرور پہنچتے ہیں کہ یہ شخص مہاراجہ کا ہمعصر تھا ' بڑا باخبر تھا ' اور اُس کی واقفیت حاصل کرنے کے ذرائع بھي بالکل تازے تھے -

مہاراجہ رنجیت سنگھ کي زندگي کے حالات لکھنے میں ہم نے مذکورہ بالا فارسي کتب کا ہي زیادہ استعمال کیا ہے ' کیونکہ یہي کتابیں مہاراجہ کے عہد حکومت کا اصل حال بتاتي ہیں - انگریزی کتب کا بھي اِن کے ساتھ مقابلہ کیا ہے اور جہاں تک ممکن ہو سکا ہے ہم نے روایتیں اور کہانیاں بالائے طاق رکھ کر واقعات کو صحیح اور درست شکل

میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے - مہاراجہ کے ملکی ' مالی اور فوجی طریقۂ حکومت پر جو کچھ ہم نے لکھا ہے وہ مہاراجہ کی گورنمنٹ کے اصل کاغذات پر مبنی ہے جو کہ ہم نے خود مرتب کئے ہیں - اِن مضامین پر ہم گذشتہ دس بارہ سال سے کچھ نہ کچھ لکھ کر شائع کرتے رہے ہیں اور اب یہ چھوٹی سی کتاب لکھنے میں انہی مضامین سے مدد لی ہے جسے ہم ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں -

ہم اپنے عزیز دوست لالہ ہری رام گپتا ایم - اے کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنا قیمتی وقت خرچ کر کے اِس کتاب کے مسودہ کو پڑھنے اور اُس کی زبان درست کرنے میں ہماری امداد کی -

گلمرگ (کشمیر)
سنہ ۱۹۳۱ع -

سیتا رام کوھلی
گورنمنٹ کالج ' لاھور -

مہاراجہ رنجیت سنگھ
بہ اجازت پنجاب گورنمنٹ ریکارڈ آفس

پہلا باب

سکھ مذہب کی ابتدا اور گوروؤں کا بیان

سکھ مذہب کی بنیاد

سکھ مذہب کي بنياد گورو نانک ديو نے پندرھویں صدی کے آخر میں ڈالي تھی - یہ مہاتما سنہ ۱۴۶۹ع میں پیدا ہوئے - تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں ہمارے ملک میں بھکتی مت کي لہر پورے زوروں پر تھي اور ملک کے ہر حصہ میں مذہبي پیشوا اِس نئے مت کا پرچار کر رہے تھے - بھکت کبیر داس ' سوامي ولبھ آچاریہ ' مہاتما چیتنیہ وغیرہ انھي دنوں اپني دھارمک تعلیم سے عوام‌الناس کو مستفید کر رہے تھے - بھکتي مت کی تعلیم بڑي سیدھي سادي تھي جس کا خلاصہ یہ تھا کہ خدا ایک ہے اور ہر جگہ موجود ہے' لوگ اُسے مختلف ناموں سے پکارتے ہیں' مگر اس کے احکام سب کے لئے یکساں ہیں - وید یا قرآن ' ہر مذہبي کتاب اسي کي طرف سے ہے' اس لئے اس کي عزت کرنا ہر انسان کا فرض ہے - اس کي بارگاہ میں ذات پات کي کوئي تمیز نہیں - خواہ کوئي شودر ہو یا برہمن' ہندو ہو یا مسلمان' ہر شخص اپنے نیک اعمال کي وجہ سے خدا کي درگاہ میں باریابي کا

شرف حاصل کر سکتا ہے - اس مت کے رہنما جسمانی ریاضت اور ظاہری طریقۂ عبادت کے قائل نہ تھے اور نہ ہی ترک دنیا کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتے تھے - اس تحریک کے متعلق یہ امر خصوصاً قابل ذکر ہے کہ ان تمام رہبروں نے اپنی اپنی ملکی عام‌فہم زبان میں اپنے خیالات کا پرچار کیا جسے ہر شخص بآسانی سمجھ سکتا تھا -

پہلے پانچ گورو صاحبان

گورو نانک دیو نے بھی تقریباً ایسے ہی خیالات کی تعلیم دی - انہوں نے سنہ ۱۵۳۸ع میں وفات پائی - ان کی جگہ گورو انگد گدی‌نشین ہوئے جنہوں نے نانک کے کام کو نہایت سرگرمی سے فروغ دیا - گورو امرداس تیسرے گورو تھے جو سنہ ۱۵۵۲ع سے سنہ ۱۵۷۳ع تک گدی پر متمکن رہے - ان کے بعد ان کے داماد رام داس‌جی گورو گدی پر جلوہ افروز ہوئے - سنہ ۱۵۸۱ع میں ان کا بھی انتقال ہوا - ان کے بیٹے ارجن دیو نے گدی سنبھالی - تب سے سکھ گوروؤں کی گدی اِسی خاندان میں قائم رہی -

مذہبی ضروریات کی تکمیل

سکھ مذہب کی بنیاد پڑے اس وقت ستر سال ہو چکے تھے - اِس عرصہ میں یہ بخوبی جڑ پکڑ چکا تھا - گورو انگد کو روحانی قابلیت کے علاوہ زباندانی کا بھی ملکہ تھا - چنانچہ انہوں نے گورمکھی حروف ایجاد کئے - انہی حروف میں گورو نانک‌جی کی سوانح عمری لکھی گئی - گورو

رام‌داس نے شہر امرتسر کي بنیاد رکھی * جو بعد میں سکھوں کي زیارت‌گاہ اور مرکزي مقام بن گیا - گورو ارجن دیو نے گرنتھ صاحب مرتب کیا - اِس طرح سکھوں کے لئے ایک نئي زبان ، ایک مقدس مقام اور ایک مذہبي کتاب تیار ہو گئي - غرضیکہ اِس فرقہ کو پیوستہ کرنے اور مضبوط بنانے کے تمام سامان مہیا ہو گئے - گورو کے پیرو تعداد میں روز بروز بڑھنے لگے جن کے نذرانے اور چڑھاوے سے گورو صاحب کي سالانہ آمدنی بھی خاصی ہو گئی - اور انہوں نے روحانی اور دنیاوی لحاظ سے سوسائٹی میں بلند مرتبہ حاصل کر لیا -

گورو ارجن دیو کا قتل ۱۶۰۶ع میں

گورو ارجن دیو کا فرزند ارجمند ہرگوبند جو بعد میں گدی‌نشین ہوا بہت خوبصورت اور ہنرمند لڑکا تھا - چنانچہ صوبۂ پنجاب کے وزیر مال دیوان چندو شاہ نے اُس کے ساتھ اپنی بیٹي کا رشتہ کرنے کي خواہش ظاہر کی - گورو ارجن دیو نے کسي وجہ سے اِسے منظور نہ کیا ، جس پر دیوان چندو شاہ اتنا ناراض ہوا کہ گوروجی کا جانی دشمن بن گیا - حسن اتفاق سے چندو شاہ کو انتقام لینے کا موقعہ بھي جلدی ہاتھ آ گیا - جہانگیر کے

* شہر امرتسر کے لئے زمین اکبر نے دي تھي - اکبر کي فراخ مذہبي پالسي کي وجہ سے گورو رام‌داس کا شہنشاہ کے ساتھ اچھا رسوخ تھا - سکھ فرقہ کي بے روک ٹوک ابتدائي ترقي کي ایک وجہ یہ بھي ہے کہ اُس زمانہ میں بابر سے لیکر اکبر تک مغل بادشاہوں کي مذہبي پالسي غیرجانبدار نہ تھي -

تخت‌نشین ہوتے ہی اُس کے بیٹے شاہزادہ خسرو نے باپ کے خلاف بغاوت کا علم بلند کیا اور آگرہ سے بھاگ کر لاہور آیا - گوونند وال کے مقام پر وہ گورو صاحب کی خدمت میں بھی حاضر ہوا - اُنہوں نے شہزادہ کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا - چندو شاہ کی سازش سے یہ بات شہنشاہ کے کانوں تک پہنچ گئی - جہانگیر نے جو سکھ تحریک سے پہلے ہی بدظن تھا گورو صاحب پر دو لاکھ روپیہ جرمانہ کر دیا - مگر اُنہوں نے جرمانہ کی ادائگی سے صاف انکار کر دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ قتل کر دئے گئے - *

گورو ارجن دیو کا قتل سکھوں کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے - اس واقعہ کا اُن کے بعد کی تاریخ پر بڑا گہرا اثر پڑا بلکہ یہ کہنا ناموزوں نہ ہوگا کہ یہ اُن مظالم کے سلسلہ کی ابتدا تھی جن کی وجہ سے اِس مذہبی اور اصلاحی فرقہ کو مجبوراً جنگی فرقہ بننا پڑا - †

بعد کے چار گورو صاحبان سنہ ۱۶۰۶ع سے ۱۶۷۵ع تک

گورو ارجن دیو کے بعد اُن کا بیٹا گورو ہرگوبند گدی پر بیٹھا - گورو ہرگوبند کو اپنے والد کے قتل کا صدمہ ضرور تھا لیکن پھر بھی کچھ دنوں تک شہنشاہ جہانگیر کے ساتھ

---

* دیکھو صفحہ ۳۵ تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور پریس لکھنؤ -

† اِن تمام واقعات کا اِس چھوٹی سی کتاب میں مفصل ذکر کرنا ناممکن ہے -

اُن کے تعلقات اچھے رہے - کچھ عرصہ کے بعد جہانگیر نے
اُن کے والد کے جرمانہ کی دو لاکھ کی رقم طلب کی
مگر اُنھوں نے صاف جواب دے دیا - بادشاہ نے اُنھیں گوالیار
کے قلعہ میں قید کر دیا - کچھ عرصہ بعد اُنھیں جیل
سے رہائی ملی - اب اُنھوں نے اپنے پنتھ کی کمزور حالت
پر غور کیا اور ضرورت وقت کو مد نظر رکھ کر تھوڑی
سی فوج نوکر رکھ لی - اور اپنے مریدوں کو بھی ھتھیار رکھنے
کی هدایت کی -

یہ سکھوں کے سب سے پہلے گورو تھے جنھیں فوجی
زندگی اختیار کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی - اِنھیں
اپنی زندگی میں پنتھ کی ہستی قائم رکھنے کے لئے تین
مرتبہ مغل صوبہداروں سے جنگ کرنی پڑی - ان تینوں
لڑائیوں میں گورو ھرگوبند کا پلہ بھاری رہا - گورو ھرگوبند
سنہ ۱۶۴۴ میں اِس جہان فانی سے رحلت کر گئے -
اُن کے بعد اُن کا پوتا گورو ھررائے گدی‌نشین ہوا - * گورو
ھررائے نے اپنی زندگی کا اکثر حصہ آرام و راحت سے گذارا -
سنہ ۱۶۶۱ع میں اُن کی وفات پر اُن کا چھوٹا لڑکا ھرکشن
گدی پر بیٹھا ، مگر اُس کا جلدی ہی انتقال ہو گیا - سنہ
۱۶۶۵ع میں گورو تیغ بہادر نے گدی سنبھالی - دس سال کے

---

* گورو ھرگوبند کے پانچ بیٹے تھے - گوردتہ بڑا بیٹا تھا - جو اپنے
والد کی زندگی میں ہی فوت ہو گیا تھا - ھررائے اسی کا بیٹا تھا -
ایک بیٹے کا نام تیغ‌بہادر تھا جو بعد میں ۱۶۶۵ع میں گدی‌نشین ہوا -

بعد سنہ ۱۶۷۵ع میں اورنگ‌زیب نے انہیں دھلی بلا کر قتل کروا دیا -

گورو گوبند سنگھ سنہ ۱۶۷۵ع سے سنہ ۱۷۰۸ع تک

گورو تیغ بہادر کے بعد اُن کا بیٹا گوبندرائے (گوبند سنگھ) گدي پر جلوہ‌افروز ہوا - گورو گوبند سنگھ سکھوں کے دسویں اور آخری گورو تھے - اُس وقت اُن کي عمر صرف پندرہ سال کی تھي - وہ بچپن سے ھی بڑے لائق اور دوراندیش تھے - گذشتہ ستر سال (سنہ ۱۶۰۶ع سے سنہ ۱۶۷۵ع) کے عرصہ میں اُن کے خاندان اور پنتھ پر جو سختیاں ہوئیں وہ سب اُن کے پیش‌نظر تھیں - اُن کے پردادا گورو ارجن دیو اور دادا گورو ھرگوبند پر جہانگیر نے جو عتاب برپا کئے تھے وہ اُن سے غافل نہ تھے - سکھ اِن واقعات سے پہلے ھي بدظن ھو رھے تھے - اب گورو تیغ بہادر کے قتل نے اُنھیں گورنمنٹ سے اور بھی بدگمان اور متنفر کر دیا - اورنگ‌زیب کی مذھبي پالسي ھندؤں کے حق میں زھر قاتل کا حکم رکھتي تھي - اِس لئے ھندو رعایا اُس سے بہت ناراض تھي - دکن میں شواجی ھندو دھرم کے نام پر اپیل کرکے ھندؤں کو اپنے جھنڈے تلے جمع کر رہا تھا -

نئي پالسي

زمانے کی رفتار دیکھ کر گورو گوبند سنگھ نے بھی اس قسم کی تیاریاں شروع کر دیں - گورو گوبند بھی خوردسال تھا - نیز سکھوں میں خود ابھی بہت اتفاق نہ تھا - اورنگ‌زیب غیظ و غضب کی نگاھوں سے سکھوں کو دیکھتا تھا - اِن اُمور پر

غور کر کے گورو گوبند نے اِسی میں مصلحت سمجھی کہ کچھ عرصہ کے لئے پہاڑی علاقہ میں پناہ لی جائے - چنانچہ وہ ضلع انبالہ کے نزدیک ریاست سرمور کے پہاڑوں میں پناہ گزیں ہوئے اور بیس سال تک نہایت خاموشی کے ساتھ اپنے کام میں سرگرمی سے مشغول رہے - اس قلیل عرصہ میں اُنہوں نے اپنے مریدوں کو اُس زبردست قومی خدمت کے لئے بالکل تیار کر لیا جو وہ سرانجام دینا چاہتے تھے - اُنہوں نے پنتھ میں کئی نئے قاعدے جاری کئے - اپنے مریدوں کا نام سکھ کی بجائے سنگھ رکھا - اُنہیں فنون جنگ میں ماہر ہونے کی ہدایت کی - سکھ پنتھ کو خالصہ کا خطاب دیا اور یہ بات اُن کے بخوبی ذھن نشین کر دی کہ خدا کا ھاتھ تمھارے سر پر ھے اور جب تم دھرم اور ملک کی حفاظت میں لڑوگے تو فتح کی دیوی ضرور تمھارے ساتھ رھیگی -

پہاڑی راجاؤں اور مغلوں سے جنگ

اِسی عرصہ میں گورو گوبند سنگھ نے دریائے جمنا اور ستلج کے درمیانی کوھستانی علاقہ میں اپنی حفاظت کے لئے پونٹہ ، چمکور اور مکھوال وغیرہ چند مضبوط قلعے بھی تعمیر کر لئے تھے - سنہ ۱۶۹۵ع میں گوروجی نے ھندور ، ناھن ، اور نالہ‌گڑھ وغیرہ کے پہاڑی ھندو راجاؤں کو قومی جنگ میں شریک ہونے کی دعوت دی - مگر مغل بادشاھوں کے باجگزار راجاؤں سے ایسی توقع کب ھو سکتی تھی ؟ برعکس اِس کے پہاڑی راجاؤں نے مل کر گوروجی کے ساتھ

جنگ شروع کر دی - ابتدا میں اورنگزیب اُن کی زیادہ امداد نہ کر سکا، کیونکہ وہ خود دکن کی مصیبتوں میں مبتلا تھا جہاں مرہٹوں نے اُس کی فوج کا ناک میں دم کر رکھا تھا - اس لئے اِن راجاؤں کو شکست ہوئی - اب پنجاب کے صوبہداروں نے اِن کی مدد کے لئے فوج بھیجی - یہ جنگ گیارہ بارہ سال تک جاری رہی - اِن لڑائیوں میں گوروجی کے چاروں بیٹے اور بہت سے جاں‌نثار مرید کام آئے - آخرکار سنہ ۱۷۰۷ع میں گوروجی پنجاب چھوڑ کر دکن چلے گئے اور وہیں دریائے گوداوری کے کنارے اپچل‌نگر کے مقام پر اڑتالیس سال کی عمر میں اس دنیا سے کوچ کر گئے - *

گورو گوبند سنگھ کا حصول انجام

گورو گوبند سنگھ نے سکھوں میں آزادی کی نئی روح پھونک دی - سکھوں میں ایثار کا مادہ پہلے ہی موجود تھا کیوں کہ سب سکھ گورو صاحبان بذات خود ایثار کی زندہ مثال تھے اس لئے ہر ایک سکھ پنتھ کی خدمت اور حفاظت اپنا فرض اولین سمجھتا تھا - مگر اب گورو گوبند سنگھ کی ہستی نے سونے پر سہاگہ کا کام کیا - اُن کی جنگی تعلیم نے سکھوں کی چلبلی طبیعت کے لئے ایک نیا دروازہ کھول دیا اس سپاہیانہ روح نے سکھوں کو ملک اور مذہب کی آزادی کے لئے مرنے مارنے کے لئے تیار کر دیا - گورو گوبند سنگھ خود قربانی و بہادری کی

* گورو گوبند سنگھ کے ایک پٹھان ملازم نے موقعہ پاکر اُن کے سینے میں چھری گھونپ دی جس کے زخم سے وہ چند روز بعد چل بسے -

جنگی جاگتی مورت تھے - اور یہی روح اُنھوں نے اپنے مریدوں کے دلوں میں کوٹ کوٹ کر بھر دی تھی - ع

سورا سو پہچانئے جو لڑے دین کے ھیت
پرزہ پرزہ کٹ جائے پر کبھو نہ چھوڑے کھیت

چنانچہ اِس آزادی کی جنگ میں گورو گوبند سنگھ نے اپنے چاروں بیٹے اور سیکڑوں جاں‌نثار مرید قربان کر دئے - مرتے وقت بھی یہی خون‌آلودہ وصیت اپنے پیرووں کو کر گئے - یہی وصیت اور یہی جنگی روح تھی جو آڑے وقت میں سکھوں کے کام آئی اور اُنھیں زندہ رکھا - جس وقت نہ تو سکھوں کا کوئی گورو تھا اور نہ ھی سیاسی رھنما اور دوسری طرف حکومت وقت اُن پر سخت سے سخت تشدد برپا کر رھی تھی ' ایسے نازک وقت میں بھی سکھوں نے حوصلہ کو ھاتھ سے نہ دیا ' برابر جنگ جاری رکھی اور آخر کار پنجاب میں اپنی حکومت قائم کرنے میں کامیاب ھو گئے - یہ سب گورو گوبند سنگھ کی اَن‌تھک کوششوں کا نتیجہ تھا -

بندہ بہادر سنہ ۱۷۰۸ع سے سنہ ۱۷۱۶ع تک

اگرچہ گورو گوبند سنگھ سکھوں کے آخری گورو تھے مگر وہ سیاسی کام جاری رکھنے کی غرض سے بندہ بیراگی کو اپنا جانشین مقرر کر گئے - بندہ بیراگی ذات کا راجپوت اور جموں کی ریاست پونچھ کا باشندہ تھا - جوانی ھی میں گھربار چھوڑ کر فقیر ھو گیا تھا - پھرتا پھراتا دریائے گوداوری کے کنارے جا پہنچا تھا اور اپچل‌نگر کے قریب ھی مقیم تھا - یہاں ھی گورو گوبند سنگھ نے اُس سے ملاقات کی -

بندہ چند روز گوروجی کی خدمت میں رہا - گوروجی قیافہ شناسی میں ماہر تھے - فوراً تاڑ گئے کہ ان بھگوے کپڑوں میں راجپوتی خون اور غضب کا ایثار چھپا ہوا ہے ' یعنی گودڑوں میں لال موجود ہے - پس بندہ بیراگی کو قومی خدمت کی ترغیب دی اور اُسے اپنا باقی‌ماندہ سیاسی کام پنجاب میں جاکر پورا کرنے کی ہدایت کی - بندہ فوراً تیار ہو گیا اور گورو گوبند سنگھ جی سے اُن کے مریدوں کے نام خطوط لیکر پنجاب پہنچا -

بندہ کی سرگرمی

فوجی لحاظ سے پنجاب کی حالت پہلے سے ابتر تھی - شاہی فوج تیس سال کے طویل عرصہ سے دور دراز دکن کی لڑائیوں میں مصروف تھی - اورنگ‌زیب جو بڑا زبردست شہنشاہ اور تجربہ‌کار جرنیل تھا شکار اجل ہو چکا تھا - پنجاب میں کوئی لائق فوجی افسر موجود نہ تھا - بندہ جنگی معاملات میں ماہر تھا اور اعلیٰ درجہ کا سپہ‌سالار تھا - پس اُس نے دو تین سال کے اندر ہی جہلم سے سرہند تک تمام علاقے کو تاخت و تاراج کر ڈالا اور اِس علاقہ پر قابض ہو گیا -

شاہی فوج کی بےچینی

اِس کے بعد بندہ نے سرمور کی پہاڑی ریاست پر جو دریائے ستلج اور جمنا کے درمیان واقع ہے قبضہ کر لیا - جب یہ دل شکن خبریں بہادر شاہ بادشاہ دہلی کو دکن میں لگاتار ملیں تو وہ بندہ کی سرکوبی کے لئے روانہ ہوا اور بڑی عجلت

کے ساتھ پنجاب پہنچا - اِس اثناء میں بندہ ناھن کے قلعہ سے بھاگ نکلا اور جموں کے پہاڑی علاقہ میں پناہگزیں ہوا - بہادر شاہ کو عمر نے وفا نہ کی اور فروری سنہ ۱۷۱۲ع میں لاھور کے مقام پر چل بسا - شہنشاہ کی وفات پر اُس کے بیٹوں میں حسب معمول تخت حاصل کرنے کے لئے جنگ چھڑ گئی - بہادر شاہ کا بڑا بیٹا جہاندار شاہ تقریباً ایک سال تک تخت پر متمکن رہا مگر سنہ ۱۷۱۳ع میں وہ بھی اپنے بھتیجے فرخ‌سیر کے ہاتھوں قتل ہوا -

بندہ کی سرکوبی

شاہی خاندان کی یہ خانہ‌جنگی سکھوں کے حق میں عطیۂ غیب ثابت ہوئی - بندہ نے موقعہ کو غنیمت خیال کیا اور میدانی علاقہ میں آ موجود ہوا - دریائے بیاس اور راوی کے درمیان گورداسپور کے نزدیک ایک مستحکم قلعہ تعمیر کیا اور وہاں سے سرہند کے علاقہ میں لوٹ مار برپا کر دی - شہنشاہ فرخ‌سیر جب سنہ ۱۷۱۶ع میں خانگی تنازعات سے فارغ ہوا تو بندہ کی طرف توجہ مبذول کی - اُس نے اپنے تورانی جرنیل عبدالصمد خاں کو بھاری توپخانہ کے ساتھ بندہ کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا - سکھوں نے نہایت دلیری سے مقابلہ کیا ، مگر آخرکار بندہ اور اُس کے ہمراہی گورداسپور کے قلعہ میں محصور ہو گئے جو بعد میں گرفتار کر لئے گئے - بندہ ایک آہنی پنجرہ میں بند کر کے دہلی لایا گیا جہاں اُسے سخت اذیت سے قتل کر دیا گیا -

بندہ کي بہادري

بندہ نے گورو گوبند سنگھ کے سیاسي مقصد کو پورا کرنے میں ہمہ‌تن کوشش کی - اُس کي رہنمائی میں سکھوں نے جنگي لحاظ سے نمایاں ترقي کي - لگاتار آٹھ برس تک یہ لوگ باقاعدہ سپاہیوں کی طرح شاہي افواج کا مقابلہ کرتے رہے اور اِس آزمائش میں یہ پورے اُترے - بندہ کی اعلیٰ درجہ کي سپہ‌سالاري نے اِن میں نئي روح پھونک دی - جہلم سے سرہند تک علاقہ تقریباً ایک سال تک سکھوں کے قبضہ میں رہا - ملک کے نظم و نسق کے لئے بندہ بہادر نے مسلمان حاکموں کي بجائے سکھ گورنر مقرر کئے جس سے سکھوں کو ملکي انتظام کي بھي اچھي خاصي تعلیم مل گئي - اِس قلیل عرصہ میں سکھوں نے دن دوني اور رات چوگني ترقي کي ، اور بندہ نے اپنے گورو کے اعتقاد کو روپیہ میں سولہ آنے صحیح ثابت کر دکھایا -

دوسرا باب

پنجاب میں خالصہ راج کا قائم ہونا

سنہ ۱۷۱۶ع سے سنہ ۱۷۶۴ع تک

بندہ بہادر کے بعد سکھوں کی حالت

بندہ بہادر کے قتل کئے جانے کے بعد سکھوں کا کوئی رہبر نہ رہا - عبدالصمد خاں نے بھی تشدد کی پالیسی اختیار کر لی - اِس لئے سکھوں کو مجبوراً پنجاب کے شہر چھوڑ کر پہاڑوں میں پناہ لینی پڑی - جو سکھ اِن مصائب کو برداشت نہ کر سکے وہ سکھ مت کے ظاہری نشانوں کو چھوڑ کر ہندو سوسائٹی میں مل‌جل گئے - چنانچہ بیس سال تک سکھوں کو سخت سے سخت اذیتیں سہنی پڑیں - مگر گورو کے مریدوں نے بڑی عالی ہمتی سے اِن سب کو برداشت کیا اور پیشانی پر ذرا بل نہ آنے دیا - گوروؤں کی قربانیاں ہر وقت اُن کے مدنظر رہتی تھیں - یہی اُن کو پنتھ کی حفاظت اور خدمت کے لئے ہر دم مستعد رکھتی تھیں - جونہی اِنہیں موقعہ ہاتھ آتا تھا یہ لوگ لوٹ مار کے لئے میدانوں میں آ موجود ہوتے تھے - سنہ ۱۷۳۹ع میں پہلی بار اُنہیں ایسا موقعہ ہاتھ آیا - اِس سال نادر شاہ والئے ایران نے ہندوستان پر حملہ کیا - اور شہنشاہ دہلی کو شکست فاش دیکر شہر دہلی کو خوب لوٹا - اِس ہلچل سے فائدہ اُٹھا کر

سکھ جوان پہاڑی علاقوں سے باہر نکل کھڑے ہوئے اور لوٹ کھسوٹ کا کام شروع کر دیا - اِن میں سے بعض نے نادر شاہ کے کیمپ پر بھی چھاپہ مارا اور بہت سا مال و اسباب لیکر روپوش ہو گئے -

سکھ جتھوں کی بنیاد

اِس طرح چھاپے مارنے میں اِنھیں بہت کامیابی ہوئی - اِن کے حوصلے بڑھ گئے اور یہ لوگ بیس بیس پچاس پچاس کے جتھے بنا کر ادھر اُدھر گھومنے لگے - اِنھیں جہاں موقعہ ملتا وہاں ہی ہاتھ صاف کرتے - روپیہ زیور مال مویشی وغیرہ لے کر غائب ہو جاتے - یہ سیدھی سادی زندگی بسر کرتے تھے - ہر ایک سکھ کے پاس ایک تیزرفتار گھوڑا ، ایک تلوار ، ایک برچھی ، اور دو اُوڑھنے کے کمبل ہوتے تھے - لوٹ کا روپیہ یہ ضایع نہ کرتے بلکہ گھوڑے اور سامان حرب خریدنے میں صرف کیا کرتے تھے ، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے منچلے نوجوان سکھوں کے جتھوں میں شامل ہونے شروع ہو گئے - ہر نئے رنگروٹ کو ایک گھوڑا ، ایک تلوار ، دو کمبل مل جاتے تھے - اِس طرح سکھ جتھوں کی تعداد بڑھنی شروع ہو گئی -

سکھ جتھوں کی طاقت کا راز

ہر ایک جتھے کا ایک سردار ہوتا تھا - جسے جتھہ‌دار کہتے تھے - ہر جتھہ‌دار لوٹ کا مال اپنے سپاہیوں میں برابر برابر تقسیم کر دیتا تھا - اِس وجہ سے جتھہ میں کوئی نا اتفاقی پیدا نہ ہوتی تھی اور سب سپاہی جتھہ میں پیوستہ رہتے

تھے - نیز اِن جتھوں کے رکن ایک ہي مذہب کے پیرو تھے اور پنتھ کي حفاظت ہر شخص اپنا مقدم فرض جانتا تھا اِس لئے ہر ایک جتھہ‌دار دوسرے کي مدد کرنا اپنا دھرم خیال کرتا تھا اور اِس کے لئے ہر دم تیار رہتا تھا - یہ تمام جتھے ایک ہي مقصد کے متلاشي تھے جو پنتھ کي طاقت کو بڑھانا اور مضبوط کرنا تھا -

سلطنت دہلي کي ناگفتہ بہ حالت

اِن دنوں سلطنت دہلي بہت کمزور ہو چکي تھي - ملک میں چاروں طرف ابتري پھیلي ہوئي تھي - ملک کی حالت سدھارنے والی کوئی زبردست طاقت موجود نہ تھي - سلطنت دہلي کا شیرازہ بکھر چکا تھا - ایسي حالت میں سلطنت دہلی کے صوبہ‌داروں کو اپني اپني خود مختار ریاستیں قائم کرنے کي فکر دامنگیر تھي - وہ دربار دہلی کو الوداع کہہ کر اپني طاقتوں کو مستحکم کرنے لگے - چنانچہ دکن کے صوبہ‌دار آصف‌جاہ نظام‌الملک نے حیدرآباد میں اپنی خود مختار ریاست قائم کر لي - علی‌وردی خاں نے بنگال پر قبضہ کر لیا - نواب وزیر صوبہ آودھ میں جا بیٹھا - بعد میں یہ نہایت زبردست اور طاقتور ریاستیں بن گئیں - سلطنت دہلي کے صوبہ‌داروں کے علاوہ مرہٹے بھي سلطنت مغلیہ کو دبانے کي کوشش میں سرگرم تھے - مرہٹوں نے اپنے اندرونی اختلافات ہٹاکر اِتني طاقت حاصل کر لی کہ شہنشاہ دہلي نے سنہ ۱۷۱۹ع میں باقاعدہ شاہي فرمان کے ذریعہ اُنھیں خودمختار حکمرانِ تسلیم کر لیا -

اُس کے بعد مرہٹے اور دلیر ہو گئے - شاہ دہلی کے علاقہ میں بھی لوٹ مار شروع کر دی اور علاقہ پر علاقہ فتح کر لیا - چنانچہ بیس سال کے اندر ہی اندر اُنہوں نے گجرات ' مالوہ ' اور بندیل‌کھنڈ پر اپنا پورا تسلط جما لیا ' بلکہ سنہ ۱۷۳۷ع میں مرہٹہ سرداروں نے دہلی کے قرب و جوار کو خوب لوٹا - سنہ ۱۷۳۹ع میں نادر شاہ کے حملہ نے سلطنت مغلیہ کی رہی سہی طاقت کا بھی خاتمہ کر دیا - سکھ نوجوانوں کے لئے یہ نادر موقع تھا - اِس سے اُنہوں نے پورا فائدہ اُٹھایا - دریائے راوی کے کنارے ایک دو قلعے بھی تعمیر کر لئے - اُن کے حوصلے دوبالا ہو گئے اور وہ جوق در جوق لوٹ کھسوٹ میں منہمک ہو گئے -

ایمن‌آباد کی جنگ — سنہ ۱۷۴۵ ع

سنہ ۱۷۴۵ع کے قریب سکھوں کی ایک بڑی جمیعت لاہور کے نزدیک قصبہ ایمن‌آباد میں جمع ہوئی - لاہور کے صوبہ‌دار نے اُنہیں منتشر کرنا چاہا اور ایک فوج کی سرکردگی میں دیوان جسپت رائے کو روانہ کیا - بڑے گھمسان کی جنگ ہوئی - سکھ نہایت جوش خروش سے لڑے - ایک منچلا سکھ نوجوان دیوان کے ہاتھی کی دم پکڑ کر اُوپر چڑھ گیا اور تلوار کا ایک ایسا ہاتھ مارا کہ دیوان کا سر تن سے جدا کر دیا - سر اُٹھاکر نیچے چھلانگ ماری اور دوڑ گیا - یہ دیکھ کر دیوان کی فوج کے پاؤں اُکھڑ گئے اور وہ میدان سے بھاگ نکلی - جسپت رائے کے قتل کی خبر سن کر اُس کے بھائی دیوان لکھپت رائے کے غصہ کی انتہا نہ رہی اور وہ ایک

جرار فوج لیکر سکھوں پر حملہآور ہوا - سکھوں کو شکست ہوئی اور سیکڑوں نوجوان سکھ بھاگتے ہوئے گرفتار کر لئے گئے جنھیں نہایت بےرحمی سے لاہور میں قتل کیا گیا - یہ جگہ شہیدگنج کے نام سے مشہور ہے -

بھائیوں کا تنازع

ایمن‌آباد کی لڑائی کے بعد گورنر لاہور نے سکھوں پر حد درجہ کی سختی شروع کی - اغلب تھا کہ اِن بیچاروں کو مصیبت کے وہی دن دیکھنے پڑتے جو گورنر عبدالصمد خاں کے زمانہ میں دیکھنے نصیب ہوئے تھے مگر خوبئے قسمت سے پنجاب کی گورنری کے لئے نواب زکریہ خاں کے بیٹوں یحیی خاں اور شاہ نواز خاں میں جھگڑا شروع ہو گیا - آخرکار شاہ نواز خاں اپنے بڑے بھائی پر غالب آیا اور اُسے پنجاب سے باہر نکال دیا - خود صوبہ ملتان و لاہور پر قابض ہو گیا - یحیی خاں دادرسی کے لئے سیدھا دہلی پہنچا - اب شاہ نواز خاں ڈرا کہ مبادا اُسے صوبیداری سے دست‌بردار ہونا پڑے - پس اپنی حفاظت کے خیال سے افغانستان کے بادشاہ احمد شاہ ابدالی سے خط و کتابت شروع کی اور اُسے ہند پر حملہ کرنے کی دعوت دی -

احمد شاہ ابدالی کے حملے سنہ ۱۷۴۸ع سے سنہ ۱۷۶۱ع تک

احمد شاہ افغانستان کے ابدالی یا درانی قبیلہ کا سردار تھا اور نادر شاہ کے پاس ایک معزز عہدہ پر ممتاز تھا - جب

سنہ ۱۷۴۷ع میں نادر شاہ قتل کر دیا گیا تو احمد شاہ افغانستان کا بادشاہ بن بیٹھا ۔ نادر شاہ کے ہندوستان پر حملہ کے وقت احمد شاہ بھی اُس کے ساتھ تھا اور سلطنت مغلیہ کی بےسروسامانی سے بخوبی واقف ہو چکا تھا - پس شاہ نواز خاں کی دعوت کو بخوشی منظور کر لیا اور کثیر تعداد لشکر کے ساتھ دریائے اٹک کو عبور کرکے پنجاب میں آ موجود ہوا - لیکن اِس عرصہ میں دربارِ دہلی کے سمجھانے بجھانے سے شاہ نواز راہ راست پر آ چکا تھا ۔ چنانچہ اب ابدالی کی مدد کرنے کی بجائے اُس کے مقابلہ کے لئے تیار ہو گیا ۔ مگر احمد شاہ کب ٹلنے والا تھا ۔ درانیوں کے ایک ہی حملہ نے شاہ نواز خاں کی فوج کے چھکے چھڑا دئے - شاہ نواز لاہور سے بھاگ نکلا ۔ احمد شاہ لاہور سے دہلی کی طرف بڑھا - سرہند کے مقام پر دونوں فوجوں کی مٹھ بھیڑ ہوئی - اِس جنگ میں وزیر سلطنت کے بیٹے میر منو نے بہادری کے وہ جوہر دکھائے کہ دشمنوں نے بھی داد دی - ابدالی کو شکست ہوئی اور اُسے اپنا سا منھ لیکر واپس ہونا پڑا - شہنشاہ دہلی نے خوش ہو کر میر منو کو پنجاب کا گورنر تعینات کیا ۔

دل خالصہ کی بنیاد

احمد شاہ ابدالی کا حملہ سکھوں کے لئے ابر رحمت ثابت ہوا ۔ ایک طرف اُنھیں حکومت پنجاب کے مظالم سے کچھ عرصہ کے لئے رہائی ملی - دوسری طرف اِس حالت ابتری میں اُنھیں اپنے آپ کو مستحکم کرنے کا موقعہ مل گیا - امرتسر

کے قریب سکھوں نے ایک قلعہ تعمیر کیا جس کا نام اُنھوں نے رام‌رونی رکھا - اِسی اثنا میں سکھوں کے ایک زبردست جرنیل سردار جسا سنگھ کلال نے مختلف سکھ جتھوں کو ایک ہی نظام میں گانٹھ دیا جن کو ملا کر اُس نے ایک فوج تیار کر لی - اِس کا نام دل خالصہ رکھا - یہ سکھوں کی سب سے پہلی باقاعدہ سپاہ تھی جو ایک جرنیل کے ماتحت تھی -

نواب میر منو کی اطاعت

نواب میر منو (معین‌الملک) نے جب اپنی صوبیداری کو مستحکم کرلیا تو سکھوں کی طرف توجہ مبذول کی - اُس نے پنجاب کی حالت بہتر بنانے کے لئے سخت گیری کی پالیسی اختیار کی - مگر سکھوں کی خوش‌قسمتی سے احمد شاہ ابدالی نے ہند پر دوبارہ حملہ کیا - اس دفعہ میر منو نے شاہ کی اطاعت قبول کر لی اور گجرات ' سیالکوٹ ' پسرور وغیرہ اضلاع کی کل آمدنی بطور خراج دینی منظور کی - احمد شاہ واپس افغانستان چلا گیا - تین سال گذر گئے مگر میر منو نے خراج نہ بھیجا - احمد شاہ نے نواب معین‌الملک کو عہد شکنی کا مزا چکھانے کے لئے پنجاب پر تیسری بار یورش کی - میر منو بھی مقابلہ کے لئے تیار ہو گیا - درانی فوج لاہور شہر کا چار ماہ تک محاصرہ کئے پڑی رہی - شہر میں سامان رسد ختم ہو گیا - میر منو نے تنگ ہو کر جنگ کرنا قرین مصلحت سمجھا - لڑائی میں میر منو کا جرنیل دیوان کوڑا مل کام آیا - اُس کے دوسرے افسر آدینہ بیگ

نے بے وفائی کی اور میدان جنگ سے واپس لوٹ گیا - یہ دیکھ کر نواب معین‌الملک نے اپنے آپ کو احمد شاہ ابدالی کے حوالہ کر دیا - ابدالی نے اُس کی بہادری و شجاعت سے خوش ہوکر پنجاب کی صوبیداری اُسے ہی بخش دی اور خود تقریباً ایک کروڑ روپیہ بطور خراج لیکر واپس کابل لوٹ گیا* -

میر منو کی وفات

اب نواب میر منو نے احمد شاہ ابدالی کے نائب کی حیثیت سے بے دھڑک حکومت کرنی شروع کی مگر عمر نے وفا نہ کی - تین ماہ کے بعد ایک روز گھوڑے سے گرکر مر گیا - اُس کی بیوہ بیگم نے صوبیداری کا انتظام کرنا چاہا ، مگر ایسے نازک وقت میں عورت کے لئے حکومت کرنا

---

* دیوان امرناتھ نے اپنی کتاب " ظفرنامۂ رنجیت سنگھ " میں میر منو اور شاہ ابدالی کی ملاقات کو یوں بیان کیا ہے - کہ شاہ نے میر منو سے پوچھا کہ " تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ " نوجوان منو نے بےدھڑک جواب دیا کہ اگر تم تاجر ہو تو مجھے بیچ دو ، اگر تم قصاب ہو تو مجھے قتل کر دو ، اگر تم بادشاہ ہو تو مجھے رہا کر دو - اُس کے بعد احمد شاہ نے پوچھا " اگر میں تمہارے ہاتھ میں قید ہوتا تو تم مجھ سے کیا سلوک کرتے؟ نواب نے کہا " میں خودمختار نہیں ہوں ، اپنے بادشاہ کی نمک‌حلالی اور اپنی مجبوری کی حالت کی وجہ سے آپ کو لوہے کے پنجرہ میں ڈالکر شہنشاہ کی خدمت میں دہلی روانہ کر دیتا " - دیکھو صفحہ ۱۱۳ مذکور -

بہت مشکل کام تھا - شہنشاہ دھلي نے پنجاب پر دوبارہ اپنا تسلط جمانے کي کوشش کي ، جس پر احمد شاہ ابدالي نے جھنجلاکر چوتھي بار سنہ ۱۷۵۵ ع کے شروع میں ھند پر حملہ کیا - اپنے بیٹے شاھزادہ تیمور کو لاھور کا صوبیدار مقرر کیا اور خود دھلي کي طرف بڑھا - سرھند پر قبضہ کرکے دھلي پہنچا ، شہر کو دل کھول‌کر لوٹا ، نجیب‌الدولہ خاں روھیلہ کو دربار دھلي میں بطور اپنے وکیل کے چھوڑکر واپس لوٹا -

سکھوں کا لاھور پر تسلط سنہ ۱۷۵۶ - ۱۷۵۸ ع

احمد شاہ ابدالي کے پے در پے حملوں کا یہ نتیجہ ہوا کہ پنجاب میں سخت بدنظمي پھیل گئي - اب پنجاب میں کوئي ایسي مستقل حکومت نہ تھي جو یہ ابتری دور کر سکتي - چنانچہ سکھ جتھہ‌دار ایسے نادر موقع سے فائدہ‌مند ہونے میں کہاں کوتاھي کرنے‌والے تھے ؟ اُنھوں نے اپني طاقت کو کئي گنا زیادہ کر لیا تھا - اُن کي باقاعدہ فوج یعنی دل خالصہ بن چکي تھی - اُن میں بیسیوں نامي سپہ‌سالار پیدا ھو چکے تھے - شہزادہ تیمور معمولي حاکم تھا جس کا دبانا سکھوں کے بائیں ھاتھ کا کام تھا - جونھی تیمور نے سکھوں کے مقدس مقام امرتسر اور اُن کے قلعہ رام‌روني پر حملہ کیا سکھ ہزاروں کي تعداد میں جمع ھو گئے اور اکال اکال کے نعرے مارتے ہوئے دشمن پر ٹوٹ پڑے - سکھ بے ترتیب لڑائي کے طریقوں میں ماھر

تھے - وہ کھلے میدان میں ایک جگہ ڈٹ کر لڑنے سے گریز
کرتے تھے - اِن کا قاعدہ تھا کہ موقعہ پاکر دشمن پر چھاپہ
مارا ، مال و اسباب لوٹا ، اور فوراً جنگلوں میں غائب
ہو گئے - سکھ سواروں کے پاس ھلکا پھلکا اسباب اور تیز طرار
گھوڑے ہوتے تھے - اور آن کی آن میں دوڑکر چھپ جاتے
تھے - لہذا وہ بار بار چھاپے مارکر دشمن کا ناک میں دم
کر دیا کرتے تھے - چنانچہ شہزادہ تیمور کو بھی انہیں مشکلات
کا سامنا کرنا پڑا - تیمور مجبور ہوکر میدان جنگ سے
لوٹا - شاہزادہ کی لوٹتی ہوئی فوج کا سکھوں نے تعاقب
کیا اور وہ کھلبلی مچائی کہ تیمور نے لاھور چھوڑکر دریاے
چناب کے کنارے دم لیا - دل خالصہ کے سردار جسا سنگھ
کلال نے لاھور پر قبضہ کر لیا - اپنے نام کا سکہ
چاندی کے سکہ پر مفصلہ ذیل شعر لکھا گیا:

سکہ زد در جہان فضل اکال
ملک احمد گرفت جسا کلال

پنجاب مرھٹوں کے قبضہ میں

گو سکھ لاھور پر قابض ھو گئے اور اُنھوں نے اپنے نام کا
سکہ بھی جاری کر دیا مگر اِس وقت تک اِن میں اِتنی
طاقت نہ تھی کہ دیر تک لاھور پر اپنا تسلط قائم رکھ
سکتے - چنانچہ کمک آنے پر شاھزادہ تیمور نے اُنھیں لاھور
سے نکال دیا - اُدھر احمد شاہ ابدالی کے وکیل نجیب‌الدولہ خاں
کے خلاف دھلی کے وزیر سازشوں کا جال تن رھے تھے

غازی‌الدین وزیر سلطنت نے مرہٹہ پیشوا کو دہلی مدعو کیا -
مرہٹے جنوبی ہندوستان میں سب سے زبردست طاقت بن
چکے تھے - اب انہیں دارالسلطنت پر اپنا وقار جمانے کا
موقعہ ملا تو فوراً رضامند ہو گئے - پیشوا نے ایک کثیر
فوج کے ساتھ اپنے بھائی راگھوبا کو دہلی روانہ کیا - نجیب‌الدولہ
بمشکل جان بچاکر بھاگا - راگھوبا دہلی پر قابض ہوکر
پنجاب کی طرف بڑھا ' راستے میں ابدالی کے قائم مقام کو
بھی سرہند سے نکالا ' شہزادہ تیمور کو بھی اٹک کے پار
بھگا دیا اور مرہٹوں نے لاہور پر قبضہ کر لیا -

پانی‌پت کی تیسری لڑائی - سنہ ۱۷۶۱ ع

احمد شاہ یہ بےعزتی کب گوارا کر سکتا تھا - ساتھ ہی
وہ یہ بھی جانتا تھا کہ اِس دفعہ اُس کا مقابلہ دہلی
کے کمزور بادشاہ کے ساتھ نہیں بلکہ مرہٹوں کی زبردست
طاقت کے ساتھ ہے - چنانچہ احمد شاہ ابدالی نے جنگ
کی تیاری میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا - ایک جرار
لشکر کے ساتھ ہند کا رخ کیا - سنہ ۱۷۶۱ ع میں پانی‌پت
کے مقام پر دونوں فوجوں کی مٹھ‌بھیڑ ہوئی - مرہٹوں کو
شکست فاش ہوئی - اُن کے دو لاکھ سپاہی میدان جنگ میں
کام آئے اور زخمی ہوئے - مرہٹوں کی بڑھتی ہوئی طاقت
کو بھاری صدمہ پہونچا اور اُنہیں کچھ عرصہ تک سنبھلنا
مشکل ہو گیا - دہلی کی رہی سہی طاقت بھی جاتی رہی -
شہنشاہ دہلی اپنے آبا و اجداد کے تخت کو خیرباد کہ کر
پہلے اودھ اور پھر بنگال میں پناہ‌گزیں ہوا -

احمد شاہ ابدالي نے دهلي میں زیادہ قیام نہ کیا - اپنا نائب مقرر کرکے افغانستان لوٹ آیا - زین خاں سرهند کا صوبہ‌دار اور خواجہ اوبید کو لاهور کا گورنر مقرر کیا -

سکھ گورومتا سنہ ۱۷۶۲ ع

پانی‌پت کي جنگ کے وقت سکھوں نے دل کھول کر فائدہ اُٹھایا بلکہ ابدالي کي واپسي کے وقت اُس کے کیمپ کو بھي خوب لوٹا - اُس کے بعد تمام خالصہ سردار اپنے اپنے جتھوں سمیت دربار صاحب امرتسر میں اکٹھے ہوئے - ایک بڑي کونسل منعقد کي جس میں آئندہ کي مہمات پر غور کیا - اِس قسم کي مجلسیں امرتسر میں گاھے بگاھے ہوتي رهتي تھیں - ایسي مجلس کو سکھ لوگ اپني زبان میں گورومتا کہتے تھے -

گھورا گھارا کي خونریز جنگ - سنہ ۱۷۶۲ ع

خواجہ اوبید نے سکھوں کو پسپا کرنا چاھا مگر شکست کھائي - خواجہ کا بہت سامان جنگ سکھوں کے هاتھ آیا - ستلج پار سکھوں کي دوسري جماعت نے زین خاں گورنر سرهند اور اُس کے حامي هلکم خاں والئے مالیرکوٹلہ کو لوٹا - جب یہ دل‌شکن خبریں احمد شاہ کو موصول هوئیں وہ آن‌تھک جرنیل سکھوں کي سرکوبي کے لئے روانہ هوا - گذشتہ فتحیابیوں سے سکھوں کے حوصلے بڑھے ہوئے تھے - دل خالصہ میں بھي کافي اضافہ هو چکا تھا -

چنانچہ اِس بار سکھ سردار ابدالی کے مقابلہ کے لئے ڈٹ گئے - یہ پہلی جنگ تھی جس میں سکھوں نے ایک جگہ صف‌آرا ہوکر کھلے میدان میں غنیم کا مقابلہ کیا - مورخین کا اندازہ ہے کہ سکھوں کی فوج چالیس ہزار کے قریب تھی - لدھیانہ سے بیس میل کے فاصلہ پر گھوڑا گھارا کے مقام پر دونوں فوجوں کی مٹھ‌بھیڑ ہوئی - سکھ مذہبی جاں‌نثاروں کی طرح کمال درجہ کی بہادری سے لڑے - اکال کے نعرے مارتے ہوئے آگے بڑھتے تھے اور دم کے دم میں موت کی دیوی سے بغل‌گیر ہو جاتے تھے - گو سکھ دھڑادھڑی سے کٹ رہے تھے مگر گورو کے شیر پیچھے ہٹنے کا نام نہ لیتے تھے - اِس ہیبت‌ناک جنگ میں تقریباً پندرہ ہزار سکھ کام آئے - ابدالی نے سکھوں کے ذلیل کرنے کی غرض سے دربار صاحب کی اینٹ سے اینٹ بجا دی ' سکھوں کے مقدس تالاب کو گائے کے خون سے ناپاک کر دیا اور از راہ عبرت شہر میں جابجا مقتول سکھوں کے سر لٹکائے -

سکھوں کا سرھند پر قبضہ - سنہ ۱۷۶۳ ع

اگرچہ اِس قدر بھاری نقصان اِس چھوٹی سی قوم کے لئے تباہ کن ثابت ہوسکتا تھا - مگر سکھ شکست کے خیال کو کہاں خاطر میں لانے والے تھے - وہ بھتیری سختیاں جھیل چکے تھے - مصیبتیں اور تشدد برداشت کرتے کرتے لوہے سے فولاد بن چکے تھے - ع

" تھغوں کے سائے تلے پل کر جواں ہوئے ہیں "

یہ مثال ہوبہو اِنھیں پر صادق آتی تھی - احمد شاہ کے منھ موڑتے ہی سکھوں نے جوق در جوق اکٹھا ہونا شروع کیا اور اُس کے نائب زین خاں پر دھاوا بول دیا - دسمبر سنہ ۱۷۶۳ ع میں زین خاں معہ اپنے مددگار ھلکم خاں والئے مالیرکوٹلہ لڑتا ہوا مارا گیا - سکھوں نے صوبۂ سرھند پر قبضہ کرلیا - اگلے سال ابدالی نے پنجاب پر پھر چڑھائی کی مگر اِس دفعہ اپنے مقصد میں ناکام رہا - سکھوں کے ایک بڑے نامی جتھےدار بابا آلہ سنگھ * کو اپنی طرف سے سرھند کا گورنر مقرر کرنا ہی قرین مصلحت سمجھا - خود افغانستان میں شورش فرو کرنے کی غرض سے واپس روانہ ہوا -

سکھوں کا لاہور پر مستقل تسلط - سنہ ۱۷۶۴ ع

احمد شاہ کے واپس آتے ہی سکھوں نے مل‌کر لاہور پر حملہ کیا - ابدالی کا گورنر کابلی مل مختصر سی جنگ کے بعد بھاگ نکلا - سکھ لاہور پر قابض ہو گئے - دل خالصہ کے تین سپہ‌سالاروں گوجر سنگھ ، سوبھا سنگھ اور لہنا سنگھ نے لاھور اور اُس کے گرد و نواح کا علاقہ آپس میں بانٹ لیا † - خالصہ نام پر سکہ جاری کیا گیا اور سکوں پر مندرجۂ ذیل شعر مزین کیا گیا ـــ

* بابا آلہ سنگھ موجودہ مہاراجہ پٹیالہ کے خاندان کا بانی تھا -

† لاھور کے مشرقی حصہ کا وسیع میدان اب تک قلعہ گوجر سنگھ کے نام سے مشہور ہے -

دیگ و تیغ و فتح و نصرت بیدرنگ
یافت از نانک گــورو گوبنــد سنگھ

ابدالي کا آخري حمله - سنه ۱۷۶۷ ع

لاهور کے هاتھ سے نکل جانے کي خبر سن کر ابدالي پیچ و تاب کھانے لگا - مگر بڑھاپے اور بیماری کي وجه سے مجبور تھا - چنانچه دو سال تک خاموش رها - اِس عرصه میں سکھوں نے اپنی طاقت مستحکم کرنے میں کوئی دقیقه فروگذاشت نه کیا - تیسرے سال سنه ۱۷۶۷ ع میں ابدالی آخري بار پھر پنجاب آیا - سکھ لاهور چھوڑ کر اِدھر اُدھر بھاگ گئے - احمد شاہ بے کھٹکے بڑھا چلا آیا - بابا آله سنگھ کے پوتے راجه امر سنگھ کو اپنا نائب سرهند تسلیم کیا - ستلج پہنچتے هی ابدالی کی فوج کا ایک دسته جس کی تعداد تقریباً بارہ هزار تھی اُس کے حکم کے بغیر هی واپس کابل روانه هو پڑا - چنانچه ابدالی کو بھی مجبوراً لوٹنا پڑا - وہ ابھي اٹک پار هوا هی تھا که سکھوں نے لاهور پر قبضه کر لیا - بلکه سکھ جتھےدار سردار چڑت سنگھ * نے روهتاس کے مضبوط قلعه سے ابدالی کے افسروں کو مار بھگایا اور خود قابض هو گیا -

پنجاب میں خالصه راج

مغلیه سلطنت کا شیرازہ بکھر چکا تھا - مرهٹوں کي طاقت پاني‌پت کے مقام پر مغلوب هوچکي تھي - پنجاب

* سردار چڑت سنگھ مہاراجه رنجیت سنگھ کا دادا تھا -

میں کوئی ایسی طاقت نہ تھی جو سکھوں کا مقابلہ کر سکتی - چنانچہ سکھ جتھہداروں نے بغیر کسی رکاوٹ کے پنجاب پر اپنا تسلط جمانا شروع کیا - تھوڑے ھی دنوں میں دریائے جہلم سے سہارنپور تک تمام میدانی علاقہ میں خالصہ راج قائم ہو گیا - ملتان ' سندھ اور کشمیر مسلمانوں کے قبضہ میں تھے ' اور جموں اور کانگڑہ کے پہاڑی علاقے پر ہندو راجپوت حکمران تھے -

خالصہ راج کا نظم و نسق

۱ - اصول مساویت

جتھے کے چھوٹے بڑے سب رکن برابر سمجھے جاتے تھے - وہ سب گورو کے سنگھ اور خالصہ پنتھ کے ممبر تھے - پنتھ کی حفاظت کے لئے لڑتے تھے - لڑائی میں جو مال و زر اُن کے ھاتھ آتا تھا مساویت کے اصول کے مطابق سب میں برابر برابر تقسیم کیا جاتا تھا - اگر کسی علاقہ پر ایک جتھے کا تسلط ہو جاتا تو اُس کے دیہات اور قصبے بھی قریب قریب اس اصول پر بانٹ لئے جاتے تھے - ہر ایک جتھے کا ایک سردار ہوتا تھا جس کو جتھے کے باقی لوگ اپنا رہنما تسلیم کرتے تھے - جتھے کا کوئی ممبر جب چاھتا دوسرے جتھے میں شامل ہوسکتا تھا یا اُسے اپنا نیا جتھا قائم کر لینے کی پوری آزادی تھی - چنانچہ ایسی بیسوں مثالیں ھیں کہ لوگوں نے جتھے سے نکل کر اپنے نئے جتھے قائم کر لئے -

۲ - سال بھر کا پروگرام

موسم برسات کے اختتام پر ہر سال تمام سردار اپنے اپنے جتھوں سمیت دسہرہ کے موقعہ پر اپنے مقدس مقام امرتسر میں اکٹھے ہوتے تھے اور اپنا گورومتا یعنی مجلس منعقد کرتے تھے - اِس موقعہ پر سب سے پہلے ہر مندر کے پجاری گرنتھ صاحب کا پاتھ کرتے پھر حاضرین میں کڑاہ پرشاد تقسیم ہوتا - گورو کے سنگھ آپس میں محبت اور پریم سے ملتے ' خالصہ پنتھ کی بہتری و بہبودی کی تجاویز سوچتے ' آپس کے جھگڑے طے کرتے اور آئندہ سال کی مہموں کا فیصلہ کرتے تھے -

گورومتا کے فیصلہ کی پابندی سب پر لازم تھی کیونکہ یہ خیال کیا جاتا تھا کہ کونسل کے فیصلہ میں گورو جی کا مخفی ہاتھ موجود ہے اور گورومتا کا تمام کام اُنھیں کی روحانی مدد سے ہو رہا ہے - گورومتا خالصہ جمہوری حکومت کا ایک طرح سے مرکز تھا جو خود مختار سکھوں کو پیوستہ رکھتا تھا - گورومتا دسہرہ کے علاوہ اور موقعوں پر بھی حسب ضرورت منعقد کیا جا سکتا تھا - ہر مندر کے اکالی مہنت بوقت ضرورت بڑے بڑے سرداروں کو مطلع کر دیا کرتے تھے اور وہ اپنے جتھوں کو لیکر آ موجود ہوتے تھے -

۳ - ملکی اِنتظام

ہر جتھہ‌دار کا دائرہ حکومت اُس کے اپنے علاقہ کے اندر ہی محدود ہوتا تھا - ہر سردار اپنے اقلیم میں امن رکھنے

کی بہترین کوشش کرتا تھا - ہر سردار کا یہ مقصد ہوتا تھا کہ اُس کی رعایا امن چین سے کام کاج میں لگی رہے - اُن سے کسی قسم کی اصلاحات کی اُمید کرنا غلطی میں داخل تھا کیونکہ یہ لوگ باقاعدہ حکومت کے طرز و اطوار سے ابھی واقف نہیں ہوئے تھے - چنانچہ اُنہوں نے مغلوں کے زمانہ کے قواعد و ضوابط جاری رکھے - دیوانی اور فوجداری مقدمات گاؤں اور قصبوں کی پنچایتوں کے ذریعہ فیصل ہوتے تھے - معاملۂ زمین بھی کم و بیش پرانے طریقہ پر ہی وصول کیا جاتا تھا -

۴ - چھوٹے جتھوں کی شخصیت

چونکہ دماغی اور جسمانی لحاظ سے تمام انسان یکساں نہیں ہیں اِس لئے فطرتاً ہر شخص لیڈر نہیں بن سکتا - معمولی دماغ والے انسان کو اعلیٰ ترین دماغ کی پناہ لینی ہی پڑتی ہے اور اُس کی بڑائی کو تسلیم کرنا پڑتا ہے - اِسی طرح سے سکھوں کے چھوٹے چھوٹے جتھے مل کر بڑے جتھے بننے شروع ہوئے اور اُن کے اعلیٰ لیڈر بھی نمودار ہو گئے مگر چھوٹے جتھوں کی ہستی بالکل گم نہ ہوتی تھی - بڑے جتھے کے جھنڈے تلے جمع ہوکر بھی وہ اپنے نشان برقرار رکھتے تھے - اِس سے اُن کی طاقت بنی رہتی تھی اور ہر جتھا اپنے خاص کارنمایاں کرنے کا خواہاں رہتا تھا -

۵ - جتھوں کی تقسیم

جس طریق پر ایک جتھے کے رکن لوٹ کے مال کو آپس

میں تقسیم کر لیتے تھے اُسی طرح مختلف جتھے جو ایک مہم میں شریک ہوتے تھے فتح کئے ہوئے ملک و مال کو بانٹ لیتے تھے - اِس طرح سے مختلف جتھے مختلف علاقوں پر قابض ہو گئے - سنہ ۱۷۶۴ ع کے قریب پنجاب میں سکھوں کے بارہ سربرآوردہ جتھے قائم ہو چکے تھے جنھوں نے جہلم سے سہارنپور تک کا تمام میدانی علاقہ آپس میں تقسیم کر رکھا تھا - اِن جتھوں کا مفصل ذکر ہم اگلے باب میں کریں گے -

تیسرا باب

بارہ سکھ مثلیں

سکھہ مثلوں کی بنیاد

یہ بتایا جا چکا ہے - کہ پنجاب کا علاقہ بارہ نامور سکھ جتھہ داروں میں منقسم ہوچکا - اِن بڑے جتھوں کو مثل کے نام سے بھی پکارتے ہیں - فارسی زبان میں لکھی ہوئي تاریخوں میں جتھہ مثل کے نام سے ہي نامزد کیا گیا ہے - چنانچہ ہم بھی اِس کتاب میں لفظ مثل ہي اِستعمال کرینگے * بارہ مثلوں کے مختلف نام تھے - جو اِس کے بانی کے نام وطن یا کسي وصف کی وجہ سے جدا جدا نام سے پکاري جاتي تھیں - یہ مثلیں مندرجہ ذیل تھیں —

۱ - بھنگي مثل

یہ مثل سب مثلوں سے زبردست اور طاقتور شمار کي جاتي تھی - اِس کا بانی سردار جسا سنگھ جاٹ تھا - جو موضع پنجوار ضلع امرت‌سر کا باشندہ تھا - یہ شخص بندہ بہادر کي فوج میں شامل تھا - جسا سنگھ کے بعد اِس

* مثل عربي زبان کا لفظ ہے - جس کے لفظي معني مساویت یا برابري کے ہیں - چونکہ یہ جتھے مساویت کے اصول پر بنے تھے - اِس لئے اِنھیں مثل کے نام سے موسوم کیا گیا ہے -

مثل کی باگ سردار جگت سنگھ نے سنبھالی - کہا جاتا ہے کہ جگت سنگھ بھنگ کا بہت عادی تھا - اِسی وجہ سے یہ مثل بھنگی مثل کے نام سے مشہور ہو گئی - سرداران گوجر سنگھ، سوبھا سنگھ اور لہنا سنگھ جنھوں نے سنہ ۱۷۶۴ ع میں لاہور پر قبضہ کیا اِسی مثل کے سردار تھے - لاہور کے علاوہ امرتسر، سیالکوٹ، گجرات، چنیوٹ اور جھنگ سیال بھی اِسی مثل کے مقبوضات میں شامل تھے - اِس مثل کی جنگی طاقت کا اندازہ دس ہزار سوار کے قریب لگایا جاتا ہے -

۲ - رام گڑھیہ مثل

اِس مثل کی بنیاد ضلع امرتسر کے خوشحال سنگھ جاٹ نے ڈالی تھی - خوشحال سنگھ پہلے بندہ کی فوج میں بھرتی تھا - اُس کی وفات پر جسا سنگھ ترکھان اِس مثل کا سردار مقرر ہوا - یہ شخص نہایت دلیر اور بہادر سپاہی تھا - احمد شاہ ابدالی کے حملوں کے وقت یہ سکھوں کا سرکردہ لیڈر تھا - اِس نے امرتسر کے رام رونی قلعہ کو مستحکم بنایا اور رام گڑھ نام رکھا - اسی وجہ سے اِس کی مثل کا نام رام گڑھیہ مثل پڑ گیا - رام گڑھیہ مثل کے مقبوضات میں دوآبہ بست جالندھر کا کچھ علاقہ بٹالہ اور کلانور کے قصبے شامل تھے - جب مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اِس مثل کو مفتوح کیا تو اِن کے قبضہ میں ایک سو سے زیادہ قلعے تھے - اِس مثل کی جنگی طاقت تین ہزار سواروں پر مشتمل تھی -

۳ - کنھیا مثل

اِس مثل کا بانی سردار امر سنگھ موضع کاهنا کاچھ ضلع لاهور کا باشندہ تھا - اِسی لئے یہ مثل کاهنے والی یا کنھیا مثل کے نام سے مشہور هوئی - احمد شاہ ابدالی کے وقت میں جے سنگھ کنھیا اِس مثل کا نامور سردار تھا جس کی سرداری میں اس مثل نے بہت ترقی کی - اِس کے مقبوضات دوآبہ باری یعنی بیاس اور راوی کے درمیانی علاقے میں شامل تھے - اور کوهستان کے دامن تک پھیلے هوئے تھے - کلیریاں گڑھوتہ حاجی پور اور پٹھانکوٹ اِسی مثل کے ماتحت تھے - مہاراجہ رنجیت سنگھ کی شادی اِسی سردار جےسنگھ کی پوتی سے هوئی تھی - اِس مثل کی فوجی طاقت آٹھ هزار سواروں کے لگ بھگ تھی -

۴ - اهلو والیہ مثل

نامور سردار جسا سنگھ کلال اِس مثل کا سب سے پہلا سردار تھا جس نے خالصہ دل کی بنیاد رکھی تھی - جسا سنگھ پہلے فضیل‌پوریہ مثل میں شامل تھا - جب وہ کافی طاقت پکڑ گیا تو اُس نے اپنی نئی مثل قائم کر لی - جسا سنگھ موضع اهلو کا رهنے والا تھا - اِس لئے اِس مثل کو اهلو والیہ کہتے هیں - موجودہ ریاست کپورتھلہ کا بانی سردار جسا سنگھ تھا - اِس مثل کی طاقت تین هزار سوار خیال کی جاتی ہے -

۵ - سکرچکیہ مثل

اِس مثل کی بنیاد سنہ ۱۷۵۱ ع کے قریب سردار چڑت سنگھ نے ڈالی تھی جس کے بزرگ گوجرانوالہ کے قریب موضع سکرچک میں رہتے تھے - اِس لئے یہ مثل سکرچکیہ کہلائی - مہاراجہ رنجیت سنگھ کے والد سردار مہان سنگھ کے زمانہ میں اِس مثل کی جنگی طاقت تقریباً پچیس سو سوار تھی -

۶ - نکئی مثل

اِس مثل کا بانی سردار ھیرا سنگھ تھا - یہ مثل احمد شاہ ابدالی کے زمانہ میں وقوع میں آئی - ھیرا سنگھ ضلع لاھور کی موجودہ تحصیل چونیاں کے پرگنہ فرید آباد کا باشندہ تھا - اِس علاقہ کو ملک نکہ کہتے تھے - اسی لئے یہ مثل نکئی کے نام سے موسوم ھوئی - اِس مثل کے مقبوضات ملتان تک پھیلے ھوئے تھے - اور شرقپور ' گوگیرا ' کوٹ کمالیہ وغیرہ اِسی میں شامل تھے - مہاراجہ رنجیت سنگھ کی شادی اِسی مثل کے ایک سردار گیان سنگھ کی لڑکی سے ھوئی تھی - اِس مثل کی فوجی طاقت دو ھزار سوار شمار کی جاتی ھے -

۷ - ڈلیوالی مثل

گلاب سنگھ اِس مثل کا بانی تھا - جو ڈیرہ بابا نانک کے قریب موضع ڈلی وال کا رھنے والا تھا - اِس مثل

کے سردار نارا سنگھ کھیبہ نے سرھند کو تاخت و تاراج کیا - اِس مثل کے مقبوضات دریائے ستلج کے مغرب کي طرف تھے - اِس کي جنگي طاقت کا اندازہ آٹھ ھزار سوار کیا جاتا ھے -

۸ - نشان والیہ مثل

اِس مثل کي بنیاد سرداران سنت سنگھ اور موھر سنگھ نے رکھي تھي - یہ دونوں سردار دل‌خالصہ کے علم بردار تھے - اِسي وجہ سے اِس مثل کو نشان والیہ مثل کہتے ھیں - یہ مثل ضلع انبالہ پر قابض تھی گو اِس کے چند مقبوضات دریائے ستلج کے مغرب میں بھی واقع تھے - اِس مثل کی جنگی طاقت بارہ ھزار سوار پر مشتمل تھی -

۹ - کروڑ سنھگیہ مثل

اِس مثل کا بانی کروڑا سنگھ تھا جس کی وجہ اِس مثل کا نام کروڑ سنگھیہ پڑ گیا - اِس مثل کے مقبوضات دریائے ستلج کے مغربی کنارے کے ساتھ ساتھ واقع تھے اور کرنال تک پھیلے ھوئے تھے - اِس مثل کي طاقت بارہ ھزار سوار شمار کی جاتی ھے -

۱۰ - شہید یا نہنگ مثل

یہ تمام مثلوں سے چھوٹی مثل تھي - اِس مثل کے سردار اُن بہادروں کی اولاد تھے جو گورو گوبند سنگھ جی

کے جھنڈے تلے دمدمہ کے قریب شہید ہوئے تھے - اِسی وجہ سے یہ شہید مثل کہلاتی ہے - اِسی مثل میں گورو گوبند سنگھ کے اکالی یا خالصہ یا نہنگ خالصہ بھی شامل تھے جو اکثر بدن پر نیلے رنگ کے کپڑے اور سر پر آہنی چکر پہنتے ہیں - یہ مثل بھی دریائے ستلج کے مغربی علاقہ پر قابض تھی - اِن کی جنگی طاقت دو ہزار سوار تھی -

۱۱ - فضیل پوریہ مثل

اِس مثل کا بانی نواب کپور سنگھ پہلے پہل بندہ بہادر کی فوج میں بھرتی ہوا اور اپنی بہادری کی وجہ سے سرداری کے عہدہ پر پہنچا - کپور سنگھ بہادر سپاہی ہونے کے علاوہ تیز فہم اور دور اندیش جرنیل بھی تھا - اِس کی مثل والوں نے اِسے نواب کا خطاب دیا اور وہ اِسی نام سے مشہور ہو گیا - یہ شخص موضع فضیل پور ضلع امرتسر کا باشندہ تھا - اِسی لئے اِس کی مثل اِس نام سے مشہور ہوئی - اِس مثل کے مقبوضات دریائے ستلج کے دونوں طرف واقع تھے - اِس کی جنگی طاقت اڑھائی ہزار سوار تھی -

۱۲ - پھلکیاں مثل

پھول نامی ایک شخص نے اِس مثل کی بنیاد ڈالی - اِس لئے یہ مثل پھلکیاں کہلائی - پھول بھٹی قوم کا راجپوت تھا - سردار آلہ سنگھ جو موجودہ خاندان پٹیالہ کا بانی تھا

اور جسے احمد شاہ ابدالی نے اپني طرف سے سرھند کا گورنر مقرر کیا تھا اِسي خاندان سے تھا اور پھولکیاں مثل کا سردار کہلاتا تھا - اِسي مثل کے دیگر سرداروں نے موجودہ خاندان نابھہ و جیند کي بنیاد ڈالي تھی - ریاست کیتھل کا بانی بھي پھولکیاں مثل کے سرداروں میں سے تھا - اس مثل کي جنگي طاقت تقریباً پانچ ہزار سوار تھی -

سکھ مثلداروں کے باھمي تعلقات

سکھوں کی متحدہ طاقت تقریباً ستر ہزار سوار تھی - اِس جرار سپاہ کے ساتھ اُنھوں نے اپنی فتوحات کو دن بدن بڑھانا شروع کیا - اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ سکھوں میں کوئی مرکزی حکومت نہ تھی جو مختلف سرداروں کو قابو میں رکھتی اور سکھ گورنمنٹ کو پیوستہ بناتی - ہر سردار اپنے دائرہ حکومت میں خود مختار تھا - جو جی میں آتا تھا کرتا تھا - البتہ کسي بیروني حملہ آور کے وقت یہ سب سردار مل جاتے تھے اور کل خالصہ کے جھنڈے تلے جمع ہوکر پنتھ کي حفاظت کے لئے لڑتے تھے - لیکن بیروني خدشہ کي غیر حاضري میں ایک دوسرے کے ساتھ لڑنے سے بھي گریز نہ کرتے تھے - اِن مثلوں کي حدود صاف طور سے مقرر نہ تھیں - بلکہ ایک دوسرے کے علاقہ سے بالکل ملحقہ تھیں - چنانچہ آپس کے تنازعات کي یہ سب سے بڑی وجہ تھي - اِس کے علاوہ ہر مثل کے اندر بھي نفاق اور تنازعات کے بیج موجود تھے - ہر شخص مثل کا سردار بننے کي کوشش کرتا تھا -

اِن تعلقات کے نتائج

احمد شاہ ابدالی کے حملے ہمیشہ کے لئے بند ہو چکے تھے - ملک کی کوئی اندرونی طاقت سکھوں کے ہم پلہ نہ تھی - سکھہ صاحبان تلوار کے دھنی تھے کیونکر چپ رہ سکتے تھے ؟ پس اپنی طاقت کو خانہ جنگی میں صرف کرنا شروع کیا - موقعہ پاکر اپنے ہمسائے سردار پر حملہ کرتے اور خوب لڑتے - آپادھاپی کا بازار گرم ہوا اور جس کی لاٹھی اُسی کی بھینس والا معاملہ تھا - چنانچہ اٹھارویں صدی کے اختتام کے پچیس سال کی پنجاب کی تاریخ اِنھی خانہ جنگیوں کی کہانی ہے - ایک مثل کے سردار دوسری مثل کے سرداروں کے ساتھہ مل کر تیسری مثل پر حملہ آور ہوتے - کبھی دو تین مثلوں کی متحدہ فوج کسی اور مثل کے مقبوضات پر تسلط جما لیتی - غرض کہ مکمل بدانتظامی کا نقشہ جما ہوا تھا - اُنھی دنوں یعنی سنہ ۱۷۸۴ ع میں ایک انگریز سیاح مسٹر فارسٹر پنجاب سے گذرا جس نے سکھوں کی حالت کو بچشم غور مطالعہ کیا - وہ لکھتا ہے کہ مثلداروں کی حکومت اِس طریقہ پر رہنی ناممکن ہے - اِن میں سے کوئی نہ کوئی ایسا سردار ضرور پیدا ہوگا جو تمام مثلداروں کو مطیع کرکے اپنی زبردست حکومت قائم کریگا - چنانچہ یہ پیشین گوئی درست نکلی - مسٹر فارسٹر کے لکھنے سے چار سال پہلے ہی پنجاب میں شیر پیدا ہو چکا تھا جس نے بیس سال کی عمر میں اِس کام کا بیڑا اُٹھایا اور تھوڑے عرصہ میں ہی سکھہ مثلوں کو فتح کرکے زبردست سکھہ سلطنت قائم کی - آؤ !

معلوم کریں وہ کون تھا اور کس خاندان سے تعلق رکھتا تھا ۔

چوتھا باب

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے خاندان کی سرگذشت

سردار بدھ سنگھ

وہ حیرت انگیز ہستی جو مسٹر فارسٹر کی پیشین‌گوئی پوری کرنے ، سکھ سرداروں کی خانہ جنگی دور کرنے ، عظیم‌الشان سکھ سلطنت پیدا کرنے ، اور پنجاب کے نام چار چاند لگانے پیدا ہوئی تھی مہاراجہ رنجیت سنگھ تھا - یہ سکرچکیہ مثل کا سردار تھا - اس مثل کی بنیاد احمد شاہ ابدالی کی یورشوں کے زمانہ میں سردار چڑت سنگھ نے ڈالی تھی - سردار چڑت سنگھ کے بزرگ سنہ ۱۵۵۵ ع میں موضع سکرچک میں آباد ہوئے - یہ زمیندار تھے اور کئی پشتوں تک کھیتی پر ہی گذر اوقات کرتے رہے - اس خاندان کا پہلا شخص جس نے سکھ مذہب اختیار کیا بدھو مل تھا جو بعد میں * بدھ سنگھ کے نام سے مشہور ہوا - بدھ سنگھ جب سن بلوغت کو پہنچا تو خوبصورت قوی ہیکل جوان نکلا اور فطرتاً نہایت ہی نڈر ثابت ہوا - اُس ہلچل کے زمانہ میں

* منشی سوہن لال روز نامچہ رنجیت سنگھ میں لکھتا ہے کہ بدھ سنگھ نے گورو ہر رائے کے زمانے میں سکھ مت اختیار کیا - گورو ہر رائے سنہ ۱۶۶۱ ع میں فوت ہوئے تھے -

بدھ سنگھ نے اپنے جیسے منچلے بہادروں کا ایک گروہ اکٹھا کرلیا، ڈاکے مارنے شروع کئے، اور جلدی ہی گرد و نواح کے تمام علاقہ میں اپنی بہادری کا سکہ جما لیا - سکر چک میں اپنی رھائش کے لئے قلعہ نما مکان بھی تیار کر لیا - بدھ سنگھ کی تمام عمر اِسی قسم کے دھاڑے مارنے میں گذری - اُس کے جسم پر تلوار کے تیس زخم اور نو گولیوں کے نشان موجود تھے -

سردار نودھ سنگھ

سردار بدھ سنگھ کے دو بیٹے تھے - ایک کا نام نودھ سنگھ اور دوسرے کا چندا سنگھ تھا - نودھ سنگھ کی شادی سنہ ۱۷۳۰ع میں موضع مجیٹھ ضلع امرتسر کے ایک امیر زمیندار کی لڑکی کے ساتھ ھو گئی - نودھ سنگھ بھی اپنے باپ کی طرح بڑا بہادر، دلیر نڈر اور جنگجو ثابت ھوا - تھوڑے ھی عرصہ میں چاروں طرف اِس کے نام کی دھاک بندھ گئی - نادر شاہ کے حملہ کے وقت ابتری کی حالت سے فائدہ اُٹھانے کے لئے نودھ سنگھ نے اور بھی زیادہ ھاتھ پاؤں مارنے شروع کئے - زیادہ لوٹ مار کی غرض سے نودھ سنگھ فضیل پوریہ مثل کے سردار نواب کپور سنگھ کے ساتھ مل گیا - ایک دفعہ دونوں نے مل کر احمد شاہ ابدالی کے کیمپ پر بھی چھاپہ مارا جس کی وجہ سے نودھ سنگھ کئی نامی سرداروں پر فوقیت لے گیا اور اپنے چھوٹے سے گروہ کی عزت و شہرت سب کے دلوں میں قائم کر دی - سردار نودھ سنگھ سنہ ۱۷۵۲ ع میں اس دنیا سے کوچ کر گیا -

سردار چڑت سنگھ

سردار نودھ سنگھ کے چار بیٹے تھے ' چڑت سنگھ' دل سنگھ ' چیت سنگھ ' اور ماگھی سنگھ - سب سے بڑے بیٹے چڑت سنگھ کی عمر اس وقت بیس سال تھی - اُسی زمانہ میں سردار جسا سنگھ اہلو والیہ اور سرداران ہری سنگھ و جھنڈا سنگھ بھنگی نے اپنی اپنی مثلیں قائم کر لی تھیں اور جدا جدا علاقوں پر قابض ہو چکے تھے - چڑت سنگھ گو عمر کا چھوٹا مگر بڑا ذکی اور تیز فہم تھا - اُس نے اپنے رفیقوں سے مشورہ کیا کہ علاقہ کے چیدہ چیدہ بہادروں کو اکٹھا کرکے اُنہیں بھی ایک نئی مثل کی بنیاد ڈالنی چاھئے - چڑت سنگھ باتدبیر اور با رسوخ نوجوان تھا - دو سال کے اندر ھی اپنے ارادہ کو عملی جامہ پہنانے میں کامیاب ھو گیا - تقریباً ایک سو سوار اور پیادوں کے ھمراہ اپنی مثل کا جھنڈا کھڑا کیا - اُس کے خسر امیر سنگھ اور اُس کے بیٹے گور بخش سنگھ نے چڑت سنگھ کی اِس معاملہ میں بہت حوصلہ افزائی کی اور کافی مدد بہم پہنچائی - امیر سنگھ گو اُس وقت بڑھاپے کے پنجہ میں گرفتار تھا مگر اپنے زمانہ کا بڑا بہادر اور جنگجو سپاھی تھا - گوجرانوالہ کے لوگ اُس کے نام سے کانپتے تھے - اِس وجہ سے چڑت سنگھ کے کام میں آسانی ھو گئی - منشی سوھن لال اپنی کتاب میں ذکر کرتا ھے کہ چڑت سنگھ نے اصول قائم کر دیا تھا کہ وھی شخص میری مثل میں داخل ھوسکتا ھے جو کیس رکھے اور امرت چھکے - چنانچہ مثل میں بھرتی کرنے سے پہلے وہ خود لوگوں کو امرت چھکایا کرتا تھا -

ایمن آباد کی لوٹ

ایمن آباد کا مسلمان گورنر وہاں کي ہندو رعایا کو ستاتا تھا - چڑت سنگھ نے اِس موقعہ کو غنیمت سمجھا - اگرچہ اُس کی مثل کو قائم ہوئے تھوڑی مدت ہی ہوئی تھی مگر چڑت سنگھ نے اپنے نو جوانوں کي ہمراهي میں ایمن آباد کا محاصرہ کر لیا - بہت سے زر و مال کے علاوہ شاهي اسلحہ خانہ سے بہت سي بندوقیں و دیگر سامان حرب اور شاهي اصطبل سے سینکڑوں گھوڑے چڑت سنگھ کے هاتھ لگے - اِس کامیابی سے سردار چڑت سنگھ کا حوصلہ اور بھي دو چند ہو گیا - اُس نے گوجرانوالہ میں ایک زبردست قلعہ بھي تعمیر کر لیا -

گورنر لاهور کي گوجرانوالہ پر فوج کشي

گوجرانوالہ لاهور سے چھتیس میل کے فاصلہ پر واقع ھے - لاهور کے صوبہ‌دار خواجہ اوبید نے سردار چڑت سنگھ کو اس گستاخي کا مزہ چکھانے کے لئے گوجرانوالہ پر چڑھائي کر دي - خواجہ اوبید کے همراہ بڑي بھاري جمعیت تھي - چڑت سنگھ نے اپنے نئے تعمیر شدہ قلعہ میں پناہ لي - رات کے وقت جب موقعہ ملتا خواجہ کي فوج پر چھاپہ مار کر پھر اندر داخل هو جاتا - خواجہ اوبید اس سے تنگ آ گیا ، محاصرہ اُٹھا لیا - اور واپس روانہ هوا - چڑت سنگھ اپنے نو جوانوں کو لےکر دشمن کي فوج پر ٹوٹ پڑا ، شاهي لشکر کو خوب لوٹا ، بہت سا سامان جنگ سینکڑوں اُونٹ اور گھوڑے سردار کے هاتھ آئے -

سردار چڑت سنگھ کی فتوحات

سردار چڑت سنگھ نے اپنے قلعہ کو اور بھی مستحکم کر لیا - اب اُس کی مثل میں قابلِ‌قدر اضافہ ہو چکا تھا - چنانچہ اُس کے دل میں ملک گیری کی ہوس سمائی - وزیر آباد کے علاقہ سے مسلمان حاکم کو نکال کر خود قبضہ کر لیا اور اِس علاقہ کی تھانے داری اپنے سالے گور بخش سنگھ کو سونپ دی - دریائے جہلم کے پار پنڈ دادنخاں اور اُس کے گرد و نواح کے علاقہ پر اپنا تسلط جمایا - یہاں ایک مضبوط قلعہ اِسی سال تعمیر کرایا - چڑت سنگھ نے کھیوڑے کی نمک کی کان پر قبضہ حاصل کیا جو اُس کے لئے آمدنی کا ذریعہ ثابت ہوا - دھنی اور پٹھوہار کے علاقہ فتح کئے ' چکوال جلال پور وغیرہ کے زمینداروں کو اپنا مطیع کیا - چڑت سنگھ ابھی دریائے جہلم کے قریب احمد آباد میں ہی مقیم تھا کہ اسے خبر ملی کہ احمد شاہ ابدالی اٹک پہنچ گیا ہے - چنانچہ سردار نے روہتاس کے مشہور قلعہ پر چڑھائی کر دی - ابدالی کے قلعہ دار نورالدین خاں کو مار بھگایا اور قلعہ پر قبضہ کرکے اپنا تھانہ قائم کر لیا - غرضیکہ پندرہ سال کے قلیل عرصہ میں چڑت سنگھ نے اپنے مقبوضات خوب بڑھائے - اِس کی مثل نے دن دونی رات چوگنی ترقی کی - گوجرانوالہ ' وزیرآباد ' رام‌نگر ' سیالکوٹ ' روہتاس ' پنڈ دادنخاں اور دھنی کے علاقے اس کی ریاست میں شامل تھے جس کی سالانہ آمدنی تقریباً تین لاکھ روپیہ تھی -

سردار چڑت سنگھ کی وفات سنہ ۱۷۷۱ ع

جس روز سے سردار چڑت سنگھ نے پنڈ دادنخاں اور

کھیوڑے کی نمک کی کان پر اپنا تسلط قائم کیا تھا تب سے ہی بھنگی سردار اُس کے جانی دشمن بن گئے - دونوں میں جنگ شروع ہو گئی - چنانچہ وقتاً فوقتاً دونوں مثلوں میں لڑائیاں ہوتی رہیں - آخر سنہ ۱۷۷۱ع میں جب طرفین کی فوجیں میدان جنگ میں جمع ہو رہی تھیں تو اتفاق سے سردار چڑت سنگھ کی اپنی نئی بندوق چھوٹ گئی جس سے وہ بری طرح گھائل ہوا اور چند منٹوں میں جاں بحق ہو گیا - *

مائی دیساں کا انتظام ریاست

سردار چڑت سنگھ کے دو بیٹے مہان سنگھ اور سہج سنگھ اور ایک بیٹی تھی - بڑے بیٹے مہان سنگھ کی عمر اُس وقت صرف دس سال تھی - پس چڑت سنگھ کی بیوہ مائی دیساں نے انتظام ریاست اپنے ہاتھ میں سنبھالا جس میں اُس کے بھائیوں گور بخش سنگھ اور دل سنگھ نے اُس کی بہت مدد کی - مائی دیساں بڑی جہاندیدہ تجربہ کار اور دانشمند خاتون تھی - اُس نے اپنی طاقت مضبوط کرنے کے لئے اپنی بیٹی کی شادی بھنگی سردار کے بیٹے

* اس واقعہ کو مؤرخوں نے مختلف طرح بیان کیا ہے - ہمارا بیان منشی سوہن لال کی کتاب پر مبنی ہے - کپتان ریڈ نے بھی منشی سوہن لال کو ہی تسلیم کیا ہے - مگر سید محمد لطیف اور رائے بہادر کنھیا لال نے کپتان مرے کی رپورٹ کی بنا پر یہ لکھا ہے کہ چڑت سنگھ کی موت جموں کے ملہ کے وقت سنہ ۱۷۷۴ع میں اُس کی اپنی بندوق چھوٹنے سے ہوئی تھی -

صاحب سنگھ سے کر دی جس کی وجہ سے دونوں مثلوں میں دشمنی کی آگ کچھ عرصہ کے لئے ٹھنڈی ھو گئی - اُس کے تھوڑے عرصہ بعد اپنے بھتیجے مہان سنگھ کا بیاہ جھنڈ کے سردار گجپت سنگھ کی بھتی سے رچایا - مائی دیساں نے اپنی نوخیز مثل کے لئے شادیوں کا رابطۂ اتحاد پیدا کیا اور گوجرانوالہ کے قلعہ کو اور بھی مستحکم بنایا -

سردار مہان سنگھ کی گدی نشینی

اتنے عرصہ میں مہان سنگھ نے ھوش سنبھال لیا اور مثل کی باگ ڈور اپنے ھاتھ میں لے لی - اپنے والد کی طرح فتوحات کا سلسلہ از سر نو جاری کیا - نورالدین سے دوبارہ قلعہ روھتاس چھین لیا اور سیالکوٹ کے نزدیک کوٹلی اھنگران پر اپنا تسلط قائم کر لیا - اس جگہ کے کاریگر بندوقیں بنانے میں ماھر تھے - چنانچہ مہان سنگھ نے اُس سے پورا فائدہ اٹھایا - اپنی فوج کو نئی بندوقوں سے مسلح کیا -

رسول‌نگر کی فتح - سنہ ۱۷۷۹ع

رسول‌نگر کا حاکم پیر محمد خاں چٹھہ قوم کے پٹھانوں میں سے تھا - یہ فطرتاً بڑا متعصب تھا اور سکھوں کے ساتھ خاص دشمنی رکھتا تھا - نوجوان مہان سنگھ کو یہ بات ناگوار گذری - چنانچہ سنہ ۱۷۷۹ع میں اُس نے رسول نگر پر یورش کر دی - پیر محمد خاں نے خوب مقابلہ کیا مگر آخر کار مغلوب ھوا - مہان سنگھ نے شہر پر قبضہ کر لیا - شہر کا نام رسول نگر سے بدل کر رام نگر رکھا اور یہ آج تک اسی

نام سے مشہور ہے - گو پیر محمد خاں نے مہان سنگھ کی
اطاعت قبول کر لی تھی مگر بہادر چٹھہ قوم کے دل میں انتقام
کی آگ سلگ رہی تھی اس لئے وہ باغی ہو گیا - سردار مہان سنگھ
نے تین سال بعد دوبارہ فوج کشی کی - اس دفعہ وہ
علی پور اور منچر وغیرہ پر بھی قابض ہو گیا - علی پور کا
نام اکال گڑھ رکھا -

رنجیت سنگھ کی پیدائش

رسول نگر فتح کر کے مہان سنگھ واپس آیا - گوجرانوالہ میں
داخل ہوتے ہی اُسے خوشخبری ملی کہ اُس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا
ہے - مہان سنگھ خوشی کے مارے پھولا نہ سمایا - چونکہ یہ اسی وقت
جنگ فتح کر کے آیا تھا اس لئے اسی فتح کی تقریب
میں اپنے بیٹے کا نام رن‌جیت سنگھ رکھا اور کہا کہ میں
خیال کرتا ہوں کہ وہ ہمیشہ میدان جنگ میں فتحیاب
ہوگا - آگے جا کر معلوم ہوگا کہ مہان سنگھ کا قیاس بالکل
درست نکلا - رنجیت سنگھ ۱۳ نومبر سنہ ۱۷۸۰ع سوموار کے دن
دوپہر کے وقت گوجرانوالہ میں پیدا ہوا تھا - *

پنڈی بھٹیاں وغیرہ کا دورہ

چٹھہ قوم پر فتح حاصل کرنے کی وجہ سے مہان سنگھ کی
شہرت بڑھ گئی - خالصہ جتھہ داروں میں اُس کا نام بلند

---

* منشی سوہن لال نے اپنی کتاب میں رنجیت سنگھ کا زائچہ دیا ہے جس
میں وہ لکھتا ہے کہ رنجیت سنگھ کا پیدائشی نام بدھ سنگھ تھا -

ہو گیا - چنانچہ بڑے بڑے سردار اُس کی مثل میں شامل ہونے لگے اور اِس مثل کی جنگی طاقت میں بہت اضافہ ہو گیا - اب سردار مہان سنگھ نے پنڈی بھٹیان ، ساھیوال اور عیسیٰ خیل تک کا دورہ کیا اور بہت سا زر و مال وصول کیا -

جموں پر فوج‌کشي

سنہ ۱۷۸۲ع میں جموں کا راجہ رنجیت‌دیو مر گیا - اُس کے دونوں بیٹوں برج‌راج دیو اور دلیر سنگھ میں تخت نشیني کے لئے جھگڑا ہو گیا - بھنگی سرداروں نے ایک آدھہ دفعہ پیشتر جموں پر ھاتھ مارنے کی کوشش کي تھی ؛ چنانچہ مہان سنگھ نے اِس نادر موقع کو ھاتھ سے نہ جانے دیا - جموں پر چڑھائی کی - برج‌راج دیو مقابلہ کي تاب نہ لاکر ترکوٹہ کي پہاڑیوں میں جا چھپا - مہان سنگھ کي فوج نے جموں کے مالدار شہر کو دل کھول کر لوٹا - وھاں سے بے شمار زر و دولت جمع کر کے رام نگر سے ھوتا ھوا گوجرانوالہ واپس لوٹا -

جے سنگھ کنھیا سے جنگ

اُسي سال سردار مہان سنگھ دیوالي کے موقعہ پر امرتسر اشنان کے لئے آیا وھاں حسب معمول بڑے بڑے سردار جمع تھے - سردار جے سنگھ کنھیا بھي موجود تھا - سکھ مثلدار جے سنگھ کي بہت عزت کرتے تھے - چنانچہ مہان سنگھ بھی اُس کي جائے قیام پر اُس سے ملاقات

کرنے گیا - وہاں جموں کی لوٹ مار کے متعلق بات چیت شروع ہوئی - جے سنگھ کنھیا مہان سنگھ کی بڑھتی ہوئی طاقت کو دیکھکر حسد کی آگ میں جل بھن رہا تھا - دوران گفتگو میں کچھ سخت الفاظ اِستعمال کر بیٹھا - مہان سنگھ نے بھی ویسا ہی جواب دیا - معاملہ طول پکڑ گیا اور جنگ کی نوبت پہنچ گئی - مہان سنگھ کے لئے طاقتور مثل کے زبردست سردار جے سنگھ سے اکیلا مقابلہ کرنا مشکل تھا - پس اُس نے رام گڑھیہ مثل کے سردار جسا سنگھ سے خط و کتابت شروع کی - جسا سنگھ کا علاقہ جے سنگھ نے چھین لیا تھا - اور یہ بیچارہ ستلج کے پار ہانسی حصار کے علاقہ میں مارا مارا پھرتا تھا - مہان سنگھ کی مدد کو غنیمت جان کر واپس پنجاب لوٹا - جے سنگھ نے راجہ سنسار چند والئے کانگڑہ کا علاقہ بھی ضبط کر لیا تھا - چنانچہ سنسار چند بھی اُن کے ساتھ شامل ہو گیا - تینوں نے مل کر جے سنگھ پر چڑھائی کر دی - اور بٹالہ پر قبضہ کر لیا - جے سنگھ کا بہادر لڑکا گور بخش سنگھ فوج لیکر آگے بڑھا - گھمسان کی لڑائی ہوئی - گوربخش لڑتا ہوا مارا گیا - کنھیا فوج کے پاؤں اُکھڑ گئے - جے سنگھ کو صلح کے سوا کوئی چارہ نہ رہا - چنانچہ جسا سنگھ اور سنسار چند کو اُن کے علاقے واپس مل گئے -

جے سنگھ کی پوتی سے رنجیت سنگھ کی سگائی

اِس جنگ میں مہان سنگھ نے اپنی طاقت اور بہادری کا سکہ جے سنگھ کے دل پر بٹھا دیا تھا - نیز گوربخش سنگھ

کی وفات سے بوڑھے سردار کی تمام اُمیدوں پر پانی
پھر چکا تھا - لہذا اُس نے گوربخش سنگھ کی زوجہ سداکور
کے کہنے پر مہان سنگھ کے ساتھ رابطۂ اتحاد پیدا کرنا
ہی قرین مصلحت سمجھا - چنانچہ مرحوم گوربخش سنگھ کی لڑکی
کی منگنی مہان سنگھ کے لڑکے رنجیت سنگھ سے کر دی گئی -
اب دونوں مثلوں میں رشتۂ اتحاد قائم ہو گیا جس سے
رنجیت سنگھ نے اپنی اوائل جد و جہد کے زمانہ میں پورا
فائدہ اُٹھایا - اِس کا ذکر آگے چل کر کیا جائیگا -

بھنگی سرداروں سے جنگ

پہلے بتایا جا چکا ہے کہ مہان سنگھ کی ہمشیرہ کی
شادی صاحب سنگھ بھنگی سے ہوئی تھی اور وہ ایک دوسرے
سے دوستی اور محبت کا دم بھرتے تھے - مگر حکومت اور
رشتہ‌داری کا ساتھ نبھنا مشکل ہے کیونکہ حکومت رشتہ‌داری
کو مغلوب کر لیتی ہے - چنانچہ سنہ ۱۷۹۰ء میں جب
صاحب سنگھ کے والد گوجر سنگھ کا انتقال ہوا تو صاحب سنگھ
گجرات کی سرداری پر متمکن ہوا - مہان سنگھ نے اُس
سے حق حاکمانہ کی رقم طلب کی - چونکہ صاحب سنگھ کے
خاندان کا تعلق ہمیشہ سے بھنگی سرداروں کے ساتھ رہا تھا اس
لئے اُس نے نذرانہ دینے سے اِنکار کر دیا جس وجہ سے اُن
کی آپس میں جنگ چھڑ گئی - صاحب سنگھ مقابلہ کی
تاب نہ لا سکا - گجرات چھوڑ کر سوہدرہ کے قلعہ میں جا
بیٹھا -

قلعہ سوہدرہ کا محاصرہ

مہان سنگھ نے قلعہ کا محاصرہ ڈال دیا - اِسي محاصرہ کے دوران میں ایک روز یکایک مہان سنگھ کي طبیعت خراب ہو گئي - اُس کي صحت کام کي زیادتي کي وجہ سے پہلے ہی خراب ہو چکي تھي - اب وہ دن بدن زیادہ بیمار ہوتا گیا - آخر محاصرہ کا کام اپنے بیٹے رنجیت سنگھ کے سپرد کیا - جس کي عمر اِس وقت صرف دس سال تھي - رنجیت سنگھ نے محاصرہ کو متواتر جاري رکھا - اسي اثناء میں بھنگی سرداروں نے صاحب سنگھ کي مدد کے لئے فوج کے دو دستے روانہ کئے مگر رنجیت سنگھ نے اُنھیں راستے ہی میں روک لیا اور بے خبری کی حالت میں جا دبایا - اُنھیں سوائے میدان چھوڑنے کے اور کوئی چارہ نظر نہ آیا - بہت سے ہتھیار اور کئي توپیں رنجیت سنگھ کے ہاتھ آئیں -

سردار مہان سنگھ کي وفات

۵ بیساکھ سمبت ۱۸۴۷

ابھي یہ محاصرہ ختم بھي نہ ہوا تھا کہ مہان سنگھ کچھ دیر بیمار رہ کر تیس سال کي بھری جوانی میں راہئے ملک عدم ہوا - سردار مہان سنگھ بڑا عالی ہمت ' ذي وقار اور روشن دماغ انسان تھا - اُس نے اپني قلیل عمر کے چند سالوں میں ہي سکرچکیہ مثل کو روزافزوں ترقی دی ' وسیع اور وافر ذرائع سے اُسے مالامال کر دیا اور اُس کي جنگي طاقت میں قابل قدر اضافہ کیا -

پانچواں باب

مہاراجہ رنجیت سنگھ کا زمانۂ عروج

سنہ ۱۷۹۰ع سے ۱۸۰۳ع تک

رنجیت سنگھ کا عنان سکرچکیہ مثل سنبھالنا

سردار مہاں سنگھ اپنی حین حیات ہی میں رنجیت سنگھ کی رسم دستاربندی کر چکا تھا - چنانچہ اُس کی وفات پر رنجیت سنگھ بے چون و چرا سکرچکیہ مثل کا سردار تسلیم کر لیا گیا - رنجیت سنگھ ابھی دس سال کا بچہ تھا * - گو یہ لڑکپن میں اپنے والد کے ہمراہ کئی لڑائیوں میں شامل ہوا تھا لیکن پھر بھی اِس عمر میں ریاست کا بار سنبھالنا اُس کے لئے بہت دشوار تھا - پیشتر ذکر کیا جا چکا ہے کہ رنجیت سنگھ کی سگائی گور بخش سنگھ کنھیا مرحوم کی دختر سے ہو چکی تھی - گور بخش سنگھ کی بیوہ رانی

* مہاراجہ رنجیت سنگھ کی تاریخ پیدایش منشی سوہن لال اور دیوان امر ناتھ ۳ مگھر سمبت ۱۸۱۷ بکرمی روز دو شنبہ مطابق ۱۳ نومبر سنہ ۱۷۸۰ع لکھتے ہیں - اور سردار مہاں سنگھ کی تاریخ وفات ۵ بیساکھ سمبت ۱۸۴۷ بکرمی مطابق ۱۴ اپریل سنہ ۱۷۹۰ع ہے - سید محمد لطیف اور پرنسپ کا یہ کہنا کہ رنجیت سنگھ کی عمر اس وقت بارہ برس کی تھی درست نہیں ہے -

سدا کور نہایت عقلمند اور دوراندیش خاتون تھي - ایسے آڑے وقت میں وہ اپنے کمسن داماد کے کام آئي - رنجیت سنگھ کي والدہ نے بھي مدد کی جس سے رنجیت سنگھ کا بوجھ ہلکا ہو گیا -

رنجیت سنگھ کا بال بال بچنا - سنہ ۱۷۹۳ ع

رنجیت سنگھ اوائل عمر میں شکار کھیلنے کا بہت شوقین تھا - ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ یہ شکار کي تلاش میں موضع لدھے والی کے نزدیک جا پہنچا جو چٹھوں کے علاقہ میں واقع تھا - رنجیت سنگھ اپنے ہمراھیوں سے بچھڑ کر اکیلا رہ گیا تھا - اتفاق سے چٹھہ قوم کا نواب حشمت خاں بھي اپنے نوکروں سمیت یہاں شکار کھیلنے میں مصروف تھا کہ اچانک اُس کي نظر رنجیت سنگھ پر پڑي - سردار مہاں سنگھ نے اِسے کئي بار شکست دي تھي - اور وہ بدلہ لینے کي تلاش میں تھا - اُسے یہ کینہ‌وري کے لئے سنہري موقعہ نظر آیا - عقب سے تلوار کا پورا وار کیا - مگر

جس کو رکھے سائیں اُسے مار نہ سکے کوئي

کے مصداق رنجیت سنگھ سہم کر زین سے سرک گیا - تلوار باگ پر لگي جس کے دو ٹکڑے ہو گئے - رنجیت سنگھ نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو معاملہ دگرگوں پایا - شیر کي طرح بپھرا اور غرا کر حشمت خاں پر جا تپٹا اور آن کي آن میں اُس کا سر تن سے جدا کر دیا - خان کے نوکروں نے جو یہ دیکھا تو

ہوا ہو گئے - رنجیت سنگھ خان کا سر بھالے پر چڑھا کر اپنے ساتھیوں سے آ ملا اور سارا ماجرا سنایا جسے سن کر وہ دنگ رہ گئے ، رنجیت سنگھ کي بہادری کا اعتراف کیا ، اور پروردگار کا شکر بجا لائے -

رنجیت سنگھ کي شادي سنہ ۱۷۹۶ع

سولہ سال کي عمر میں رنجیت سنگھ نے اپني شادی رچائي - عظیم‌الشان برات دھوم کے ساتھ قصبہ بٹالہ گئي جہاں لوگوں کو ناچ رنگ اور تماشوں سے ملحوظ کیا گیا - رنجیت سنگھ کي فیاضي نے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا - چند روز کے بعد رنجیت سنگھ دلھن لےکر گوجرانوالہ واپس آیا -

رام گھڑھیوں کے خلاف سدا کور کي امداد

اسي سال جسا سنگھ رام‌گڑھیہ نے سردار جے سنگھ کي وفات سے فائدہ اٹھاکر کنھیا مثل کے مقبوضات پر ہاتھ صاف کرنا شروع کیا - چنانچہ راني سدا کور نے رنجیت سنگھ سے مدد طلب کي - رنجیت سنگھ نے دیوان لکھپت رائے کو علاقہ و دھنی کی طرف روانہ کیا اور خود سردار فتح سنگھ دھاری ، سردار جودھ سنگھ اور سردار دل سنگھ وزیرآبادیہ کے ہمراہ بٹالہ کی طرف روانہ ہوا اور رام گڑھیوں کے قلعہ میانی کا محاصرہ ڈال دیا - موسم برسات کی وجہ سے شہر کے گرد بہت سا پانی جمع ہو گیا اس وجہ سے رنجیت سنگھ کو محاصرہ اٹھانا پڑا -

سرداران لاہور سے ملاقات اور قلعہ کا معائنہ

بٹالہ جاتے ہوئے رنجیت سنگھ نے اپنی فوج کو آگے روانہ کر دیا اور خود دو تین روز کے لئے لاہور قیام کیا - سردار چیت سنگھ اور سردار موہر سنگھ سرداران لاہور سے بات چیت کی جنھوں نے رنجیت سنگھ کی خوب آؤ بھگت کی - اس موقع پر اُسے قلعہ لاہور دیکھنے کا اتفاق ہوا اور غالباً جیسا کہ رنجیت سنگھ کا مورخ سوہن لال اشارہ کرتا ہے اسی وقت رنجیت سنگھ کے دل میں قلعہ حاصل کرنے کی ہوس پیدا ہوئی -

رنجیت سنگھ کي دوسري شادي سنہ ۱۷۹۸ ع

رنجیت سنگھ کي پہلي شادي کي وجہ سے سکرچکیہ اور کھنیا مثلوں میں رابطۂ اتحاد پیدا ہو چکا تھا - اب دوراندیش رنجیت سنگھ نے اپنی طاقت کو اور بھی مستحکم کرنے کے لئے نکئی مثل کے سرداروں سے میل‌جول شروع کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سنہ ۱۷۹۸ ع میں سردار گیان سنگھ نکئی کی ہمشیرہ کے ساتھ رنجیت سنگھ کی شادي مقرر ہو گئي - برات گوجرانوالہ سے روانہ ہوکر مرالي‌والہ اور شیخوپورہ ہوتی ہوئي قصبہ ستگھرہ پہنچي ' جہاں سردار گیان سنگھ نے برات کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور بھاري جہیز کے ساتھ برات کو وداع کیا - رنجیت سنگھ کا بڑا بیٹا کھڑک سنگھ اِسی راني کے بطن سے تھا -

مثل کی عنان حکومت اپنے هاتھ میں لینا سنہ ۱۷۹۸ ع

دیوان لکھپت رائے سردار مہان سنگھ کا رازدان وزیر تھا - سکرچکیہ کے کل مقبوضات کی آمدنی و خرچ کا سارا حساب دیوان مذکور کے پاس هي رهتا تھا - سردار مہان سنگھ کو دیوان کی لیاقت پر پورا بھروسہ تھا اور وہ اس کي دیانتداری پر پکا اعتماد رکھتا تھا - چنانچہ مرتے وقت اپنے بیٹے رنجیت سنگھ کا هاتھ دیوان لکھپت رائے اور اپنے ماموں سردار دل سنگھ والئے وزیرآباد کے هاتھوں میں دیکر انھیں اس کا نگھبان مقرر کیا - کچھ دیر تو اِسي طرح کام چلتا رها مگر سردار دل سنگھ اور دیوان لکھپت رائے ایک دوسرے سے حسد کرتے تھے اس لئے سردار مذکور دیوان کے خلاف رنجیت سنگھ کے کان بھرتا رهتا تھا - نیز رنجیت سنگھ کی ساس سدا کور بھی رنجیت سنگھ کو مثل کا انتظام اپنے هاتھ میں لینے کے لئے اُکساتی رهتی تھی - رنجیت سنگھ کی عمر اب اٹھارہ سال تھی - وہ خود بھی اس بات کو محسوس کرتا تھا - اتفاقاً دیوان لکھپت رائے دھنّي کے علاقہ میں زر مالیہ وصول کرتا ہوا سنہ ۱۷۹۸ ع میں مارا گیا اور رنجیت سنگھ نے اپني والدہ کے مشورہ سے مثل کی عنان حکومت اپنے هاتھ میں لے لي -

رنجیت سنگھ پر اپني والدہ کے قتل کا جھوٹا الزام

دیوان لکھپت رائے کے قتل کے متعلق پرنسپ اور محمد لطیف لکھتے هیں کہ اس معاملہ میں سردار دل سنگھ کا هاتھ تھا - کپتان مرے اور کپتان ریڈ اپني رپورٹوں میں اشارتاً یہ بھي ظاهر کرتے هیں کہ دیوان لکھپت رائے کا رنجیت سنگھ

کي والدہ سے ناجائز تعلق تھا - اور رنجیت سنگھ نے اپنی والدہ کو یا تو خود قتل کر دیا یا مروا ڈالا - مگر محمد لطیف نے اس اشارہ کو بہت طول دیا ہے - اور ایک فرضی قصہ گھڑ کر رنجیت سنگھ کی والدہ کي وفات کو بڑي وضاحت سے بیان کیا ہے - اپنے بیان کي صداقت کے لئے اُس نے کوئي حوالہ نہیں دیا ، صرف یہ لکھ دیا ہے کہ تمام مورخ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ رنجیت سنگھ نے برے چال چلن کی وجہ سے اپنی والدہ کو قتل کر دیا - مگر ہمیں اپنی تحقیقات کے دوران میں کسی مستند مورخ کی شہادت نہیں ملي - جس کی بنا پر ہم یہ کہہ سکیں ، کہ یہ واقعہ درست ہے - مرے اور ویڈ کی رپورٹوں کا اکثر حصہ جیسا ہم دیباچہ میں ظاہر کر چکے ہیں سنی سنائی باتوں پر مبنی ہے - منشی سوہن لال ، دیوان امر ناتھ اور بوٹي شاہ اس امر کا بالکل ذکر نہیں کرتے - یہ مان بھی لیا جاوے کہ سوہن لال اور امر ناتھ مہاراجہ کے دربار میں ملازم تھے اس لئے اس معاملہ پر ان کي خاموشی بہت وقعت نہیں رکھتي - مگر بوٹي شاہ ستلج کے پار انگریزي علاقہ کا رہنےوالا تھا - نیز مہاراجہ کا ہم مذہب بھي نہ تھا - وہ اس معاملہ کي طرف اشارہ تک بھي نہیں کرتا بلکہ اس کے برعکس اپني کتاب میں ایک جگہ یوں لکھتا ہے کہ رنجیت سنگھ نے اپني والدہ کے صلاح اور مشورہ سے مثل کي عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لي تھي - *

* "...... بصلاح دید والدہ خود بانتظام مہام مالي و ملکي متوجہ شد" - صفحہ ۶۳۵ تاریخ پنجاب بوٹي شاہ -

شاہ زمان کا پنجاب پر حملہ سنہ ۱۷۹۸ع

احمد شاہ ابدالي کے بیٹے تیمور کي وفات پر اُس کا لڑکا شاہ زمان سنہ ۱۷۹۳ع میں کابل کے تخت پر بیٹھا - شاہ زمان نے اپنے دادا کي پیروي مناسب سمجھ کر پنجاب پر تسلط کرنے کی ٹھان لي - سنہ ۱۷۹۵ع سے سنہ ۱۷۹۸ع تک پے در پے تین حملے کئے - مگر اُسے ہر بار ناکام واپس جانا پڑا کیونکہ اُس کي اپني افغاني سلطنت میں فتور اُٹھ رہا تھا اور اُس کا حقیقی بھائي محمود تخت حاصل کرنے کی کوشش میں تھا - دوسري جانب سکھوں نے بھي اپني طاقت مستحکم کر لي تھی اور اُن کا مغلوب کرنا شاہ زمان کے لئے آسان کام نہ تھا - چنانچہ جب دراني لشکر پنجاب میں آتا سکھ اپنے اپنے علاقے چھوڑ جنگلوں میں چھپ رہتے اور دراني لشکر کے عقب سے اِس پھرتي سے وار کرتے کہ دشمن کے بہت سے سپاھي کھیت رہتے - پیشتر اِس کے کہ بادشاہ کو اُن کے حملے کا علم ہوتا آن کي آن میں یہ لوگ غائب ہو جاتے - پھر جہاں موقعہ ملتا حملہ کرتے - سیکڑوں افغانوں کو موت کے گھاٹ اُتارنے کے بعد اُن کے گھوڑے - ہتیار اور لوٹ کا مال لیکر رفو چکر ہو جاتے - سکھوں کی یہ چالیں دشمن کے حق میں بہت مہلک ثابت ہوتیں اور اُنھیں بے نیل مرام واپس جانے کے سوا اور کچھ چارہ نظر نہ آتا -

شاہ زمان کا قلعۂ لاہور پر قبضہ

دسمبر سنہ ۱۷۹۸ع میں شاہ زمان لاہور کي طرف بڑھا - کوئي سردار مقابلہ کے لئے موجود نہ پاکر اُس نے قلعہ پر

قبضہ کر لیا - مگر خالصہ کہاں خاموش بیٹھنے والے تھے - وہ لاهور کے گرد و نواح هي میں تیرے ڈالے پڑے تھے - سورج غروب ہوتے هي یہ شہر میں داخل ہوتے ' مختلف ٹولیوں میں درانی لشکر پر چھاپے مارتے ' اور اُن کا مال و اسباب لوٹ کر نو دو گیارہ ہو جاتے ' اور اپنے ڈیروں میں واپس آ جاتے - یہ کام اتنی پھرتی اور چالاکی سے ہوتا تھا کہ درانی فوج کے پہریدار اور گشتی دستوں تک خبریں پہنچنے - پہنچانے میں هی یہ اِس طرح غائب ہو جاتے تھے جس طرح مکھن میں بال پار ہو جاتا ہے - اِس طرح کی لوٹ مار سے شاہ زمان بہت دق ہوا ' یہاں زیادہ قیام کرنا خطرناک سمجھا ' اور جلد هي واپس چلا گیا -

رنجیت سنگھ کی زندہ‌دلی

اِس بارے میں منشی سوهن لال ایک دلچسپ واقعہ بیان کرتا ہے کہ جب شاہ زمان قلعہ لاهور پر قابض تھا تو رنجیت سنگھ اپنے همراهیوں سمیت تین بار قلعہ لاهور کے نزدیک آیا اور مثمن برج کے نیچے کھڑا ہوکر جہاں شاہ زمان اکثر نشست کیا کرتا تھا گولیاں چلائیں ؛ (تفنگ‌ها سردادند) جس سے کئی درانی زخمی ہوئے ' اور بلند آواز سے چند بار یوں پکارا - " اے احمد شاہ ابدالی کے پوتے ! دیکھ سردار چڑت سنگھ کا پوتا آیا ہے - باهر آ اور اُس کے دو هاتھ دیکھ لے - " مگر جب شاہ زمان کی طرف سے کوئی جواب نہ ملا ' تو واپس لوٹ گیا - *

---

* بوٹی شاہ نے بھی اس واقع کا ذکر کیا ہے - دیکھو صفحہ ۱۳۸ تاریخ پنجاب بوٹی شاہ -

نواب قصور کی تجویز

شاہ زمان کے رخصت ہوتے ہی تینوں بھنگی سردار لاہور آ پہنچے اور شہر پر بدستور سابق قبضہ کر لیا - لاہور کے تینوں حاکموں میں نا اتفاقی تھی اس وجہ سے آئے دن جنگ و جدال رهتا تھا - جس سے رعایا بہت بیزار اور خستہ حال تھی - آپس کے جھگڑوں کي وجہ سے اِن سرداروں کي طاقت کمزور ہو گئی - چنانچہ یہ خبریں جلد ہی چاروں طرف پھیل گئیں - یہ حال سن کر نواب قصور کے جی میں لاہور پر قبضہ جمانے کي دھن سمائي - اور اُس نے تیاري شروع کر دی

رنجیت سنگھ سے درخواست

رنجیت سنگھ کی بہادري اور دلیري کي شہرت دن بدن چاروں طرف پھیل رہی تھي - دور اندیش لوگ یہ دیکھ چکے تھے کہ یہ جنگجو ایک روز پنجاب کا سرتاج بننے والا ھے - جب لاہور کے لوگوں کو نواب قصور کے ارادہ کا حال معلوم ہوا - تو انہوں نے رنجیت سنگھ کي ماتحتي کو بہتر خیال کیا ، چنانچہ لاہور کے سرکردہ اصحاب مثلاً بھائی گور بخش سنگھ - حکیم حاکم رائے - مہر محکم الدین اور میاں عاشق محمد نے اپنے دستخطوں کے ساتھ ایک درخواست رنجیت سنگھ کي خدمت میں بھیجي - جس میں تمام حالات بیان کرکے اُس سے لاہور پر قبضہ کرنے کي خواہش ظاہر کي -

رنجیت سنگھ کي تیاري

رنجیت سنگھ اُس وقت رام نگر میں مقیم تھا - عرضي کے ملتے ھي موقعہ کو غنیمت جان کر اپنے معتبر قاضي

عبدالرحمن کو لاهور بھیجا ' تاکہ وہ اس امر کی تصدیق کرے '
خود رام نگر سے روانہ هوکر اپني ساس سے مشورہ کرنے کے لئے
بٹالہ پہنچا ' سدا کور اس بات پر راضي هو گئي - دونوں نے
مل کر تقریباً پچیس هزار فوج سوار اور پیادہ جمع کرلی -
اور امرتسر کي طرف کوچ کیا اور ایک رات موضع مجیٹھ
میں قیام کرکے سیدھے لاهور آ پہنچے - شہر کے باهر وزیر خاں
کے باغ میں تیرے ڈال دئے * - اور مہر محکم‌الدین وغیرہ سے
ساز باز شروع کر دي -

لاهور پر قبضہ - ۶ جولائي سنہ ۱۷۹۹ع

رنجیت سنگھ نے اپني فوج کو دو دستوں میں تقسیم
کیا ' ایک دستہ نے رانی سدا کور کي کمان میں دهلی دروازہ
کي طرف سے شہر پر حملہ کیا ' اور دوسرے دستہ نے رنجیت سنگھ
کے ماتحت لوهاري دروازہ پر دهاوا بول دیا - رنجیت سنگھ کے
حملہ کی کوئي تاب نہ لا سکا - اُس کے حکم سے دروازہ کی بنیاد کے نیچے
بارود بھر کر آگ لگا دی گئي - جس سے دروازہ کے نزدیک کي فیصل
اُڑ کر دور جا پڑي - اِسي اثناء میں مہر محکم‌الدین کے
حکم سے دروازے بھي کھول دئے گئے - رنجیت سنگھ دو هزار سواروں
کا دستہ اور چار بڑي توپیں لیکر بجلي کي طرح کڑکتا هوا
شہر میں جا گھسا - شیر پنجاب کی دلیري سے شہر کے حاکموں

* یہ باغ اس جگہ واقع تھا جہاں آج کل عجائب گھر اور پبلک لائیبریري
کی عمارت هیں -

پر اتنا رعب چھایا کہ کوئي مقابلہ کے لئے نہ آیا - سرداران موھر سنگھ اور صاحب سنگھ اپنی فوجوں سمیت شہر خالي کر گئے - اور سردار چیت سنگھ نے اپنے آپ کو قلعہ میں بند کر لیا - رنجیت سنگھ نے شہر پر قبضہ کر لیا اور اپني فوج کو سخت حکم دیا کہ کوئی شہر کے لوگوں پر دست درازي نہ کرے - پھر قلعہ کی طرف متوجہ ہوا اور سامنے میدان میں ڈیرے ڈال دئے - قلعہ پر گولہباري شروع ہونے والي ھي تھي کہ رانی سدا کور بھي آ پہنچی جس نے صلاح دی کہ قلعہ میں سامان رسد کافي نہیں ھے - اس لئے چیت سنگھ خود ھي قلعہ خالي کر دیگا - چنانچہ ایسا ھي ھوا - دوسرے روز ھی سردار چیت سنگھ اپنے آپ کو مقابلہ کے ناقابل پاکر قلعہ سے دستبردار ھو گیا اور رنجیت سنگھ سے معقول جاگیر حاصل کرکے اطاعت قبول کر لی - *

اس کے فوراً بعد ھي رنجیت سنگھ نے شہر کی فصیل اور قلعہ کی دیوار کي مرمت شروع کر دي اور شہر کے لوھار کاریگروں کو قلعہ کي توپیں مرمت کرنے کا حکم دیا - †

---

* دیوان امر ناتھ اس واقعہ کي تاریخ ۱۳ صفر سنہ ۱۲۱۴ ھجری مطابق ۱۷ جولائي سنہ ۱۷۹۹ع لکھتا ھے لیکن منشي سوھن لال کي تاریخ کے مطابق یہ واقعہ ۳ صفر سنہ ۱۲۱۴ ھجري یعني ۶ - ۷ جولائي سنہ ۱۷۹۹ ع کو ھوا -

† رنجیت سنگھ کے لاھور پر قبضہ کرنے کے تعلق میں کئي انگریز مورخین اور ان سے نقل کرکے ھندوستاني مورخ یہ لکھتے ھیں کہ پنجاب سے واپس جاتے وقت شاہ زمان کي چند توپیں دریائے جھلم میں گر پڑي تھیں جو رنجیت سنگھ نے نکلوا کر

بھسین کا معرکہ - مارچ سنہ ۱۸۰۰ع

رنجیت سنگھ کی بڑھتی ہوئی طاقت کو دیکھکر دوسرے مثلداروں کے دل میں حسد کی آگ جل رہی تھی - اس کے لاھور پر قابض ہونے پر یہ آگ اور بھی بھڑک اٹھی - چونکہ لاھور ہمیشہ سے صوبہ پنجاب کی پولیٹیکل طاقت کا مرکز رہا ھے اس لئے دیگر مثلداروں نے رنجیت سنگھ کی طاقت کو اپنے لئے خطرہ کا باعث تصور کیا اور سب نے ملکر لاھور چھیننے کے لئے قسمت آزمائی ضروری خیال کی - ابھی رنجیت سنگھ کو لاھور پر قبضہ کئے بہت دن نہ گذرے تھے کہ گلاب سنگھ بھنگی ' صاحب سنگھ گجراتی ' جسا سنگھ رام گڑھیہ ' اور نظام الدین خاں والئے قصور نے ملکر رنجیت سنگھ پر حملہ کیا اور لاھور کے قریب بھسین نامی گاؤں کے میدان میں ڈیرے ڈال دئے - رنجیت سنگھ بھی فوج لیکر اُن کے مقابلہ کے لئے روانہ ہوا - دو ماہ تک دونوں فوجیں ایک دوسرے

کابل بھیج دیں - اس وجہ سے شاہ زمان نے خوش ہوکر رنجیت سنگھ کو لاھور کا گورنر مقرر کر دیا - ہمیں اپنی تحقیقات کے دوران میں کوئی مستند حوالہ اس امر کے متعلق نہیں ملا - بلکہ اس من گھڑت کہانی کا کہیں ذکر بھی نہیں آتا - معلوم نہیں کپتان ویڈ نے اس قسم کی سنی سنائی باتیں اپنی رپورٹ میں کیونکر درج کر دیں اور وہاں سے دیگر مورخین نے اندھا دھند نقل کرلیں - سوھن لال امر ناتھ بوٹی شاہ اور سید احمد شاہ نے اس امر کی نسبت اشارہ تک نہیں کیا حالانکہ ایسے واقع کا ذکر کرنا مہاراجہ کے لئے کسی قسم کی باعث توہین نہیں تھا - کپتان مرے نے بھی اپنی رپورٹ میں جو اس نے سنہ ۱۸۳۳ع میں تیار کی تھی اس واقعہ کا کوئی ذکر نہیں کیا - بھائی پریم سنگھ نے اس غلط بیانی کی تردید کرنے کے لئے بہت دلائل دی ہیں -

کے مقابل ڈیرے ڈالے پڑی رہیں - چند چھوٹی موٹی لڑائیاں بھی ہوئیں - مگر کوئی نتیجہ نہ نکلا - گلاب سنگھ بھنگی شراب کا متوالہ تھا - ایک روز وہ بہت شراب پی گیا اور یکایک مر گیا - اب بھنگی فوج نے بھسین سے کوچ کیا - اس وجہ سے دوسری متحدہ فوجیں بھی میدان چھوڑ بھاگیں اور میدان رنجیت سنگھ کے ہاتھ آیا -

اس فتح کے بعد بہت سے نامی سردار رنجیت سنگھ کی پناہ میں آ گئے جنہیں اُن کی قابلیت کے مطابق جاگیریں عہدے اور خلعت عطا ہوئے - شیر پنجاب دھوم دھام کے ساتھ لاہور میں داخل ہوا - رنجیت سنگھ نے فتح کی تقریب میں ہزارہا روپیہ غربا و مساکین میں تقسیم کیا اور شہر میں دیپ‌مالا کی گئی -

دفینہ خزانہ

بھسین کی دو ماہ کی مہم میں رنجیت سنگھ کا بہت روپیہ خرچ ہو چکا تھا - فوج کو تنخواہ دینے کے لئے بھی خزانہ میں روپیہ نہ تھا - رنجیت سنگھ نے اپنے سرداروں سے مشورہ کیا - سردار دل سنگھ کے وزیر دیوان محکم چند نے صلاح دی کہ مبلغ دس ہزار روپیہ لاہور کے اور پانچ پانچ ہزار روپیہ گوجرانوالہ اور رام‌نگر کے صرافوں سے بطور قرض لیا جائے جو بعد میں معہ سود ادا کیا جائے - مگر رنجیت سنگھ کو یہ تجویز پسند نہ آئی - حسن اتفاق سے شہر کے باہر پژاوہ

بدھو میں سے سونے کی اشرفیوں کا دفینہ خزانہ مل گیا جس سے فوج میں تنخواہ تقسیم کی گئی ۔ *

جموں پر چڑھائی

اِدھر سے فراغت پاکر رنجیت سنگھ نے جموں پر چڑھائی کی - راستہ میں میرووال اور نارووال کو فتح کیا اور آٹھہ ہزار روپیہ بطور نذرانہ وصول کیا - اِس کے بعد قلعہ جسر وال کو ایک ہی دھاوے میں سر کر لیا - یہاں سے کوچ کر کے جموں سے چار میل کے فاصلہ پر ڈیرہ لگایا ۔ جموں کا راجہ مقابلہ کے لئے تیار نہ تھا - چنانچہ معہ تمام اہلکاروں کے رنجیت سنگھ سے ملاقات کرنے آیا اور بیس ہزار روپیہ اور ایک ہاتھی شیر پنجاب کی نذر کئے - رنجیت سنگھ نے راجہ کو بیش قیمت خلعت عطا کی اور واپس چلا آیا ۔ اب رنجیت سنگھ سیالکوٹ کی طرف روانہ ہوا - یہاں سے نذرانہ حاصل کیا بعد میں دلاور گڑھ کو مفتوح کیا - اِس طرح سے سارے علاقہ کا دورہ کرتا اور نذرانے وصول کرتا ہوا لاہور آ پہنچا ۔

یورش گجرات

بھنگی سرداروں کو لاہور ہاتھ سے جاتے رہنے کا بہت غم تھا

* دیکھو عمدۃالتواریخ مصنفہ منشی سوہن لال - رائے بہادر کنھیا لال اس واقعہ کو دوسری طرح بیان کرتا ہے کہ یہ خزانہ اور کچھ توپیں نواب میر منو نے قلعہ کے اندر زمین میں دفن کی تھیں اور اس کی خبر اسی سال ایک بوڑھے نے رنجیت سنگھ کو دی تھی -

اور وہ ہر وقت رنجیت سنگھ کے خلاف سازش میں مصروف رهتے تھے - رنجیت سنگھ نے اپنی فوج اور توپخانہ گوجرانوالہ سے منگوا کر لاهور هی میں جمع کیا تھا - بھنگی سرداروں نے اسے غنیمت سمجھا اور سردار دل سنگھ اکال‌گڑھ والے سے مل کر گوجرانوالہ پر حملہ کی تیاری کرنے لگے - سردار مہان سنگھ نے دل سنگھ کو اکال‌گڑھ کی جاگیر بخشی تھی - چنانچہ جب رنجیت سنگھ کو اِن تیاریوں کا پتہ لگا - تو اُسے بہت غصہ آیا - فوراً دس هزار سپاہ اور بیس توپوں کی همراهی میں گجرات پر دھاوا بول دیا - بھنگی سرداروں نے شہر اور قلعہ کے دروازے بند کر لئے اور فصیل سے رنجیت سنگھ کی فوج پر گولہ‌باری شروع کر دی - رنجیت سنگھ کا توپخانہ بھی مقابلہ کے لئے ڈٹ گیا اور اینٹ کا جواب پتھر سے دیا - بھنگی سرداروں نے اپنے آپ کو مقابلہ کے ناقابل پایا اور راتوں رات آدمی بھیج کر بابا صاحب سنگھ کو بلوایا جس نے رنجیت سنگھ کے ساتھ عہد و پیمان طے کر کے شہر کو بچا لیا -

اکال گڑھ پر قبضہ

ازاں بعد رنجیت سنگھ اکال گڑھ کی طرف بڑھا - سردار دل سنگھ کو اپنے همراہ لاهور لاکر نظربند کر دیا - بعد میں بابا کیسرا سنگھ سوڈھی کی سفارش پر اُسے رها کر دیا اور اپنے سامنے بلاکر خوب شرمندہ کیا - دل سنگھ نے اپنی بےگناهی کا بڑی عاجزی کے ساتھ یقین دلایا - رنجیت سنگھ نے اُس کی جائداد اُسے واپس

بخش دی - لیکن اُسے اپني نامناسب کارروائی سے اِس قدر صدمہ پہنچا کہ اکال گڑھ پہنچ‌کر تھوڑے دنوں بعد ھی اِس جہان سے کوچ کر گیا - رنجیت سنگھ ماتم‌پرسي کے لئے اکال‌گڑھ گیا اور دل سنگھ کی بیوي کے گذارے کے لئے معقول جاگیر عنایت کرکے اکال گڑھ کو اپے علاقہ میں شامل کر لیا -

سرکار انگریزي کے تحایف

انھیں ایام میں یوسف علی خاں سرکار انگریزي کا ایجنٹ رنجیت سنگھ کي خدمت میں حاضر ھوا اور سرکار ھند کي طرف سے بیش قیمت تحایف اور دوستي کا پیغام لایا - رنجیت سنگھ نے انگریزي ایجنٹ کي بہت تعظیم و تکریم کي - اُسے پانچ‌پارچہ کي خلعت فاخرہ مرحمت فرمائي اور پیام خیرخواھي اور گراں‌بہا نذرانہ کے ساتھ رخصت کیا -

شہزادہ کھڑک سنگھ کي پیدائش
۱۲ پھاگن سمبت ۱۸۵۷ بکرمي

ماہ مارچ سنہ ۱۸۰۱ع میں رانی داتار کور نکئي کے بطن سے رنجیت سنگھ کے ھاں لڑکا پیدا ھوا جس کا نام کھڑک سنگھ رکھا گیا - ملک میں بڑي خوشی منائي گئی - غریبوں اور یتیموں میں روپیہ بانٹا گیا - فوج میں بھي انعام تقسیم کئے گئے - رنجیت سنگھ نے کرم سنگھ افسر توشہ‌خانہ کو حکم دے

دیا کہ جو کوئی حاجت‌مند آئے اُسے نہال کر دیا جائے - چالیس روز تک لگاتار خوشیاں اور جلسے ہوتے رہے اور سکھ مذہب کی رسومات ادا کی گئیں -

مہاراجہ کا لقب اختیار کرنا
اپریل سنہ ۱۸۰۱ع

سمبت ۱۸۵۸ بکرمی کے شروع میں رنجیت سنگھ نے لاهور میں ایک عظیم‌الشان جلسہ منعقد کیا جس میں سب بڑے بڑے سردار شامل ہوئے - جس میں یہ قرار پایا کہ رنجیت سنگھ مہاراجہ کا لقب اختیار کرے - اِس رسم کی ادائیگی کے لئے بیساکھی کا مبارک روز قرار پایا - اُس دن قلعہ کے اندر دیوان عام میں عالی‌شان دربار لگایا گیا جس میں دور دور کے علاقوں کے سکھ سردار شامل ہوئے - مذہبی رسومات کی ادائیگی کے بعد بابا صاحب سنگھ بیدی نے شہر پنجاب کو مہاراجہ کا خطاب دیا ' مہاراجگی کا تلک لگایا - حاضرین جلسہ نے خوشی کے اظہار میں مہاراجہ پر پھولوں کی بارش کی - مہاراجہ کی طرف سے بہت سا روپیہ خیرات کیا گیا - سرداروں کو اُن کے رتبے کے موافق خلعتیں عطا ہوئیں - *

مہاراجہ کا نیا سکہ چلانا

اُسی دن اِس جشن کی تقریب میں نیا سکہ

* تفصیل کے لئے دیکھو ظفرنامہ رنجیت سنگھ و بھائی پریم سنگھ کی تصنیف مہاراجہ رنجیت سنگھ -

جاری کرنے کی تجویز ہوئی - شاعروں نے مہاراجہ کے نام پر اشعار لکھ کر پیش کئے لیکن مہاراجہ نے اپنے نام کا کوئی شعر پسند نہ کیا بلکہ سری گورو نانک جی کے نام پر سکہ چلانا بہتر سمجھا - چنانچہ روپے کا نام نانک شاہی روپیہ اور پیسہ کا نانک شاہی پیسہ رکھا - نئے سکہ پر یہ شعر مزین کیا گیا -

دیگ و تیغ و فتح نصرت بیدرنگ
یافت از نانک گورو گوبند سنگھ

پہلے روز جس قدر سکے ٹکسال سے نکلے خیرات کئے گئے - روپیہ کا وزن گیارہ ماشہ دو رتی مقرر ہوا - بعد میں بھی یہی وزن اصلی روپیہ کا معیار سمجھا گیا -

انتظامیہ صلاحیں

رواج کے مطابق باہمی تنازعات کے فیصلہ کے لئے پنچایتیں مقرر ہوئیں - مسلمانوں کے فیصلے شریعت کی رو سے فیصل کئے جانے لگے - قاضیوں ' مفتیوں ' اور علما کی باقاعدہ تنخواہیں مقرر ہوئیں - چنانچہ لاہور کا پہلا قاضی نظام الدین اور مفتی محمد شاہ پور اور سعداللہ چشتی مقرر کئے گئے - انہیں گراں بہا خلعتیں عطا ہوئیں - شہر کو محلوں میں منقسم کیا گیا اور ہر محلہ کا ایک ایک چودھری مقرر کیا گیا - شہر کی حفاظت کے لئے کوتوال اور پولیس تعینات ہوئے - چنانچہ پہلا کوتوال امام بخش خرسوار تھا - حفظ صحت کے اصول عمل میں

لائے گئے - مریضوں کے لئے خیراتی شفاخانے کھولے گئے جن میں یونانی طریق سے علاج کیا جاتا تھا - حکیم نورالدین فقیر عزیزالدین کا چھوٹا بھائی شفاخانوں کا افسر اعلیٰ مقرر ہوا - شہر کے گرد نئی فصیل بنوائی گئی جس پر ایک لاکھ روپیہ خرچ ہوا - شہر کے دروازوں پر نئی سپاہ تعینات کی گئی - الغرض اِس مناسب اِنتظام سے مہاراجہ کی رعایا آرام سے زندگی بسر کرنے لگی - *

قصور کا محاصرہ

پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ قصور کا پٹھان حاکم نواب نظام‌الدین لاہور پر قبضہ کرنا چاہتا تھا - لیکن رنجیت سنگھ اُس پر سبقت لے گیا - اور اُس کے آنے سے پہلے ہی لاہور پر قابض ہو گیا - چنانچہ نظام الدین اُس سے حسد کرنے لگا - وہ سکھ مثلداروں کے ہمراہ جنگ بھسین میں بھی شامل ہوا تھا - اِس کے بعد صاحب سنگھ والئے گجرات کو ورغلاتا رہا - اِس لئے مہاراجہ کو جب قدرے فراغت ہوئی تو نظام‌الدین کو اپنے کئے کی سزا دینی مناسب سمجھی - سردار فتح سنگھ کالیانوالے کی زیر کردگی سنہ ۱۸۰۱ع کے آخر میں زبردست فوج قصور کی طرف روانہ کی - نظام‌الدین نے بھی جنگ کی تیاری کر لی - شہر سے باہر پٹھانوں نے سخت مقابلہ کیا - مگر جم کر نہ لڑ سکے - تقریباً تین پہر کی گھمسان لڑائی

* تفصیل کے لئے دیکھو ظفر نامہ رنجیت سنگھ اور تاریخ پنجاب مصنفہ منشی کنہیا لال -

کے بعد پٹھانوں کے پاؤں اُکھڑ گئے - اور وہ میدان سے بھاگ کر قلعے میں جا چھپے - سکھوں نے تعاقب کیا - شہر کے دروازے توڑ کر اندر گھس آئے - نظام‌الدین خاں نے صلح کرنا قرین مصلحت خیال کیا - سفید جھنڈا لہرایا - لڑائی بند ہو گئی - نظام‌الدین نے تمام شرائط قبول کرلیں - اور مہاراجہ کا باجگذار صوبیدار بن گیا - اخراجات جنگ کے عوض بھاری رقم ادا کی - آئندہ نیک چلنی کی ضمانت میں اپنے بھائی قطب دین راجہ خاں اور واصل خاں کو لاہور بھیجا -

کانگڑہ کی یورش

انہی ایام میں رانی سدا کور نے رنجیت سنگھ کو پیغام بھیجا - کہ اُس کے علاقے پر کانگڑہ کا راجہ سنسار چند حملہ کرنا چاہتا ہے - مہاراجہ چھہ ہزار سوار لیکر بٹالہ پہنچا - جب راجہ سنسار چند کو پتہ لگا - کہ رنجیت سنگھ رانی سدا کور کی مدد کے لئے آ پہنچا ہے تو اُس پر اتنی ہیبت چھائی کہ بغیر لڑائی ہی راتوں رات میدان چھوڑ کر بھاگ گیا - اور پہاڑوں میں جا گھسا - مہاراجہ نے سدا کور کا تمام علاقہ جو راجہ نے دبا لیا تھا - واپس دلا دیا - علاوہ ازیں نورپور اور نوشہرہ وغیرہ کے علاقے بھی سنسار چند کے ملک سے لیکر سدا کورکی عملداری میں شامل کر دئے -

سبحان پور کا محاصرہ

اِس کے بعد رانی سدا کور نے سرداران بدھہ سنگھ اور سنگت سنگھ کی زیادتیاں بھی مہاراجہ کے گوش‌گذار کیں - کیونکہ

وہ اُس علاقے کي رعیت کو ستاتے تھے - اور ملک کو تاخت و تاراج کرتے تھے - مہاراجہ نے فوراً سجان‌پور کے قلعے کو گھیر لیا - اور زبردست جنگ کے بعد قلعہ کي دیواریں پیوند زمین کر دیں - قلعہ پر قبضہ کر لیا - اِس لڑائي میں چار بڑی توپیں مہاراجہ کے هاتھ لگیں - رنجیت سنگھ نے سجان پور میں اپنا تھانہ مقرر کر دیا - دھرمکوٹ اور بہرام‌پور سداکور کو دلوا دئے - بدھہ سنگھ اور سنگت سنگھ کے گذارہ کے لئے جاگیر مقرر کر دی -

دستاربدل بھائي

مہاراجہ رنجیت سنگھ غضب کا دوراندیش تھا - شادیوں کے سلسلہ سے اُس کے گہرے تعلقات کنھیا اور نکئی مثلوں کے ساتھ قائم هو چکے تھے - کنھیا مثل کي فوجي طاقت سے فائدہ اُٹھاکر وہ لاهور پر قابض هو چکا تھا - بھنگی سرداروں کی طاقت مغلوب کر چکا تھا - مہاراجہ کا لقب اختیار کرکے اپنا سکہ بھی جاري کر چکا تھا اِس وقت پنجاب میں اهلووالیہ مثل بہت زبردست تھي - جس کے سرکردہ سردار جسا سنگھ کلال نے دل خالصہ کی بنیاد ڈالي تھي - اُس وقت اِس مثل کی عنان سردار فتح سنگھ اهلووالیہ کے هاتھ میں تھی - اپنی طاقت کو قائم رکھنے کے لئے رنجیت سنگھ نے اِس مثل کے ساتھ رابطۂ اتحاد قائم کرنا ضروري سمجھا - چنانچہ جب رنجیت سنگھ سنہ ۱۸۰۲ میں ترنتارن اشنان کرنے گیا تو سردار فتح سنگھ کو دوستی کا پیغام بھیجا اور اُس سے ملاقات کی خواهش ظاهر

کی جس پر سردار مذکور نے بھی خوشنودی کا اظہار کیا - دونوں کے درمیان گرنتھ صاحب رکھا گیا اور مندرجہ ذیل عہد و پیمان کی شرائط طے ہوئیں -

اول — ایک کے دوست و دشمن دوسرے کے بھی دوست و دشمن تصور کئے جائینگے -

دوئم — دونوں کے مقبوضات اپنے ہی سمجھے جائینگے ' اور ایک دوسرے کے علاقہ میں گذرتے وقت کوئی نذرانہ طلب نہیں کیا جائیگا -

سوئم — سردار فتح سنگھ فتوحات پنجاب میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کی مدد کریگا اور مہاراجہ مفتوحہ علاقے میں سے سردار فتح سنگھ کو مناسب جاگیر دیگا -

چہارم — دستاربدلی رسم کی ادائیگی کے بعد دونوں ایک دوسرے کو بھائی خیال کرینگے-

اِس طرح سے رنجیت سنگھ نے نہ صرف اپنے راستہ کی ایک بھاری رکاوٹ کو دور کر دیا دور کی بلکہ اھلوالیہ مثل کے فوجی ذرائع کو پورے طور پر استعمال کرنے کا ایک ڈھنگ پیدا کر لیا جیسا کہ ہم آگے چل کر مطالعہ کرینگے -

دھنی پھوٹوھار کا دورہ

اب سردار فتح سنگھ کو ھمراہ لیکر مہاراجہ نے پنڈی بھٹیاں کی طرف کوچ کیا - یہاں سے چار سو عمدہ گھوڑے نذر میں وصول کئے -

یہ علاقہ سردار فتح سنگھ کے حوالہ کر دیا ۔ اُس کے بعد دریا جہلم کو عبور کرکے دھنّي کا علاقہ بھی مفتوح کیا ۔ یہ بھي سردار مذکور کو سونپ دیا ۔ پھر مہاراجہ واپس لاھور پہنچا ۔

چند هیوت پر عملداري

چندهیوت کا علاقہ سردار کرم سنگھ دلو کے بیٹے جسا سنگھ کے قبضہ میں تھا جو ناعاقبت‌اندیش نوجوان تھا ۔ اُس کي رعایا بھي اُس سے تنگ تھي ۔ مہاراجہ ایک دستہ فوج کي همراهي میں اُدھر روانہ هوا ۔ جسا سنگھ نے قلعہ کے دروازے بند کر لئے ۔ مہاراجہ کی فوج نے قلعہ کا گھیرا ڈال دیا ۔ تقریباً دو ماہ تک قلعہ کا مُحاصرہ جاري رہا ۔ آخرکار جسا سنگھ قلعہ خالي کرنے پر مجبور هو گیا ۔ رنجیت سنگھ نے اُسے مناسب جاگیر عطا کرکے شہر اور قلعہ پر قبضہ کر لیا ۔

نواب قصور کي سرکوبی

نظام‌الدین نے مصلحت وقت خیال کرکے گذشتہ سال رنجیت سنگھ کی اِطاعت قبول کرلی تھی ۔ مگر وہ دل سے یہ هرگز پسند نہ کرتا تھا ۔ چنانچہ جب اُس نے دیکھا کہ مہاراجہ چندهیوت کے محاصرہ میں مبتلا ھے لاھور کے قرب و جوار میں لوٹ مار شروع کر دی اور اپنے بچاؤ کے لئے بہت سے جہادی پٹھان جمع کر لئے ۔ مہاراجہ کو پتہ ملا کہ اُس کي ریاست کے دو گاؤں پٹھانوں نے لوٹ لئے هیں اور نظام‌الدین باغی هو گیا ھے ۔ مہاراجہ نے فوراً سردار فتح سنگھ اهلووالیہ کی

همراهی میں قصور پر حملہ کیا ' پٹھان پہلے سے زمزمے اور مورچے تیار کر چکے تھے - بڑے گھمسان کا معرکہ ہوا - شیر پنجاب خود تلوار ہاتھہ میں لئے دشمنوں پر ٹوٹ رہا تھا - اور پٹھانوں کی گردنوں کو گاجر مولي کي طرح تن سے جدا کر رہا تھا - چنانچہ بہت سے جنگجو پٹھان تہ تیغ ہوئے - پٹھان بڑے جوش و جنون سے لڑے ' مگر مقابلہ کي تاب نہ لا کر قلعہ میں جا گھسے - مہاراجہ کی فوج نے قلعہ پر گولہ باری شروع کی ' جس سے پٹھان گھبرا گئے - نظام‌الدین کو صلح کے سوا اور کوئي چارہ نہ رہا - سفید جھنڈا لے کر مہاراجہ کي خدمت میں حاضر ہوا - بڑي منت سماجت کي ' آئندہ کے لئے سکھہ حکومت کا ہر طرح سے خیرخواہ رہنے کا اقرار نامہ لکھہ دیا - اور جنگ کے اخراجات کے علاوہ بھاري رقم بطور جرمانہ ادا کي - اِس موقعہ پر سردار فتح سنگھہ نے اپني دلیري و بہادري کے خوب جوہر دکھائے -

ملتان کا محاصرہ سنہ ۱۸۰۳ع

سنہ ۱۸۰۳ع کے شروع میں مہاراجہ نے ملتان کا رخ کیا - مگر مہاراجہ کے بعض فوجي سرداروں نے ملتان کے محاصرہ کے لئے اپني نا رضامندی ظاہر کی - مہاراجہ یہ کب مانتا تھا - فوج کو جمع کرکے ایک پر جوش تقریر کي - جس سے سپاہیوں کو جوش آگیا - فتح کے نعرے لگاتے ہوئے جنگ کے لئے آمادہ ہو پڑے اور تھوڑے هي دنوں کے کوچ کے بعد نواب ملتان کي حدود میں جا داخل ہوئے - نواب مظفر خاں جنگ کے لئے تیار نہ تھا - چنانچہ اِس آفت کا امن چین سے نازل کرنا هي مناسب سمجھا -

اپنا دیوان اور دوسرے مصاحب مہاراجہ کی خدمت میں روانہ کئے جنھوں نے ملتان سے پچیس میل کے فاصلے پر ھی مہاراجہ کا پرتپاک استقبال کیا - مہاراجہ اُن کے ساتھ بڑي نرمي سے پیش آیا - نواب سے وفاداري کا پیمان لکھاکر نذرانہ سمیت لاھور واپس آیا - *

ولي‌عہد شہزادہ کھڑک سنگھ کي منگني

اِسی سال شہزادہ کھڑک سنگھ کي منگنی سردار جیمل سنگھ کنھیا کی خوردسال لڑکي سے قرار پائي - اِس تقریب پر مہاراجہ نے بڑي خوشیاں سنائیں ' دھوم دھام کے جلسے ھوئے - اور ناچ رنگ کی محفلیں گرم ھوئیں -

موران طوائف کا قصہ

دیوان امرناتھ ظفرنامۂ رنجیت سنگھ میں ذکر کرتا ھے کہ ایک روز مہاراجہ عیش و نشاط اور رقص و سرور کي مجلس میں محو تھا کہ اُس کي نگاہ اچانک موران طوائف پر پڑي جو اُس وقت اپنے دلفریب کرتب دکھاکر ھر ایک کا دل لبھا رھي تھی مہاراجہ ھزار جان سے اُس پر عاشق

* منشی سوھن لال لکھتا ھے کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ اور نواب مظفرخاں کے درمیان بھاری لڑائي ھوئي اور سکھوں کي فوج نے شہر میں گھس‌کر لوگوں کو لوٹا - مگر دیوان امر ناتھ سکھ فوج کا شہر ملتان میں داخل ھونے کا ذکر تک بھي نہیں کرتا -

ہو گیا۔ عشق بڑھتے بڑھتے جنون میں تبدیل ہونے لگا اور کچھ مدت تک مہاراجہ نے سلطنت کے کاروبار سے توجہ ہٹا لی ۔ تمام وقت اُسی کی صحبت میں صرف کرنا شروع کیا بلکہ اُسی جنون کے دوران میں سونے کا ایک سکہ بھی مضروب کیا ۔ اسی کو غالباً پنجابی زبان میں آرسی والی مہر کے نام سے پکارتے ہیں ۔ *

سری گنگاجی کا اشنان

گو نوجوانی کی عمر میں ہی رنجیت سنگھ موران کے عشق کا گرویدہ ہو گیا تھا مگر مہاراجہ کی حیثیت سے اُس کی بڑی اہم ذمہ‌داری تھی ۔ اور ابھی اُس نے سکھوں کی زبردست سلطنت قائم کرکے خالصہ نام کو چار چاند لگانے باقی تھے ۔ پس خوش‌قسمتی سے جلد ہی یہ طوفان اُس کے سر سے اُتھ گیا اور اُس نے اپنی توجہ

* دیوان امرناتھ نے اس قصہ کو بہت طول سے بیان کیا ہے اور موران کے حسن کی بہت تعریف لکھی ہے ۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے ۔ " چون مقدمہ تعشق این بانوے جہاں بہ نورجہاں بیگم کہ در پیشین زمان در عہد جہانگیر بادشاہ ولد اکبر بادشاہ نسبت سرکار والا مطابقت پذیرفت ۔ گاہے سوائے نامش بر زبان نمی رفت ۔ و سکہ ولایات مسطورہ بنام نامیش نیز روائی گرفت " ۔ اس قصہ کے لکھنے کے لئے بھائی پریم سنگھ نے اپنی کتاب میں سید محمد لطیف کو سخت نکتہ‌چینی کا شکار بنایا ہے ۔ مگر شاید بھائی جی کو یہ معلوم نہ تھا کہ سید صاحب نے اپنی کتاب کا بیشتر حصہ رنجیت سنگھ کے متعلق دیوان امرناتھ کی ہی کتاب سے اخذ کیا ہے ۔

سلطنت کے کاروبار کی طرف مبذول کی - شری گنگاجی کے اشنان کو روانہ ہوا - وہاں دو ہفتے قیام فرمایا - تقریباً ایک لاکھ روپیہ غربا و مساکین میں تقسیم کرکے لاهور واپس آیا - *

دوآبہ جالندھر کا دورہ

هری‌دوار سے واپس آتے ہوئے مہاراجہ نے سردار فتح سنگھ اهلووالیہ سے ملاقات کی اور چند روز کے لئے جالندھر میں مقیم رہا - اِسي اثناء میں قصبہ پھگواڑہ اور اُس کے گرد و نواح کے قلعہ‌جات مفتوح کرکے سردار فتح سنگھ کو بطور جاگیر نذر کئے - اُس کے بعد راجہ سنسار چندوا والي کانگڑہ سے مٹھبھیڑ ہوئي - اُس وقت سنسار چند اپني ریاست کو وسعت دینے کي غرض سے ہوشیار پور کے میدانی علاقہ میں لوٹ‌مار شروع کر رہا تھا - مہاراجہ نے سنسار چند کو قصبہ بجواڑہ سے نکال دیا اور وہاں اپنا تھانہ قائم کر لیا -

امرتسر کی فتح

امرتسر سکھوں کا نہایت مقدس مقام ہے اور اُن کا مذهبي دارالخلافہ کہلاتا ہے - مہاراجہ کے دل میں امرتسر فتح کرنے کی خواہش چٹکیاں لے رہی تھي کیونکہ اِس سے مہاراجہ

---

* دیوان امرناتھ لکھتا ہے کہ موران نے مہاراجہ کا ساتھ نہ چھوڑا اور ساتھ ہي گنگاجی کے اشنان کو هردوار گئي -

کا وقار دوچند ہو جاتا تھا - پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ سردار گلاب سنگھ بھنگي موضع بھسین میں زیادہ شراب نوشي کی وجہ سے یکایک مر گیا تھا - اُس کی زوجہ مائی سوکھاں اور ایک خوردسال بیٹا گوردت سنگھ رام گڑھیہ سرداروں کي مدد سے امرتسر پر قابض تھے - مہاراجہ نے اروڑا مل ساھوکار کے ذریعۂ مائي سوکھاں کے کار پردازوں سے سازباز شروع کي - اور خود زبردست فوج لیکر سردار فتح سنگھ اھلوالیہ اور راني سداکور کی ھمراھي میں امرتسر کي طرف بڑھا - رام گڑھئے سردار بھنگیوں کي مدد کے لئے ٹھیک وقت پر نہ پہنچ سکے - جس وجہ سے کوئي کھلے میدان میں مہاراجہ کا مقابلہ نہ کر سکا - البتہ شہر کے دروازے بند کر لئے گئے اور بھنگی سرداروں نے فصیل پر سے مہاراجہ کي فوج پر گولہ‌باري شروع کی - مہاراجہ نے بھي توپخانہ آراستہ کیا - مگر یہ قال‌مقول صرف ایک ھي دن رھا - اگلے روز ۱۴ پھاگن سمبت ۱۸۶۱ بکرمي کو سردار جودہ سنگھ رام‌گڑھیہ اور پھولا سنگھ اکالی کے سمجھانے سے قلعہ خالي کر دیا گیا - مہاراجہ شہر پر قابض ہو گیا - گوردت سنگھ اور اُس کی والدہ کی جاگیریں مقرر ھو گئیں -*

بھنگیوں کي توپ

اب مہاراجہ نے اپنے اھلکاروں سمیت شری دربار صاحب کے درشن کئے اور اشنان کیا - سري ھرمندر صاحب اور

* تاریخ کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ مصنفۂ منشي سوھن لال -

اکال بنگہ کی خدمت کے لئے بھاری رقم نذر کی - بھنگیوں کے قلعے پر قبضہ ہو جانے کی وجہ سے بہت سے جنگی ہتھیار اور پانچ بڑی توپیں مہاراجہ کے ہاتھ آئیں - اِن میں سے ایک مشہور توپ آج تک بھنگیوں کی توپ کہلاتی ہے - یہ سنہ ۱۱۷۴ ھجری میں شاہ نظیر کاریگر نے احمد شاہ ابدالی کے لئے تیار کی تھی - یہ تانبے اور پیتل کی مرکب دھات کی بنی ہوئی ہے - پانی پت کی تیسری لڑائی کے بعد احمد شاہ اسے لاھور میں اپنے گورنر خواجہ اوبید خاں کی نگرانی میں چھوڑ گیا تھا - سنہ ۱۷۶۲ع میں سردار ھری سنگھ بھنگی نے دوھزار سواروں کے ساتھ گورنر لاھور کا اسلحہ خانہ لوٹا اور یہ توپ بھی اسکے ھاتھ آئی - اب سے اِسے بھنگیوں کی توپ کہنے لگے - بھنگیوں کے قلعہ امرتسر میں رکھی گئی - مہاراجہ نے ڈسکہ - قصور - سجان پور - وزیرآباد اور ملتان کی پانچ بڑی لڑائیوں میں اسے استعمال کیا - آخری جنگ میں اِس کی نالی قدرے خراب ہوگئی - اس لئے دھلی دروازہ کے باھر ایک چبوترہ پر مزین کردی گئی - سنہ ۱۸۶۰ع میں سرکار انگریزی نے اِسے موجودہ جگہ پر عجائب گھر کے قریب لا رکھا -

چھٹا باب

پنجاب کي پولیٹیکل حالت اور رنجیت سنگھ کی پالیسي

سنہ ۱۸۰۳ع سے سنہ ۱۸۰۶ع تک

رنجیت سنگھ کي زندگي میں نیا دور

امرتسر کی فتح کے بعد رنجیت سنگھ کي زندگي میں نیا دور شروع ہوتا ہے - لاہور اور امرتسر پنجاب کي ناک سمجھے جاتے تھے اور یہ دونوں مہاراجہ کے قبضہ میں آ چکے تھے - سکھ مثلداروں میں بھنگي مثل سب سے زیادہ طاقتور تسلیم کی جاتی تھی - کیونکہ لاہور اور امرتسر انھیں کے قبضے میں تھے - رنجیت سنگھ نے انھیں مغلوب کرکے اُن کے مقبوضات پر اپنا تسلط جما لیا - کنھیا مثل بھي کسي زمانہ میں افضل سمجھی جاتی تھي - مگر جے سنگھ کي وفات کے بعد یہ کمزور ہو چکی تھی - اِس کي سرداری رنجیت سنگھ کی ساس رانی سداکور کے ہاتھ میں تھی - رام گڑھیہ مثل بھی زبردست شمار ہوتي تھي - مگر اِس کا سردار جسا سنگھ اب ضعیف‌العمر ہو چکا تھا - چنانچہ دیگر سکھ سرداروں کے لئے اپني ہستی برقرار رکھنے کے واسطے رنجیت سنگھ کي پناہ لینے کے سوا اور کوئي چارہ نہ رہا - رنجیت سنگھ پکا سکھ تھا - مہاراجہ کا لقب اختیار کرکے گورونانک کے نام پر سکہ بھي جاري کر چکا تھا - اِس وجہ سے سکھوں میں ممتاز درجہ رکھتا تھا -

پنجاب کي پولیٹیکل حالت

اُس زمانہ کے پنجاب کے ملکی نقشہ پر غور کی نگاہ ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ وسط پنجاب کابیشتر حصہ سکھ مثلداروں کے قبضہ میں آچکا تھا - باقي حصہ ملک میں خودمختار یا نیم خودمختار حکومتیں قائم ہو چکي تھیں - ملتان میں نواب مظفر خاں سروزئي حکمران تھا - ڈیرہ اسمعیل خاں نواب عبدالصمد خاں کے ماتحت تھا - ملکیرہ ' ھوت ' اور بنوں و کوھاٹ کا علاقہ محمد شاہ نواز خاں کے قبضہ میں تھا - ٹانک نواب سرور خاں کي عملداری میں تھا - یہ تمام نواب ابتدا میں امیر کابل کے گورنر ھوتے تھے مگر دراني حکومت کا شیرازہ بگڑنے پر خود مختار ہو گئے تھے - ریاست بہاولپور نواب بہاول خاں داؤد پوترہ کے زیر تسلط تھی - پیشاور اور اُس کے قرب و جوار میں فتح خاں بارکزئی کا تصرف تھا - قلعہ اٹک اور اُس کے گرد نواح کا علاقہ جہاں‌داد خاں کی سرکردگی میں وزیر خیل قوم کے پٹھان دبائے بیٹھے تھے - کشمیر اور ہزارہ فتح خاں کے بھائی سردار عظیم خاں بارکزئی کی حکومت میں تھا - کوھستان کانگڑہ و جموں میں راجپوت حکمران تھے جن کي راجدھانیاں کانگڑہ ' کلو ' چنبہ ' بسوھلي ' منڈي ' سکیت ' جموں وغیرہ تھیں - یہ کوھستاني راجہ پہلے مغلوں کے باجگذار تھے - مگر اب خودمختار ہو چکے تھے - مشرق میں انگریزوں کي عملداري تھی - سنہ ۱۸۰۳ع میں مرھٹوں کي دوسری لڑائي کے بعد مرھٹوں کي طاقت زائل ہو چکی تھي اور انگریزوں نے دھلی اور سہارنپور تک کے علاقے مفتوح کر لئے تھے - اس لئے جمنا تک کا علاقہ انگریزوں کے قبضہ میں آچکا تھا -

رنجیت سنگھ کا طرز عمل

مندرجہ بالا واقعات سے صاف ظاہر ہے کہ سکھہ سرداروں کا علاقہ چاروں طرف سے گھرا ہوا تھا - مغرب اور شمال مغرب میں مسلمانوں کی زبردست ریاستیں قائم تھیں - شمال مشرق میں راجپوت اپنی طاقت کو مستحکم کرنے میں کوشاں تھے - اور مشرق میں دریائے جمنا تک برٹش گورنمنٹ کی عملداری قائم ہو چکی تھی - سکھوں کا شیرازہ آپس میں بکھرا ہوا تھا - رنجیت سنگھ قدرتی طور سے ذہانت اور عقل کا پتلا تھا - اُسے خالصہ سرداروں کی ناگفتہ بہ حالت صاف طور سے عیاں ہو چکی تھی - چنانچہ اب اُس نے سکھوں کی جنگی طاقت کو یکجا اکھٹا کرنے کی ضرورت کو محسوس کیا تا کہ غنیم سے مقابلہ کرنے میں بھی آسانی ہو اور پنجاب پر خالصہ کا تسلط ہونا بھی ممکن بن جائے - پس مہاراجہ اِسی طرز عمل کو کام میں لایا اور رفتہ رفتہ چھوٹے بڑے تمام خالصہ مثلداروں اور سرداروں کو مطیع کرکے پنجاب میں شاندار سلطنت قائم کر لی -

رنجیت سنگھ کی خوبی

اِسی ضمن میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ جوں ہی مہاراجہ کسی سردار یا مثلدار کو مطیع کرتا تھا تو اُس کے مقبوضات کو اپنی سلطنت میں شامل کرکے سردار کو معقول جاگیر عطا کر دیتا تھا اور اپنے دربار میں کسی اعلیٰ منصب پر سرفراز کرتا تھا - اُس کی سپاہ کو تتر بتر کرنے کی بجائے اپنی فوج میں شامل کر لیتا تھا - اِس طریقہ سے نہ تو وہ سردار ہی اپنی کھوئی ہوئی

عظمت کو زیادہ محسوس کرتا تھا اور نہ هي مہاراجہ تجربہ کار سردار اور اُس کی سپاہ کی خدمات سے اپنے آپ کو مستفید کرنے کے موقعہ کو هاتھ سے کھوتا - یہ سردار صاحبان مہاراجہ کي اوائل حکومت میں بڑے بڑے عہدوں پر ممتاز ہوئے اور یہ اور اُن کی اولاد مہاراجہ کے لئے ایسے باوفا ثابت ہوئے کہ ہمیں اُن میں سے ایک بھي ایسي مثال نہیں ملتی جس نے مہاراجہ کے بعد اُس کے خاندان کے ساتھہ غداری کي هو - خصوصاً سکھوں اور انگریزوں کي لڑائي کے وقت جب کہ لاهور کے دربار میں بےوفائي کا بازار گرم تھا تب بھی یہ خالصہ اپنی ثابت‌قدمی سے نہیں تلے -

تسخیر جھنگ و علاقۂ اوچ - اکتوبر سنہ ۱۸۰۳ع

جھنگ کا خودمختار علاقہ احمد خاں سیال کے زیر تسلط تھا - احمد خاں بڑا مالدار تھا - اِس کے اصطبل میں نہایت نفیس اور سبک‌رفتار گھوڑے تھے جن کي شہرت چاروں طرف پھیلی ہوئی تھي - شیر پنجاب نے اپنا قاصد جھنگ بھیجا اور احمد خاں کو کہلا بھیجا کہ اطاعت قبول کر لو اور چند گھوڑے بطور پیش‌کش دربار میں روانہ کر دو - احمد خاں نے اِس پیغام کو هتک عزت خیال کیا اور قاصد سے بڑي نخوت سے پیش سے آیا - مہاراجہ نے جب یہ سنا فوراً لڑائی کي تیاري کر لی - احمد خاں نے بھی طاقت آزمائي کے موقعہ کو کھونا مناسب نہ سمجھا اور اپنے علاقہ کي جنگجو قوموں مثلاً سیال اور کھرل کو هزاروں کي تعداد میں بھرتی کر لیا -

دونوں فوجوں کے آمنے سامنے هوتے هي هر ایک نے توپوں کے

گولوں کے ذریعہ اپنے دل کا غبار نکالا - پھر تلوار کے ھاتھ چلنے لگے -
سکھہ تلوار کے دھنی تھے - اِس جوش سے لڑے کہ چند گھنٹوں
ھی میں کشتوں کے پشتے لگ گئے - سپاہیوں نے بھی اپنی بہادری
کے خوب جوھر دکھائے - مہاراجہ گھوڑے پر سوار خالصہ فوج کا جوش
و حوصلہ بڑھاتا ایک جگہ سے دوسری جگہ پھر رھا تھا - اتنے
میں احمد خاں کی فوج کے پاؤں اکھڑ گئے اور وہ میدان جنگ
سے نکل بھاگی - شہر میں داخل ہوکر دروازے بند کر لئے اور
فصیل سے گولہ‌باری شروع کی - سکھوں نے بھی رات کو ھی شہر
گھیر لیا اور توپیں چلانی شروع کیں - اِسی اثناء میں ایک گولہ
مہاراجہ کے پاؤں کے نزدیک آکر گرا اور زمین میں دھس گیا -
سکھہ فوج میں جوش پھیل گیا - آن کی آن میں دروازہ توڑ دیا
اور شہر میں داخل ھو گئے - احمد خاں ملتان بھاگ گیا - بعد میں
احمد خاں نے سفیدپوشوں کا ایک جرگہ مہاراجہ کی خدمت میں
روانہ کیا - اپنے کئے کی معافی چاھی - اور بھاری خراج دینا
منظور کیا - مہاراجہ بڑا فراخدل انسان تھا - فوراً معاف کر دیا -
اِس جنگ میں بہت بڑا خزانہ ' بے شمار قیمتی گھوڑے اور
ھتھیار مہاراجہ کے ھاتھ آئے - واپس آتے ھوئے مختصر سی لڑائی
کے بعد علاقہ اوچ بھی فتح ھوا اور مہاراجہ ناگ سلطان بخاری
سے نذرانہ و تحائف لیکر دھوم دھام سے لاھور آپہنچا -

سری امرتسر کا دربار - سنہ ۱۸۰۳ع

سنہ ۱۸۰۳ع کے واقعات کا ذکر کرتے ھوئے دیوان امرناتھہ اپنی
کتاب میں لکھتا ھے کہ اِس سال چند ھندوستانی سپاھی

مہاراجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مہاراجہ کو انگریزي فوجی قواعد کے کرتب دکھلائے - یہ لوگ غالباً ایسٹ انڈیا کمپني کي فوج کے علحدہ‌شدہ سپاھي تھے - مہاراجہ نے اُنھیں اپنے ھاں ملازم رکھ لیا - آگے چل کر یہي مصنف امرتسر کے بڑے فوجی دربار کا مفصل حال بیان کرتا ھے - اِس مقدس مقام پر تمام فوج حاضر ھوئي - صف‌آرائی کے بعد سپاہ نے اپنی قواعد دکھلائی -

فوجي اصلاحات

اِسي موقعہ پر بڑے بڑے سرداروں کو خطاب عطا ھوئے اور انھیں مندرجۂ ذیل طریقہ سے فوج کی کمان بخشی گئی :—

۱ — سردار دلیسا سنگھ، مجیٹھیہ - چار سو گھوڑے کی سرداري -

۲ — سردار ھری سنگھ، نلوہ - آٹھ سو سوار و پیدل -

۳ — سردار حکم سنگھ، چملي - داروغۂ توپ‌خانۂ خورد اور دو سو سوار اور پیادے -

۴ — چودھری غوثے خاں - داروغۂ توپ‌خانۂ کلاں اور دو ھزار سوار -

۵ — شیخ عباد اللہ ، اور

۶ — روشن خاں ھندوستانی کو خطاب کمیدانی عطا کیا گیا اور دو ھزار پیدل سپاھیوں کی پلٹن کے وہ افسر مقرر کئے گئے -

۷ — قریباً اِسی قدر سپاہ بابو باج سنگھ کے زیرکردگي رکھی گئي -

۸ — سردار بھاگ سنگھ مرالی‌والہ - پانچ سو سوار -

۹ — ملکھا سنگھ والئی راولپنڈي - سات سو سوار و پیادہ -

۱۰ — سردار نودھہ سنگھ - چار سو سوار و پیادہ - نیز " پرگنہ گھیبی " کي جاگیر عطا ہوئي -

۱۱ — سردار عطر سنگھ خلف سردار فتح سنگھ دھاری - پانچ سو سوار کا رسالدار مقر ہوا -

۱۲ — سردار مت سنگھ بھرانیہ - پانچ سو سوار و پیادہ -

۱۳ — سرداران مان - چار سو سوار و پیادہ -

۱۴ — سردار کرم سنگھ رنگھڑ نلکلیہ - ایک سو سوار -

۱۵ — سردار جودھ سنگھ سوڑیان والا - تین سو سوار و پیادہ -

۱۶ — سردار نہال سنگھ اٹاری والہ - پانچ سو سوار و پیادہ -

۱۷ — سردار گربھا سنگھ - ایک ہزار سوار و پیادہ -

۱۸ . دیگر سرداران کو دو ہزاروں کی مجموعہ کمان عطاهوئي* - اِن میں سے ہر ایک کو جاگیر مرحمت کی گئی - اور سرداري کا اعزاز بخشا گیا -

* سردار فتح سنگھ کالیانوالہ اس وقت سب سے بڑا سردار تھا - چنانچہ اس کي خوشنودی کیلئے اس کے متبنہ دل سنگھ نہیرنہ کو بھي سرداری کا اعزاز بخشا گیا -

مېزان ـ تېره هزار تین سو سپاه

اعزازي سرداران

علاوه ازین مندرجه ذیل جاگیردار اعزازی سردار مقرر کئے گئے - جو لڑائی کے وقت ضرورت پڑنے پر مہاراجه کو فوج مہیا کرتے تھے :—

۱ ـــ سردار جسا سنگھ ولد کرم سنگھ دولو -

۲ ـــ سردار صاحب سنگھ ولد گوجر سنگھ بھنگی -

۳ ـــ سردار چیت سنگھ ولد لهنا سنگھ بھنگی -

۴ ـــ سردار بھاگ سنگھ اهلووالیه -

۵ ـــ سردار نار سنگھ چمیاری واله -

یه تمام تقریباً دس هزار سپاه فراهم کرینگے -

۶ ـــ کنھیا مثل ـ پانچ هزار سوار و پیاده -

۷ ـــ نکئی سرداران - چار هزار سوار و پیاده -

۸ ـــ پہاڑی راجا ـ پانچ هزار سوار و پیاده

۹ ـــ سرداران دوآبه ـ سات هزار سوار و پیاده

مېزان - اکتیس هزار سپاه

شالامار باغ کا نام بدلنا

اسي سال کے واقعات کے سلسله میں دیوان امر ناتھ بیان کرتا هے که ایک روز مہاراجه صاحب لاهور کے شالامار باغ میں اپنے درباریوں سمیت سیر کر رهے تھے که شالامار کي وجه تسمیه پر بحث چھڑ گئي - مہاراجه نے کہا که پنجابي زبان میں

شالامار کے معنی " خدا کی مار " ہوتا ہے اس لئے یہ نام اچھا نہیں - درباریوں نے سمجھانے کی کوشش کی کہ شالامار ترکی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی جائے فرحت یعنی خوشی کا مقام ہیں - مہاراجہ نے فرمایا کہ پنجاب میں ترکی باشندے آباد نہیں جو یہ مطلب سمجھ سکیں - ان کے لئے پنجابی کا لفظ ہونا چاہئے - چنانچہ اس باغ کے لئے 'شہلا باغ' نام تجویز کیا اور یہ اسی نام سے مقبول عام ہو گیا اور عام بول چال میں آج تک شہلا باغ ہی کہا جاتا ہے -

جسونت رائے ہولکر کی پنجاب میں آمد

۱۸۰۵ء میں ایک بار مہاراجہ ملتان کے دورہ میں مصروف تھا - اور شہر ملتان سے بیس کوس کے فاصلہ پر ڈیرے ڈالے پڑا تھا - یہاں لاہور سے چند تیز رفتار شہسوار مہاراجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے - اور عرض کی - کہ مرہٹہ سردار جسونت رائے ہولکر والئے اندور اور امیر خاں رہیلہ کثیر تعداد فوج کے ساتھ انگریز جرنیل لارڈ لیک سے شکست کھاکر پنجاب میں پناہ گیر ہوئے ہیں - انگریزی فوج بھی ان کے تعاقب میں آرہی ہے -

ملتان سے واپسی

مہاراجہ نے اپنا دورہ منسوخ کرکے فوراً لاہور کی راہ لی - یہاں پہنچتے ہی جسونت رائے کے وکیل بیش بہا تحائف کے ساتھ مہاراجہ سے ملے اور انگریزوں کے خلاف مدد طلب کی - مہاراجہ نے جسونت رائے کی رہائش کا

امرتسر میں انتظام کر دیا اور مہمان‌نوازی کے سب سامان بہم پہنچائے - خود معتبر سرداروں سمیت اجلاس کیا - سب نے کہا کہ اگر اس وقت ہولکر اور انگریزوں کے درمیان جنگ ہوئی تو یقیناً پنجاب میں ہوگی جس سے ہمیں ہی نقصان پہنچیگا نیز آج تک ہمارے تعلقات برٹش گورنمنٹ کے ساتھ دوستانہ رہے ہیں - پس اُنہیں کیوں توڑا جائے - مگر پناہ میں آئے شخص کو بھی مایوس کرنا دھرم نہیں - چنانچہ یہ قرار پایا کہ جس طرح ہو سکے مہاراجہ بیچ بچائو کرکے دونوں فریقین میں صلح کرا دے -

کامیابی اور صلح

دوسرے دن مہاراجہ امرتسر پہنچا اور ہولکر کو سمجھایا - وہ راضی ہو گیا - اِسی مضمون کی ایک چٹھی لارڈ لیک کو لکھی گئی - اسی اثناء میں گورنر جنرل لارڈ ولزلی جس کے عہد میں مرہٹوں کے ساتھ جنگ شروع ہوئی تھی اپنے عہدہ سے واپس بلا لیا گیا تھا اور انگریزی حکومت کی جنگی پالیسی بند ہو چکی تھی - نیا گورنر جنرل لارڈ کارنوالس صلح کا رضامند تھا - چنانچہ لارڈ لیک بھی رضامند ہو گیا - ہولکر کا علاقہ جو لارڈ لیک نے چھین لیا تھا اُسے واپس مل گیا - اسی معاملہ میں راجہ بھاگ سنگھ اور سردار فتح سنگھ اہلووالیہ نے بہت کوشش کی تھی - چنانچہ برٹش گورنمنٹ نے مہاراجہ صاحب اور اہلووالیہ

سرداروں کے ساتھ دوستي کے تعلقات زیادہ مضبوط کرنے شروع کر دئے * ۔

سري کٹاس جي کا اشنان

مہاراجہ ھولکر کے پنجاب سے واپس جانے کے بعد مہاراجہ رنجیت سنگھ نے سري کٹاس جي کے اشنان کا ارادہ کیا ۔ کٹاس کھیوڑہ کي نمک کي کان کے نزدیک مقدس تالاب ھے جہاں بیساکھی کے روز بڑا بھاري میلہ بھرتا ھے ۔ کٹاس سے واپس آتے وقت مہاراجہ کي طبیعت علیل ھو گئی - مگر وہ جلدي صحت‌یاب ھو گئے - پھر لاھور واپس آئے ۔

شالامار باغ کي مرمت

لاھور پہونچ کر مہاراجہ نے شالامار میں ڈیرے لگائے - اُس کي مرمت پر بہت سا روپیہ صرف کیا - نہر ھنسلي یا نہر علي مردان خاں جو اِسے سیراب و شاداب کرتي تھي دوبارہ کھدوائي گئی - پھل پھول وغیرہ سے اِسے وہ رونق دي جو شاھجہاں کے بعد اِس کو کبھی نصیب نہ ھوئي تھي -

* اسی ضمن میں منشي سوھن لال ایک دلچسپ واقعہ بیان کرتا ھے کہ ایک مرتبہ دوران گفتگو میں مہاراجہ نے کپتان ویڈ کو بتلایا کہ جب جسونت رائے ھولکر اُس کے پاس مدد کے لئے آیا - تو مہاراجہ نے خالصہ کي مقدس اکتاب یعني گرنتھ صاحب کي مدد طلب کي - دو کاغذ کے ٹکڑوں پر انگریزوں ور ھولکر کا نام لکھ کر ڈالا - گرنتھ صاحب نے انگریزوں کے حق میں فیصلہ دیا -

ساتواں باب

ستلج پار کی سکھ ریاستوں کے ساتھ تعلقات
اور دیگر فتوحات سنہ ۱۸۰۶ع سے سنہ ۱۸۰۸ع

تمہیدی بیان

سنہ ۱۸۰۶ع سے ۱۸۰۸ع تک لگاتار مہاراجہ رنجیت سنگھ مہمات میں سر تا پا مشغول رہا گویا اس کا پاؤں ہر دم گھوڑے کی رکاب میں رہتا تھا - جوانی کا عالم تھا ' جسمانی طاقت پورے زوروں پر تھی - چنانچہ مہاراجہ نے ستلج پار کی سکھ مثلوں کی خانہ جنگی سے پورا فائدہ اُٹھانے کی کوشش کی - قصور کے زبردست پٹھانوں کی طاقت کو پائمال کر دیا - کوهستانی علاقہ پر اپنا تسلط جمالیا - فتوحات کے جوش نے انگریزوں کے ساتھ مٹھ بھیڑ تک کی نوبت پہنچا دی مگر اخیر میں اُن کے ساتھ دوستی کا عہدنامہ طے ہؤا جس سے مہاراجہ کی زندگی میں نیا دور شروع ہوتا ہے -

ستلج پار کی سکھ ریاستوں کی خانہ جنگی

دلادی نام گاؤں راجہ صاحب سنگھ والئے پٹیالہ اور راجہ جسونت سنگھ والئے نابھہ کی سرحد پر واقع تھا جسے ہر ایک راجہ اپنی ملکیت خیال کرتا تھا - بھائی تارا سنگھ راجہ پٹیالہ کا نمائندہ اس گاؤں میں مقیم تھا - کسی نے اُسے

قتل کر دیا - راجہ پٹیالہ نے جسونت سنگھ نابھہ پر شک کیا - بدمزگی طول پکڑ گئي اور لڑائي کي نوبت پہنچ گئي - راجہ بھاگ سنگھ والئے جیند نابھہ کا ھمراھي بن گیا - سردار مہتاب سنگھ تھانیسر والا اور بھائي لال سنگھ کتھیل والا پٹیالہ کے ساتھ مل گئے - جنگ و جدل شروع ھو گیا اور ایک لڑائي میں سردار مہتاب سنگھ کام آیا - راجہ پٹیالہ غصہ کے مارے لال پیلا ھو گیا -

رنجیت سنگھ سے مدد کي درخواست

چنانچہ مہارجہ رنجیت سنگھ سے مدد کا خواھاں ھوا - اپنے وکیل سردار دھیان سنگھ کو مہاراجہ کي خدمت میں روانہ کیا - جس نے ایک نہایت ھی بیش قیمت مروارید کا ھار مہاراجہ کي نذر کرکے اپنے آقا کا پیغام جا سنایا - رنجیت سنگھ ایسے سنہري موقعہ کو کہاں کھونے والا تھا - اب ستلج پارکي ریاستوں میں دخل اندازی کا موقعہ ھاتھ آیا - چنانچہ اُدھر جانے کی فوراً تیاري کرلي - *

رنجیت سنگھ کی روانگي

رنجیت سنگھ نے اپنے توپخانہ کو کوچ کا حکم دیا ، دیگر سرداروں کے نام بھی احکام جاری کئے کہ اپنی اپني سپاہ لیکر دریائے بیاس کے پایاب مقام ویرووال حاضر ھو جائیں - دسہرہ کے اختتام پر مہاراجہ خود بھي روانہ ھو گیا - راستہ

* منشي سوھن لال لکھتا ھے : " سرکار دولتمدار کہ منتظر چنین روز بہروز بودند از استماع این خبر بسرعت باد و برق شتافتند "

میں فضیل‌پوریہ مثل کے سردار سے ایک ہاتھی اور بہت سا زر نقد بطور نذرانہ وصول کیا - پھر کپورتھلہ سردار فتح سنگھ اہلووالیہ اکے ہمراہ کرتارپور پہنچا - یہاں سوڈھی باوا گلاب سنگھ نے دو عمدہ توپیں مہاراجہ کی نذر کیں - زاں بعد جالندھر کا رخ کیا - جہاں کے حاکم بدھ سنگھ نے کئی گھوڑے اور زر نقد پیش کیا - اب تمام لشکر جمع ہوا - ڈلی والی مثل کا سردار تارا سنگھ گھیبہ اتنی کثیر فوج دیکھ کر گھبرا گیا اور پچیس ہزار روپیہ نقد بطور پیشکش نذر کیا اور مہاراجہ کی اطاعت قبول کر لی - وہاں سے پھلور پہنچے اور سردار دھرم سنگھ حاکم پھلور سے نذرانہ پایا - اس کے بعد لدھیانہ اور جگراؤں کے قلعجات پر تسلط جمایا - اِس طرح دورہ کرتا ہوا رنجیت سنگھ پٹیالہ کے علاقہ میں جا پہنچا -

رنجیت سنگھ کا فیصلہ

یہاں پٹیالہ ، نابھہ اور جیند کے راجاؤں نے پرجوش خیر مقدم کیا - اور مہمان‌نوازی میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی - چند روز کے آرام بعد مہاراجہ نے فریقین کے مطالبات سنے اور کچھ جد و جہد کے بعد راجہ پٹیالہ کو دلادی گاؤں کا حقدار تسلیم کیا - راجہ نابھہ کو خوش کرنے کی غرض سے کوٹ بسیہ ، تلونڈی اور جگراوؤں بمع اکتیس دیہات جن کی آمدنی چوبیس ہزار روپیہ سالانہ تھی عطا کئے - اِسی طرح راجہ جیند کو لدھیانہ اور اُس کے گرد و نواح کا علاقہ بخشا گیا - سردار فتح سنگھ اہلووالیہ کو بھی بہت سا علاقہ مرحمت

کیا - اِس کے بعد مہاراجہ جالندھر کی طرف لوٹا جہاں چند روز شکار کھیلنے میں بسر کئے -

راجہ کانگڑہ کی مدد کے لئے درخواست

مہاراجہ ابھی جالندھر میں ھی مقیم تھا کہ راجہ سنسار چند والئے کانگڑہ کا بھائی میاں فتح چند مہاراجہ کے پاس آیا - اور بتایا کہ نیپال کا سپہ‌سالار امر سنگھ تھاپہ جرار گورکھا فوج کے ساتھ پہاڑی علاقہ کو تسخیر کر رہا ھے کئی پہاڑی ریاستیں مثلاً سرمور ' گڑھوال اور نالہ‌گڑھ وغیرہ فتح کر چکا ھے اور اب کانگڑہ پر چڑھ آیا ھے - راجہ سنسار چند قلعہ میں بند ھے اور آپ سے مدد کا محتاج ھے -

گورکھا فوج کی فراری

رنجیت سنگھ فوراً رضامند ہو گیا اور کانگڑہ کی طرف کوچ کیا - یہ سن‌کر سپہ‌سالار امر سنگھ گھبرایا اور اپنے معتبر نمائندہ زورآور سنگھ کو مہاراجہ کے پاس روانہ کیا جس نے رنجیت سنگھ سے سنسار چند کی مدد نہ کرنے کی درخواست کی اور اس عوض میں بھاری رقم نذرانہ کی پیش کرنے کا وعدہ کیا - مگر رنجیت سنگھ نے ایک نہ سنی - سکھ فوج آگے بڑھی اور جوالامکھی کے مقدس مقام میں جا پہنچی - گرمی کی شدت سے گورکھا فوج میں بیماری پھیل گئی تھی چنانچہ امر سنگھ نے راتوں رات قلعۂ کانگڑہ کا محاصرہ ترک کر دیا اور منڈی سکیت جا کر دم لیا - راجہ سنسار چند نے

دو گھوڑے اور تین ہزار روپیہ بطور نذرانہ پیش کیا - مہاراجہ نے ایک ہزار فوج کا دستہ نادون کے قلعہ میں چھوڑا اور ساتھ ہی سردار فتح سنگھ کالیانوالہ کو امر سنگھ تھاپہ کی نقل و حرکت دیکھنے کے لئے کچھ دیر تک مقام بجواڑہ میں ٹھہرنے کا حکم دیا اور خود واپس لاہور روانہ ہوا -

کنور شیر سنگھ و تارا سنگھ کی پیدائش

جوالامکھی کے قریب رانی سداکور کا تیز رفتار سوار خوشی کا پیغام لایا کہ اُس کی بیٹی مہارانی مہتاب کور کے بطن سے مہاراجہ کے دو بیٹے پیدا ہوئے ہیں چنانچہ بہت خوشیاں منائی گئیں اور دھوم دھام کے جلسے ہوئے - مبارک ساعت کی رو سے ایک کا نام کنور شیر سنگھ اور دوسرے کا کنور تارا سنگھ نام رکھا گیا - یہی کنور شیر سنگھ بعد میں مہاراجہ شیر سنگھ بنا -

شہزادوں کی ولادت کی نسبت مختلف رائیں

انگریز مؤرخ مثلاً کپتان مرے ، ویڈ اور ڈاکٹر ہانگ برگر لکھتے ہیں کہ یہ دونوں شہزادے مہاراجہ رنجیت سنگھ کے بیٹے نہیں تھے اور نہ ہی مہتاب کور کے بطن سے پیدا ہوئے تھے - بلکہ رانی سدا کور نے بڑی چالاکی کے ساتھ یہ دونوں بچے کسی پڑوسی سے حاصل کرکے اپنی بیٹی کے بطن سے پیدا شدہ بچے مشہور کر دیا - ہندوستانی مؤرخوں نے بھی یہ کہانی یہاں سے حاصل کر کے اپنی کتابوں میں درج کردی - سید محمد لطیف نے تو اِس کے متعلق ایک بڑا طولانی قصہ

گھڑ دیا ہے - بھائی پریم سنگھ نے اپنی کتاب میں اس قصہ کی تردید کرنے کی کوشش کی ہے - گو ہم یقین واثق کے ساتھ کچھ نہیں کہہ سکتے لیکن یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۸۳۳ع کے قریب یہ کہانی خواہ سچ ہو یا جھوٹ لوگوں میں مشہور ہو چکی تھی اور وہ اس میں اعتقاد بھی کرنے لگ گئے تھے - ہانگ برگر بھی اس زمانہ میں دربار لاہور میں رہتا تھا - کپتان ویڈ مہاراجہ کے ہاں بکثرت آتا جاتا تھا - دیوان امرناتھ جو اُس وقت نوخیز جوان تھا مہاراجہ کی تاریخ لکھنے میں مصروف تھا - وہ بھی اس واقعہ کی طرف پوشیدہ طور سے اشارہ کرتا ہوا معلوم دیتا ہے * -

قصور پر فوجکشی سنہ ۱۸۰۷ع

نواب نظام‌الدین فوت ہو چکا تھا - اور اُس کا بھائی قطب‌الدین خاں قصور کا نواب تھا - یہ مہاراجہ کی اطاعت کے لئے تیار نہ تھا - در حقیقت پہلے بھی نواب قصور دل سے مہاراجہ کے مطیع ہونے میں راضی نہ تھا - نیز مہاراجہ کو بھی یہ گوارا نہ تھا کہ اُس کے اس قدر نزدیک پٹھانوں

* چون باتمہا رانی سدا کور بطن قدسیہ عصمت توام سرکار مہتاب کور اولین پردہ نشین عفت حضور پرنور بارگوہر شہوار خلافت داشت و سرکار والا را ہمیشہ بہ تولد فرزند سعادت توام تعلق خاطر بود و قاصدان .. بیک خرام بہ طلوع دو نیر نور - اعنی دو فرزند مبارک ظہور چشم اقبال حضور بر افروختند ." ظفر نامہ رنجیت سنگھ صفحہ ۴۰ -

کي چھوٹي سي خودمختار رياست قائم رہے جس سے مہاراجہ کو ہر وقت یہ خدشہ رہے کہ اُس کے حاکم دشمنوں سے مل کر سازش کرتے رہیں - چنانچہ کانگڑہ سے واپس آتے وقت مہاراجہ نے قصور کی تسخیر کا مصمم ارادہ کر لیا اور توپخانہ اور افواج کو حکم دیا - کہ وہ براہ راست قصور پہنچ جائیں - نیز دیگر سرداران کے نام بھي احکام جاري ہو گئے کہ وہ بمعہ اپني سپاہ قصور کا رخ کریں -

تسخیر قصور

چنانچہ فروري سنہ ۱۸۰۷ع کو قصور پر چڑھائی ہوئي - اُدھر قطب الدین نے بھی مہاراجہ کا ارادہ بھانپتے ہوئے جہادي پٹھانوں کے گروہ کے گروہ جمع کر لئے اور مکمل طور سے جنگ کی تیاریاں کر لیں - مہاراجہ کو جب ان مستعدیوں کا پتہ لگا تو خود بھي سپاہ کی تعداد میں اضافہ کر لیا - خصوصاً بہادر اکالیوں کے جتھے کو امرتسر سے بلا لیا - ۱۰ فروري کي صبح کو قصور پر دھاوا بول دیا گیا - نواب کے غازی بھی خالصہ فوج پر ٹوٹ پڑے - دو سخت معرکوں کے بعد پٹھانوں کے پاؤں اُکھڑ گئے - اُن میں ہلہ پڑ گیا اور بے ترتیبی پھیل گئي - نواب بھاگ کر قلعہ میں پناہ‌گزیں ہوا - سکھوں نے قلعہ کا محاصرہ کر لیا - ایک ماہ تک طرفین میں گولہ‌باري جاري رہی مگر قلعہ کے فتح کي کوئی صورت نظر نہ آتي تھی کیونکہ قلعہ بہت مستحکم تھا اور اس میں سامان رسد بالافراط جمع تھا - چنانچہ مہاراجہ نے تجویز کي کہ قلعہ

کی ایک طرف کی دیوار کو سرنگ لگا کر اُڑا دیا جائے - ایک چیدہ دستہ نے راتوں رات قلعہ کی دیوار کے نیچے سرنگ کھود ڈالی - صبح ہوتے تک بارود بھر کر آگ لگادی - قلعہ کی مغربی جانب بھک سے ایک طرف جا پڑی - سکھ فوج قلعہ میں داخل ہو گئی - اب تو غازیوں نے تلوار کا جواب تلوار سے دینے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا - خون کی ندیاں بہ نکلیں مگر بہادر خالصہ قلعہ پر قبضہ کرنے میں کامیاب ہوا -

نواب سے فیاضانہ سلوک

نواب بھاگتا ہوا پکڑا گیا اور مہاراجہ کے سامنے پیش ہوا - اُس نے جاں‌بخشی کے لئے درخواست کی - سردار فتح سنگھ کالیانوالہ نے بڑے زور سے نواب کی شفارش کی - رنجیت سنگھ نے معاف کر دیا اور ستلج پار "ممدوت" کا علاقہ جس کی سالانہ آمدنی تقریباً ایک لاکھ روپیہ تھی نواب کو بطور جاگیر عطا کیا - اِس جنگ میں اکالی پھولا سنگھ، سردار دھنا سنگھ ملوئی اور سردار نہال سنگھ اٹاری‌والہ نے کارنمایاں سرانجام دئے - چنانچہ علاقہ قصور سردار نہال سنگھ اٹاری‌والے کو جاگیر کے طور پر عنایت کر دیا - قصور کے قلعہ سے بےشمار دولت نقد و جنس کی صورت میں مہاراجہ کے ہاتھ آئی - یہاں سے فتح و خوشی کے شادیانے بجاتے ہوئے مہاراجہ صاحب لاہور میں داخل ہوئے -

ملتان کی یورش

چونکہ نواب ملتان پوشیدہ طور سے نواب قصور کو مدد بہم پہنچاتا رہا تھا پس رنجیت سنگھ نے اُسے بھی اپنے کئے کی سزا دینے کا ارادہ کر لیا - شیر پنجاب خود بڑا اَن تھک دلاور تھا اور ایسا ھی اپنی خالصہ فوج کو بنا رکھا تھا - چنانچہ لاھور میں صرف دو ھفتہ قیام کرکے ملتان کا کوچ کیا - خالصہ فوج نے شہر کی چاردیواری کے باھر کی عمارات کو تاخت و تاراج کر دیا - نواب مظفر خاں نے اپنے آپ کو مقابلہ کے ناقابل پایا اور نواب بھاول خاں والئے بھاولپور سے امداد طلب کی - نواب بھاولپور نے اپنا وکیل منشی دھنپت رائے مہاراجہ کی خدمت میں روانہ کیا - اُدھر مظفر خاں کو بھی سمجھایا - چنانچہ فریقین میں صلح ہو گئی - مظفر خاں نے ستر ہزار روپیہ بطور نذرانہ پیش کیا اور مہاراجہ لاھور واپس آیا -

پٹیالہ کے خانگی تنازعات

اِنھی دنوں راجہ پٹیالہ اور اُس کی رانی آس کور کے درمیان خانگی تنازعات کی وجہ سے ناچاقی ھو گئی - رانی اپنے بیٹے کنور کرم سنگھ کو ولیعہد مقرر کرانا چاھتی تھی - لیکن راجہ اپنی زندگی میں ایسا کرنے کے لئے تیار نہ تھا - کشیدگی طول پکڑ گئی اور ریاست میں دو پارٹیاں قائم ھو گئیں - کچھ سردار اور فوج راجہ کی طرف ھو گئی باقی نے رانی کی امداد کی - جنگ کی تیاری

ہو گئی - لیکن کچھ مصاحبوں کے سمجھانے پر یہ قرین مصلحت خیال کیا گیا کہ اِس معاملہ میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کو ثالث بنانے کی درخواست کی جائے -

مہاراجہ کی وساطت

مہاراجہ فوراً زبردست فوج لیکر پٹیالہ پہنچا - راجہ پٹیالہ نے اپنے مصاحبوں سمیت مہاراجہ کا شاندار استقبال کیا اور غیر معمولی خاطر تواضع کی - چند روز کے بعد رنجیت سنگھ نے معاملہ کی طرف توجہ مبذول کی - فریقین کے مطالبات غور سے سنے اور یہ فیصلہ قرار دیا کہ صاحب سنگھ کے جیتے جی ولی عہد کے مقرر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں - رانی اور اُس کے بیٹے کرم سنگھ کو پچاس ہزار روپیہ سالانہ کی جاگیر دلوا دی - رانی آس کور بھی اِس پر رضامند ہو گئی -

نذرانوں کے انبار

مہاراجہ کی روانگی کے وقت راجہ پٹیالہ نے رواج کے مطابق رنجیت سنگھ کو نذرانہ پیش کیا جس میں ستر ہزار روپیہ کی مالیت کے جواہرات تھے اور اس کے علاوہ ایک خوبصورت پیتل کی توپ بھی مہاراجہ کی نذر کی - ستلج پار کے چھوٹے بڑے سردار مہاراجہ کی کثیرالتعداد جمعیت دیکھ کر خوف‌زدہ ہو رہے تھے - چنانچہ ہر ایک نے بیش قیمت نذرانے پیش کرکے آئی ہوئی بلا کو ٹالنا غنیمت خیال کیا - چنانچہ بھائی لعل سنگھ کیتھل والے نے بارہ ہزار روپیہ اور

مالیرکوٹلہ کے پٹھان حاکم نے چالیس ہزار روپیہ نذر کیا - اِسی طرح سے سردار کرم سنگھ شاہ‌آبادیہ سردار بگھوان سنگھ شاہ‌پوریہ اور سردار گوربخش سنگھ انبالوی مرحوم کی زوجہ نے بھی نذرانے پیش کئے -

قلعہ نرائن گڈھ کا محاصرہ

انبالہ پہنچکر مہاراجہ کو خبر ملی کہ ریاست سرمور کا راجہ کشن سنگھ، مہاراجہ کی اطاعت کے لئے تیار نہیں ہے - چنانچہ مہاراجہ نے فوراً نرائن‌گڑھ کا کوچ کیا - یہ قلعہ ایک خوش قطع مقام پر نہایت پختہ بنا ہوا تھا - جس کے بلند دمدموں میں بہت سی بھاری توپیں آراستہ تھیں - کشن سنگھ نے مقابلہ کی تیاری کر لی - مہاراجہ نے قلعہ کا محاصرہ ڈال دیا - سردار فتح سنگھ کالیانوالہ ایک دستہ فوج کے ساتھ آگے بڑھا تاکہ دشمن کی توپوں پر قبضہ کر لے - یہ بہادر بہت نڈرپن کے ساتھ، دشمن پر ترت پڑا اور دو توپیں چھیننے میں کامیاب ہوا - ابھی یہ توپیں وہ اپنی طرف کھچوا ہی رہا تھا کہ سامنے سے ایک گولی آئی اور سردار فتح سنگھ کی چھاتی میں بیٹھ گئی اور آن کی آن میں یہ دلیر راہئے ملک عدم ہوا - رنجیت سنگھ ایک بلند جگہ سے یہ سب رنگ دیکھ رہا تھا - اپنے بہادر سردار کی موت سے اُسے بےحد رنج پہنچا - *

* سردار فتح سنگھ کالیانوالہ مہاراجہ کا بڑا منظور نظر سردار تھا -

اُسی وقت سردار موھن سنگھ کمیدان اور دیوان سنگھ بھنڈاري کے دو دستے آگے بڑھے - حسن اتفاق سے یہ دونوں سردار بھی وھیں کام آئے - یہ دیکھ کر خالصہ فوج کو بڑا طیش آیا - سکھ بہادر جوش جلوں میں آگے بڑھے - گولیوں کي موسلادھار بارش برپا کر دي اور چند لمحوں میں ھی قلعہ پر قابض ھو گئے - راجہ کشن سنگھ جان بچا کر بھاگا - مہاراجہ نے نرائن گڑھ کا علاقہ فتح سنگھ اھلووالیہ کو جاگیر میں بخش دیا - یہاں سے نوشہرہ مورنڈہ' بہلولپور وغیرہ فتح کرکے مہاراجہ لاھور کی طرف روانہ ھوا -

تلي والي مثل کا مہاراجہ کے قبضہ میں آنا

لاھور واپس آتے وقت مہاراجہ جالندھر کے مقام پر مقیم تھا کہ اُسے خبر ملي کہ سردار تارا سنگھ گھیبہ جو چند روز پہلے پٹیالہ کے دورہ کے دوران میں مہاراجہ کا

فتح سنگھ کے خاندان اور مہاراجہ کے خاندان کا تین پشتوں سے دوستانہ رشتہ چلا آتا تھا - سردار مذکور سنہ ۱۷۹۸ع میں مہاراجہ کی فوج میں داخل ھوا - اور تسخیر لاھور و امرتسر میں اُس نے نمایاں خدمات سرانجام دیں - قصور اور چنیوٹ کی فتح اُسی کی بدولت نصیب ھوئی - چنانچہ مہاراجہ سردار فتح سنگھ سے بہت محبت کرتا تھا - اور اُسے تقریباً ساڑھے تین لاکھ سالانہ کي جاگیر عطا کر رکھي تھی - چھوٹے بڑے سکھ سردار بھي اُس کے جھنڈے تلے لڑنا بڑا فخر سمجھتے تھے -

همرکاب تھا فوت ہو گیا ہے - مہاراجہ فوراً اُس کی ماتمپرسی کے لئے پہنچا - سردار کے وابستگان کے گذارہ کے لئے معقول جاگیر عطا کرکے ڈلی والي مثل کي فوج اور مقبوضات اپنے تصرف میں لے آیا - اِس طرح راھوں ' نکودر ' نوشهرہ وغیرہ کا تمام علاقہ جو سات لاکھ سالانہ کي مالیت سے زیادہ کا تھا مہاراجہ کے قبضہ میں آ گیا -

دیوان محکم چند کا مہاراجہ کي فوج میں داخل ہونا

اِسی سال مہاراجہ کا مشہور و معروف جرنیل دیوان محکم چند مہاراجہ کی فوج میں داخل ہوا * - محکم چند اول ہی اول سردار دل سنگھ اکال گڑھ والے کی ملازمت میں دیوان کے عہدہ پر ممتاز تھا - سنہ ۱۸۰۴ع میں مہاراجہ نے دل سنگھ کا علاقہ فتح کر لیا اور محکم چند سردار صاحب سنگھ گجرات والے کی فوج میں اعلے عہدہ پر سرافراز ہوا - دیوان اعلے درجہ کی فوجی قابلیتوں کا مجموعہ تھا جنہوں مہاراجہ نے صاحب سنگھ کے ساتھ جنگ کے وقت تاڑ لیا تھا - سنہ ۱۸۰۷ع میں صاحب سنگھ اور دیوان میں اَن بَن ہو گئی اور محکم چند اپنی ملازمت چھوڑ کر مہاراجہ کی خدمت میں حاضر ہوا - رنجیت سنگھ بہت خوش ہوا اور اُسے اعلے فوجي عہدہ پر ممتاز کر دیا - ایک ھاتھي ' تازی گھوڑا

* گرفن یہ تاریخ چند ماہ پیشتر دیتا ہے -

اور علم و قلم عنایت کیا - سرکاری فوج کے ایک ہزار سوار اور جاگیرداران دوآبہ کی تیرہ ہزار فوج کی کمان بخشی اور تلی والی مثل کا تقریباً تمام علاقہ جاگیر میں مرحمت فرمایا - دیوان محکم چند نے اپنے علاقہ کا انتظام اِس خوبی سے کیا کہ تلی والی مثل کا ہر ایک سردار اپنی سپاہ سمیت مہاراجہ کی فوج میں بھرتی ہو گیا - سرلیپل گرفن لکھتا ہے :—

” دیوان محکم چند رنجیت سنگھ کے جرنیلوں میں سب سے زیادہ قابل تھا - اُسی کی ہوشیاری اور دلیری کی بدولت رنجیت سنگھ چھوٹی سی ریاست سے سلطنت پنجاب قائم کرنے میں کامیاب ہوا - “

پہاڑی علاقہ کی تسخیر

جلوری سنہ ۱۸۰۸ء میں رنجیت سنگھ نے پہاڑی علاقہ کی تسخیر کا اِرادہ کیا - دیوان محکم چند سکھ فوج کا کمانڈر مقرر ہوا - سب سے پہلے قلعہ پٹھان کوٹ مفتوح کیا گیا اور سردار جیمل سنگھ سے چالیس ہزار روپیہ بطور تاوان جنگ وصول ہوا - اِس کے بعد قلعہ جسروتہ کی طرف کوچ کیا - یہاں کا سردار مہاراجہ کی آمد کی خبر سن کر گھبرا گیا - اپنی سرحد پر پہنچکر مہاراجہ کا استقبال کیا اور کثیر رقم نذر کرکے اطاعت قبول کر لی - چند روز قیام کرنے کے بعد چنبہ پر فوجکشی کی - راجہ چنبہ پر ہیبت طاری ہو گئی - اپنے

مصاحب مہاراجہ کي خدمت میں روانہ کئے اور آٹھ
ہزار سالانہ خراج دینا منظور کرکے اطاعت قبول کر لی -
پھر ریاست بسوھلی کی باري آئي - یہاں کے راجہ نے
بھی آٹھ ہزار سالانہ خراج دینا منظور کرکے اپنی جان
چھڑائی -

دربار منعقد کرنا

پہاڑي علاقہ سے واپس آکر مہاراجہ نے شاندار دربار
منعقد کیا جس میں پنجاب کے میدانی و پہاڑي
علاقے کے سردار، راجے اور نواب شامل ہوئے - ہر ایک
کو اُس کے منصب کے مطابق خلعتیں عطا ہوئیں - اِسي
موقعہ پر سردار جیون سنگھ حاکم سیالکوٹ اور صاحب سنگھ
گجرات والے کے نام بھی دربار میں حاضر ہونے کے لئے
احکام جاري ہوئے - لیکن یہ دونوں اپنے آپ کو مہاراجہ کا
ماتحت خیال نہ کرکے دربار میں نہ آئے -

تسخیر سیالکوٹ

اِن سرداروں کي غیر حاضري مہاراجہ کو بہت ناگوار
گذري اور دربار سے فراغت پاتے ھی سردار فتح سنگھ
اھلوالیہ کے ھمراہ سیالکوٹ پر چڑھائي کر دي - شہر کے
نزدیک پہنچکر مہاراجہ نے اپنا وکیل جیون سنگھ کے پاس بھیجا
اور دربار مین حاضر نہ ہونے کي وجہ دریافت کی - جیون سنگھ
اپنے قلعہ کو ناممکن التسخیر خیال کرتا تھا - پس کوئی
تسلی‌بخش جواب نہ دیا بلکہ لڑائی کي تیاریاں کرنے

لگا اور فصیل پر توپیں چڑھوا دیں - مہاراجہ نے بھی جنگ کی اجازت دے دی - سردار جیون سنگھ بڑی بہادری سے لڑا اور کئی روز تک اپنے قلعہ کو بچائے رکھا - اسی اثناء میں رنجیت سنگھ نے قرب و جوار کے دو تین قلعے سر کر لئے - اِن میں سے ایک برج موسومہ اڈاری تھا جو قلعہ سیالکوٹ سے تیرھ میل کے فاصلہ پر تھا - مہاراجہ نے زنبورچے یعنی ہلکی شتری توپیں اِس برج پر متعین کر دیں اور یہاں سے قلعہ سیالکوٹ پر گولہ‌باری شروع ہوئی - اِس کے علاوہ رنجیت سنگھ کی فوج نے قلعہ سے کچھ فاصلہ پر نقب لگانی شروع کی اور چیدہ بہادر زمین‌دوز راہ سے ہوتے ہوئے کمند لگا کر قلعہ کی دیوار پر چڑھ گئے - دوسری جانب بہت سی توپیں لگاکر قلعہ کے دروازہ پر گولہ‌باری شروع ہوئی - چند لمحوں میں کواڑوں کو پاش پاش کر کے فوج قلعہ میں داخل ہو گئی - مہاراجہ کی اجازت سے فاتح سپاہ نے قلعہ کو خوب لوٹا - سردار جیون سنگھ کے گذارہ کے لئے جاگیر مقرر کر دی گئی اور سیالکوٹ مہاراجہ کے قبضہ میں آ گیا -

اکھنور پر فوج‌کشی

سیالکوٹ سے مہاراجہ کوھستان جموں کی طرف روانہ ہوا اور بارہ میل کے فاصلہ پر مقام کلوال کے پاس خیمہ‌زن ہوا - عالم سنگھ * حاکم اکھنور مہاراجہ کی

* سید محمد لطیف اِس کا نام عالم خاں لکھتا ھے -

فوج دیکھ کر گھبرایا - تیرہ هزار روپیه سالانه خراج دینا منظور کر کے اطاعت قبول کر لی -

حاکم گجرات کی اِطاعت

اِس کے بعد رنجیت سنگھ گجرات کي طرف آیا - حاکم گجرات سیالکوٹ کی لڑائی کا حال سن کر پہلے هی خوفزدہ هو رها تها - اس نے فوراً مهاراجه کي خدمت میں اپنے اهلکار روانه کئے اور بڑي عاجزي کے ساتھ اپنی غلطی کي معافي مانگي - مهاراجه نے بھي بابا صاحب سنگھ بیدي کي سفارش پر اُسے معاف کر دیا - اُسے گجرات کے علاقه میں بحال رکھا اور آئنده کے لئے باجگذار رهنے کا عهدنامه لکھوا کر واپس روانه هوا -

جمیل سنگھ کے علاقه کا دورہ

اِسی سال مهاراجه نے سردار جمیل سنگھ کنھیا کے علاقه کا دورہ کیا - اِسي سردار کي بیٹي کے ساتھ کنور کھڑک سنگھ کي منگني هو چکی تھی - سردار مذکور نے پچیس هزار روپیه بطور پیشکش نذر کیا اور اِس کے علاقه کا کثیر حصه مهاراجه نے اپني سلطنت میں شامل کر لیا -

تسخیر قلعه شیخوپورہ - سنه ۱۸۰۸ع

منشي سوهن لال لکھتا هے ' که اِس زمانه میں پنجاب میں تین قلعجات پٹھانکوٹ ' سیالکوٹ اور شیخوپورہ اپني اُستواری

کي وجہ سے مشہور تھے اور عوام میں ناممکن التسخیر
تصور کئے جاتے تھے - اِن میں سے پہلے دو تو مہاراجہ
مفتوح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کر چکا تھا - تیسرا
باقی تھا - اِس کي طرف اب توجہ مبذول کي - قلعہ
شیخوپورہ لاھور سے بیس پچیس میل کے فاصلہ پر واقع
تھا یہاں کا حاکم سردار امیر سنگھ اِس بات پر رضامند
تھا - کہ اگر قلعہ میں اُسی کي تھانیداری قائم رھے تو
وہ مہاراجہ کي فرمانبرداری قبول کرنے کے لئے تیار ھے -
مگر رنجیت سنگھ کو یہ شرط منظور نہ تھي - چنانچہ
کثیرالتعداد فوج شہزادہ کھڑک سنگھ کي کمان میں
شیخوپورہ کي طرف روانہ ھوئي - شاھی توپخانہ نے قلعہ
کي دیواروں پر گولہ‌باری شروع کي جس کا کچھ اثر
نہ ھوا - مہاراجہ کے کئي جانباز بہادر کام آئے - آخرکار
قوت بازو کی بجائے بے وفائی رنگ لائي - منشي سوھن لال
لکھتا ھے کہ مہاراجہ اِسي شش و پنج میں تھا اور
مایوسی کا شکار ھونےوالا تھا کہ ایک رات قلعہ کے اندر
سے ایک مرد غیب مہاراجہ کے پاس آیا - اور بتایا کہ
دروازہ کے برج کے عین پاس ھی بائیں طرف ایک طویل
تہ‌خانہ ھے اور یہ قلعہ میں سب سے کمزور جگہ ھے
جہاں توپ کا گولہ اثر کر سکتا ھے - چنانچہ توپیں لگا
کر اُس جگہ بھاري شگاف پیدا کیا گیا اور مہاراجہ کي
فوج اندر گھس گئی اور قلعہ پر قابض ھو گئی - سردار
امیر سنگھ گرفتار کیا گیا - مہاراجہ نے قلعہ میں اپنا

مستحکم تھانہ قائم کر لیا اور شیخو پورہ کا علاقہ کنور کھڑک سنگھ کو جاگیر میں عطا ہوا -

دیوان بھوانی داس سنہ ۱۸۰۸ع

اِسي سال بھواني داس پشاوري مہاراجہ کے دربار میں حاضر ہوا اور ملازمت کی خواهش ظاهر کي - دیوان بھواني داس لائق گھرانے کا شخص تھا - اُس کا باپ اور دادا سرکار کابل میں دیوانی کے عہدہ پر سرفراز رہ چکے تھے - دیوان بھواني داس بھی شاہ شجاع والئے کابل کے هاں صیغۂ مال میں اعلے عہدہ پر ممتاز تھا - امیر کابل کي طرف سے صوبۂ ملتان اور تیرہ‌جات کا مالیہ وصول کرنے کے لئے اُسي سال هندوستان آیا تھا اور کسی وجہ سے شاہ شجاع سے ناراض تھا - چنانچہ اِس موقع کو غنیمت جان کر مہاراجہ کے دربار میں پہنچا - رنجیت سنگھ ایسے لائق شخص کي خدمات کا دل سے خواهشمند تھا - اُسے اپنا محکمہ مال ترتیب دینے کي سخت ضرورت تھي - اِس وقت تک مہاراجہ کے پاس کوئی باقاعدہ خزانہ نہ تھا اور نہ هي آمدنی و خرچ کا درست حساب رکھا جاتا تھا - رنجیت سنگھ کا کل روپیہ امرتسر کے شاهوکار رامانند کے پاس جمع رهتا تھا - چنانچہ مہاراجہ نے دیوان بھوانی داس کو فوراً دیواني کے عہدہ پر مقرر کر دیا - بھواني داس نے اپنے عہدہ پر سرفراز هو کر مالي دفاتر کا باقاعدہ سلسلہ جاری کیا - جا بجا

سرکاری خزانے کھولے گئے - رجسٹر جاری کئے جن میں کوڑی کوڑی کا حساب قلمبند کیا جاتا تھا - لائق فائق منشی مقرر کئے گئے جو حساب کتاب کی جانچ پڑتال کرتے تھے - *

جمعدار خوشحال سنگھ

اِنھی دنوں خوش حال نامی ایک شخص مہاراجہ کی خدمت میں آیا - یہ ذات کا گوڑ برھمن اور ضلع میرٹھ کے پرگنہ سردنا کا رھنےوالا تھا - یہ خوشرو' خوش وضع اور دراز قد نوجوان تھا اور مالی لحاظ سے مفلسی کے پنجہ میں پھنسا ہوا تھا - مہاراجہ نے اُسے دھونکل سنگھ کمیدان کی پلٹن میں بطور سپاھی بھرتی کر لیا - اِس کی توانائی اور وجاھت اِس کے کام آئی اور مہاراجہ نے اِسے خاصہبردار مقرر کر دیا - غالباً مہاراجہ کو خوش کرنے کی غرض سے اِس نے سکھ مذھب قبول کر لیا اور اپنا نام خوشحال سنگھ رکھا - اب مہاراجہ اُسے خاص نظر عنایت سے دیکھنے لگا - کچھ عرصہ بعد اُسے جمعدار بنا دیا - اُس کے تھوڑے دنوں بعد ھی تیوڑھی بردار مقرر ہوا - سکھ دربار میں یہ معزز عہدہ خیال کیا جاتا تھا کیونکہ جو شخص مہاراجہ سے ملنے آتا ضرور

* مہاراجہ کے بڑے بڑے نامی سرداروں اور عہدہداروں کے مفصل حالات کے لئے دیکھو پنجاب چیفس حصہ اول و دوم مصنفہ سرلیپل گرفن -

ڈیوڑھي‌بردار کی وساطت حاصل کرتا - اِس طرح تمام بڑے بڑے سرداروں اور رئیسوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہونے کے علاوہ اسے ہزاروں روپیہ انعام اور نذرانہ کے طور پر ملتا تھا -

تیجا سنگھ

کچھ عرصہ کے بعد اُس نے اپنے بھتیجے تیج رام کو بھی اپني مدد کے لئے بلا بھیجا اور اُس کو بھي سکھ بنا کر مہاراجہ کو زیادہ خوش کر لیا - اُس کا نام تیجا سنگھ رکھا گیا - * تیجا سنگھ کو فوج میں عہدہ دیا گیا - خوشحال سنگھ ڈیوڑھی برداري کے علاوہ کبھي کبھی میدان جنگ میں بھیجا جاتا تھا - مگر یہ قابل سپاھي کے فرائض سرانجام نہ دے سکتا تھا - البتہ دوسروں کي دیکھا دیکھي جنگی کاموں میں شوق سے حصہ لیتا تھا -

رام سنگھ

سنہ ۱۸۱۷ع میں اُس کا چھوٹا بھائي رام لال بھي لاھور آن پہنچا - مگر اُس نے سکھ بننے سے انکار کر دیا جس وجہ سے خوشحال سنگھ بھي مہاراجہ کي

* یہ وھی تیجا سنگھ ھے جو سنہ ۴۶-۱۸۴۵ع میں سکھ افواج کا کمانڈر انچیف بن کر ستلج پار انگریزوں سے لڑنے گیا تھا اور جس پر یہ الزام لگایا جاتا ھے کہ اُس نے دھوکا میں خالصہ فوج کو تباہ کرا دیا -

نظروں سے گر گیا - جوں ہی اُسے یہ معلوم ہوا اُس نے اپنے بھائی کو سمجھا بجھا کر سکھ مذہب میں داخل کر دیا ، رام سنگھ نام رکھا ، اور مہاراجہ کو از سر نو خوش کر لیا ۔

نئے امراء

خوشحال سنگھ اُن لوگوں میں پہلا شخص تھا جنھوں نے صرف مہاراجہ کو خوش کرنے کی غرض سے سکھ مذہب قبول کیا ۔ یہ اُن نئے امرا کی ایک مثال ہے جو رنجیت سنگھ خاندانی سرداروں اور مثل داروں کے علاوہ پیدا کر رہا تھا ۔

آتهواں باب

مہاراجه اور سرکار انگریزي کے درمیان دریائے ستلج کو سرحد قرار دیا جانا

سنه ۱۸۰۸ع سے سنه ۱۸۰۹ع تک

نظر ثاني

گذشته چند سال کے واقعات مطالعه کرنے سے واضح هو گیا هوگا که لاهور پر قبضه کرنے کے دس سال کے اندر اندر رنجیت سنگه اپنی فتوحات کو کس قدر وسعت دے چکا تها - ایک هی جگه میں کئی مشهور مقامات کا اجتماع مہاراجه کے تسلط میں آ چکا تها - مثلاً لاهور ' امرتسر اور قصور ' هوشیارپور ' پتهانکوت ' منڈي ' سکیت ' بسوهلي اور جسروته ' گوجرانواله ' رامنگر ' وزیرآباد اور سیالکوت ' جهلم رهتاس ' پنڈدادنخاں اور نمکسار کهیوره ' بهیره اور میانی ' دهنی ' پتهوهار اور راولپنڈي - پنجاب کے چهوتے یا بڑے تمام سکه سردار مطیع هو چکے تهے - قصور کي زبردست پتهاني ریاست پائمال هو چکی تهی - ملتان اور کانگڑه کے حاکم مہاراجه کا زور بازو آزما چکے تهے - غرضکه پنجاب کا هر فرد بشر اپنی سلامتی اور ترقی کے لئے رنجیت سنگه کی طرف دیکهتا تها - اور اُسی کي نظر عنایت کا خواهاں تها -

رنجیت سنگھ کي دانشمندي

گو مہاراجہ خود حقیقت میں گورنمنت یعني سرکار تھا ' ہر کام اُسی کے حکم سے عمل میں لایا جاتا تھا ' تحریر و تقریر میں بھي سرکار کے نام سے مخاطب کیا جاتا تھا ' مگر رنجیت سنگھ نے دوسرے بادشاھوں کي طرح اپنے لئے کبھی بادشاھانہ القاب اختیار نہیں کئے اور نہ ھی دوسري ریاستوں کے ساتھ خط و کتابت میں اپنے آپ کو بادشاہ کے لقب سے نامزد کیا - وہ از روئے منصب ' سرکار خالصہ جی ' ملقب کیا جاتا تھا اور شاھی مہر میں " اکال سہائي رنجیت سنگھ " کے لفظ کندہ تھے - یہی الفاظ بڑے سے بڑے سردار ادنیٰ سے ادنیٰ سکھ سپاھي کي مہر میں بھي اکثر منقش ھوتے تھے - اِس کسرنفسي سے رنجیت سنگھ کا یہ مدعہ تھا کہ اُس کي ھستی خالصہ پنتھ سے باھر کی چیز معلوم نہ ھو بلکہ وہ خالصہ مشین کا جزو خاص سمجھا جائے - یہ دانشمندي تھی ' جو رنجیت سنگھ کی مقصد براري کو سکھ مذھب کي کامیابی کے ساتھ مطابقت دیتي تھی -

سہانہ کا جلسہ

پیشتر ذکر ھو چکا ھے کہ گذشتہ دو سال میں مہاراجہ نے دو دفعہ ستلج پار کی سکھ ریاستوں کا دورہ کیا تھا اور سرداروں سے نذرانے وصول کئے تھے - اُن پر مہاراجہ کا وقار خوب جم چکا تھا - چنانچہ جب سنہ

۱۸۰۸ع میں تارا سنگھ گھیبہ کی وفات پر قلی والی مثل کے مقبوضات مہاراجہ کے قبضہ میں آئے تو ستلج پار کے تمام رئیس خوفزدہ ہو گئے - سب نے مل کر ریاست پٹیالہ کے سمانہ نامی گاؤں میں جلسہ کیا جس میں یہ فیصلہ کرنا تھا کہ اپنی ریاستیں برقرار رکھنے کے لئے کیا طرز عمل اختیار کیا جائے - انگریزی عملداری دریائے جمنا تک پہنچ چکی تھی اور جس کے آگے بڑھنے کا پورا امکان تھا - دوسری جانب سے مہاراجہ اپنی سلطنت کو وسعت دیتا چلا آ رہا تھا - پس ستلج پار کے سکھ سرداروں نے خیال کیا کہ ہم دو زبردست حکومتوں کے درمیان گھر گئے ہیں اور ہمارے لئے اپنی ہستی قائم رکھنے کے لئے ایک یا دوسری سلطنت کی پناہ لینی ضروری ہے - اگرچہ چند سردار برٹش گورنمنٹ کے تعلق میں آکر اُن کی نیک نیتی دیکھ چکے تھے لیکن اُن میں سے بعض کو کچھ شبہہ تھا - مگر وہ سب کے سب مہاراجہ کی دست درازی کے قائل تھے - اِس لئے کچھ بحث مباحثہ کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ انہیں انگریزی راج کی پناہ لینی چاہئے اور اِس رائے پر سب نے رضامندی ظاہر کی - *

* منشی سوہن لال عمدۃالتواریخ صفحہ ۷۹ دفتر دوئم - چنانچہ اسی دن سے آج تک ستلج پار کی سکھ ریاستوں کے سرکار انگریزی کے ساتھ دوستانہ تعلق چلے آتے ہیں -

ستلج پار ریاستوں کے انگریزوں کے ساتھ تعلقات

یہاں یہ ذکر کر دینا مناسب ہوگا - کہ ستلج پار کے چند سرداروں کے انگریزوں کے ساتھ تعلقات کئی سال پہلے وقوع میں آ چکے تھے * - سنہ ۱۸۰۳ع میں جب انگریزوں نے دھلی پر قبضہ کیا - تو بھائي لعل سنگھ کیتھل‌والہ ' راجہ بھاگ سنگھ والی جیند اور سردار بھنگا سنگھ تھانیسوری نے اُن کی مدد کي تھي - بعد میں بھي وقتاً فوقتاً ایسا ہوتا رہا تھا † - اِس وجہ سے اُن کے باھمي تعلقات اور بھي مستحکم ہو گئے تھے - سنہ ۱۸۰۵ع میں جب جسونت رائے ھلکر مدد کے لئے مہاراجہ کے پاس آیا تب بھي راجہ بھاگ سنگھ نے مہاراجہ کو مرھٹوں کي مدد کرنے سے منع کیا تھا - لارڈ لیک بھی اِن سرداروں کي قدر کرتا تھا - چونکہ لارڈ ولزلی کے بعد گورنمنٹ کی پالسي بدل چکی تھي - اور وہ دیسي ریاستوں کے باھمي تعلقات میں دخل اندازي کرنا مناسب نہیں سمجھتے تھے - اسی وجہ سے مہاراجہ کے ستلج پار کے دورہ کے وقت انگریزوں نے اِن سرداروں کي کوئي مدد نہیں کی بلکہ اپنے قلعہ کرنال کو احتیاطاً زیادہ مستحکم کر لیا -

* حوالہ کے لئے دیکھو سفرنامہ فورسٹر صاحب جلد اول و تاریخ سکھاں مصنفہ مالکم صاحب -

† حوالہ کے لئے دیکھو تاریخ سکھاں مصنفہ کننگھم صاحب -

برٹش رزیڈنٹ اور سکھ سفارت

عین اُسی وقت ستلج پار کے سکھ سرداروں کی سفارت برٹش رزیڈنٹ کے پاس پہنچی اور اُس سے التجا کی کہ ہمیں انگریزی حفاظت میں لے لیا جائے - لیکن رزیڈنٹ نے اُنھیں کوئی حوصلہ‌افزا جواب نہ دیا - صرف یہ وعدہ کیا کہ اُن کی درخواست گورنر جنرل کو بھیج دی جائیگی اور جو فیصلہ ہوگا اُس سے اُن کو مطلع کر دیا جائیگا -

سکھ سرداروں کی دعوت

یہ سردار مایوس ہوکر دھلی سے واپس آ رہے تھے کہ اِس معاملہ کی خبر رنجیت سنگھ کو پہنچ گئی - مہاراجہ نے فوراً اپنا ایجنٹ اُن کے پاس بھیجا اور اُنھیں امرتسر دربار میں حاضر ہونے کی دعوت دی - چنانچہ جب یہ سب جمع ہو گئے تو مہاراجہ اُن سے بہت تپاک سے ملا ' اُن کے دل سے خطرہ دور کرنے میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی - ۲۴ نومبر سنہ ۱۸۰۸ع کو اکھنور کے مقام پر مہاراجہ نے راجہ پٹیالہ سے دوبارہ ملاقات کی اور اِسی مضمون کے متعلق بات چیت ہوئی - دونوں میں دوستی کے عہد و پیمان ہوئے اور بابا صاحب سنگھ بیدی نے محبت بڑھانے کی خاطر اُن کی پگڑیاں بھی تبدیل کرا دیں -

برٹش گورنمنٹ کی پالیسی میں تبدیلی

انھی ایام میں برٹش گورنمنٹ کو یورپ سے اطلاع آئی کہ نپولین بوناپارٹ شاہان ترکی و ایران کی امداد سے ہند پر حملہ کرنے کا قصد رکھتا ہے - اُس زمانہ میں نپولین شاہنشاہ فرانس کی فوجی طاقت درجۂ کمال کو پہونچی ہوئی تھی - وہ یورپ کا بہت سا حصہ فتح کر چکا تھا اور روس کے ساتھ نیا عہدنامہ طے کر کے لڑائی جھگڑوں سے فارغ ہو چکا تھا - اُس کے حملہ کی وحشت ناک خبر نے گورنر جنرل لارڈ منٹو کو پیش‌بندیاں کرنے کے لئے مجبور کر دیا اور اُسے اپنی عدم مداخلت کی پالیسی بدلنے کی ضرورت محسوس ہوئی - چنانچہ دریائے ستلج اور جمنا کے درمیانی علاقہ کی ریاستوں کو زبانی یقین دلایا گیا کہ اگر وہ انگریزوں کے خیرخواہ رہینگے تو برٹش گورنمنٹ قدرتی طور سے اُن کی مدد کریگی - نیز ایک سفارت زیرکردگی مسٹر مٹکاف مہاراجہ کے دربار لاہور میں روانہ کی گئی - دوسری امیران سندھ تیسری شاہ شجاع والی کابل اور چوتھی شاہ ایران کے دربار میں بھیجی گئی - اِن سفارتوں کا مقصد یہ تھا کہ اِن ممالک کے حاکموں کو انگریزوں کا دوست بنایا جائے تا کہ نپولین کے حملہ کے وقت یہ اُن کی مدد کریں -

مسٹر مٹکاف کی سفارت

مہاراجہ اِس وقت اپنی فوج اکھٹی کئے قصور کے قریب ڈیرے ڈالے پڑا تھا - غالباً ستلج پار کے علاقہ کا دورہ کرنے

کا قصد کر رہا تھا - کہ مسٹر مٹکاف ۱۱ ستمبر سنہ ۱۸۰۸ع قصور کے قریب مرضع کهیم کرن کے مقام پر مہاراجہ کی خدمت میں حاضر ہوا - مہاراجہ نے سردار فتح سنگھ اہلووالیہ اور دیوان محکم چند کو دو ہزار کے قریب خوبصورت جوان ہمراہ بھیجکر مٹکاف کے استقبال کے لئے روانہ کیا - جب وہ مہاراجہ کے کیمپ کے نزدیک پہنچا - تو مہاراجہ خود خیمہ کے باہر اُس کے خیر مقدم کے لئے آیا - ایک ہاتھی - چند گھوڑے طلائی زین اور بیش قیمت کپڑے اُس کی نذر کئے - مہاراجہ کا دانا سیکریٹری فقیر عزیزالدین مٹکاف کی مہمان نوازی کے لئے مقرر ہوا - دوسرے روز مہاراجہ انگریزی سفیر کے کیمپ میں گیا اور مٹکاف نے گراں بہا تحائف گورنر جنرل کی طرف سے مہاراجہ کی خدمت میں پیش کئے - اِس کے بعد مٹکاف نے گورنر جنرل کے خیالات ظاہر کئے اور عہدنامہ کا مسودہ مہاراجہ کے سامنے پیش کیا -

شرائط عہدنامہ

عہد نامہ کی شرائط تقریباً اِس مطلب کی تھیں :—

۱ — اگر شاہ فرانس کبھی اِس ملک پر حملہ کرے تو سرکار انگریزی اور مہاراجہ رنجیت سنگھ متفقہ طاقت سے اُس کا مقابلہ کریں -

۲ — اگر کبھی دشمن کے مقابلہ کے لئے انگریزی فوجیں اٹک سے پار یا افغانستان کے علاقہ میں لے جانے

کي ضرورت پیش آئے تو مہاراجہ اپني سلطنت
میں سے اُنھیں راستہ دے -

۳ ـــ اگر کابل کے ساتھ سرکار انگریزي کو خط و کتابت
کرنے کي ضرورت محسوس ہو تو مہاراجہ اُن
ہرکاروں کي حفاظت کرے -

مہاراجہ نے سر دست اِن شرائط کو منظور نہ کیا اور اِن
کے مقابلہ میں اپني مندرجہ ذیل شرائط پیش کیں :ـــ

۱ ـــ دربار لاھور اور حکمران کابل کے درمیان لڑائي یا
جھگڑا ہونے کی صورت میں برٹش گورنمنٹ دخل
اندازي نہ کرے -

۲ ـــ سرکار انگریزي اور دربار لاھور میں ھمیشہ دوستي
رہے -

۳ ـــ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے شاھي حقوق تمام سکھ
ریاستوں پر سمجھے جائیں - جس سے مہاراجہ کي
مراد ستلج پار کي سکھ ریاستوں سے تھي -
انگریزي سفیر نے جواب دیا کہ مجھے اِن شرائط
کـي منظوری کا کوئی اختیار نہیں - البتہ میں
دونوں مسودے گورنر جنرل کے پاس روانہ کر دیتا
ہوں -

مہاراجہ کا ستلج پار کے علاقہ کا دورہ

مہاراجہ کے لئے یہ باور کرنا شاید مشکل تھا کہ انگریز
یہ عہدنامہ صرف فرانس کے حملہ روکنے کے لئے کر رہے

ہیں بلکہ اُسے یقین تھا کہ یہ سب کارروائی ستلج
پار کی ریاستوں کے متعلق ہے - خالصہ کی متحدہ طاقت
قائم کرنے کے لئے مہاراجہ کے دل میں زبردست خواہش پیدا
ہو چکی تھی اور یہ خیال کہ سکھ ریاستیں انگریزوں کی پناہ
میں چلی جائیں اُسے بہت تکلیف دیتا تھا - چنانچہ
گورنر جنرل اور اُن کے سفیر کی خط و کتابت کے وقفہ
سے مہاراجہ نے فائدہ اُٹھانا چاہا اور فوراً ایک کثیرالتعداد
فوج کو ستلج پار جانے کا حکم دیا اور مقام کھائی پر
خیمہ زن ہوا - اُس وقت راجہ بھاگ سنگھ، راجہ جسونت
سنگھ والی نابھہ، بھائی لعل سنگھ کھتیل والہ اور سردار
گوردت سنگھ لاڈوہ والہ اور دیگر بہت سے سردار مہاراجہ کے
ہمراہ تھے - یہاں پر مہاراجہ نے فیروزپور کے حاکم سے
نذرانہ وصول کیا اور سردار کرم سنگھ چاہل کر فرید
کوٹ کی فتح کے لئے روانہ کیا - کرم سنگھ کی کامیابی
کی خبر آنے پر خود بھی آدھی رات گذرے کھائی سے کوچ
کیا اور اکتوبر سنہ ۱۸۰۸ع میں فریدکوٹ میں اپنا تھانہ
قائم کیا - پھر نواب مالیرکوتلہ سے نذرانہ وصول کیا - زاں
بعد مہاراجہ انبالہ پہنچا - قلعہ کو فتح کرکے وہاں بھی
اپنا تھانہ قائم کیا - اپنے ایک افسر سردار گنڈا سنگھ صافی
کو دو ہزار سوار کے ساتھ اِس قلعہ کا تھانہ‌دار مقرر کیا -
یہاں سے دورہ کرتا ہوا مہاراجہ شاہ‌آباد پہنچا - یہ مقام
دریائے مارکنڈہ کے کنارہ مرکزی محل پر واقع ہے - اِس کے
ایک طرف سہارنپور، دوسری جانب جگادھری، تیسری سمت

تھانیسر اور چوتھی جانب دریائے جمنا ہے - یہاں سے نذرانے وصول کر کے مہاراجہ دسمبر سنہ ۱۸۰۸ع میں واپس امرتسر آیا -

برٹش گورنمنٹ کا رویہ

سرکار انگریزی نے مہاراجہ کے اس رویہ کو نہایت ہی نامناسب خیال کیا - مسٹر مٹکاف وقتاً فوقتاً اس کے خلاف گلہ آمیزی بھی کرتا رہا - مگر ابھی تک گورنر جنرل نے اس بات کا قطعی طور پر فیصلہ نہیں کیا تھا کہ اُنہیں کیا وطیرہ اختیار کرنا چاہئے کیونکہ یورپ کی حالت ابھی تک مشتبہ تھی - مگر جب مہاراجہ شاہ‌آباد تک جا پہنچا تو گورنر جنرل گھبرایا اور فیصلہ کیا کہ مہاراجہ کو روکنے کے بغیر اور کوئی چارہ نہیں - کیونکہ ایسی صورت میں ستلج پار کے سرداروں کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم ہونے مشکل ہو جائینگے - لہذا جنوری سنہ ۱۸۰۹ع میں انگریزی فوج زیر کمان کرنیل اختر لونی دریائے جمنا سے پار اُتری اور بوڑیہ، پٹیالہ ہوتی ہوئی لدھیانہ کے قریب آ پہنچی - انگریزی فوج کی آمد پر سرداران ستلج پار کی اُمیدیں اُمڈ آئیں - اُنہوں نے اپنے طرز عمل پر دوبارہ غور کیا اور یہی فیصلہ کیا کہ انگریزوں کے ساتھ ملنا ہی اُن کی ہستی قائم رکھنے کے لئے بہتر ہوگا - چنانچہ اختر لونی نے اِس فیصلہ کی اطلاع گورنر جنرل کو دی - اور اُس کی منظوری سے ایک اِطلاع نامہ مورخہ ۹ فروری

سنہ ۱۸۰۹ع کو جاری کیا اور اُس کي نقل مہاراجہ رنجیت سنگھ کو بھیج دي -

اِطلاع نامہ کا لب لباب

اِس اِطلاع نامہ کا لب لباب یہ تھا کہ ستلج پار کے رئیسوں کو سرکار انگریزی نے اپنی پناہ میں لے لیا ہے - اس لئے جو فوج مہاراجہ نے ستلج کے اِس پار قائم کی ہوئی ہے وہ فوراً واپس بلائي جائے اور جن قلعجات میں مہاراجہ نے حال ھي میں اپنے تھانے مقرر کئے ھیں وھاں سے سپاہ اُٹھا لي جائے - عدم تعمیل کی صورت میں سرکار انگریزی جنگ کے لئے مجبور ھو جائیگی -

سر ڈیوڈ اختر لونی کا ۹ فروري سنہ ۱۸۰۹ع کا اطلاع نامہ

چونکہ انگریزی فوج مہاراجہ رنجیت سنگھ کی سرحد کے نزدیک ڈیرے ڈالے پڑی ہے اِس لئے یہ مناسب سمجھا گیا ہے کہ اِس اِطلاع نامہ کے ذریعہ مہاراجہ کی خدمت میں برٹش گورنمنٹ کی خوشنودی کا اظہار کیا جائے تاکہ مہاراجہ کے سرداروں کو سرکار انگریزی کے احساس سے آگاھی ھو جائے جس کا مقصد مہاراجہ کے ساتھ دوستی کو مستحکم کرنا اور اُس کے ملک کو نقصان سے بچانا ہے - دونوں سلطنتوں کے مابین محبت خاص شرائط کي وجہ سے ھی قائم رہ سکتی ہے - اس لئے وہ نیچے درج کی جاتی ھیں :-

۱ — کھرڑ خانپور اور دریائے ستلج کے اِس طرف کے دیگر قلعہ جات جو مہاراجہ کے ماتحتوں کے قبضہ

میں ہیں گرا دئے جائیں ' اور یہ مقامات اُن کے
پرانے مالکوں کو واپس کردئے جائیں -

۲ — مہاراجہ کی جس قدر پیادہ اور سوار سپاہ دریائے
ستلج کے اِس طرف ہو دریا کے پار مہاراجہ کے
ملک میں واپس بلالي جائے -

۳ — مہاراجہ کی جو سپاہ پھلور کے گھاٹ پر مقیم ہے کوچ
کرکے دریا پار چلي جائے اور آئندہ مہاراجہ کی فوج
دریا کے اِس طرف اُن سرداروں کے علاقہ میں نہ
آئے جو سرکار انگریزي کے تھانوں کی پناہ میں
آ چکے ہیں - گورنمنٹ نے دریا کي اُس طرف
سپاہیوں کی قلیل تعداد تھانوں میں مقرر کي
ہے - اگر اُتني ہی سپاہ پھلور کے گھاٹ پر تھانہ
میں مقیم رکھي جائے تو ہمیں کوئي اعتراض نہ ہوگا -

۴ — اگر مہاراجہ مندرجہ بالا شرائط تکمیل میں لائے جیسا
کہ وہ کئی مرتبہ مسٹر مٹکاف کی موجودگي میں
اقبال کر چکا ہے تو یہ ایفا آپس کی دوستي کو
مستحکم کریگا - اگر اِن شرائط پر عمل‌در آمد نہ
ہوا تو یہ صاف عیاں ہوگا کہ مہاراجہ نہ صرف
انگریزوں کي دوستی کا کچھ لحاظ نہیں رکھتا
بلکہ دشمنی پر تلا ہوا ہے - ایسی صورت میں
فاتح انگریزي فوج اپني حفاظت کے لئے ہر
طریقہ عمل میں لائیگی -

۵ — اِس اعلان کا مدعا صرف یہ ہے کہ گورنمنٹ کے احساسات مہاراجہ پر ظاہر ہو جائیں اور مہاراجہ کے خیالات ہمیں معلوم ہو جائیں - گورنمنٹ کو اُمید کامل ہے کہ مہاراجہ اِس اعلان کی شرائط پر غور کریگا اور اُنھیں اپنے حق میں بہت مفید پائیگا - اِس سے انگریزوں کی دوستی کا نمایاں ثبوت ملیگا کہ وہ جنگ کی پوری طاقت رکھنے کے باوجود بھی صلح کے آرزومند ہیں -

رنجیت سنگھہ کا جنگ کی تیاری کرنا

جب مہاراجہ کو یہ اِطلاع‌نامہ موصول ہوا تو اُسے بڑا جوش آیا اور اُس کے منظور کرنے میں عذر کیا - رنجیت سنگھہ کے لئے اب دو راستے کھلے تھے - یا تو سرکار انگریزی سے ہمیشہ کے لئے قطع تعلق کر لے ' یا اُن کے ساتھہ عہدنامہ کرکے ستلج کو اپنی حد قرار دے اور اپنی سلطنت کو وسعت دینے کے لئے کشمیر ' پشاور ' افغانستان ' ملتان وغیرہ کے علاقے فتح کرے - مہاراجہ کو پہلی تجویز پسند آئی - فوراً اپنے سرداروں کے نام احکام جاری کر دئے کہ تمام خالصہ فوج سمیت لاہور پہنچ جاؤ - اور اناج کے ذخیرے ' گولہ بارود و دیگر سامان جنگ با افراط جمع کرنا شروع کیا - قلعوں پر توپیں نصب کر دی گئیں - دیوان محکم چند کو حکم ہوا کہ کانگڑہ سے تمام لشکر اور توپخانہ سمیت فوراً پھلور پہنچ جاؤ - اور دوسرا حکم پاتے ہی انگریزوں کے ساتھہ لڑائی شروع کر دو - اِسی طرح

تمام جاگیر داروں اور باجگزاروں کو حکمنامے روانہ کئے گئے اور سخت تاکید کی کہ بہت جلدی اپنی اپنی سپاہ اور توپوں کے ساتھ لاہور پہنچ جاؤ - لاہور کا قلعہ اور زیادہ مستحکم کیا گیا - خندق زیادہ گہری اور چوڑی بنا دی گئی - امرتسر کے نئے تعمیرشدہ قلعہ‌گوبند گڑھ کو اور بھی پکا بنا دیا گیا - قلعہ کی دیواروں پر توپیں چڑھا دی گئیں - منشی سوہن لال لکھتا ہے کہ چند دنوں میں ایک لاکھ کے قریب جرار لشکر لاہور میں جمع ہو گیا اور اُسے ستلج اور بیاس کے پار مختلف مقامات پر تعینات ہونے کا حکم جاری کر دیا -

سرکار انگریزی کی کارروائی

حکام انگریزی کو جب اِن تیاریوں کی خبر پہنچی - تو انھوں نے سرڈیوڈ اخترلونی کی فوج میں بہت سی ایزادی کر دی - راجہ نابھہ سے لدھیانہ کا قلعہ لےکر اپنی چھاؤنی قائم کرلی - گورنمنٹ انگریزی اپنی تیاریوں میں مصروف تھی - کہ یورپ سے نپولین بوناپارٹ کی کئی خانگی تکلیفات کی خبر یہاں پہنچی - جس سے صاف نظر آتا تھا - کہ اب نپولین کئی سال تک ہند پر حملہ نہیں کرسکتا - اب سرکار انگریزی نے بےدھڑک سابقہ کی نسبت زیادہ ٹھوس پالیسی اختیار کرلی - اور مہاراجہ کے ساتھ شدید خط و کتابت شروع ہوئی - اور یہ صاف طور سے واضع کر دیا - کہ خواہ کچھ ہو - برٹش گورنمنٹ مہاراجہ کی سلطنت کی مشرقی حد دریائے ستلج کے علاوہ اور کچھ قرار نہ دیگی -

اور ستلج کے اِس پار کی سکھ ریاستوں میں مہاراجہ کی دخل اندازی ہرگز گوارا نہ کی جائیگی -

رنجیت سنگھ کی دانشمندی

گو سرکار انگریزی کی یہ چال مہاراجہ کو ہرگز ہرگز پسند نہ تھی ، کیوں‌کہ اُسے صاف نظر آتا تھا کہ اِن شرائط کے منظور کرنے سے اُس کی زندگی کا مقصد درہم برہم ہو جائیگا اور وہ خالصہ کی متحدہ طاقت قائم نہ کر سکیگا - لیکن اُس کے ساتھ ہی اُس پر اپنی طاقت کی مضبوطی بھی عیاں تھی - اُس کی سلطنت ابھی ابتدائی مرحلہ بھی طے نہ کر چکی تھی اور سرکار انگریزی جیسی زبردست حکومت کے مقابلہ کی تاب نہ رکھتی تھی - نیز اُسے یہ خیال بھی ضرور آیا ہوگا کہ اگر وہ اِس موقعہ پر انگریزوں کے ساتھ جنگ میں مبتلا ہو گیا تو اغلب ہے کہ پنجاب کے وہ سردار اور رؤسا جنھیں مغلوب ہوئے ابھی تھوڑا عرصہ گذرا ہے شاید اُس کا ساتھ نہ دیں اور جو ابھی پورے طور پر مفتوح نہیں ہوئے ستلج پار کے سکھوں کی طرح انگریزوں سے پناہ نہ طلب کر بیٹھیں - ایسی صورت میں سکھ سلطنت کے قائم کرنے کا رہا سہا موقعہ بھی جاتا رہےگا -

مہاراجہ کا صلح کے لئے راضی ہونا

یہ دانشمندی اور عاقبت‌اندیشی مہاراجہ کے ایسے نازک وقت میں کام آئی - رنجیت سنگھ نے اپنے مشیران دولت سے دوبارہ مشورہ کیا - سارے معاملہ پر از سرنو غور

کرنے سے مہاراجہ اِس نتیجہ پر پہنچا کہ اِس وقت انگریزوں کے ساتھہ صلح کرنا ھي قرین مصلحت ھے گو چند سرداروں نے اِس رائے کي مخالفت بھي کی - اِسي اثناء میں مہاراجہ اور مٹکاف کے مسودوں سے کاٹ چھانٹ کرکے مرتب کیا ھوا نیا مسودہ کلکتہ سے آیا - اور دونوں طاقتوں کي متفقہ رائے سے پاس ہو گیا - یہ عہدنامہ مورخہ ۲۵ اپریل سنہ ۱۸۰۹ع کو تحریر ھوا - اور تاریخ میں مٹکاف کے عہد نامہ کے نام سے مشہور ھے -

عہد نامہ

یہ عہدنامہ ذکر کرتا ھے کہ سرکار انگریزي اور مہاراجہ رنجیت سنگھ والئے لاھور کے درمیان جو اختلافات پیدا ھو گئے تھے اب وہ دونوں کي خوشي و رضامندي سے طے ھو چکے ھیں - فریقین کی خواھش ھے کہ اُن کے مابین دوستانہ تعلقات قائم رھیں - اس لئے یہ عہدنامہ لکھا جاتا ھے جس کی پابندي دونوں سلطنتوں کے وارثوں اور جانشینوں کے لئے ضروري ھوگي - یہ عہدنامہ مہاراجہ رنجیت سنگھ فریق اول اور انگریزی گورنمنٹ کے ایجنٹ مسٹر سی ' ٹی ' مٹکاف فریق ثاني کي موجودگي میں تحریر ھوا -

شرائط

(۱) سرکار انگریزي اور ریاست لاھور میں ھمیشہ کے لئے دوستي رھیگي - دوسرا فریق یعني سرکار انگریزي پہلے فریق یعني سرکار لاھور کو بہت باعزت طاقتوں میں شمار کریگا اور برٹش گورنمنٹ

کو راجہ رنجیت سنگھ کے علاقے اور رعیت کے ساتھ جو دریائے ستلج کے شمال کی طرف واقع ہے کوئی سروکار نہ ہوگا ۔

(۲) راجہ کے قبضہ میں آیا ہوا علاقہ * یا اُس کے نزدیکی علاقوں میں جو دریائے ستلج کے بائیں طرف ہیں اُس سے زیادہ فوج نہ رکھیگا جو اندرونی انتظام کے لئے ضروری ہے اور نہ ہی ہمسایہ رئیسوں یا اُن کے علاقوں سے کوئی واسطہ رکھےگا ۔

(۳) مندرجہ بالا شرائط میں سے کسی ایک کو توڑنے یا آپس کے دوستانہ برتاؤ میں پورا نہ اترنے کی صورت میں یہ عہدنامہ منسوخ سمجھا جائیگا ۔

مٹکاف نے اِس عہدنامہ پر اپنے دستخط ثبت کرکے اِس کی نقل انگریزی اور فارسی میں رنجیت سنگھ کو دے دی اور دوسری نقل پر راجہ نے اپنی صحی اور مہر لگاکر مٹکاف کے حوالہ کر دی ۔ مٹکاف نے اقرار کیا کہ وہ دو مہینے کے اندر گورنر جنرل سے اُس کی منظوری منگوا دیگا اور تب یہ عہدنامہ پکا اور مکمل سمجھا جائیگا اور دونوں فریقوں پر اُس کی پابندی لازمی ہوگی ۔ چنانچہ یہ عہدنامہ مورخہ ۳۰ مئی سنہ ۱۸۰۹ع کو گورنر جنرل لارڈ منٹو نے اپنی کونسل

* اِس علاقہ سے مراد اُن قصبوں اور قلعوں سے ہے جو انگریزی سفارت کے لاہور پہنچنے سے پہلے مہاراجہ نے اپنے قبضہ میں کئے ہوئے تھے اور جو مقامات انگریزی سفارت کے پہنچنے کے بعد مفتوح کئے تھے وہ سب کے سب اصل مالکان کو واپس کر دئے گئے تھے ۔

میں منظور کیا اور اِس پر اپنی مہر اور دستخط ثبت کرکے
مہاراجہ کے پاس بھیج دیا -

عہدنامہ کے نتائج

اِس کشمکش کے اختتام پر رنجیت سنگھ کی زندگی کا
ایک اہم اور ضروري مرحلہ طے ہوا - اِس میں شک نہیں
کہ اب مہاراجہ کے لئے خالصہ کی متحدہ طاقت کو یکجا
کرنے کا کوئی موقعہ نہ رہا اور اُسے نصف کے قریب سکھ
مقبوضات سے محروم رہنا پڑا - کیونکہ چھ مثلیں ستلج کے
پار واقع تھیں اور باقي چھ اِس طرف - مگر اب اُس کے لئے
دریائے ستلج سے دریائے سندھ بلکہ اِس سے آگے تک میدان
صاف ہو گیا اور انگریزوں کي بڑھتي ہوئي طاقت کا کھٹکا
دور ہو گیا - دوسري جانب انگریزي گورنمنٹ کا دائرہ رسوخ
جان و مال کی ذرا سی بھی قربانی کئے بغیر قلم کی ایک
زد سے یک لخت دریائے جمنا سے دریائے ستلج تک پہنچ
گیا - مگر یہ سچ ہے کہ اِس عہدنامہ کی رو سے دونوں فریقین
بخوبی مستفید ہوئے - کیونکہ اِس کے بغیر جلدي ہی غالباً
دونوں سلطنتوں میں مٹھبھیڑ کي نوبت پہنچ جاتي - یہ
عہدنامہ رنجیت سنگھ کی فہم و ادراک کا اعلے نمونہ ہے -

مٹکاف کے شیعہ سپاھیوں اور اکالیوں میں فساد

ابھي اِس عہدنامہ پر فریقین کے دستخط نہیں ہوئے
تھے کہ اتفاق سے محرم اور ہولی کے تہوار اکھٹے آ گئے -
مسٹر مٹکاف کے ہمراہ چند شیعہ سپاہی بھی آئے تھے - اُنھوں نے

اپنے رواج کے مطابق تعزیہ نکالا ' اور جس وقت محرم کا جلوس تعزیہ سمیت دربار صاحب امرتسر کے پاس سے گذرا تو مسلمانوں اور اکالیوں میں فساد ہو گیا - مشہور اکالی لیڈر سردار پھولا سنگھ نے بڑے جوش سے حملہ کیا - طرفین کے کچھ آدمی کام آئے مگر متکاف کے قواعددان سپاهیوں نے فوراً انگریزی طرز کے مطابق صف‌آرائی کر لی جس وجہ سے اکالیوں کا حملہ کارگر نہ ہو سکا - اِسی اثناء میں مہاراجہ کو بھی اطلاع پہنچ گئی - وہ قلعہ گوبندگڑھ سے فوراً موقع پر پہنچ گیا اور جھگڑا رفع کرا دیا - انگریزی فوج کے چھوٹے سے دستہ کی قواعد اور باقاعدہ صف‌آرائی دیکھی تو فوجی قواعد کی فضیلت اُس کے دل میں گھر کر گئی اور اِس حقیقت نے مہاراجہ کو انگریزوں کے ساتھ صلح کرنے پر مجبور کیا - ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ اِس امر نے کس قدر مہاراجہ کو عہدنامہ پر دستخط کرنے کے لئے راغب کیا مگر اِس کا اتنا اثر ضرور ہوا کہ مہاراجہ مغربی فوجی ٹریننگ یعنی طریقہ قواعد کا معتقد ہو گیا جس کو اُس نے اپنی فوج میں بھی پوری کوشش سے بعد میں رائج کیا -

ستلج پار کے رئیسوں کے لئے اِطلاع نامہ

ستلج پار کی ریاستیں فروری سنہ ۱۸۰۹ع میں سرکار انگریزی کی پناہ میں آ چکی تھیں - مگر یہ ضروری تھا کہ اُن کے تعلقات کو پورے طور پر واضح کر دیا جائے چنانچہ مورخہ ۳ مئی سنہ ۱۸۰۹ع کو مفصلہ ذیل اطلاع‌نامہ مشتہر کیا گیا اور ایک دربار منعقد کرکے یہ پڑھکر سنایا گیا -

یہ امر روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ برٹش گورنمنٹ نے انگریزي فوج چند سرداروں کی زبردست خواہش کے مطابق دریائے ستلج کی طرف روانہ کی تھی جس کا مدعا یہ تھا کہ اُن کی دوستی کو مد نظر رکھتے ہوئے اُن کے علاقوں پر اُن کی خودمختاري قائم رکھی جائے - چنانچہ ایک عہدنامہ مورخہ ۲۵ اپریل سنہ ۱۸۰۹ع کو سرکار انگریزي اور مہاراجہ رنجیت سنگھ کے درمیان طے ہو چکا ہے لہذا نہایت خوشی کے ساتھ برٹش گورنمنٹ مالوہ اور سرحد کے علاقے کے سرداروں اور رئیسوں کی تسلی کے لئے یہ دستاویز پیش کرتی ہے جس کی شرائط حسب ذیل ہیں :—

شرائط اطلاعنامہ

۱ — مالوہ اور سرحد کے علاقہ کے سردار سرکار انگریزي کے زیرسایہ آ چکے ہیں - چنانچہ اُنہیں آئندہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی تشدد کي پالیسی سے محفوظ رکھا جائیگا -

۲ — اُن رئیسوں سے جو برٹش گورنمنٹ کی پناہ لے چکے ہیں کوئي خراج نقد یا جنس کی صورت میں نہیں لیا جائیگا -

۳ — اُن سرداروں کے جو اختیارات اور حقوق سرکار انگریزی کی حفاظت میں آنے سے پہلے تھے وہی برقرار رہینگے -

۴ — جب کبھی امن قائم رکھنے کے لئے انگریزی فوج
کو اِن رئیسوں کے علاقہ سے گذرنا پڑے تو ہر
رئیس کے لئے لازمی ہوگا کہ جب اس کے علاقہ
سے فوج کا گذر ہو تو وہ فوج کی ہر مناسب
طریقہ سے مدد کرے ' یعنی غلہ ' جائے رہائش و
دیگر ضروریات بہم پہنچائے -

۵ — جب کوئی دشمن اِس ملک پر حملہ کرے تو
دوستی کے اصول کے مطابق ہر ایک سردار کے
لئے ضروری ہوگا کہ وہ اپنی اپنی فوج کے ساتھ
انگریزی سپاہ سے آ ملے اور اپنی پوری کوشش کے
ساتھ دشمن کو شکست دینے میں مدد کرے -
ایسے موقعہ پر اِن رئیسوں کی فوج انگریزی
قواعدداں فوج کے ماتحت کام کریگی -

۶ — کسی ولایتی سامان پر جو ممالک یورپ سے انگریزی
فوجوں کے اِستعمال کے لئے اِن کے علاقے سے گذرے
کوئی محصول نہ لیا جائے -

۷ — خواہ کتنے ہی گھوڑے انگریزی فوج کے رسالہ کے
لئے اِس علاقہ سے خریدے جائیں یا کسی اور ملک
سے خریدے ہوئے یہاں سے گذریں تو اُن پر کوئی
محصول وغیرہ نہ لیا جائے - گھوڑے گذارنے یا خریدنے
والوں کے پاس رزیڈنٹ دھلي یا سرحد کے انگریزي
افسر کے دستخطي پروانۂ راهداري هوا کرینگے -

انجام اِطلاع نامہ

اِس اِطلاع نامہ کا یہ انجام ہوا کہ ستلج پار کے علاقہ کے رئیسوں کا ہمیشہ کے لئے مہاراجہ رنجیت سنگھ سے تعلق ٹوٹ گیا - لدھیانہ میں انگریزی چھاؤنی قائم ہو گئی - سر ڈیوڈ اخترلونی جو اُن دنوں بڑا لائق فائق سول اور فوجی افسر مانا جاتا تھا برٹش فوج کا کمانڈر مقرر ہوکر لدھیانہ میں رہنے لگا - اُس کے ساتھ رہنے کے لئے بخشی نند سنگھ بھنڈاری مہاراجہ رنجیت سنگھ کا ایلچی مقرر ہوا اور سرکار انگریزی کی طرف سے خوشوقت رائے لاہور دربار میں اخبارنویس مقرر کیا گیا -

نواں باب

فتوحات کی بھرمار

سنہ ۱۸۰۹ع سے سنہ ۱۸۱۱ع تک

تسخیر قلعہ کانگڑہ - اگست سنہ ۱۸۰۹ع

پیشتر ذکر کیا جا چکا ہے کہ مارچ سنہ ۱۸۰۹ع میں مہاراجہ نے دیوان محکم چند کے نام تاکیدی حکم بھیجا تھا - کہ کانگڑہ کی مہم کا اِرادہ ترک کرکے فوراً پھلور پہنچ جاؤ - سرکار انگریزی کے ساتھ صلح ہو جانے کے بعد مہاراجہ نے پھر اپنی توجہ کانگڑہ کی طرف مبذول کی - گورکھا جرنیل امر سنگھ تھاپہ کچھ عرصہ سے جرار فوج * کے ساتھ کانگڑہ کی وادی میں راجہ سنسار چند کے ساتھ جنگ میں مشغول تھا اور قلعۂ کانگڑہ کا محاصرہ ڈالے پڑا تھا - سنسارچند کو تجان کے لالے پڑے ہوئے تھے - اُس نے اپنے بھائی فتح سنگھ کو مہاراجہ کے پاس مدد کے لئے بھیجا - مہاراجہ نے امداد کے عوض قلعہ کانگڑہ طلب کیا جسے سنسار چند نے منظور کر لیا - مہاراجہ نے پوری تیاری کے ساتھ کوچ کیا اور ماہ مئی کے آخر میں کانگڑہ پہنچا - مہاراجہ کے ساتھ

* دیوان امر ناتھ گورکھا فوج کی تعداد پچاس ہزار کے قریب درج کرتا ہے -

اِس وقت بھاری جمعیت تھی - تمام جاگیردار سردار اپنی اپنی سپاہ کے ساتھ موجود تھے - منشی سوھن لال کے اندازہ کے مطابق تقریباً ایک لاکھ سوار و پیادہ فوج مہاراجہ کے ھمرکاب تھی - کوھستانی راجاؤں کے نام جو اِس ملک کے راستوں سے بخوبی واقف تھے حکم جاری ھوا کہ گورکھا فوج کے سامان رسد حاصل کرنے کے راہ مسدود کر دو -

یہ بندوبست کرنے کے بعد مہاراجہ نے سنسار چند کو قلعہ خالی کرنے اور اُس پر خالصہ فوج کا قبضہ حاصل کرنے کے لئے کہا - مگر اُس نے لیت و لعل کیا اور کہا کہ اتنی جلدی کیا پڑی ھے جب گورکھا فوج کانگڑہ سے واپس چلی جائیگی وہ فوراً قلعہ مہاراجہ کے حوالہ کر دیگا - لیکن رنجیت سنگھ اِس چال میں کب آنےوالا تھا چنانچہ سنسار چند کے بیٹے انرودھ‌چند کو جو مہاراجہ کی پیشی میں تھا نظربند کر لیا گیا - اب سنسار چند قلعہ خالی کرنے پر مجبور ھو گیا اور ۲۴ اگست سنہ ۱۸۰۹ع کو مہاراجہ کا قلعہ کانگڑہ پر تسلط ھو گیا -

گورکھا فوج سے جنگ

گورکھا فوج کے سامان رسد کے راستے کچھ عرصہ سے بند ھو چکے تھے - اب مہاراجہ نے موقعہ پاکر اُن پر دھاوا بول دیا اور اُن کے سامنے کے مورچوں پر جو قلعہ سے میل بھر کے فاصلہ پر تھے قبضہ کر لیا - گھمسان کا معرکہ شروع ھو گیا - گورکھوں نے جان توڑ کر مقابلہ کیا - خالصہ فوج کے چار

پانچ افسر اور کچھ سپاهي کام آئے مگر گورکھوں کو پیچھے هٹنا پڑا - پھر اُنھوں نے گنبهش گھاٹي کے قریب جم کر لڑنا شروع کیا - مهاراجه نے تازہ دم فوج کو وهاں بھیجا - گورکھوں نے پہلی شکست کے دهبه کو مٹانے اور قومي آن قائم رکھنے کی غرض سے پرجوش تیاریاں کیں - بڑي خونریز جنگ هوئي - گولیوں کے بعد تلوار کي نوبت آئي - دونوں فریقین اپنے جوهر دکھانے میں آگے بڑھتے جاتے تھے مگر گورکھا سپاهی دراز قد سکھوں کي لمبی تلواروں کی خونریزي کی تاب نه لا سکے - اُن کی کھوکھریاں خالصوں کی چمکیلي تلواروں کے سامنے رات کے اندھیرے کی طرح ماند پڑ گئیں - گورکھے یکایک پیچھے هٹے اور نکل بھاگے - میدان سکھوں کے هاتھ رها -

مہم کا اختتام

گو اِس جنگ میں سکھوں کا بھاري نقصان هوا لیکن تمام پہاڑي علاقه مهاراجه کے تابع هو گیا - * ۲۴ ستمبر سنه ۱۸۰۹ع کو مهاراجه قلعه کانگڑہ میں داخل هوا اور عظیم‌الشان دربار منعقد کیا ' جس میں کانگڑہ ' چمبه ' نورپور ' کوٹله ' شاہپور ' جسروٹه ' بسوهلي ' مانکوٹ ' جسوان ' سب گولیر '

* گورکھا فوج کو شکست ہو چکي تھي مگر ابھي تک کانگڑہ وادي میں موجود تھي - مهاراجه بھي جنگ کے خاتمه هي میں مصلحت سمجھتا تها - چنانچه خط و کتابت کے بعد مهاراجه اور امر سنگھ میں یه طے هوا که اگر مهاراجه اُسے باربرداري کا سامان اکٹھا کرنے میں مدد دے تو وہ وادي سے چپ‌چاپ چلا جائیگا -

منڈي ' سکیت ' کلو ' اور داتارپور ' وغیرہ کے حکمران شامل ہوئے - تمام پہاڑي راجاؤں نے مہاراجہ کو نذریں‌پیش کیں اور مہاراجہ کی طرف سے سب کو قیمتي خلعتیں ملیں - کانگڑہ کي قلعہ‌داري اور تمام کوهستاني علاقہ کی نظامت کے لئے مہاراجہ نے سردار دلیسا سنگھ مجیٹھہ کو مقرر کیا اور اُس کے ماتحت پہاڑ سنگھ نائب ناظم تقرر ہوا - ضرورت کے مطابق کچھ فوج کانگڑہ میں مقیم کي گئی - دیوان محکم چند کو حکم ہوا کہ ستلج کے کنارے قلعہ پھلور کو مستحکم کرے اور کچھ عرصہ کے لئے وهاں ہي قیام رکھے - یہ بندوبست کرکے مہاراجہ لاهور واپس آیا - کانگڑہ کی فتح کي خوشي میں لاهور اور امرتسر چراغاں کئے گئے ' غربا اور مساکین میں خیرات تقسیم ہوئي - رات کے وقت مہاراجہ خود بھي ہاتھی پر سوار ہوکر بازار کي رونق دیکھنے گیا -

هریانہ پر قبضہ

ماہ ستمبر کے آخر میں مہاراجہ کانگڑہ سے واپس آتا ہوا جالندھر دوآبہ سے گذرا - اِنھي دنوں سردار بگھیل سنگھ اهلواولیہ والئے هریانہ فوت ہو چکا تھا - چنانچہ مہاراجہ نے اُس کے علاقہ پر قبضہ کر لیا اور اُس کي بیوہ کے لئے معقول جاگیر مقرر کر دي -

تسخیر گجرات سنہ ۱۸۱۰ع

کانگڑہ کي فتح کے بعد رنجیت سنگھ نے پنجاب کے مختلف مقامات پر اپنا مکمل قبضہ جمانے کي طرف

توجه مبذول کی - سب سے پہلے گجرات کي طرف متوجه ھوا - گجرات کا حاکم سردار صاحب سنگھ بھنگي اگرچه مہاراجه کي اطاعت قبول کرچکا تھا مگر ابھي تک اپنے علاقه میں پورا اقتدار رکھتا تھا - اُس کا ملک کافي وسیع تھا جس میں جلال‌پور، منادر اور اسلام‌گڑھ وغیرہ بہت سے مستحکم قلعے تھے - نیز اُس کے پاس سامان جنگ بھي کافی مقدار میں موجود تھا اور روپیه کي بھی کمی نه تھي - حسن اتفاق سے اُنھی دنوں صاحب سنگھ اور اُس کے بیٹے گلاب سنگھ میں نااتفاقي پیدا ھو گئی اور بیٹا باپ کی مرضي کے بغیر جلال‌پور وغیرہ ایک دو قلعوں پر قابض ھو چکا تھا - رنجیت سنگھ نے اِس واقعه سے پورا فائدہ اُٹھایا اور دو تین ماہ کے عرصه ھي میں گجرات کے تمام علاقه پر تسلط جما لیا - صاحب سنگھ دیواوتاله کے کوھستاني علاقه کي طرف بھاگ گیا - * فقیر عزیزالدین کا بھائی فقیر نورالدین اس ضلع کا پہلا ناظم مقرر ھوا -

قلعجات کوچک کي بہتات

یہاں یه بتا دینا ضروري معلوم ھوتا ھے که اُس زمانه میں پنجاب میں تھوڑی دور کے فاصله پر چھوٹے چھوٹے قلعے بنے ھوئے تھے اور بڑے بڑے قصبے مضبوط فصیلوں سے گھرے ھوئے تھے -

* ایک سال کے بعد رنجیت سنگھ نے صاحب سنگھ کو واپس بلا لیا اور گذارے کے لئے معقول جاگیر عنایت کی -

اٹھارھویں صدي کے آغاز میں مغل حکومت کمزور ھو چکی
تھي - اور نادر شاہ و احمد شاہ ابدالي وغیرہ کے آئے دن کے
حملوں سے ملک میں بدامنی پھیلي ہوئی تھی - چنانچہ
لوگوں نے اپنا جان و مال بچانے کی خاطر یہ تمام بندوبست
کر رکھے تھے - بعض بعض جانباز بہادر موقعہ پاتے ھی ایک
آدھ قلعہ تعمیر کر لیتے تھے اور گرد و نواح کے علاقہ میں
اپنا تسلط قائم کر لیتے تھے - مگر ایسی حالت میں ملک
میں امن قائم رکھنا محال تھا - چنانچہ ایسي چھوتي چھوتي
طاقتوں کو دور کر دینے میں ھی مہاراجہ نے ملک کي بہتري
سمجھی - گجرات کے بعد اُس نے موجودہ ضلع شاہپور کا دورہ
کیا اور قصبہ میاني اور بھیرہ میں قیام کرنے کے بعد
خوشاب کی طرف روانہ ہوا -

خوشاب و ساھیوال وغیرہ کي فتح
فروری سنہ ۱۸۱۰ع

خوشاب اور ساھیوال کے علاقہ میں جنگجو بلوچ قبیلے آباد
تھے اور انھوں نے کئی جگہ مستحکم قلعے بنا رکھے تھے -
جس وقت مہاراجہ کا لشکر خوشاب کے نزدیک پہنچا تو
وھاں کا حاکم جعفر خاں بلوچ مقابلہ کی تاب نہ لاکر شہر
چھوڑکر بھاگ گیا اور اپنے مضبوط قلعہ کچھ میں جاکر
پناہگزیں ہوا - مہاراجہ نے خوشاب پر قبضہ کرکے وھاں اپنا
تھانہ قائم کر لیا پھر قلعہ کا محاصرہ شروع کیا - بلوچ سپاہ
نے جان توڑ کر سکھوں کا مقابلہ کیا - سکھ سپاھي جوش و

خروش سے آگے بڑھتے مگر تھوڑي سي دير ميں پسپا ہو جاتے - اِس طرح کئي سکھ کام آئے -

امن پسند کارروائي

آخر مہاراجہ نے جعفر خاں کو پيغام بھيجا کہ اگر وہ قلعہ خالي کر دے تو اُسے معقول جاگير عطا کي جائيگی مگر بہادر بلوچ سردار نے جواب ميں کہلا بھيجا کہ اگر آپ خوشاب ہميں واپس کر ديں تو بہتر ہے ورنہ ہم اپنے مال و ملک کي خاطر جان دينے کے لئے تيار ہيں - چنانچہ رنجيت سنگھ نے محاصرہ جاري رکھا اور دو تين جانب قلعہ کي ديوار کے نيچے سرنگ کھدوا کر اُسے بارود سے بھر ديا تاکہ قلعہ کو اُڑا ديا جائے - مگر مہاراجہ غير ضروري خون بہانے کا معتقد نہيں تھا اور جہاں تک اُس کا بس چلتا تھا طرفين کے جان و مال کے نقصان کے بغير ہی اپنا مقصد حل کرنے کی کوشش کرتا تھا - چنانچہ ايک بار پھر جعفر خاں کو پيغام بھيجا کہ قلعہ خالي کردو تمہيں بيش بہا جاگير دي جائيگي ورنہ چند منٹوں ميں ہي قلعہ پيوند زمين ہونےوالا ہے - اگر يقين نہ ہو تو کسی معتبر شخص کو بھيجکر سرنگوں کي حالت ملاحظہ کرالو -

اب جعفر خاں بھي لاچار ہو چکا تھا - اُس کے لئے سامان رسد مہيا کرنا ناممکن ہو چکا تھا - چنانچہ قلعہ خالی کرنے ميں ہي مصلحت وقت خيال کيا - مہاراجہ اُس کے

ساتھ بڑی عزت سے پیش آیا - اُسے بمعہ عیال خوشاب میں رہنے کی اجازت دے دی اور گذارے کے لئے معقول جاگیر عطا کی -

فتح خاں کي شکست

اِس کے بعد مہاراجہ ساھیوال کی طرف متوجہ ہوا - یہاں کا حاکم فتح خاں بڑا امیر تھا - اُس کے علاقہ میں تقریباً ازھائي سو گاؤں آباد تھے اور دس بارہ قلعے تھے - اُس کے صدر مقام ساھیوال کا قلعہ نہایت مضبوط تھا - جس کی دیواروں پر توپیں اور رھکلے نصب! تھے - گو ایک سخت معرکہ کے بعد ۱۰ فروری سنہ ۱۸۱۰ع کو مہاراجہ نے قلعہ فتح کر لیا مگر فتح خاں نے شہر میں داخل ہوکر کچھ دیر تک پھر مقابلہ جاری رکھا - جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شہر کو بہت نقصان پہنچا - کئی مکانات توپوں کي گولہ‌باري سے مسمار ہو گئے - آخر فتح خاں اور اُس کا بیٹا مقابلہ کرتے ہوئے گرفتار کر لئے گئے - اُنھیں قلعہ کانگڑہ میں قید کر دیا گیا - * اور فتح خاں کا کل علاقہ مہاراجہ کے قبضہ میں آ گیا -

تسخیر جموں سنہ ۱۸۱۰ع

خوشاب روانہ ہونے سے پیشتر مہاراجہ نے فوج کا ایک دستہ زیر سرکردگي سردار حکما سنگھ چمني جموں کی

* جنوري سنہ ۱۸۱۱ع میں مہاراجہ نے فتح خاں کو رھا کرکے معقول جاگیر عطا کي -

جانب روانہ کیا تھا - جموں کی حکومت کا شیرازہ اُس وقت بگڑ رہا تھا - راجہ اور رانی میں نااتفاقی پھیلی ہوئی تھی - ریاست کا مدارالمہام میاں موٹا بہت طاقت پکڑ چکا تھا - مہاراجہ کی فوج کے حملہ‌آور ہوتے ہی مختصر سی لڑائی کے بعد میاں موٹا نے ریاست مہاراجہ کے حوالہ کر دی -

الحاق وزیرآباد

سردار جودھ سنگھ وزیرآبادیہ نومبر سنہ ۱۸۰۹ع میں فوت ہو گیا تھا - مہاراجہ نے اُس کے بیٹے گنڈا سنگھ کو علاقہ کی سرداری پر متعین کر دیا اور وفات کے تیرہ دن بعد کریا کے روز اپنے ہاتھ سے دستار سرداری اور دوشالہ گنڈا سنگھ کو عنایت کیا اور اُس سے حق وراثت کی معقول رقم طلب کی - * جون سنہ ۱۸۱۰ع میں گنڈا سنگھ اور اُس کے رشتہ‌داروں میں باھمی فساد شروع ہو گیا - مہاراجہ نے خلیفہ نورالدین حاکم گجرات کو حکم بھیجا کہ جاکر وزیرآباد پر قبضہ کر لو - چنانچہ معمولی سے مقابلہ کے بعد وزیرآباد مہاراجہ کے تصرف میں آ گیا اور گنڈا سنگھ کو معقول جاگیر عنایت کر دی گئی -

* منشی موھن لال کی تحریر سے معلوم ھوتا ھے کہ دو لاکھ روپیہ طلب کیا گیا مگر آخر میں چالیس ھزار پر فیصلہ ھوا - دیوان امر ناتھ ایک لاکھ روپیہ لکھتا ھے -

سلطنت کابل کی حالت

سنہ ۱۷۹۹ ع میں لاھور سے واپس جانے پر امیر شاہ زمان کا زمانۂ زوال شروع ھوا - پنجاب ھاتھ سے جاتا رھا اور تھوڑے ھی عرصہ میں تخت کابل سے بھی محروم کیا گیا اُس کے بھائی شاہ محمود نے خود تخت پر قبضہ کر لیا - اور شاہ زماں کو قید کرکے اُس کی آنکھیں نکلوا دیں - مگر شاہ محمود کو بھی دیر تک تخت پر بیٹھنا نصیب نہ ھوا - اُس کے دوسرے بھائی شاہ شجاع الملک نے فوج جمع کرکے شاہ محمود کو تخت سے اُتار دیا اور خود بادشاہ بن بیٹھا - ستمبر سنہ ۱۸۰۸ ع میں لارڈ منٹو نے زیر سرکردگی مسٹر ایلفنسٹن انگریزی سفارت کابل بھیجا جس نے شاہ شجاع الملک کے ساتھ دوستی کا عہدنامہ کیا مگر ابھی یہ سفارت کلکتہ واپس نہیں پہنچی تھی کہ اُنھیں خبر ملی کہ شاہ شجاع کو تخت سے اُتار دیا گیا ھے - اُس زمانۂ انقلاب میں فتح خاں بارک زئی وزیر کابل تھا - بارک زئی قبیلہ بڑا بارسوخ تھا - جس کے بہت سے ارکان سلطنت افغانستان کے معزز عہدوں پر ممتاز تھے - اُن میں بڑا اتفاق اور یکجہتی تھی - چنانچہ وزیر فتح خاں نے شاہ محمود کو قیدخانہ سے نکلوایا اور شاہ شجاع کو تخت سے اُتار کر شاہ محمود کو کابل کا بادشاہ بنایا -

شاہ شجاع کی مہاراجہ سے ملاقات

شاہ شجاع الملک اس حالت میں اپنی جان کی حفاظت کے لئے پنجاب کی طرف بھاگا - شروع فروری سنہ ۱۸۱۰ ع میں

مہاراجہ خوشاب کے مقام پر مقیم تھا - اسے خبر ملی، کہ شاہ شجاع دریائے اٹک عبور کر چکا ہے اور مہاراجہ سے ملاقات کرنے کا خواہشمند ہے - مہاراجہ اس کے ساتھ بڑی تکریم سے پیش آیا - بڑی خاطر مدارات کی - دوران گفتگو میں مہاراجہ نے ملتان اور کشمیر فتح کرنے کے ارادہ کی طرف اشارہ کیا - یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ یہ دونوں صوبے ابھی تک گورنمنٹ کابل کے ماتحت سمجھے جاتے تھے - گو یہ تعلق اس وقت صرف برائے نام تھا کیونکہ یہاں کے گورنر کابل کی کمزوری سے فائدہ اٹھاکر اپنے آپ کو خودمختار تصور کرتے تھے - شاہ شجاع مہاراجہ کے پاس زیادہ قیام نہ کر سکا - فوراً خوشاب سے روانہ ہوکر راولپنڈی واپس چلا گیا اور وہاں سے پشاور میں قیام پذیر ہوا -

ملتان پر یورش - فروری سنہ ۱۸۱۰ ع

مہاراجہ ابھی خوشاب ہی میں مقیم تھا کہ سردار فتح سنگھ اہلووالیہ اور دیگر سرداروں کے نام احکام جاری ہوئے کہ اپنی اپنی افواج لےکر مہاراجہ سے آ ملیں - اُن کے پہنچنے پر ۲۰ فروری سنہ ۱۸۱۰ ع کو مہاراجہ نے ملتان کی طرف کوچ کیا اور چار ہی روز میں طول طویل سفر کرکے منزل مقصود پر جا پہنچا - اِس دفعہ نواب بھی جنگ کے لئے پوری طرح سے مستعد تھا - سرداران نہال سنگھ اٹاری والے اور عطر سنگھ دھاری کی زیرسرکردگی ایک بہادر دستے نے شہر پر حملہ کر دیا - جنگ کا سرگرم بازار جاری ہوا

بعد دو پہر تلواروں کے داؤ چلنے لگے - ایسا گھمسان کا معرکہ سکھ نوجوانوں کو بہت مدت کے بعد نصیب ہوا تھا - مہاراجہ گھوڑے پر سوار میدان جنگ میں ایک جگہ سے دوسری جگہ اُڑتا ہوا اپنے بہادروں کا دل بڑھاتا پھرتا تھا - شام تک خونریز جنگ جاری رہي - خون کی ندیاں بہ نکلیں - کشتوں کے پشتے لگ گئے - نواب کی فوج نے پہلے کے مقابلہ میں کئي گنا جوش و ثابت‌قدمي دکھلائی مگر آخر ان کے قدم اُکھڑ گئے اور رات کی تاریکی میں پٹھان میدان خالي کرکے قلعہ میں جا گھسے ' چنانچہ ۲۵ فروری کو سکھوں نے شہر پر قبضہ کر لیا -

اب قلعہ کا محاصرہ ڈال دیا گیا - طرفین کي طرف گولہ‌باري شروع ہوئي - اگرچہ قلعے میں تازہ‌دم فوج خوب جوش و خروش سے معرکہ میں مشغول تھي مگر مہاراجہ بھي اس دفعہ ملتان سر کرنے پر تلا ہوا تھا - چنانچہ اُس نے اپنی رسد رسانی کے انتظام کو اور بھي پختہ کیا - چند دنوں کے بعد ہی سردار نہال سنگھ نے قلعہ کی مغربی جانب میں سرنگیں کھدوانی شروع کیں - اُن میں بارود بھر کر آگ لگا دی گئی - اتفاق سے سردار نہال سنگھ اُس وقت سرنگوں سے بہت فاصلے پر نہ تھا - جب دیوار کا ایک حصہ بارود کے دھماکے سے زمین پر جا پڑا تو چند پتھر سردار کے آ لگے جس سے وہ بري طرح زخمي ہو گیا - مہاراجہ کا عزیز افسر سردار عطر سنگھ دھاري بھي اس کے نزدیک ہي کھڑا تھا - اُسے ایسی

سخت چوٹ آئی کہ فوراً مر گیا - یہ دیکھ کر خالصہ فوج کو بہت جوش آیا - انہوں نے گری ہوئی دیوار سے حملہ کیا اور آن کی آن میں قلعہ کے اندر جا گھسے اور ہاتھوں ہاتھ تلوار چلانی شروع کی - اب تو نواب مایوس ہو گیا - صلح کا سفید جھنڈا بلند کیا اور بھاری رقم تاوان جنگ و نذرانہ کے طور پر دینے کے لئے تیار ہو گیا * - مہاراجہ نے اپنے مشیروں سے مشورہ کیا اور اِس پر رضامند ہو گیا کہ نواب ملتان آئندہ کے لئے اپنے آپ کو کابل کا صوبہ‌دار تصور نہ کرے اور بوقت ضرورت سکھ حکومت کی مدد کرے - چنانچہ نذرانہ وصول کرنے کے بعد مہاراجہ لاہور واپس آیا † -

علاقۂ تسکہ کی فتح

ملتان سے واپس آتے وقت سردار ندھان سنگھ ہتو جو علاقۂ تسکہ کا مالک تھا بغیر مہاراجہ کی اجازت کے اپنے علاقہ میں چلا گیا - ندھان سنگھ تجربہ‌کار اور بہادر سپاہی تھا اور مغرور بھی تھا - اُس کا قلعہ بہت مضبوط تھا - مہاراجہ

* دیوان امرناتھ یہ رقم ایک لاکھ اسی ہزار بیان کرتا ہے -

† ابھی تک شجاع‌الملک ہندوستان ہی میں تھا اور پشاور کے تمام علاقہ پر قابض ہو چکا تھا - غالباً اِسی لئے رنجیت سنگھ نے مظفر خاں سے یہ شرط طے کرائی تھی کہ وہ آئندہ کے لئے حکومت کابل سے کچھ واسطہ نہ رکھے - نواب مظفر خاں نے اِس حملہ کے دوران میں گورنر جنرل سے بھی خط و کتابت شروع کر دی تھی - اغلب ہے یہ بھی ایک وجہ ہو جس سے مہاراجہ نے صرف نذرانہ لینے پر ہی اکتفا کیا ہو اور قلعہ پر قبضہ کرنے کا ارادہ فی‌الحال ملتوی کر دیا ہو -

نے فوج کا ایک دستہ روانہ کرکے قلعۂ تسکہ کا محاصرہ کر لیا ۔
سردار ندھان سنگھ نے ایک ماہ تک بڑی دلیری سے مقابلہ
کیا - آخرکار مہاراجہ کی اطاعت منظور کرلی اور اپنی غلطی
کا اعتراف کیا ـ مہاراجہ نے اُسے کچھ دیر تک نظربند رکھ
کر رہا کر دیا اور اپنی گھوڑچڑھا فوج میں ایک اعلی عہدہ
پر ممتاز کیا اور قابل‌قدر جاگیر بھی بخش دی - مہاراجہ میں
یہ خاص وصف تھا کہ جہاں تک ممکن ہوتا وہ مفتوح شدہ
بہادر سرداروں کو اعلی عہدوں پر سرفراز کرکے اُن کا رتبہ قائم
رکھتا تھا جس وجہ سے وہ سردار مہاراجہ کے لئے پوری
وفاداری رکھتے تھے اور مہاراجہ بھی اُن کی بہادری اور لیاقت
سے مستفید ہوتا تھا ـ چنانچہ سردار ندھان سنگھ نے اس کے
بعد کئی موقعوں پر اپنی بہادری کے جوہر دکھائے ـ

منڈی و سکیت کی یورش

اسی سال فوج کا ایک دستہ زیر کمان سردار دلیسا سنگھ
مجیٹھیہ ناظم کوہستان کانگڑہ بطرف منڈی و سکیت روانہ کیا
گیا جس نے وہاں کے راجاؤں سے نذرانے وصول کئے - مہاراجہ
نے سردار دلیسا سنگھ کو اُس کی فتحیابی پر بہت سا انعام
و اکرام دیا -

پرگنہ ہازوال پر نصرت

جیسا کہ گذشتہ واقعات کے مطالعہ سے ظاہر ہو چکا ہوگا
مہاراجہ نے اُس وقت چھوٹے چھوٹے قلعوں کی تسخیر کی
باقاعدہ پالیسی اختیار کی ہوئی تھی - چنانچہ راوی اور

چناب کے درمیان علاقہ ھلووال جو سردار باگھ سنگھ کے تصرف میں تھا مہاراجہ کی فوج نے جا گھیرا - باگھ سنگھ کو گذارہ کے لئے اچھي جاگیر دے کر اُس کا علاقہ سلطنت لاھور میں شامل کر لیا گیا -

تسخیر قلعۂ کسک

کسک کا مستحکم قلعہ نمکسار کھیوڑہ کے قریب پہاڑي کی چوٹي پر واقعہ ھے - اُس زمانہ میں یہ قلعہ چوھا سیدن شاہ ' کٹاس ' اور نمکسار کھیوڑہ کي ناک خیال کیا جاتا تھا - مہاراجہ نے یہاں اپنا تھانہ قائم کرنا ضروري خیال کرکے قلعہ‌دار کو اُس کے خالی کرنے کے لئے کہلا بھیجا - ساتھ ھی یہ بھی لالچ دیا کہ تمھیں معقول جاگیر دي جائیگي اور دو آنے في روپیہ قدیم طریقہ کے بموجب جو تمھیں نمک کی آمدني پر ملتا ھے بدستور جاري رکھا جائیگا - مگر جنگجو قبیلہ کے سپاھي قلعہ خالي کرنے پر تیار نہ ھوئے - چنانچہ قلعہ کا محاصرہ شروع کیا گیا - مگر خالصہ فوج کے سب بہادرانہ حملے نا کام رھے - آخرکار مہاراجہ نے چوھا سیدن شاہ جو کہ قلعہ کے دامن میں تقریباً ایک میل کے فاصلہ پر واقع تھا اور جہاں سے قلعہ میں پینے کا پاني جاتا تھا اپنے قبضہ میں کر لیا - چنانچہ کچھ دیر کے بعد پاني کي تنگي کي وجہ سے قلعہ خالی کر دیا گیا - قلعہ والوں کو حسب وعدہ جاگیریں عطا کي گئیں - مہاراجہ نے وھاں اپنا تھانہ قائم کر لیا اور سردار حکما سنگھ چمنی کو جو اِس مہم کی کمان میں تھا خلعت فاخرہ مرحمت ھوئي -

قلعۂ منگلا کی فتح

پیشتر ذکر آ چکا ہے کہ سردار صاحب سنگھ گجرات سے بھاگ کر کوہستانی علاقہ دیواوتالہ میں پناہ‌گزین ہوا تھا - چنانچہ مہاراجہ نے فوراً اُس کے قلعہ‌داروں کے نام احکام جاری کئے کہ وہ اُس کی مدد سے گریز کریں - مہاراجہ کو اُس وقت اور مہم در پیش تھی - اس لئے فی‌الحال اِس علاقہ کی فتح کو معطل رکھا - زاں بعد قدرے فراغت ہونے پر اس طرف اپنی توجہ مبذول کی - قلعۂ منگلا کوہستانی قلعوں میں سب سے زیادہ مستحکم تھا جو دریائے جہلم کے کنارے بلند پہاڑی پر واقع تھا * - خالصہ فوج نے جان توڑ کوشش کے بعد قلعہ فتح کر لیا - اِس کے بعد دوسرے قلعہ‌داروں نے بھی بلا مقابلہ مہاراجہ کی اطاعت قبول کر لی - اِس طرح جہلم پار کے پہاڑی ملک پر مہاراجہ کا پورا تسلط قائم ہو گیا -

فضیل‌پوریہ مثل کے مقبوضات کا الحاق

ستمبر سنہ ۱۸۱۱ ع

فضیل‌پوریہ مثل کے مقبوضات دریائے ستلج کے دونوں جانب واقع تھے - اِس مثل کا سردار بدھ سنگھ بڑا بہادر -

* آج کل بھی اسی مقام پر ایک قلعہ واقع ہے - دریائے جہلم یہاں سے تیز خم کھاتا ہوا پہاڑی علاقہ چھوڑ کر میدانی علاقہ میں داخل ہوتا ہے - غالباً اسی جگہ سے سکندر اعظم نے دریائے جہلم عبور کرکے بے خبری کی حالت میں مہاراجہ پورس پر حملہ کیا تھا -

باوقار اور مغرور انسان تھا اور دوسرے سرداروں کی طرح مہاراجہ کی اطاعت قبول کرنے پر تیار نہ تھا - چنانچہ مہاراجہ نے دیوان محکم چند کو بدھ سنگھ کے مقبوضات فتح کرنے کی ہدایت کی - جرنیل محکم چند نے فوراً پھلور سے کوچ کیا ، رام گڑھیہ مثل کے سردار جودھ سنگھ کے ہمراہ جالندھر کا محاصرہ ڈال دیا - سردار بدھ سنگھ موقعہ پاکر ستلج پار چلا گیا اور لدھیانہ میں انگریزوں کے پاس پناہ گزیں ہوا - مگر اُس کی وفادار سپاہ مقابلہ پر ڈٹی رہی - آخرکار مغلوب ہوئی - دیوان محکم چند نے فضیلپوریہ مثل کے قلعۂ جالندھر اور گرد و نواح کے علاقہ پر قبضہ کر لیا - دوسری جانب سے بدھ سنگھ کے اصل وطن قلعۂ پٹی کو جو ترنتارن کے قریب واقع تھا مہاراجہ کے داروغہ توپخانہ غوثی خاں نے سر کر لیا - اس طرح یہ تمام ملک جس کی سالانہ آمدنی تقریباً تین لاکھ تھی سلطنت لاہور میں شامل کر لیا گیا - علاوہ ازیں بہت سا زر نقد اور سامان حرب جو ان قلعوں میں موجود تھا مہاراجہ کے ہاتھ آیا - دیوان محکم چند کو بیش قیمت خلعت فاخرہ ، جڑاؤ دستہ‌والی تلوار ، مرصع قلغی اور ایک ہاتھی معہ سنہری ہودہ عطا کیا -

نکئی مثل کے مقبوضات پر تسلط

خالصہ سلطنت قائم کرنے کے لئے ضروری تھا کہ دیگر مثلیں بھی فتح کی جائیں چنانچہ اب نکئی مثل کی باری آئی جس کے مقبوضات ملتان سے لیکر قصور تک پھیلے ہوئے تھے اور تقریباً نو لاکھ سالانہ کی مالیت تھی - اِس

میں چونیاں ، دیپال پور ، شرقپور ، ستگھرہ ، کوٹ کمالیہ اور گوگیرہ وغیرہ بڑے بڑے قصبے شامل تھے - مہاراجہ کی دوسری شادی نکئی مثل کے سردار گیان سنگھ کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوئی تھی اور کنور کھڑک سنگھ اِسی رانی کے بطن سے تھا - مگر یہ رشتہ نکئیوں کے لئے خاص طور سے سودمند ثابت نہ ہوا - مہاراجہ نے اُن کا تمام ملک شاہزادہ کھڑک سنگھ کو جاگیر میں بخش دیا - دیوان محکم چند کو شاہزادہ کے ہمراہ علاقہ پر قبضہ کرنے کے لئے بھیجا - سردار کاہن سنگھ نکئی جو اپنے بھائی گیان سنگھ کی وفات پر اُس وقت مثل کی سرداری پر ممتاز تھا مہاراجہ کی طرف سے نواب مظفر خاں والئے ملتان سے زر نذرانہ وصول کرنے گیا ہوا تھا - جونہی اُس کے مختارالمہام دیوان حاکم رائے کو اِس بات کی خبر لگی تو وہ فوراً چونیاں سے بھاگا بھاگا مہاراجہ کے پاس لاہور آیا اور گذارش کی کہ سردار کاہن سنگھ کی غیر حاضری میں ایسا کرنا نامناسب ہے اور یہ بھی ظاہر کیا کہ اگر اُس کا ملک سردار کے پاس ہی رہنے دیا جائے تو وہ معقول زر نذرانہ بھی ادا کر دیا کریگا - مہاراجہ نے بجائے تسلی‌بخش جواب دینے کے دیوان کی بات کو ہنسی مذاق میں اُڑا دیا اور کہا کہ " ہمارا اِس معاملہ میں کچھ واسطہ نہیں - شاہزادہ کھڑک سنگھ نکئیوں کا نواسہ ہے - وہ جانے اور اُس کا کام " * چنانچہ دیوان محکم چند

---

* منشی سوہن لال لکھتا ہے کہ " سرکار دولتمدار در جواب آن ظاہر فرمودند کہ صاحب زادۂ موصوف نواسۂ نکیاں است - او داند و کار او - "

نے جاتے ہي چونیاں ' دیپال‌پور ' ستگھرہ وغیرہ قلعوں پر
قبضہ کر لیا اور کچھ دنوں بعد جیٹھ‌پور اور حویلیاں
وغیرہ کے مستحکم قلعوں میں بھي مہاراجہ کے تھانے قائم
ہو گئے - سردار کاھن سنگھ یہ وحشت‌ناک خبر سنتے ہي
ملتان سے لوٹا بھتیرہ تلملایا مگر قہر درویش بر جان
درویش کے مطابق غصہ کھاکر چپ رہ گیا - کیونکہ اُس
میں مہاراجہ کے مقابلہ کی تاب کہاں تھی - مہاراجہ نے
پرگنہ بھڑوال میں اُسے بیس ہزار کی جاگیر عنایت کي -
اس طور پر نکئی مثل کا خاتمہ ہو گیا -

کنھیا مثل پر قبضہ

سردار جے سنگھ کي وفات کے بعد کنھیا مثل کے مقبوضات
دو حصوں میں تقسیم ہو چکے تھے - اِس مثل کا کثیر حصہ
رنجیت سنگھ کي ساس راني سدا کور بیوہ گور بخش
سنگھ کے قبضہ میں تھا - باقي تھوڑا سا علاقہ جو مکیریاں کے
گرد و نواح میں کوھستان کے دامن میں پھیلا ہوا تھا
اور جس میں حاجی‌پور اور سوھیاں وغیرہ کے قلعے واقع تھے
سردار جے سنگھ کے دوسرے دو لڑکوں بھاگ سنگھ اور ندھان
سنگھ کے حصے میں آیا تھا جہاں وہ اپنی والدہ سردارني
راج کور کے ساتھ گذر اوقات کرتے تھے - ندھان سنگھ نوجواني
کي عمر میں بداعتدالی کا شکار ہوا اور اپني ریاست کے
انتظام کے نااھل ثابت ہوا - چنانچہ مہاراجہ نے کسي بات
پر ناراض ہوکر اُسے قید کر دیا اور دسمبر سنہ ۱۸۱۱ع
میں دریائے بیاس کے پار قلیل سي فوج بھیجکر اُس کے

علاقہ پر قبضہ کر لیا گو بعد میں اُس کی والدہ اور اُس کے لئے معقول جاگیر دے دی گئی۔

افغانستان کی خانہ‌جنگی

شاہ شجاع مہاراجہ سے رخصت ہوکر سیدھا اٹک کی طرف روانہ ہوا اور وہاں کے قلعدار جہاں‌داد خاں اور گورنر کشمیر عطا محمد خاں سے امداد لیکر پشاور پر قابض ہو گیا۔ یہاں اُس نے بہت سی فوج فراہم کر لی۔ دوبارہ کابل کا رخ کیا۔ اپنے بھائی شاہ محمود کو تخت سے اُتار کر خود گدی‌نشین ہو گیا مگر حکومت افغانستان انقلابات کی وجہ سے ناپائدار ہو گئی تھی۔ شاہ شجاع کو تخت پر بیٹھے ابھی چار ماہ بھی نہیں ہوئے تھے کہ وزیر فتح خاں کے بھائی محمد عظیم خاں نے درانی لشکر جمع کرکے شجاع‌الملک کو کابل سے نکال دیا۔ شاہ محمود اور وزیر فتح خاں کو حکومت کابل پر پھر قائم کر دیا۔ شاہ شجاع مارا مارا پھرنے لگا۔ شروع میں جہانداد خاں والئے اٹک نے شجاع‌الملک کی امداد کی بعد میں اُسے شبہہ ہو گیا کہ شاہ شجاع پوشیدہ طور سے وزیر فتح خاں سے سازباز کر رہا ہے۔ چونکہ جہانداد خاں کی وزیر فتح خاں سے ذاتی دشمنی تھی اس لئے شاہ کا یہ رویہ اُسے ناپسندیدہ معلوم ہوا اور شاہ شجاع کو گرفتار کرکے اپنے بھائی عطا محمد خاں کے پاس کشمیر بھیج دیا۔

شاہ شجاع کی بیگمات اور شاہ زماں کا لاھور میں وارد ھونا

شاہ شجاع‌الملک ایک سال سے زیادہ عرصہ تک انقلاب زمانہ کا بری طرح سے شکار رھا - اُس کی بیگمات اور شہزادے اپنے نابینا چچا شاہ زمان کے ساتھ راولپنڈی میں مقیم تھے - چنانچہ جب رنجیت سنگھ کسک کی فتح سے فارغ ھوا تو شاہ زمان سے ملاقات کرنے کی غرض سے اُدھر روانہ ھوا - شہر سے دو میل کے فاصلہ پر شاھی خیمے ایستادہ کئے گئے - شاہ زماں مہاراجہ کی ملاقات کے لئے آیا - مہاراجہ کی طرف سے پورے شاھانہ طریقہ پر شاہ کا استقبال کیا گیا - دیوان بھوانی داس اور اُس کا بھائی دیوان دیوی داس جو شاہ کی ملازمت میں دیوانی کے عہدہ پر ممتاز رہ چکے تھے اور دربار کابل کے رسم و رواج سے بخوبی واقف تھے مہمان‌نوازی کے فرائض کی ادائیگی پر تعینات کئے گئے - رنجیت سنگھ نے شاہ زماں کی ھر طرح سے دلجوئی کی - اُسے لاھور میں رھائش اختیار کرنے کی دعوت دی اور اُس کے گذارہ کے لئے پندرہ سو روپیہ ماھوار وظیفہ مقرر کر دیا - شاہ کی ملاقات سے فارغ ھوکر مہاراجہ لاھور واپس آ گیا - *

---

* جب مہاراجہ لاھور پہنچا - تو سرکار انگریزی کا وکیل منشی عوض علی خاں مہاراجہ کے دربار میں آیا اور گورنر جنرل کی طرف سے بیش قیمت تحائف ساتھ لایا جن میں ایک نفیس فٹن تھی جس کی نشستوں میں نہایت عمدہ اُچھلنے والے گدے لگے ھوئے تھے - پنجاب میں اِس قسم کی گاڑیاں دیکھنے میں نہ آتی تھیں - چنانچہ اُسے دیکھ کر

شاہ زماں کچھ عرصہ راولپنڈی میں قیام‌پذیر رہ کر بھیرہ مقیم ہوا - پھر ماہ نومبر سنہ ۱۸۱۱ع میں لاہور وارد ہوا اور روضۂ داتا گنج بخش کے نزدیک قیام کیا - مہاراجہ نے اُس کا پرتپاک خیر مقدم کیا - دیوان بھوانی داس کی معرفت ایک ہزار روپیہ ضیافت کے لئے ارسال کیا اور شہر کے اندر وسیع اور کشادہ مکان شاہ کی رہائش کے لئے خالی کر دیا - بعد میں شاہ شجاع‌الملک کے شاہزادے اور بیگمات بھی لاہور آ پہنچیں -

مہاراجہ بہت خوش ہوا - اُس میں دو گھوڑے ایک دوسرے کے آگے پیچھے جوتے گئے - اور مہاراجہ صاحب اِس میں سوار ہوئے مگر سڑکیں ناہموار ہونے کی وجہ سے یہ گاڑی بہت دیر تک استعمال نہ ہو سکی - تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ مصنفہ منشی سوہن لال -

دسواں باب

کوہ نور کا ماجرا و دیگر معاملات

سنہ ۱۸۱۲ع سے سنہ ۱۸۱۴ع تک

شہزادہ کھڑک سنگھ کی شادی

جنوری سنہ ۱۸۱۲ع کے شروع میں شاہزادہ کھڑک سنگھ کی شادی کی تیاریاں ہونے لگیں - ستلج پار کے والیان ریاست اور تمام سرداران و رؤسائے پنجاب کے ہاں شیرینی روانہ کی گئی اور برات میں شمولیت کی دعوت دی گئی - مسٹر مٹکاف اور رزیڈنٹ دہلی کی معرفت سرکار انگریزی کو بھی نوید کیا گیا - چنانچہ کرنیل اخترلونی کو برات میں شامل ہونے کی اجازت ملی - کرنیل موصوف کے ہمراہ راجہ بھاگ سنگھ والئے جیند ' راجہ جسونت سنگھ نابھہ والا ' اور بھائی لعل سنگھ والئے کتھیل بھی آئے اور مہاراجہ کی حوصلہ‌افزائی کی - بہاولپور ' ملتان ' اور منکیرہ کے معزز قائم‌مقام بھی آ پہنچے - راجہ سنسار چند و دیگر کوہستانی راجے بھی شامل ہوئے -

دیوان امر ناتھ اور منشی سوھن لال اپنی کتابوں میں شادی کا مفصل حال درج کرتے ھیں - اُن کی تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس موقعہ پر مہاراجہ نے فراخدلی سے خرچ کیا - فوج کے تمام سپاھیوں اور افسروں کو حسب

منصب نئی پوشاکیں ' کلغیاں اور سونے کے کنٹھے وغیرہ عطا کئے گئے - اور وہ پورے طور پر لیس ہوکر برات میں شامل ہوئے - آتش‌بازوں کے حیرت‌انگیز کرشموں نے حاضرین سے بےاختیار آفرین اور واہ واہ کے نعرے حاصل کئے - مہاراجہ کو تقریباً دو لاکھ چھتیس ہزار روپیہ تمبول میں وصول ہوا - *

برات کي روانگي

برات لاہور سے روانہ ہوکر امرتسر پھر مجیٹھیہ ٹھہري اور وہاں سے بہت دھوم‌دھام کے ساتھ ہاتھیوں کے جلوس

* تمبول کي یہ رقم با تفصیل مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دفتر کے کاغذات میں درج ہے جسے مصنف نے دس سال گذرے مرتب کیا تھا - اِس کي تفصیل یہ ہے :

۱ — راجگان علاقہ کوہستان	...	...	۴۰۰۰۰ روپیہ
۲ — مہاراجہ کے اپنے علاقہ سے	...	...	۳[illegible]۷۵ "
۳ — سرداران و رؤسا کي طرف سے		...	۱۰۶۲۰۰ "
۴ — فوج کے افسروں اور سپاہیوں سے		...	۲۳۷۰۷-۸-۶ "
۵ — رسالہ کے سرداروں سے	...	...	۱۶۰۰۰ "
۶ — صرافان شہر کي طرف سے		...	۲۰۴۰ "
۷ — متفرق	... ...	...	۱۲۰۵ "
کل میزان	...	...	۲۳۶۰۳۷-۸-۶ روپیہ

ضمن ۳ میں مبلغ پانچ ہزار کي رقم بھي شامل ہے جو سرکار انگریزي کي طرف سے معرفت کرنیل اختر‌لوني مہاراجہ کو تمبول میں ملي تھي - منشي سوہن لال نے بھی تمبول کی کچھ تفصیل اپنی کتاب میں درج کي ہے - اور اُن سرداروں اور رئیسوں کے نام درج کئے ہیں جنھوں نے تمبول کی بھاري رقم مہاراجہ کو نذر کي تھي - دفتر والے کاغذات کي رقم اور منشي سوہن لال کی رقومات کي میزان مطابقت نہیں کھاتي -

میں سردار جیمل سنگھ کنھیا کے گھر قصبہ فتح پور ضلع گورداس پور پہنچی - تمام براتی زرق برق پوشاکیں پہنے ہوئے تھے - کنھیا سرداروں نے مہمان نوازی میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی اور روپیہ پانی کی طرح بہایا - دیوان امر ناتھ لکھتا ہے کہ سردار جیمل سنگھ نے مبلغ پچاس ہزار روپیہ ملنے کے وقت مہاراجہ کو بطور پیش کش نذر کیا اور پندرہ ہزار روپیہ روزانہ بطریق ضیافت مہاراجہ کے لئے روانہ کرتا رہا - رخصت کے وقت ہر مہمان کو رتبہ کے مطابق پگڑی اور خلعت دی، گراں بہا جہیز پیش کیا جس میں ہاتھی، گھوڑے، اونٹ، سونے چاندی کے بےشمار برتن اور زربفت و کمخواب کی وردیاں شامل تھیں - ۹ فروری سنہ ۱۸۱۲ع کو برات لاہور واپس آئی - راہ میں مہاراجہ نے مقام امرتسر قیام کیا اور دربار صاحب میں بہت سا زر نقد بتقریب شادی بھینٹ کیا -

انگریزی ایجنٹ کی آؤ بھگت

اِس موقعہ پر مہاراجہ نے انگریزی ایجنٹ کرنیل اخترلونی کی خوب آؤ بھگت کی - اور موقعہ سے پورا فائدہ اُٹھا کر میل جول بڑھانے کی کوشش کی - اُس کے دل میں مہاراجہ کی طرف سے جو شکوک تھے وہ سب دور کر دئے - لاہور پہنچکر اُسے چند روز اور اپنا مہمان رکھا - قلعہ لاہور دکھایا، اُسے فوجوں کی پریڈ دکھا کر محظوظ کیا - پرنسپ اپنی کتاب میں لکھتا ہے کہ جب مہاراجہ انگریزی ایجنٹ

کو اپنا قلعہ اور سامان ضرب دکھاتا تھا تو دیوان محکم چند اور سردار گنڈا سنگھ مہاراجہ کو روکتے تھے لیکن رنجیت سنگھ اپنی نیک طبیعت کے مطابق جب ایک دفعہ کسی کو اپنا دوست بنا لیتا تھا تو اُس سے کوئی بات چھپا نہ رکھتا تھا۔

حکومت کابل کا وکیل لاهور میں

یہ واضع هو چکا هوگا کہ درانی حکومت کا شیرازہ دن بدن بکھر رها تھا مرکزی حکومت کے روزانہ انقلابات کی وجہ سے پشاور، اٹک، اور کشمیر کے صوبہ‌دار گورنمنٹ کابل سے منحرف هو چکے تھے۔ چنانچہ جب شاہ محمود اور وزیر فتح خاں دوبارہ طاقت پکڑ گئے تو اُنہوں نے عطا محمد خاں صوبہ‌دار کشمیر کو زیر کرنے کا عزم کیا۔ مگر اُس وقت رنجیت سنگھ کی طاقت زوروں پر تھی جس سے وہ پورے طور پر واقف هو چکے تھے۔ جموں، جہلم اور گجرات کے ناکے جن کے ذریعہ کشمیر وادی میں داخل هوتے هیں مہاراجہ کے قبضہ میں آ چکے تھے۔ اس لئے مہاراجہ کی رضامندی بغیر کشمیر پر حملہ کرنا فوجی نقطۂ نگاہ سے خطرہ سے خالی نہ تھا۔ چنانچہ وزیر افتح خاں نے اپنا معتبر وکیل گودڑ مل مہاراجہ کے دربار میں روانہ کیا۔ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۱۱ع میں وہ افغانستان کی ولایت کے نفیس تحائف لےکر لاهور دربار میں پہنچا اور اپنے آقا کا پیغام کہ سنایا۔ مہاراجہ نے هر طرح سے اُس کی تسلی کی اور

کہا کہ فی الحال وہ شاہزادہ کی شادی کے انتظام میں مصروف ہے۔ زاں بعد وزیر فتح خاں کی امداد کریگا - وکیل موصوف یہ جواب لےکر واپس ہوا -

بھمبر ' راجوری اور اکھنور پر یورش
مئی سنہ ۱۸۱۲ء

جونہی مہاراجہ شادی کے معاملات سے فارغ ہوا کوہستانی علاقہ بھمبر اور راجوری کی طرف متوجہ ہوا اور جموں اور اکھنور پر بھی مکمل طور سے قبضہ کرنے کا ارادہ کر لیا - مشرق کی جانب یہ مقامات وادئی کشمیر کے ناکے ہیں - کشمیر فتح کرنے کے لئے اِن مقامات پر مہاراجہ کا پیشتر ہی سے قبضہ ہونا لازمی تھا چنانچہ کنور کھڑک سنگھ کی سرکردگی میں بھائی رام سنگھ جرار فوج لے کر روانہ ہوا - راجہ سلطان خاں بھمبر والے اور راجہ اُگر خاں راجوری والے نے سخت مقابلہ کیا - دیوان محکم چند کی کمان میں کمک پہنچنے پر اطاعت قبول کرلی - مہاراجہ نے کچھ دنوں کے لئے اُنھیں اپنے پاس لاہور میں نظربند رکھا - اکھنور بھی سلطنت لاہور میں شامل کر لیا گیا -

وفا بیگم کا کوہ نور دینے کا وعدہ کرنا

جب شجاع الملک کشمیر میں قید کیا گیا - تو اُس کی بیگمات اور شہزادے لاہور میں آ گئے تھے اور مہاراجہ نے اُنھیں نہایت عزت و تکریم سے پناہ دی تھی - جب وزیر فتح خاں اور شاہ محمود کے کشمیر فتح کرنے کے اِرادہ

کا حال شاہ شجاع کی بیگمات کو معلم ہوا تو وہ بہت گھبرائیں - شاہ شجاع اور شاہ محمود ایک دوسرے کے جانی دشمن تھے - شاہ محمود فطرتاً بے رحم تھا - اُس نے اپنے دوسرے بھائی شاہ زماں کی آنکھیں نکلوا دی تھیں - اُنہیں اندیشہ ہوا کہ فتح کشمیر کے بعد ظالم کہیں شاہ شجاع کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک نہ کرے - چنانچہ شاہ کی بیوی وفا بیگم نے جب یہ سنا کہ مہاراجہ بھی اپنی کچھ فوج فتح خاں کے ہمراہ کشمیر روانہ کرنے کا قصد کر رہا ہے تو اُس نے فقیر عزیزالدین اور دیوان بھوانی داس کی معرفت یہ پیغام بھیجا کہ اگر مہاراجہ شاہ شجاع کو قید سے چھڑا لائے اور وہ اپنے بال بچوں کے پاس لاہور پہنچ جائے تو وہ مشہور ہیرا کوہ‌نور مہاراجہ کی نذر کر دیگی - چنانچہ رنجیت سنگھ نے یہ بات منظور کرلی - اور جب اُس کی فوج کشمیر روانہ ہونے لگی تو مہاراجہ نے جرنیل محکم چند کو سخت تاکید کی کہ جس طرح ہو سکے وہ شاہ شجاع کو اپنے ہمراہ لاہور لے آئے - *

وزیر فتح خاں کی مہاراجہ سے ملاقات

نومبر سنہ ۱۸۱۲ع

فتح خاں کا وکیل گوندر مل جب واپس کابل پہنچا اور مہاراجہ کا تسلی بخش جواب اپنے آقا کو دیا - تو فتح خاں نے کشمیر کی چڑھائی کی تیاریاں شروع کر دیں - اور نومبر

* اس تفصیل کے لئے دیکھو منشی سوہن لال ' دیوان امر ناتھ اور میک گریگر - ان سب نے وفا بیگم کے وعدہ کا صاف ذکر کیا ہے -

سنہ ۱۸۱۲ع میں دریا اٹک عبور کرکے پنجاب کی جانب بڑھا - اِدھر مہاراجہ نے بھي اپنے لشکر کے ہمراہ دریائے جھلم پار کرکے رھتاس کے نزدیک ڈیرے ڈال دئے - چنانچہ مہاراجہ کے خیمے میں دونوں کي ملاقات ہوئي اور مشترکہ چڑھائي کا فیصلہ ہوا - مہاراجہ کے سمجھانے پر وزیر فتح خاں بھي راضي ہو گیا کہ بجائے مظفرآباد والے راستہ کے جو اُس وقت برف کي وجہ سے دشوارگذار ہو رہا تھا - بھمبر اور راجوري کے راستہ کوچ کیا جائے اور پیر پنجال کو عبور کرکے وادئے کشمیر میں داخل ہوں -

مہاراجہ کا مشترکہ مہم کا مقصد

کشمیر کی مشترکہ مہم کے متعلق مہاراجہ نے اپنے اُمراء و وزراء سے مشورہ کیا - سب نے اس موقعہ سے فائدہ آٹھانے کی رائے دي کیونکہ آسانی سے شاہ شجاع کو گورنر کشمیر کی قید سے چھڑایا جاسکیگا جس کے بدلے اُس کی بیگم نے مہاراجہ کو کوہ‌نور دینے کا وعدہ کر رکھا تھا اور مہاراجہ اِس مطلب کے لئے اکیلا فوج بھیجنے والا تھا - دوسرے شیر پنجاب موزوں موقعہ ملنے پر کشمیر کی فتح کا خود بھي قصد رکھتا تھا - چنانچہ اِس موقعہ پر خالصہ افواج دروں ' گھاٹیوں اور راستوں سے بخوبی آشنا ہو جائینگي جو بعد میں بہت مفید ثابت ہوگا -

سفر کشمیر

چنانچہ بارہ ہزار سکھ نوجوان سرداران دل سنگھ ' جیون سنگھ پلٹني والا - اور پہاڑی راجگان جسروٹہ ' بسوهلي '

نورپور وغیرہ کی زیرسرکردگی کشمیر روانہ ہوئے - دیوان محکم چند اِس فوج کا افسر اعلیٰ تھا - دونوں فوجوں نے یکم دسمبر سنہ ۱۸۱۲ع کو جہلم سے کوچ کیا - بھمبر ' راجوری اور تھنہ کے راستہ ہوتی ہوئی پیر پنجال عبور کرکے وادئے کشمیر میں داخل ہوئیں -

وفا بیگم کی تسلی و تشفی

رنجیت سنگھ جہلم سے لاہور واپس پہنچا - اور وفا بیگم کی تسلي اور حوصلہ افزائی کے لئے فقیر عزیزالدین اور دیوان بھوانی داس کو اس کے پاس بھیجا تاکہ اُسے بتاویں کہ خالصہ سرداروں کو خاص ہدایات دی گئي ہیں کہ وہ شاہ شجاع کو اپنے ہمراہ لاہور لے آئیں - جس پر وفا بیگم نے اپنے معتبر مصاحب میر ابوالحسن ' ملا جعفر ' اور قاضي شیر محمد کو مہاراجہ کي خدمت میں روانہ کیا - اور کہلا بھیجا کہ میں اپنے وعدہ پر پکي ہوں - جس وقت شاہ شجاع لاہور پہنچیگا قطع الماس بغیر حیل و حجت آپ کي نذر کیا جائیگا - *

دیوان محکم چند کي ہوشیاری

دونوں فوجیں بڑی عجلت سے سفر طے کر رہی تھیں -

---

* تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ مصنفہ منشي سوہن لال - سکھوں کا مشہور مؤرخ دیوان امر ناتھہ تو یہ لکھتا ہے - کہ مہاراجہ کا مدعا صرف شاہ شجاع کو ہي رہا کرانا تھا - " سرکار والا دیوان محکم چند را ظاہراً بہ کومک - و باطناً باوردن شاہ شجاع الملک مامور فرمودند " - ظفرنامۂ رنجیت سنگھ صفحہ ۷ - کننگھم بھي اسی کي تائید کرتا ہے -

سکھ اور افغان ہمت اور جوانمردی میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانا چاہتے تھے - ہر ایک کی یہی خواہش تھی کہ میری سپاہ زیادہ بہادر ثابت ہو - اِسی دوڑ دھوپ میں افغانی فوج جو پہاڑی دشوارگذار راستوں کے عبور کرنے میں عادی تھی خالصہ فوج سے بہت آگے نکل گئی - مگر دیوان محکم چند بڑا صاحب تدبیر تھا - اُس نے فوراً بھمبر اور راجوری کے راجاؤں کو جو اُس وقت خالصہ فوج کے ہمراہ تھے بھاری جاگیر کا لالچ دیا اور اُنہیں کہا کہ ایسا نزدیک راستہ بتاؤ جس سے خالصہ فوج افغان فوج کے ساتھ ہی وادئے کشمیر میں جا پہنچے - چنانچہ ایسا ہی ہوا اور سکھ سپاہ فتح خاں کی فوج سے پہلے ہی کشمیر کی وادی میں داخل ہو گئی -

تسخیر قلعۂ شیرگڑھ

عطا محمد خاں کو جب اِس حملے کا حال معلوم ہوا تو اُس نے قلعۂ شیرگڑھ کے نزدیک اِن افواج کو روکنے کا پختہ انتظام کر لیا - تنگ دروں اور دشوارگذار راستوں کو پتھروں اور درختوں کے ساتھ بند کرکے اور بھی ناقابل‌گذر بنا دیا - موسم سرما پورے زوروں پر تھا - برف‌باری بکثرت ہو رہی تھی - خالصہ فوج اس قسم کی شدت کی سردی کی عادی نہ تھی - چنانچہ تقریباً دو سو سپاہی مر گئے * -

* منشی سوہن لال لکھتا ہے "قریب یکصد پیادہ در آں آفت ناگہانی منہلک و منعدم گشت و یک صد سوار در خانۂ زین بخواب عدم استراحت پذیر گردید" -

اشیائے خوردنی نہایت گراں ہو گئي مگر سکھوں کے جوش کے سامنے یہ تکلیفات کچھہ حقیقت نہ رکھتی تھیں اور وہ افغاني فوج کے پہلو بہ پہلو آگے بڑھتے تھے - چنانچہ شیرگڑھہ کا محاصرہ ڈال دیا گیا - عطا محمد نے کچھہ دیر تک کر مقابلہ کیا مگر آخرکار مغلوب ہوا - خالصہ اور افغانی فوجوں نے قلعہ پر قبضہ کر لیا - بہت سا بیش قیمت لوٹ کا مال فاتحوں کے هاتھہ لگا - * شاہ شجاع الملک بھي اِسي قلعہ میں پا بہ زنجیر قید تھا چنانچہ شاہ کو فوراً دیوان محکم چند کے کمپ میں لایا گیا - اُس کی زنجیریں کٹوا کر اُس کی بہت تسلی وار دلجوئي کي گئی -

محکم چند اور فتح خاں میں بدمزگی

وزیر فتح خاں نے بھي قلعہ میں داخل ہوتے ہی شاہ شجاع کی تلاش کي مگر وہ وهاں کہاں تھا - اس نے شاہ کو دیوان محکم چند سے حاصل کرنے کي ناکام کوشش کی - مگر دیوان بڑا دانشمند تھا - اُس نے شجاع الملک کو اپنے پاس رکھنے میں کوئي احتیاط باقی نہ چھوڑی - چنانچہ اسي وجہ سے وزیر فتح خاں اور دیوان محکم چند میں بدمزگی پیدا ہو گئی - چنانچہ دیوان محکم چند یہاں سے ہی افغان فوج

* پرنسپ اور اُس سے نقل کرکے بہت سے مؤرخوں نے یہ لکھا ہے کہ وزیر فتح خاں نے اکیلے هي عطا محمد خاں کو شکست دي تھی - اور خالصہ فوج پیچھے رہ گئی تھي - یہ بیان سراسر غلط ہے - تفصیل کے لئے دیکھو منشي سوهن لال -

سے علیحدہ ہو کر خالصہ فوج اور شاہ شجاع کے ہمراہ لاہور واپس روانہ ہو پڑا اور وزیرآباد پہنچکر مہاراجہ کو مفصل حال تحریر کر دیا - پھر دو روز بعد لاہور جا پہنچا - مہاراجہ نے شاہ شجاع کا پرتپاک استقبال کیا - ایک وسیع اور شاندہ مکان جو لاہور میں آج تک مبارک حویلي کے نام سے مشہور ہے شاہ کي رہائش کے لئے پیش کیا -

کوہ‌نور پر جھگڑا

اب مہاراجہ نے حسب وعدہ شاہ شجاع سے کوہ‌نور طلب کیا اور اِس مطلب کے لئے فقیر عزیزالدین اور بھائي رام سنگھ کو شاہ کے پاس بھیجا - مگر اِس بیش‌بہا ہیرہ سے جدا ہونا معمولی بات نہ تھي چنانچہ شاہ اور اُس کی بیگم نے ٹال مٹول کیا اور اپنے وکیل حبیب‌اللہ خاں اور حافظ روح‌اللہ خاں کو مہاراجہ کے پاس قلعہ میں روانہ کیا - اُنھوں نے ظاہر کیا کہ کوہ‌نور اس وقت اُن کے قبضہ میں نہیں ہے - بلکہ وفا بیگم نے اُسے قندھار میں ایک شخص کے پاس چھ کروڑ روپیہ کے عوض گروی رکھا ہوا ہے - یہ روپیہ شاہ نے اپني مہمات پر خرچ کیا تھا - بھلا رنجیت سنگھ جیسا ہوشیار آدمي اِن چکموں میں کہاں آنےوالا تھا - اُس نے کوہ‌نور حاصل کرنے کي خاطر کشمیر کي مہم پر دو لاکھ روپیہ خرچ کیا تھا - سیکڑوں سکھ نوجوان ہاتھ سے کھوئے تھے - خود اور اُس کے جرنیلوں نے اِس قدر مشقت و مصائب برداشت کي تھیں - نیز شاہ کي وجہ سے اُس نے وزیر فتح خاں

کو آخر میں ناراض کیا تھا - کیا لوٹ و لعل کے دو چار الفاظ اِن بےشمار قربانیوں کے لئے کافي تھے - قدرتاً مہاراجہ کو اِس وعدہ‌خلافي پر بہت غصہ آیا - چنانچہ فوراً شادي‌خاں کوتوال کو حکم ہوا کہ شاہ کے مکان پر شدید پہرہ لگایا جائے تاکہ وہاں سے کوئي اندر یا باہر نہ جا سکے - کچھ روز کے بعد شاہ کو یہ بھي پیغام بھیجا کہ آپ کو کوہ نور کے عوض تین لاکھ روپیہ نقد اور پچاس ہزار روپیہ کي جاگیر دی جائیگي - آخر شاہ نے ان مصائب سے مجبور ہوکر اقرار کیا کہ پچاس روز کے اندر اندر کوہ‌نور مہاراجہ کے حوالہ کر دیا جائیگا - چنانچہ جب یہ عرصہ ختم ہونے کو آیا تو شروع جون سنہ ۱۸۱۳ع میں شاہ شجاع کے کہنے پر مہاراجہ یک ہزار سوار و پیادہ اور چند سردار اپنے ہمراہ لیکر مبارک حویلي میں شاہ کے پاس پہنچا - شاہ شجاع نے اُتھ کر مہاراجہ کا استقبال کیا - اور کوہ‌نور نذر کر دیا مہاراجہ نے شاہ کو یہ تحریر میں دیا کہ چوکي و پہرہ شاہ کے مکان سے اُتھا لیا جائیگا اور آئندہ اُس کے ساتھ کسي قسم کي مزاحمت نہ کي جائیگي -

اس معاملہ کي نسبت مورخین کي رائیں

اِس واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کپتان مرے نے اپني رپورٹ میں اور اُس سے نقل کرکے سید محمد لطیف نے یہ ظاہر کرنے کي کوشش کي ہے کہ مہاراجہ نہایت لالچي تھا - اُس نے خود دیدہ و دانستہ وفا بیگم کو اُس کے خاوند کي زندگي کے متعلق ترلیا اور یہ اُمید دلائي کہ اگر وہ اُسے کوہ‌نور دینے کا وعدہ

کرے تو مہاراجہ اُس کے خاوند کو فتح خاں کے پنجہ سے صحیح و سلامت چھڑا لائیگا - بعد میں طرح طرح کے مصائب دیکر یہ ھیرہ اُن سے چھین لیا - اِس کے برعکس بھائي پریم سنگھ نے اپني کتاب میں یہ ظاهر کیا ھے کہ اِس معاملہ میں مہاراجہ رنجیت سنگھ، کا کوئي دخل نہ تھا - وفا بیگم نے دیوان محکم چند اور فقیر عزیزالدین سے کوہ‌نور دینے کا وعدہ کیا تھا - اب اُنھی دونوں نے شاہ اور اُس کي بیگم سے یہ ھیرہ نکلوانے کي کوشش کي تاکہ وہ مہاراجہ کے سامنے جھوٹے اور شرمندہ نہ ھوں - ھمیں مہاراجہ رنجیت سنگھ، کو بےگناہ ثابت کرنے یا اُس میں عیب‌بیني سے کوئي سروکار نہیں - صرف واقعات کو صحیح طور سے پیش کرنا ھمارا فرضِ منصبي ھے - ھماري رائے میں مذکورہ بالا مورخین کي رائے تعصب سے خالي نہیں - یہ رنگ‌آمیزي اور واقعات کا چھپانا اُن کي اپني ایجاد ھے - ھمارا بیان منشي سوھن لال اور دیوان امر ناتھ کي کتابوں پر مبنی ھے - یہ دونوں مہاراجہ کے دربار کے وقائع‌نگار تھے اور جہاں تک ھمیں علم ھے اِنھوں نے واقعات کو صحیح طور سے بیان کیا ھے - جہاں اُنھوں نے وفا بیگم کے وعدہ کا وصاف صاف ذکر کیا ھے وھاں کھلے طور سے یہ بھي لکھ دیا ھے کہ جب شاہ اور اُس کی بیگم نے کوہ‌نور دینے میں لیت و لعل کیا تو مہاراجہ کے حکم سے اِن کے مکان پر پہرہ تعینات کیا گیا اور شاہ کو سخت اذیت پہنچائی گئی * -

* "چوکی و پہرۂ شبانروزي بدرجۂ اتم بر دروازۂ حویلی (شاہ) بعرصۂ نمائش رسید" - سوھن لال - دیوان امرناتھ اِس سے بھي زیادہ صاف الفاظ میں

شاہ شجاع بھی اپنی خودنوشت سوانح عمری میں اِس واقعہ کا ذکر کرتا ہے جس کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُسے قدرے تکلیف ضرور دی گئی تھی - مگر جس قدر کپتان مرے نے سنی سنائی باتوں کا بتنگڑ بنا دیا ہے ایسا نہیں ہے - کپتان مرے اور شاہ شجاع کے بیان میں بہت فرق ہے - (دیکھو سوانح عمری شاہ شجاع ' باب پندرہ -)

شاہ شجاع کی سرگذشت

اِس واقعہ کے بعد شاہ شجاع اور اُس کا خاندان ڈیڑھ سال تک لاھور میں مقیم رھا - مگر شاہ کے دل میں ابھی بادشاھی کی ھوس چٹکیاں لے رھی تھی - (در دل شاہ ھوائے شاھی پدیدار آمد - دیوان امر ناتھ) - چنانچہ اُس نے لاھور سے بھاگ نکلنے کا مصمم اِرادہ کر لیا - یکم نومبر سنہ ۱۸۱۴ع کو شاہ کی بیگمات شہر لاھور سے روپوش ھو گئیں اور دریائے ستلج کو عبور کر کے لدھیانہ میں پناہ‌گزیں ھوئیں - جب مہاراجہ کو یہ بھید معلوم ھوا تو اُس نے چوکی اور پہرہ تعینات کر دیا - مگر اپریل سنہ ۱۸۱۵ع کو شاہ شجاع بھی بھیس بدل کر بھاگ نکلا - اور سنہ ۱۸۳۸ع تک

لکھتا ھے " سرکار والا شادی خاں کوتوال را بہ نگہبانی بر گذاشتہ - بہ ھزاران شداید و مصائب شاہ را از نقص عہد کہ دخول جہنم و وبال و نکال اُخروی در ضمن آن مظلومیت محفوظ داشتہ - بر کوہ نور عجوبۂ قدرت پروردگار ملحوظ فرمودند - " دیکھو ظفرنامہ رنجیت سنگھ ص ۷۳ - عمدۃالتواریخ دفتر دوئم ص ۱۳۱ سے ۱۳۴ -

سرکار انگریزی کا پنشن‌خوار رہا - اس عرصہ میں شاہ نے کئی بار کشمیر، پشاور، سندھ اور کابل کی طرف مراجعت کی مگر ہمیشہ ناکام رہا - آخر سنہ ۱۸۳۹ع میں انگریزوں کی مدد سے کابل کے تخت پر بیٹھا مگر اگلے سال ہی قتل کر دیا گیا - مہاراجہ نے شاہ شجاع کی نسبت قیافہ شناسی کے ذریعہ یہ رائے قائم کی تھی - کہ یہ بادشاہت حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوگا - چنانچہ ویسا ہی ہوا - *

قلعہ اٹک پر مہاراجہ کا قبضہ مارچ سنہ ۱۸۱۳ع

اٹک کا مستحکم قلعہ دریائے سندھ کے عین کنارے پر واقع ہے - اور شمال مغربی دروں کی راہ آنے جانے والوں کے لئے پنجاب کا دروازہ سمجھا جاتا ہے - اُس وقت قلعہ اٹک افغانی سردار جہاندار خاں کے قبضہ میں تھا - مہاراجہ رنجیت سنگھ کے یہ امر ذہین‌نشین ہو چکا تھا - کہ جب تک یہ قلعہ اُس کے قبضہ میں نہیں آئیگا حملہ آور افغانی لشکر کی روک تھام نہایت مشکل ہوگی - چنانچہ خوش قسمتی سے مہاراجہ کو موقعہ جلد ہاتھ آ گیا - اٹک کا قلعہ‌دار

* " سرکار والاتیز بحواشی در اثنائے مکالمہ فرمودند - روزیکہ شاہ بملاقات ما رسیدہ بود در آں وقت از سواد پیشانیش چناں بمطالعہ در آمدہ کہ شاہ را تخت نشینی ہرگز نصیب نخواہد شد - و شاہ دریں باب ہر چند دست و پا خواہد زد - کشتی مرادش بہ ساحل مقصود نخواہد رسید " - دیوان امر ناتھ - صفحہ ۹۰ -

جہانداد خاں کشمیر کے صوبہ دار عطا محمد خاں کا بھائي تھا - کشمیر کی شکست کا حال سن کر اُسے اپنے لئے بھی خطرہ ہو گیا - وہ صاف طور سے جانتا تھا کہ وہ اکیلا شاہ محمود اور اُس کے وزیر فتح خاں کا مقابلہ نہ کر سکےگا - پس اُس نے رنجیت سنگھ سے خط و کتابت شروع کي اور اس شرط پر قلعہ خالی کرنے پر آمادہ ہو گیا - کہ اُسے گذارہ کے لئے مہاراجہ کي طرف سے معقول جاگیر دیدي جائے - مہاراجہ نے فوراً وزیرآباد کا پرگنہ جہانداد خاں کي جاگیر کے لئے مقرر کر دیا - اور خالصہ فوج کا ایک زبردست دستہ اٹک پر قبضہ کرنے کے لئے روانہ کیا - افغاني فوج نے قلعہ خالی کرنے سے پیشتر تقریباً ایک لاکھ روپیہ جو ان کي تنخواهوں کا جہانداد خاں کے ذمہ کا بقایا تھا مہاراجہ کے افسروں سے طلب کیا - مہاراجہ نے روپیہ ادا کر دیا اور خالصہ فوج قلعہ پر قابض ہو گئي -

وزیر فتح خاں کي تلملاهٹ

وزیر فتح خاں سے یہ سب معاملہ مخفي رہا اور اُسے جہانداد خاں کی کارروائي کي کچھ خبر نہ ملي - اُس کي آنکھیں اُس وقت کھلیں جب مہاراجہ کا قلعہ اٹک پر قبضہ ہو چکا تھا - چنانچہ وہ بہت تلملایا - فوراً کشمیر کي صوبیداري اپنے بھائي عظیم خاں کے سپرد کي - خود پکھلي اور دھمتور والے راستہ سے ہوتا ہوا بالا بالا پشاور پہنچ گیا اور مہاراجہ کو قلعہ اٹک خالي کرنے کے لئے کہلا بھیجا - مہاراجہ قلعہ میں اپني فوج بڑھانے کے لئے وقت حاصل کرنا چاهتا تھا - چنانچہ اُس نے فتح خاں کے ساتھ عہد و پیمان میں

کچھ وقت گذار دیا اور اسی وقت قلعہ اٹک کی فوج بھی بڑھا دی ۔ بعد میں قلعہ خالی کرنے سے صاف انکار کردیا ۔

سکھوں اور افغانوں کی پہلی جنگ

فتح خاں نے فوراً جرار افغانی فوج کے ساتھ علاقہ چھچھ میں ڈیرے ڈال دئے اور قلعہ کا محاصرہ شروع کر دیا ۔ اِدھر سے مہاراجہ کا توپخانہ اور لشکر زیر کردگی دیوان محکم چند جہلم کو عبور کرکے قلعہ کی حفاظت کے لئے پہنچ گیا ۔ دونوں فوجیں تین ماہ تک آمنے سامنے پڑی رہیں ۔ اِس محاصرہ کے دوران میں قلعہ والوں کو رسد پہنچانا مشکل ہو گیا ۔ چنانچہ دیوان محکم چند نے مہاراجہ سے اجازت منگواکر افغانی لشکر پر دھاوا بول دیا ۔ ۱۲ جولائی سنہ ۱۸۱۳ع کو خالصہ فوج کے چیدہ سواروں کا ایک دستہ آگے بڑھکر دشمن کی دیکھ‌بھال کر رہا تھا کہ اُنہیں نزدیک ہی افغانوں کا ایک کیمپ دکھائی دیا ۔ انھوں نے موقعہ پاکر یکایک اُن پر حملہ کر دیا ۔ اِسی اثناء میں باقی‌ماندہ سکھ فوج بھی پہنچ گئی ۔ بہت گھمسان کا معرکہ ہوا ۔ فریقین کے بہت سے جوانمرد کام آئے ۔ رات کے اندھیرے نے دونوں فوجوں کی تلواریں میان میں رکھوا دیں ۔ ۱۳ جولائی کو دیوان محکم چند نے مقام حضرو کے نزدیک اپنی فوج کو صف آرا کیا ۔ رسالہ چار حصوں میں منقسم کیا ۔ توپخانہ اور پیادہ فوج مربع کی شکل میں آراستہ کی ۔ دوست محمد خاں کی کمان میں افغانوں کے لئے بھی کمک پہنچ گئی ۔ چنانچہ

افغانی ٹڈی دل فوج نے بڑے جوش و خروش کے ساتھ سکھ فوج پر حملہ کیا ۔ خالصہ نوجوان بھی اپنے مورچوں اور دمدموں سے باھر نکل پڑے اور ایسا مقابلہ کیا کہ دشمن کے دانت کھٹے ہو گئے ۔ افغانوں نے پیچھے هٹنا شروع کیا ۔ خالصہ گھڑسواروں نے اُن کا پیچھا کیا ۔ تلوار کے وہ کرتب دکھائے کہ پل کی پل میں هزاروں کو کھیت رکھا * ۔ میدان خالصہ کے هاتھ رها ۔ افغانی فوج کا بےشمار زر نقد و جنس خیمے ، اونٹ ، گھوڑے ، اور تقریباً سات چھوٹی توپیں اُن کے هاتھ آئیں ۔ فتح کی خبر موصول ہونے پر لاهور میں خوشی کے شادیانے بجے ۔ خوشخبری لانےوالے قاصد کو مہاراجہ نے سونے کے کڑوں کی ایک جوڑی اور خلعت فاخرہ عطا کیا ۔ وزیر فتح خاں نے بھاگ کر پیشاور میں دم لیا ۔ مہاراجہ نے مکھڈ وغیرہ کے قلعوں پر قبضہ کرکے کل علاقہ اپنے تصرف میں کر لیا ۔ میک‌گریگر لکھتا هے کہ یہ سکھوں کی افغانوں پر پہلی زبردست فتح تھی ۔ اُس دن سے خالصہ کا ایسا سکہ افغانوں پر جما جو بعد میں سکھوں کے لئے نہایت هی مفید ثابت ہوا ۔

کشمیر کی چڑھائی کی تیاریاں ۔

اکتوبر سنہ ۱۸۱۳ع

خالصہ فوج نے کشمیر اور اٹک کی مہموں میں افغانی لشکر

---

* دیوان امرناتھ کی تحریر کے بموجب دو هزار افغان سپاهی اِس جنگ میں کام آئے ۔ " کلا دو هزار افغان بر خاک نیستی غلطید " ۔

کی طاقت کا اندازہ کر لیا تھا کہ یہ لوگ اُن سے کسی صورت میں بھی زیادہ جنگجو یا بہادر نہیں ہیں - فوجی نقطۂ نگاہ سے قلعۂ اٹک پر قبضہ قائم رکھنے کے لئے مہاراجہ نے یہ ضروری خیال کیا کہ صوبۂ کشمیر اور اُس کے گرد و نواح کا کوہستانی علاقہ وزیر فتح خاں کے مددگاروں کے ہاتھ میں دیر تک نہیں رہنا چاہئے - چنانچہ ماہ اکتوبر کے شروع میں مہاراجہ نے تسخیر کشمیر کا ارادہ کیا اور اپنے مشیران دولت سے مشورہ کیا - چنانچہ اِس مہم کے لئے تیاریاں شروع ہو گئیں - مہاراجہ صاحب خود دوسہرہ سے پہلے نوراتہ کے روز روانہ ہو پڑے - امرتسر ہوتے ہوئے ضلع کانگڑہ میں جوالا جی کے مقدس مقام پر نیاز پیش کی - * پھر پٹھانکوٹ اور آدینہ‌نگر ہوتے ہوئے سیالکوٹ میں خیمہ‌زن ہوئے - یہاں تمام خالصہ افواج جمع کی گئی - سردار نہال سنگھ اٹاری‌والہ ' سردار دیسا سنگھ مجیٹھ ' دیوان رام دیال ' سردار ہری سنگھ نلوہ ' اور بھیمہ رام سنگھ وغیرہ کے تحت میں علیحدہ علیحدہ دستہ تقسیم کئے گئے - نومبر میں مہاراجہ رہتاس پہنچا - یہاں اُسے خبر ملی کہ وزیر فتح خاں پشاور سے تیرہ‌جات کی طرف آ رہا ہے اور تسخیر ملتان کا ارادہ رکھتا ہے اور پیر پنجال میں بھی برف پڑ رہی ہے - چنانچہ فی‌الحال کشمیر کی فتح کا اِرادہ ملتوی کرنا پڑا - تاہم ایک دستہ فوج دیوان رام دیال کی سرکردگی میں جو دیوان محکم چند کا

* تفصیل کے لئے دیکھو منشی سوہن لال عمدۃالتواریخ - دفتر دوم ص ۱۴۷

پوتا تھا اور بیس سال کی عمر کا بہادر نوجوان تھا راجوری کی طرف روانہ کیا گیا تاکہ وہ اُس راستہ کے دروں پر قبضہ کر لے اور اناج وغیرہ کے ذخیرے جمع کرنے کے موزوں مقامات دیکھ آئے - مہاراجہ خود ۲۶ دسمبر کو لاهور واپس پہنچ گیا -

عزم کشمیر - اپریل سنہ ۱۸۱۴ع

چنانچہ اب موسم کھلنے پر ماہ اپریل سنہ ۱۸۱۴ع میں کشمیر کی چڑھائی کا دوبارہ ارادہ ہوا - راجگان کوہستان کانگڑہ کے نام احکام جاری ہوئے کہ اپنی اپنی فوج لیکر مہاراجہ کے ساتھ شامل ہوں - چنانچہ مورخہ ۴ جون کو وزیرآباد کے مقام پر تمام فوج کا معائنہ کیا گیا * اور اُسے مختلف دستوں

* وزیرآباد پہنچنے سے پہلے مہاراجہ کو خبر ملی کہ نزدیک کے جنگل میں دو بڑے شیر رہتے ہیں اور انسان و مویشی کی جان کا نقصان کر رہے ہیں - مہاراجہ بھی شیر کے شکار کا عاشق تھا - چنانچہ وہاں پر ایک دن کے لئے شکار کی غرض سے قیام کیا - چند ایک سوار ہمراہ لےکر مہاراجہ ہاتھی پر سوار ہوکر جنگل میں نکل گیا - ہری سنگھ نلوہ راجپوت جو بڑا پھرتیلا اور بہادر سوار تھا مہاراجہ کے ہاتھی کے آگے آگے تھا - اتنے میں شیر سامنے آیا - ہری سنگھ نے اپنی تلوار کے ساتھ شیر پر وار کیا - آن کی آن میں سردار جگت سنگھ اٹاری والہ جو مہاراجہ کے ہمرکاب تھا - گھوڑے کو ایڑی لگا کر نزدیک پہنچ گیا - شیر جھنجھلاکر جگت سنگھ پر لپکا اور گھوڑے کے بدن پر ایسا پنجہ مارا کہ گھوڑا اُسی دم جان بحق ہو گیا - اسی اثنا میں ہری سنگھ نے شیر پر تلوار سے اس زور سے حملہ کیا کہ اُس کا کام تمام ہو گیا - مہاراجہ شیر کو اپنے ہاتھی پر لاد کر وزیرآباد لایا - اور اپنے توشہ‌خانہ کے افسر کو حکم دیا کہ طلائی کنگن کی ایک جوڑی اور قیمتی خلعت ہری سنگھ کو دی جائے - اور ایک عمدہ تازی گھوڑا اور دو ہزار روپیہ نقد جگت سنگھ کو عطا کئے -

میں تقسیم کیا - یہاں سے لشکر کوچ کرکے گجرات اور بھمبر
ہوتا ہوا ۱۱ جون کو راجوری پہنچا - یہاں مہاراجہ نے مہم
کا مناسب انتظام کیا چنانچہ توپخانہ کا بھاری بھاری اسباب
یہاں ہی چھوڑ دیا اور ہلکی شتری توپوں کو اپنے ہمراہ
لیا - فوج کو دو بڑے حصوں میں بانٹا - ایک دستہ فوج
جس کی تعداد تیس ہزار کے قریب تھی زیر کمان دیوان رام دیال،
سردار دل سنگھ، غوث خاں داروغۂ توپخانہ، سردار ہری
سنگھ نلوہ، اور سردار مت سنگھ پدھانیہ بہرام گلہ کے راستے
ہوکر شوپیان کے مقام پر وادئی کشمیر میں داخل ہونے کے
لئے روانہ ہوئی اور دوسرا حصہ فوج جس کی تعداد زیادہ
تھی اور جس کی کمان مہاراجہ کے ہاتھ میں تھی پونچھ
والے راستہ سے ہوکر توشہ میدان کے درہ سے نکل کر وادی میں
پہنچنے کے لئے چل پڑی -

یورش کشمیر کی ناکامیابی

دیوان رام دیال اپنے دستہ فوج کو لے کر راستہ میں منزل
در منزل قیام کرتا ہوا ۱۸ جون کو بہرام گلہ پہنچ گیا
اور پیر پنجال کی گھاٹیوں کے دروں پر قابض ہو گیا -
بہرام گلہ کے مقام پر خفیف سی ایک دو لڑائیاں ہوئیں -
خالصہ نوجوان بدستور آگے بڑھتے گئے - اور سرائے سے ہوتے
ہوئے آمادپور جا پہنچے اور فوراً ہمیرپور قبضہ میں کر لیا -
عظیم خاں گورنر کشمیر کی فوج کا زبردست دستہ مقابلے کے
لئے آگے بڑھا اور ۲۴ جون کو سکھوں اور افغانوں میں گھمسان کا
معرکہ ہوا - افغان شکست کھاکر لوٹے - سکھ فوج یہاں سے شوپیاں

پہنچي - وہاں افغانی فوج محمد شکور خاں کي زیر کمان بھاري تعداد میں موجود تھی - بڑی خون‌ریز جنگ ہوئی - شہزادہ کھڑک سنگھ کی فوج کا بہادر افسر جیون مل جو اگلي صف میں تلوار لئے لڑ رہا تھا اسي لڑائي میں مارا گیا - اُودھر قدرت کو بھي خالصہ کي کامیابی شاید منظور نہ تھي میں لڑائی کے موقعہ پر موسلادھار بارش شروع ہوگئي - اب خالصہ فوج کو سري‌نگر کي طرف بڑھنے کے سوا اور کوئي چارہ نہ رہا - چنانچہ دیوان رام دیال نے سري‌نگر کے نزدیک جا ڈیرے لگائے اور تازہ کمک کي اُمید کرنے لگا - لیکن بارش کي زیادتی اور بھیم رام سنگھ کی بزدلي کي وجہ سے جس کی کمان میں پانچ ہزار کی کمک مہاراجہ کی طرف سے روانہ کی گئی تھی - وقت پر مدد نہ پہنچ سکي - اسی وجہ سے رام سنگھ کچھ عرصہ کے لئے اپنے عہدہ سے معزول بھی رہا -

مہاراجہ کي واپسي

خالصہ فوج کا دوسرا دستہ جو مہاراجہ کی اپنی ہمراہی میں تھا بارش کی کثرت کی وجہ سے آخر جون تک راجوری ہی میں رکا رہا - آخر وہ ۲۸ جون کو پونچھ پہنچ گیا - یہاں بھی پندرہ روز ٹھہرنا پڑا کیونکہ روح‌اللہ خاں والئے پونچھ صوبہ‌دار کشمیر سے ملا ہوا تھا - چنانچہ مہاراجہ کی فوج کو سامان سد حاصل کرنے میں بہت دقت پیش آئي - اب مہاراجہ نے توشہ میدان کے درہ سے گذرنے کا ارادہ کیا - مگر یہاں بھی کامیابي کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی - چنانچہ مہاراجہ مونڈہ کی طرف بڑھا مگر اوپر سے روح‌اللہ خاں نے خالصہ

فوج کو تنگ کرنا شروع کیا - پہاڑوں کی چوٹیوں سے گولیوں کی بوچھاڑ نے مہاراجہ کے پاؤں اکھاڑ دئے - اُدھر سے عظیم خاں نے بھی موقع پر حملہ کر دیا - مہاراجہ چاروں طرف سے گھر گیا چنانچہ واپس آنے کے سوا اور کوئی چارہ نہ رہا - اور پونچھ، کوٹلی، میرپور وغیرہ سے ہوتا ہوا اگست سنہ ۱۸۱۴ع میں مہاراجہ لاہور واپس پہنچا -

دیوان رام دیال کی شجاعت

دیوان رام دیال کی فوج جو سری‌نگر کے قریب مقیم تھی- بہت ثابت‌قدم رہی اور بڑی دلیری اور جانفشانی سے عظیم خاں کا مقابلہ کرتی رہی - دیوان امرناتھ لکھتا ہے - کہ رام دیال کے معرکوں میں تقریباً دوہزار افغان کام آئے * غالباً عظیم خاں بھی یہی قرین مصلحت خیال کرتا تھا کہ جتنی جلدی ہو سکے خالصہ فوج اس کی ریاست سے باہرچلی جائے - چنانچہ رام دیال کی الوالعزمی اور ثابت‌قدمی دیکھ‌کر اُس کے ساتھ صلح کر لی اور جیسے سید محمد لطیف لکھتا ہے اُس نے مہاراجہ کے لئے گراں‌بہا تحائف ارسال کئے اور دیوان رام‌دیال کو تسلی دلائی کہ وہ آئندہ مہاراجہ کی خیر خواہی کا دم بھرےگا - †

---

* ظفرنامہ رنجیت سنگھ ص ۸۴

† اس کے متعلق پرنسپ وغیرہ کا یہ لکھنا کہ عظیم خاں نے رام دیال کے دادا دیوان محکم چند کی دوستی کا پاس رکھکر اُسے کشمیر سے بے مزاحمت نکل جانے کی اجازت دے دی بالکل غلط ہے اور واقعات پر مبنی نہیں ہے -

دیوان محکم چند کی وفات
اکتوبر سنہ ۱۸۱۴ع

خالصہ فوج کا بہادر جنگجو اور اولوالعزم جرنیل دیوان محکم چند کچھ عرصہ سے بیمار چلا آتا تھا مگر جانبر نہ ہو سکا اور اکتوبر سنہ ۱۸۱۴ع میں راھئے ملک عدم ہوا۔ دیوان محکم چند اُن برگزیدہ ہستیوں میں سب سے پہلا غیر سکھ عہدہ‌دار تھا جس نے خالصہ کی دل و جان سے خدمت کی اور یہی فرائض سرانجام دیتا ہوا جان بحق ہوا۔ محکم چند کا دل محبت اور وفاداری کا سرچشمہ تھا جس نے مہاراجہ کی خدمت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ دل کی اعلیٰ خوبیوں کے علاوہ دیوان مذکور دماغی، ذہنی، اور جسمانی جوہروں کا زندہ مجسمہ تھا۔ کڑی سے کڑی مشکل کو بھی خاطر میں نہ لاتا تھا۔ قدرتاً اعلیٰ درجے کا جرنیل تھا۔ حب‌الوطنی کا مادہ اُس میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔

رنجیت سنگھ کو دیوان مذکور پر بڑا ناز تھا۔ اور اُس کے مرنے کا مہاراجہ کو بہت بڑا صدمہ ہوا۔ تمام خالصہ دربار رنج و غم میں مبتلا ہو گیا تھا۔ اُس کی تجہیز و تکفین نہایت عزت سے فوجی طریقہ پر عمل میں لائی گئی۔ اور پھلور کے بڑے باغ میں دیوان کی سمادھ بنائی گئی جو اب تک موجود ہے۔ مہاراجہ نے دیوان کے بیٹے موتی رام کو دیوان کا خطاب عطا کیا اور اُس کے والد کی

جاگیر پر بحال رکھا - موتی رام کے ہونہار نوجوان بیٹے رام دیال کو دیوان محکم چند کی جاگیرداری فوج کا افسر مقرر کیا -

برٹش گورنمنٹ کا ایلچی

اِس کے تھوڑے دنوں بعد عبدالنبی خاں اور رائے نند سنگھ برٹش گورنمنٹ کے ایلچی لاهور آئے اور گورنرجنرل کی طرف سے بیش قیمت تحائف مہاراجہ کو پیش کئے - مہاراجہ نے اُنھیں اپنے هاں مہمان رکھا ، خوب خاطر مدارات کی اور گورنرجنرل اور سر ڈیوڈ اختر لونی کے لئے گراں بہا پیش کش کے ساتھ واپس روانہ کیا -

گیارھواں باب

مہمات کا سلسلہ اور فتح ملتان

سنہ ۱۸۱۵ع سے سنہ ۱۸۱۸ع تک

برٹش گورکھا جنگ سنہ ۱۸۱۴ع - سنہ ۱۸۱۶ع

سنہ ۱۸۱۴ع سے سنہ ۱۸۱۶ع تک انگریزوں اور گورکھوں میں لگاتار جنگ جاری رہی - شروع شروع میں برٹش فوج کو ایک دو بار شکست ہوئی - اِس موقعہ پر دربار نیپال کا ایجنٹ پرتھی بلاس مہاراجہ کے پاس انگریزوں کے خلاف مدد کے لئے آیا مگر رنجیت سنگھ نے صاف انکار کر دیا - ایجنٹ مایوس ہوکر چلا گیا - چنانچہ اُسی وقت مہاراجہ نے فقیر عزیز الدین کو کرنیل اخترلونی کے پاس لدھیانہ روانہ کیا کہ اگر آپ کو میری مدد کی ضرورت ہو تو میں حاضر ہوں - اِسی مطلب کا پیغام گورنر جنرل کو بھی بھیجا گیا - چنانچہ سرکار انگریزی مہاراجہ کی بہت مشکور ہوئی -

اصلاحات کی ضرورت

مہم کشمیر میں مہاراجہ کو صاف معلوم ہو گیا کہ اُس کی فوج میں بہت سی اصلاحات کی ضرورت ہے - چنانچہ مہاراجہ فوراً اِس طرف متوجہ ہوا - بہت سی نئی فوج بھرتی

کی گئی جن میں دو گورکھا رجمنٹیں بھی شامل تھیں
اور کئی اصلاحات عمل میں لائی گئیں - *

دیوان گنگا رام اور پنڈت دینا ناتھ

پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ دیوان بھوانی داس نے
محکمۂ مال کا نہایت اعلیٰ بندوبست کیا تھا اور ہر سال کی
آمدنی و خرچ کے باقاعدہ حساب کا سلسلہ جاری کیا تھا - †
چنانچہ مہاراجہ بہت خواہشمند تھا نہ اِس قسم کے اور لائق
اشخاص بھی اس کی ملازمت میں آئیں - اُن دنوں مہاراجہ
کی سلطنت بڑی سرعت کے ساتھ وسعت پکڑ رہی تھی - آمدنی
و اخراجات کے وسائل روزافزوں ترقی پر تھے - خرچ کی مدیں
بڑھ رہی تھیں - چنانچہ مہاراجہ نے سنہ ١٨١٣ع میں دیوان
گنگا رام کشمیری پنڈت کو دھلی سے بلا بھیجا - دیوان کی
لیاقت کی شہرت مہاراجہ سن چکا تھا - دیوان گنگا رام
نے آتے ھی محکمۂ فوج کے حساب کتاب کو سنبھالا - دیوان
مذکور کے پاس کام کی اس قدر بھرمار تھی کہ وہ اُسے اکیلا نہ
نپٹا سکتا تھا - چنانچہ مہاراجہ نے دو سال بعد اُسے اجازت

* فوجی اصلاحات کے لئے دیکھو باب ١٥ -

† سکھ حکومت کے سنہ ١٨١٢ع سے لےکر سنہ ١٨٣٩ع تک کے کل کاغذات
پنجاب گورنمنٹ کے ریکارڈ اوفس میں موجود ھیں جنہیں چند سال گذرے
مصنف نے مرتب کیا تھا اور اُن کی تفصیلوار فہرست انگریزی زبان میں
دو جلدوں میں شائع کی تھی -

دے دی کہ وہ کسی آدمی کو اپنی مدد کے لئے بطور نائب مقرر کرلے - دیوان گنگا رام نے پنڈت دینا ناتھ کو بلا لیا جو بعد میں بہت لائق اور ہوشیار افسر ثابت ہوا اور رفتہ رفتہ محکمۂ مال کا افسر اعلیٰ مقرر ہوا ' دیوان کا خطاب حاصل کیا - بعد میں راجہ کے نام سے نامزد ہوا -

مہم راجوری و بھمبر سنہ ۱۸۱۵ع

سال گذشتہ میں مہاراجہ کی فوج مہم کشمیر میں نمایاں کامیابی حاصل نہ کر سکی تھی اِس وجہ سے کوھستانی علاقہ کے راجا بھی منحرف ہونے لگے - مہاراجہ نے اُن کی گوشمالی کو ضروری خیال کیا - چنانچہ موسم برسات کے اختتام پر ماہ اکتوبر کے شروع میں سرداروں کے نام احکام جاری ہو گئے کہ سیالکوٹ کے مقام پر اپنی اپنی فوج لے کر حاضر ہوں - وہاں انہیں راجوری ' بھمبر ' اور پھر پنچال کے تمام دامن کوہ کو مفتوح کرنے کے احکام ملے - مہاراجہ نے خود براستہ وزیرآباد بڑھنا چاہا - راجہ اگر خاں والئی راجوری رنجیت سنگھ کے ارادہ سے بےخبر نہ تھا - اُس نے تمام دروں اور راستوں پر جا بجا اپنی فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے تعینات کر دئے خود راجوری کے قلعہ میں پناہگزیں ہوا - یہ قلعہ ایک بلند چوٹی پر واقع تھا چنانچہ خالصہ فوج کو قلعہ فتح کرنے میں بڑی دقت پیش آئی - آخر انہیں ایک تجویز سوجھی اور آٹھ توپیں قوی ہیکل ہاتھیوں پر لاد کر قلعہ کے سامنے سے گولہ‌باری شروع کی اور قلعہ کی دیوار چھلنی کر دی - اب تو اگر خاں کے ہوش اُڑے اور وقت حاصل کرنے کی غرض سے

صلح کی گفت و شنید جاری کر دی - اسی اثنا میں موقعہ پاکر وہاں سے نکل بھاگا اور اپنے دوسرے قلعۂ کوٹلی میں جا پناہگزین ہوا - مہاراجہ کے بہادر سرداروں دیوان رام دیال، پھولا سنگھ اکالی، اور ہری سنگھ نے راجوری کے قلعہ پر قبضہ کر لیا - اب سکھ فوج کوٹلی کی طرف بڑھی اور اگر خاں کو بھگا دیا - چنانچہ مہاراجہ کا راجوری کے علاقہ پر قبضہ ہو گیا - زاں بعد اِسی طرح علاقہ بھمبر کے قلعوں پر بھی مہاراجہ کا تسلط ہو گیا اور دونوں پہاڑی راجاؤں کو لاہور میں قیام رکھنے کا حکم ملا - *

تسخیر نورپور اور جسوان - جنوری سنہ ۱۸۱۶ع

۲۸ دسمبر سنہ ۱۸۱۵ع کو مہاراجہ مہم راجوری سے واپس آیا - اس مہم کے دوران میں مہاراجہ نے کئی بار راجہ بیر سنگھ نورپوریہ کو حاضر رکاب ہونے کے لئے لکھا مگر راجہ ٹال مٹول کرتا رہا کیونکہ اُس نے عرصہ سے خراج ادا نہیں کیا تھا - آخر لاچار ہوکر جنوری سنہ ۱۸۱۶ع میں دربار میں حاضر ہوا اور معذرت کی - اپنے آپ کو نذرانہ کی کثیر رقم ادا کرنے کے ناقابل ظاہر کیا - مہاراجہ نے اُسے اپنی ریاست سے دست بردار ہونے کے لئے کہا چنانچہ وہ رضامند ہو گیا - مہاراجہ نے اُسے معقول جاگیر عطا کی اور نورپور میں سکھوں کا تھانہ قائم ہو گیا -

* اِس ضمن میں منشی سوہن لال لکھتا ہے کہ قلعہ کوٹلی پر قبضہ کرنے میں ایک راجپوت جاگیردار عورت مسمات بیبو سے مہاراجہ کی فوج کو بہت مدد ملی - عمدۃالتواریخ صفحہ ۱۸۲ -

نورپور کے بعد دوسرے کوھستانی علاقہ جسواں کی باری آئی - اِس علاقہ میں دو تین مضبوط قلعے تھے جن پر عرصہ سے مہاراجہ کی نظر تھی چنانچہ راجہ جسواں کو بھی عدم ادائیگی زرندرانہ کی وجہ سے ریاست سے علیحدہ کیا گیا اور دس ہزار کی مالیت کی جاگیر عطا ہوئی -

وادئی کانگڑہ پر مہاراجہ کا مکمل تسلط

آہستہ آہستہ راجپوتوں کی تمام چھوٹی چھوٹی ریاستیں مہاراجہ کے قبضہ میں آ چکی تھیں - بعض راجہ باقاعدہ باجگذار بن چکے تھے اور بعض کا علاقہ سلطنت لاھور میں شامل کیا جا چکا تھا - قلعۂ کانگڑہ جو وادی کی ناک تھا مہاراجہ کے تسلط میں پہلے آ چکا تھا - راجہ سنسار چند جو پہلے اپنی سلطنت کو وسعت دینے میں سرگرمی سے کوشاں تھا اس وقت تک وہ بھی مہاراجہ رنجیت سنگھ کا باجگذار ہو چکا تھا - اِس طرح سے وادئی کانگڑہ پر مہاراجہ کا مکمل تسلط جم چکا تھا -

بہاولپور کا دورہ - مارچ سنہ ۱۸۱۶ ع

نواب بہاولپور اپنا سالانہ نذرانہ ارسال کرنے میں ھمیشہ حیلہ و حجت کیا کرتا تھا - چنانچہ اس سال مہاراجہ نے اُس طرف اپنی توجہ مبذول کی اور ایک جرار لشکر زیرکردگی مصر دیوان چند جو لیاقت و قابلیت میں دیوان محکم چند مرحوم کی جگہ لے رھا تھا بہاولپور کی طرف روانہ ھوا - سکھ افواج کی آمد کو سنکر نواب نے اپنے وکیل صوبہ رائے اور کشن داس

کی معرفت مہاراجہ کے ساتھ خط و کتابت شروع کر دی اور نیا عہدنامہ لکھ دیا جس کی رو سے ستر ہزار روپیہ سالانہ بطور خراج دینا منظور کیا اور اُسی وقت اسی ہزار روپیہ دینے کا وعدہ کیا جس کی وصولی کے لئے معتبر افسر مقرر کئے گئے -

ملتان کا محاصرہ

مصر دیوان چند کو حکم ملا کہ یہاں سے ملتان کی طرف کوچ کرو اور موضع تللمبہ میں قیام کرو - اس مقام پر مہاراجہ بھی اُسے آ ملا - نواب ملتان کا وکیل بیش‌قیمت تحائف لےکر مہاراجہ کے پاس پہنچا - مہاراجہ نے کل بقایا رقم طلب کی جو ایک لاکھ سے قدرے زائد تھی - وکیل نے سر دست صرف چالیس ہزار دینے کا وعدہ کیا - مہاراجہ نے اپنی فوج کو آگے بڑھنے کا حکم دیا - مصر دیوان چند نے قلعۂ احمدآباد کا محاصرہ ڈال دیا جس پر خالصہ فوج قابض ہو گئی - اُس کے بعد ترموں گھاٹ کے مقام پر دریائے چناب عبور کرکے مہاراجہ سالاروان کے نزدیک خیمہ‌زن ہوا اور ایک دستہ فوج شہر ملتان کو روانہ ہوا - مشہور اکالی سردار پھولا سنگھ کا نہنگ سپاہیوں کا دستہ بھی اِس میں شامل تھا - یہ لوگ نہایت ہی بےخوف اور جنگجو سپاہی تھے - چنانچہ شہر کے قرب و جوار میں لوٹ اور غارتگری کا بازار گرم ہوا - ایک روز جوش میں آ کر پھولا سنگھ کے دستہ نے شہر فصیل پر دھاوا بول دیا - نواب نے صلح ہی میں مصلحت سمجھی - اسی ہزار روپیہ فوراً ادا کیا اور باقی ماندہ دو ماہ کے اندر دینے کا وعدہ کیا -

علاقہ منکیرہ کا دورہ - اپریل سنہ ۱۸۱۶ ع

ملتان سے فراغت پاکر مہاراجہ علاقۂ منکیرہ کي طرف متوجہ ہوا - ابھي مہاراجہ کا لشکر منکیرہ پہنچا ھي تھا کہ نواب محمد خاں اتفاق سے فوت ہو گیا - شیر محمد خاں نے نوابی سنبھالی - مہاراجہ نے اُس کے ساتھ خراج کے متعلق بات چیت کي اور بقایا ملاکر کل ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ طلب کیا - مگر نواب صرف بیس ہزار دینے کو تیار تھا اور س طرح مہاراجہ کو ٹالنا چاھتا تھا - رنجیت سنگھ کے اشارہ پر فوج نے حرکت شروع کي - منکیرہ کے علاقہ میں محمودکوٹ ' خان‌گڑھ ' محمدپور ' لیہ ' بھکر وغیرہ بہت سے قلعجات تھے - خالصہ فوج نے محمودکوٹ کا محاصرہ ڈال دیا اور اپني زبردست توپوں کی مدد سے قلعہ کي دیوار چھلني کر دی - پھولا سنگھ اکالي کے نہنگ دستہ نے خان‌پور کو تاخت و تاراج کرنا شروع کیا - آخر نواب نے تنگ آ کر پچاس ہزار روپیہ ادا کرنا قبول کیا - مئي کا مہینہ شروع ہو چکا تھا - گرمي کي شدت سے مہاراجہ تنگ تھا - چنانچہ خراج وصول کرکے لاھور واپس آیا -

دوآبہ چناب کا دورہ - مئی سنہ ۱۸۱۶ ع

شیر پنجاب ترموں گھاٹ پر دریائے چناب عبور کرکے علاقۂ جھنگ میں داخل ہوا - نواب احمد خاں سیال والئے جھنگ مہاراجہ کا باجگذار نواب رھنا منظور کر چکا تھا اور کئی سال تک لاھور دربار میں خراج بھي بھیجتا رھا تھا مگر گذشتہ چند سال سے اُس نے کچھ ادا نہیں کیا تھا - مہاراجہ نے

تمام روپیہ طلب کیا - نواب نے معذرت پیش کی - شیر پنجاب کو در حقیقت ملتان فتح کرنے کی دھن لگ رہی تھی اور وہ اِس مطلب کے لئے موقعہ پیدا کر رہا تھا - پس اُس نے یہ مناسب خیال کیا کہ پہلے ملتان کے گرد و نواح کا علاقہ اُس کے اپنے تسلط میں ہونا چاھئے تاکہ ملتان حاصل کرنے میں آسانی رہے - چنانچہ نواب احمد خاں کو اُس کی ریاست سے الگ کرکے جھنگ کے تمام علاقہ کو جس کی سالانہ مالیت تقریباً چار لاکھ تھی سلطنت لاہور میں شامل کر لیا -

علاقہ اُوچ کی تحصیل

جب رنجیت سنگھ جھنگ کے معاملات میں مشغول تھا تو سردار فتح سنگھ اھلووالیہ علاقہ اُوچ کی فتح کے لئے روانہ ہو اور نواب رجب علي شاہ کو شکست دےکر اُس نے کوٹ مہاراجہ اور گرد و نواح کے علاقہ پر قبضہ کر لیا - اُوچ کے سجادہ نشین کے لئے معقول جاگیر وقف کر دي گئي اور وھاں فتح سنگھ نے مہاراجہ کا تھانہ قائم کر دیا -

دائرہ دین پناہ

مہاراجہ ابھي اِس علاقہ کے بندوبست سے فراغت پاکر لاہور واپس پہنچا ھي تھا کہ دائرہ دین پناہ کا سردار عبدالصمد خاں نواب مظفر خاں کي دست درازیوں سے تنگ آ کر دیوان رام دیال کي ھمراھي میں مہاراجہ کے پاس آیا اور پناہ طلب کي - مہاراجہ نے بڑي سرگرمي سے اُس کا استقبال کیا

اور مبارک حویلی میں جہاں شاہ شجاع الملک رہا کرتا تھا وهیں ٹھیرایا - مہاراجہ چاهتا تھا کہ نواب عبدالصمد خاں اُس کے پاس رهے - کیونکہ مہاراجہ کا خیال تھا کہ شاید تسخیر ملتان میں یہ کچھ کارآمد ثابت هو -

شہزادہ کھڑک سنگھ اور بھیہ رام سنگھ کی طلبی

بھیہ رام سنگھ شہزادہ کھڑک سنگھ کا بچپن هي سے اتالیق تھا مہاراجہ نے شہزادہ کو جاگیر عطا کر دي تھی اور وہ جوں جوں بڑا هوتا گیا اُس کی جاگیر میں بھی اضافہ هوتا گیا - بھیہ رام سنگھ شہزادہ کي جاگیر کي دیکھ بھال کیا کرتا تھا اور وهي ناظم سمجھا جاتا تھا - رام سنگھ شہزادہ کے ساتھ هر دم رهنےوالا مصاحب تھا - اسي لئے اُس کا کنور کے ساتھ بہت رسوخ تھا - مہاراجہ کو شبہہ هو گیا کہ بھیہ رام سنگھ اپنے عہدہ کا نا جائز استعمال کر رها هے - چنانچہ شہزادہ اور اُس کے اتالیق کو ایک دن دربار میں بلوایا اور بھیہ صاحب سے آمدنی و خرچ کا کل حساب طلب کیا - مہاراجہ نے کنور کو جھڑک کر دربار سے رخصت کیا اور بھیہ رام سنگھ کو نظر بند کر دیا - اُس کا صراف اُتم چند امرتسر سے طلب کیا گیا جس کے حساب کتاب سے معلوم هوا کہ رام سنگھ کے ذاتي کھاتہ میں مبلغ چار لاکھ روپیہ نقد جمع هے اور اس کے علاوہ ایک طبلۂ جواهرات ایک لاکھ روپیہ کی قیمت کا اُسی صراف کے پاس موجود هے - یہ تمام روپیہ ضبط کر لیا گیا اور رام سنگھ اپنے عہدہ سے موقوف کر دیا گیا -

شہزادہ کھڑک سنگھ کا راج تلک

نوراتہ کے دنوں اکتوبر سنہ ۱۸۱۶ع میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے بڑی دھوم دھام سے اپنے بڑے بیٹے شہزادہ کھڑک سنگھ کی راج تلک کی رسم ادا کی - مہاراجہ بڑا ہوشیار تھا وہ ابھی ابھی شہزادہ پر خفا ہوا تھا اور اُس کے دیوان بھیم رام سنگھہ کو معطل کر دیا تھا - چنانچہ رنجیت سنگھ اُسے خوش کرنا چاہتا تھا نیز اُس کی یہ بھی خواہش تھی کہ جہاں تک جلد ممکن ہو سکے شہزادہ پر سلطنت کی ذمہ‌داری کا بوجھ پھینکا جائے - چنانچہ فرائض کی ادائیگی کی حس پیدا کرنے کے لئے اُسے جاگیریں عطا کی گئی تھیں مگر رنجیت سنگھ زیادہ اہم امور میں اُس کی شرکت لازمی سمجھتا تھا - پس اپنے مقاصد کی وجہ سے اُسے ولی عہد قرار دیا گیا - انارکلی کے گنبد کے نزدیک کشادہ میدان میں خیمے ایستادہ ہوئے - * تمام عہدہ‌دار زرق و برق پوشاکیں پہنے دربار میں حاضر ہوئے - شہزادہ کی خدمت میں نذریں گذاریں اور سہ‌پہری دربار کے وقت شہزادہ کو باقاعدہ حکم‌نامے جاری کرنے پر مامور کر دیا گیا - †

* اس میدان میں بعد ازاں مہاراجہ کے فرانسیسی جرنیل ونتورہ کی فوج کے لئے بارکیں تعمیر کی گئیں اور آج کل یہاں پر گورنمنٹ کے سکریٹریٹ دفتر بنے ہوئے ہیں - تفصیل کے لئے دیکھو منشی سوہن لال کی عمدۃالتواریخ دفتر دوم - ۱۹۲

† سید محمد لطیف اس دربار کی تاریخ ۵ ماگھ لکھتا ھے - اور بھائی بھیم سنگھ نے اپنی کتاب میں اس کی تاریخ یکم بیساکھ درج کی ھے -

رام گڑھیہ مثل کے مقبوضات کا الحاق

سردار جودھ سنگھ رام گڑھیہ ستمبر سنہ ۱۸۱۵ع میں فوت ہو چکا تھا - اُس کی وراثت کے لئے اُس کے لواحقین دیوان سنگھ، ویر سنگھ، اور کرم سنگھ وغیرہ میں جھگڑا شروع ہو گیا - ایک نے دوسرے پر دست‌اندازی شروع کی - نیز سردار جودھ سنگھ مرحوم کی زوجہ کو بھی دق کرنا شروع کیا - س مثل کا خاتمہ کرنے کے لئے رنجیت سنگھ کو یہ سنہری موقعہ ہاتھ آیا - تمام دعویداروں کو بلاکر لاہور میں نظربند کر دیا اور رام گڑھیہ مثل کے وسیع علاقہ کو سلطنت لاہور میں ملحق کرلیا - اِس کی سالانہ آمدنی تقریباً چار لاکھ روپیہ تھی اور اس علاقہ میں ایک سو سے زیادہ قلعے تھے - رام گڑھیہ فوج بھی لاہور فوج میں شامل کی گئی - سردار جودھ سنگھ کے لواحقین کے لئے تیس ہزار کی جاگیر عنایت ہوئی -

سکھ مثلوں کا خاتمہ

شیر پنجاب کی غیر معمولی ہستی کی یہ ادنیٰ مثال ہے - مہاراجہ کا مقصد اولین سکھ مثلوں کا خاتمہ کرکے سکھ سلطنت قائم کرنے کا تھا جس میں وہ بخوبی کامیاب ہوا - ستلج پار دست‌اندازی کرنے میں وہ بہت لاچار تھا لیکن دریا کے اِس طرف اب کوئی سکھ مثل آزادانہ ہستی نہ رکھتی تھی - اہلووالیہ مثل کے وسائل سردار فتح سنگھ کی دوستی کی وجہ سے مہاراجہ پورے طور پر استعمال کر رہا تھا - کنھیا مثل کی ایک شاخ اُس کے قبضہ میں آ چکی تھی - دوسری

شامل اُس کی ساس سدا کور کے تسلط میں تھی مگر عملی طور پر اُس مثل کے تمام ذرائع مہاراجہ کے قبضہ میں تھے - وہ بخوبی جانتا تھا کہ سدا کور کی وفات کے بعد وہی اُس علاقہ کا مالک ہوگا - لہذا وہ بوڑھی رانی کو اُس کی آخری حصہ عمر میں تنگ کرنا پسند نہ کرتا تھا - اور اُسے ایسا کرنے کی چنداں ضرورت بھی نہ تھی کیونکہ وہ اُس مثل کے وسائل کو جب چاہے استعمال کر سکتا تھا - نکئی مثل کے مقبوضات پہلے ہی ملحق ہو چکے تھے - علاوہ ازیں سیالکوٹ، قسکہ، شیخوپورہ، وزیرآباد، اکال گڑھ وغیرہ کے سرداروں کو وہ پہلے ہی مطیع کر چکا تھا اور اُنھیں معقول جاگیریں دے کر اُن کی خودمختاری کو قلع قمع کر چکا تھا -

مٹھ ٹوانہ کی یورش سنہ ۱۸۱۷ع

مصر دیوان چند اور سردار دال سنگھ کو سنہ ۱۸۱۷ع میں مٹھ ٹوانہ کی یورش کا حکم ہوا - چنانچہ لشکر نے کچھ توپخانہ کے ہمراہ اُدھر کا کوچ کیا مگر ٹوانہ سردار احمد یار خاں نے اپنے آپ کو نورپور کے مستحکم قلعہ میں بند کر لیا اور مقابلہ کے لئے تیار ہو گیا - خالصہ فوج نے قلعہ کو گھیر لیا - احمد یار خاں وہاں سے بچ نکلا اور ملک منکیرہ میں پناہ‌گزیں ہوا - نورپور کے قلعہ میں مہاراجہ کا تھانہ قائم ہو گیا - سردار جوند سنگھ موکل قلعہ کا تھانیدار مقرر ہوا - احمد یار خاں نے قلعہ واپس لینے کی کوشش کی مگر ناکام

رہا - مہاراجہ نے احمد یار خاں کو جاگیردار سردار کا عہدہ بخشا اور ساٹھ (۶۰) توانہ سوار رکھنے کے لئے اُسے دس ہزار روپیہ کی جاگیر عنایت کی -

سردار نہال سنگھ اٹاری والے کی قربانی

سنہ ۱۸۱۷ع کے موسم گرما میں ایک دفعہ مہاراجہ موضع و نیکی میں شکار کھیلنے گیا اور وہاں کچھہ تھوڑی سی لاپرواہی کی وجہ سے بیمار ہوگیا - لاہور میں آکر بیماری طول پکڑ گئی - ایک روز یکایک مہاراجہ کی زندگی کے لئے اُمراء و وزراء کو خوف پیدا ہو گیا - سرلیپل گرفن اپنی کتاب " پنجاب چیفس " میں لکھتا ہے کہ اٹاری والے خاندان میں یہ روایت مشہور ہے کہ جس وقت مہاراجہ کی حالت نازک تھی اور اُمرا خوفزدہ ہو رہے تھے تو سردار نہال سنگھ اٹاری والے نے وفاداری اور نمک حلالی کی ایک بے نظیر مثال قائم کر دکھلائی - مہاراجہ کے پلنگ کے گرد تین دفعہ پھرا ' سچے دل سے دعا کی اور بلند آواز سے کہا کہ میری باقی عمر سکھ راج کی ترقی کے لئے مہاراجہ کو ملے اور اُس کا مرض مجھے لاحق ہو جائے - چنانچہ اُس کی دعا منظور ہوئی - مہاراجہ کا مرض گھٹنا شروع ہوا اور سردار نہال سنگھ بیمار پڑ گیا - چند روز بعد شیر پنجاب بالکل تندرست ہو گیا اور اٹاری والہ سردار ہمیشہ کے لئے اِس جہان سے رخصت ہوا - *

---

* یہ کہانی پڑھ کر ہمیں بابر اور ہمایوں والا قصہ یاد آتا ہے جس سے ہماری مراد یہ ہے کہ ایسی باتوں میں لوگوں کا یقین ضرور تھا - ہم

نواب منکیرہ سے معاہدہ - ستمبر سنہ ۱۸۱۷ ع

اُس زمانہ میں رنجیت سنگھ کا یہ وطیرہ تھا کہ ہمسایہ سردار یا نواب پر فوجکشی کر کے اُس سے نذرانہ وصول کرتا بعد میں ہر سال ہی اُسی قدر نذرانہ موصول ہونے کی اُمید رکھتا - سردار یا نواب یہ خیال کرتا کہ یہ بلا ہمیشہ کے لئے سر سے ٹلی اس لئے وہ دوبارہ نذرانہ بھیجنے کے خیال کو دل میں بھی نہ لاتا - اُدھر مہاراجہ دوبارہ یورش کر کے ہمیشہ کے لئے خراج دینے کا معاہدہ لکھوانے کی کوشش کرتا - موقعہ ملنے پر اُس کے علاقہ پر اپنا تسلط کرنے میں بھی گریز نہ کرتا اور سردار یا نواب کو معقول جاگیر عنایت کر دیتا - چنانچہ ذکر کیا جا چکا ہے کہ نواب منکیرہ سے سال گذشتہ میں مبلغ پچاس ہزار روپیہ نذرانہ وصول کیا گیا تھا - اِس سال پھر نذرانہ کی رقم طلب کی گئی - نواب کے لئے یہ شرائط ماننے کے سوا اور کوئی چارہ نہ تھا چنانچہ ستر ہزار روپیہ سالانہ معہ دو نفیس گھوڑوں اور اُنٹوں کے دینا منظور کیا -

بھیہ رام سنگھ کی مخلصی

شہزادہ کھڑک سنگھ کا اتالیق بھیہ رام سنگھ جو سال

نہیں کہہ سکتے کہ یہ واقعہ کہاں تک درست ہے کیونکہ عمدۃالتواریخ اور ظفرنامہ رنجیت سنگھ میں اس کا کوئی ذکر نہیں آتا - منشی سوہن لال اور دیوان امرناتھ دونوں مہاراجہ کی اس بیماری کا ذکر کرتے ہیں اور دوسری جگہ سردار نہال سنگھ کی وفات کا حال بھی لکھتے ہیں - قربانی کی ایسی زندہ مثال کا اُن سے چھپا رہنا ممکن نہ تھا -

گذشتہ میں شہزادہ کا روپیہ خرد برد کرنے کے عوض قید کیا گیا تھا اس سال رہا کر دیا گیا - ایسی بیسیوں مثالیں ہیں کہ مہاراجہ نے اپنے افسروں اور عہدہداروں کو سزائیں دے کر بعد میں معاف کر دیا - اُس کی سزاؤں کا مقصد اِصلاح تھا نہ کہ کوئی کھیلہوری - مہاراجہ ھاتھ آئے قابل انسان کو کھونا نہ چاھتا تھا بلکہ اُس کی بری عادتیں دور کرکے پھر اُس کی خدمات سے مستفید ہونا چاھتا تھا - چنانچہ ۲۷ اگست سنہ ۱۸۲۷ع بھیمہ رام سنگھ کو دربار میں طلب کیا ؛ اُسے قیمتی خلعت عطا کیا ' اُس کے مکان سے چوکی اور پہرہ ھٹا لیا اور اُسے علاقۂ رام گڑھیہ کا ناظم مقرر کیا -

هزارہ کی مہم

جس روز سے مہاراجہ کا تصرف قلعہ اٹک اور اُس کے گرد و نواح کے علاقہ پر ہوا تھا اُسی دن سے محمد خاں والئے ہزارہ مبلغ پانچ ہزار روپیہ سالانہ بطور خراج مہاراجہ کو ادا کرتا تھا مگر اِس سال سردار حکما سنگھ چمنی قلعدار اٹک نے محمد خاں سے پانچ ہزار کی بجائے پچیس ہزار روپیہ طلب کیا - محمد خاں نے یہ رقم ادا کرنے سے اِنکار کر دیا جس وجہ سے محمد خاں کے ساتھ جنگ شروع ہو گئی - لاهور سے کمک روانہ کی گئی جس میں پھولا سنگھ اکالی کا مشہور نہنگ دستہ بھی شامل تھا - اس جنگ میں پھولا سنگھ نے بہادری کے خوب جوہر دکھلائے -

محمد خاں لڑائی میں مارا گیا - ہزارہ کی سرداری اُس کے بیٹے سید احمد خاں کو عطا ہوئی اور خراج کی سالانہ رقم بڑھا دی گئی -

یورش ملتان سنہ ۱۸۱۷ع

سنہ ۱۸۱۷ع کے شروع میں مہاراجہ نے ایک دستۂ فوج نواب ملتان سے زر نذرانہ وصول کرنے کی غرض سے روانہ کیا - مہاراجہ جانتا تھا کہ نواب ادائیگی زر نذرانہ میں تیل و قال کریگا اور بعد میں کمک ارسال کی جائیگی - مہاراجہ اِس سال ملتان مفتوح کرنے پر تلا ہوا تھا چنانچہ ایسا ہی ہوا - پیچھے سے کثیرالتعداد لشکر ملتان روانہ کیا گیا اور سامان رسد و حرب بھی بھیجنے کا مکمل بندوبست کر دیا گیا - اِس فوج نے شہر ملتان کا محاصرہ ڈال دیا اور فصیل پر گولہ باری شروع کردی۔ فصیل کے دو تین برج بھی گرا ڈالے اور اِس میں کئی جگہ شگاف کر دئے - اغلب تھا کہ اگر لگاتار محاصرہ جاری رکھا جاتا تو ملتان فتح ہو جاتا - لیکن فوج کے سرکردہ آدمیوں کی غفلت سے ناکامیابی ہوئی - *

کمک کی روانگی

مگر مہاراجہ جس کو قدرت نے اتنا زبردست دل اور مستحکم اِرادہ بخشا تھا کب اِن سرداروں کی وجہ سے ہار

---

* دیوان امر ناتھ ظفر نامۂ رنجیت سنگھ میں لکھتا ھے کہ دیوان بھوانی داس نے جو محاصرہ کی کمان میں تھا نواب مظفر خاں سے دس ہزار روپیہ رشوت لیکر کام خراب کر دیا تھا -

ماننےوالا تھا - وہ اِس دفعہ ملتان فتح کرنے پر تلا ہوا تھا اور سخت سے سخت مشکلات برداشت کرنے کے لئے تیار تھا - فوراً اپنی تمام توجہ مہم ملتان کی سوچ بچار میں صرف کرنی شروع کی - پچیس ہزار نوجوانوں کی زبردست فوج شہزادہ کھڑک سنگھ کی کمان میں روانہ کی - در حقیقت مصر دیوان چند سپاہ کی سر کردگی میں تھا کیونکہ یہ شخص فوجی باریکیوں کو خوب سمجھتا تھا مگر مہاراجہ کو اندیشہ تھا کہ کہیں اُس کے سکھ سردار دیوان چند کی ماتحتی میں کام کرنے سے گریز نہ کریں - اِسی لئے فوج کی باگ‌ڈور ظاہرا طور سے شہزادہ کھڑک سنگھ کو سپرد کی تھی -

مہاراجہ کی تیاریاں

مہاراجہ خود مہم کی مکمل تیاریوں میں جوش و خروش سے مصروف تھا - سامان حرب اور رسد فوج کے لئے روانہ کرنے کی غرض سے دریائے راوی، چناب اور جہلم کے مختلف معبروں پر تمام کشتیاں کار خاص کے لئے محفوظ کرلی گئیں - اُن پر سرکاری پہرےدار تعینات کئے گئے - علاقہ جات کے کارداروں کے نام غلہ اور بارود کی فراہمی کے لئے ضروری پروانے جاری کر دئے گئے - بڑے بڑے افسران اِس فرائض پر مامور کئے گئے کہ وہ خود جنگ کی اشیائے مطلوبہ اکٹھی کرکے اپنی زیرنگرانی کشتیوں میں بھرواکر ملتان روانہ کریں - توپ کلاں عرف بھنگیوں کی توپ جس میں ایک من پختہ وزن کا گولہ پڑتا تھا امرتسر سے منگواکر ملتان بھیجی گئی - فوج ملتان کے اپنے بیلداروں کے علاوہ پانصد فالتو بیلدار

مورچے آراستہ کرنے اور سرنگیں کھودنے کے لئے ملتان روانہ کئے گئے - ڈاک رسانی کا پختہ انتظام کیا گیا - سینکڑوں ہرکارے تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر متعین کئے گئے جو ملتان کی ڈاک دن میں کئی مرتبہ لاہور پہنچاتے تھے - مہاراجہ خود فوج کے افسروں کی رہبری کے لئے مفصل ہدایات بھیجتا رہتا تھا - اس طرح مہاراجہ کو ہر لمحہ معلوم رہتا تھا کہ ملتان کے محاصرہ کا کیا حال ہے اور اُسے کس طرح بہتر بنایا جا سکتا ہے -

محاصرہ ملتان

مہاراجہ کی ہدایت کے بموجب خالصہ فوج نے خفیف سی لڑائیوں کے بعد نواب کے دو قلعوں خان گڑھ اور مظفرگڑھ پر اپنا قبضہ کر لیا اور وہاں سے شہر ملتان کا رخ کیا اور شہر کا محاصرہ ڈالنے کی کوشش کی - نواب ملتان بھی اس دفعہ مقابلہ کے لئے پوری طرح تیار تھا - اُس نے گرد و نواح کے علاقہ میں اپنے آدمی بھیج کر خوب مذہبی جوش پھیلایا اور بیس ہزار سے زائد غازی نواب کے جھنڈے تلے جمع ہو گئے - نیز اُس نے قلعہ ملتان بھی خوب مستحکم کر لیا تھا - جب سکھ فوج شہر ملتان کے نزدیک پہنچی تو نواب مقابلہ کے لئے آیا - بڑا زبردست معرکہ ہوا - دن بھر کی لڑائی کے بعد میدان خالصہ کے ہاتھ آیا اور نواب اپنے دستہ سمیت شہر کی چار دیواری کے اندر پناہ گزین ہوا -

دوسرے روز دیوان موتی رام نے اپنی فوج کے ساتھ شہر کا محاصرہ ڈال دیا - نواب بمعہ اپنے بیٹوں کے بھاری فوج کے

ساتھ شہر کو ہر طرف سے بچانے کے لئے مستعد تھا - کئی روز تک مقابلہ جاری رہا - خالصہ نے شہر کے گرد مختلف مقامات پر بارہ مورچے نصب کئے اور وہاں سے توپیں رہکلے اور فبازوں سے شہر کی فصیل پر گولہ‌باری شروع کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فصیل میں دو جگہ چھوٹے چھوٹے شگاف ہوگئے - سکھ جوش کے ساتھ اندر داخل ہونے لگے - مگر افغانوں کی گولیوں کی بوچھار کے سامنے اُن کی کچھ پیش نہ گئی اور اُنہیں پیچھے ہٹنا پڑا - اِس کے بعد فصیل کے نیچے نقبے کھدواکر بارود بھر دی گئی جس کے دھماکے سے فصیل کے ایک دو برج اور اوپر کا حصہ منہدم ہو گیا - مگر نواب کی فوج بڑی جرأت سے مقابلہ پر ڈٹی رہی اور کسی سکھ کو اندر داخل نہ ہونے دیا - آخرکار کئی دنوں کے بعد ایک روز شہر پر گولہ‌باری کی گئی اور بڑی خونریز جنگ ہوئی جس میں نواب کو پسپا ہونا پڑا اور قلعہ میں پناہ‌گزیں ہوا - *

* گنیش داس پنگل ہمعصر شاعر نے بڑی سریلی ہندی زبان میں جنگ ملتان کا حال نہایت تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے - اِس کا ایک مسودہ مصنف کی اپنی لائبریری میں ہے - وہ لکھتا ہے :—

سب سنگھوں من کوپ کر مورچے لائے جو پھیر
(۱) چھیاپٹ اوٹاکری ملتان لیو وچ گھیر
(۲) مورچے لگائے - لڑے ات ہی رسائے - بڑے جور سو الائے - کہے ترک دھیو مار کے -

سرنگاں سو چلاوے - تاں میں دارو بہت پاوے
دھور کوٹ کو اُڑاوے - کرے جدھم بل دھار کے

قلعہ کا محاصرہ

سکھوں نے اب قلعہ کے سامنے مورچے لگا دئے اور قلعہ کی دیوار پر گولہ‌باری شروع کی - ملتان کا قلعہ اپنی مضبوطی میں شہرۂ آفاق تھا اور ناممکن التسخیر خیال کیا جاتا تھا - یہ ایک بلند پشتہ پر واقع تھا اور اس کے نیچے گہری اور وسیع خندق تھی جو پانی سے پر رہتی تھی - چنانچہ سکھ توپوں کا قلعہ پر اثر نہ ہوا - خالصہ نے ایک دو بار دھاوا کرنے کی کوشش کی مگر وہ بھی رائیگاں ثابت ہوئی - مارچ کا سارا مہینہ اسی طرح سے گذر گیا مگر اپریل کے شروع میں بھنگیوں والی توپ کلاں پہنچ گئی جس سے قلعہ کی دیوار میں دو جگہ شگاف ہو گئے -

صلح کی گفت و شنید

نواب قدرے گھبرایا اور صلح کی بات چیت کرنے کے لئے یہ وکیل کھڑک سنگھ کے پاس روانہ کئے - دو لاکھ روپیہ نقد نذرانہ ادا کرنا چاہا اور اپنے بیٹے کی کمان میں تین سو سوار مہاراجہ کی خدمت میں پیش کرنے کا وعدہ کیا - چنانچہ یہ معاملہ مہاراجہ کے گوش‌گذار کیا گیا - رنجیت سنگھ نے جواب میں تحریر کیا کہ ہمیں تو قلعہ لینا ہی منظور ہے

توباں سو چلائے - بڑے جھیرے تلا پائے -
مارے ترک ار رائے کہے رھے لوھا سار کے
(۳) سادھو سنگھ جو نہنگ ا - تن کینو بڑو جنگ
مارے تیر سو تونفنگ - کرے ایسے ہی جھجھار کے

اگر نواب قلعہ خالی کر دے تو اُسے معقول جاگیر عطا کی جائیگی اور اُس کی رهائش کے لئے اُس کا اپنا قلعہ کوٹ شجاع‌آباد دیا جائیگا - چنانچہ یہی پیغام نواب کو بھیجا گیا - نواب نے اپنی رضامندی ظاہر کی اور اپنے وکیلان مسمی جمیعت رائے، سید محسن شاہ، گوربخش رائے، اور امین خاں کو باقاعدہ عہد و پیمان کے لئے شہزادہ کے پاس روانہ کیا اور درخواست کی کہ کوٹ شجاع‌آباد اور قلعہ خان‌گڑھ معہ علاقہ‌جات نواب کو گذارہ کے لئے عطا کئے جائیں تو قلعہ ملتان اور مظفرگڑھ مہاراجہ کے حوالہ کر دئے جائینگے - نیز نواب اور اُس کے قبائل کو صحیح سلامت قلعہ سے باہر نکلنے کے لئے دو تین سرکردہ افسر تعینات کئے جائیں - چنانچہ کھڑک سنگھ نے دیوان بھوانی داس، پنجاب سنگھ، قطب‌الدین خاں سابق نواب قصور اور چودھری قادر بخش کو نواب مظفر خاں کے ساتھ عہد و پیمان کرنے کے لئے روانہ کیا -

معاملہ کا ناگہانی انقلاب

جب اِس تمام معاملہ کی خبر مہاراجہ کو لاھور پہنچی گئی تو اُس کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی - شہر میں توپوں کی سلامی سر ہوئی - رات کو جا بجا روشنی کی گئی - *

* حوالہ کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ دفتر دوئم صفحہ ۲۱۷ - قادر بخش اور دیوان بھوانی داس کے نواب کے پاس عہد و پیمان کے لئے جانے کی نسبت گنیش داس بھی اپنے چھندوں میں ذکر کرتا ھے :—

بھوانی داس کو بھیجئے بڑو سجان وکیل
قادر بخش بھی ساتھ تئیں پٹھئے کین دلیل

مگر جب عہد و پیمان کا وقت آیا تو نواب کے مشیروں اور بھائی بندوں نے اُس بزدلانہ حرکت پر اُسے لعنت ملامت کیا اور کہا کہ ایسی غلامانہ زندگی سے موت بہتر ہے - ساتھ ہی اُس کی حوصلہ افزائی کی کہ ہم لڑنے مرنے کو تیار ہیں اور کہا کہ سکھوں کی کیا مجال ہے جو ہمارے جیتے جی قلعہ پر قبضہ کر لیں - چنانچہ نواب نے قلعہ خالی کرنے سے انکار کر دیا اور مہاراجہ کے وکیل ناکام واپس آ گئے - *

قلعہ کی فتح

جب مہاراجہ کو یہ خبر ملی تو اُس نے فوراً جمعدار خوشحال سنگھ کو ملتان روانہ کیا اور سرداران لشکر کو کہلا بھیجا کہ اگر باوجود اس قدر جمعیت ، سامان حرب اور مکمل تیاریوں کے قلعہ فتح نہ ہو سکا تو یہ اُن کی شان کے قطعی خلاف ہوگا اور میرے لئے باعث عتاب ہوگا نیز خالصہ سلطنت پر بڑا حرف آئیگا - رنجیت سنگھ کا یہ پیغام پہنچتے ہی خالصہ فوج کو بہت جوش آیا فوراً محاصرہ کر دیا - سکھ فوج کے دستوں نے مختلف جوانب سے آگے بڑھنا شروع کیا

* تقریباً سب مورخوں نے اِس واقعہ کو نظرانداز کیا ہے - حوالہ کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ صفحہ ۲۱۷ - گنیش داس بھی اِس واقعہ کی طرف اشارہ کرتا ہے :—

ٹلا تو سن بھائی ، جدھم کرائینگے مچھائی ، سینا جور چڑھم آئی - سوڑ مار انگے بڑورکے ،
میری تلوار دھار - لگے جب ایک وار - مرینگے ہزار سنگھ دیکھئے سےجور کے

اور دشمن کی بڑھتی ہوئی آگ کو چیرتے ہوئے قلعہ کی خندق کے قریب جا پہنچے اور وہاں مورچے گاڑ دئے اِس جگہ بہت سے سکھ نوجوان مارے گئے - آخر توپوں اور غباروں کے لگاتار صدمات کی وجہ سے قلعہ کے خضری دروازہ کے ساتھ کی دیوار میں دو بھاری شگاف ہو گئے - مگر بہادر نواب فوراً یہاں آ موجود ہوا اور ریت سے بھری ہوئی بوریاں چلوا کر شگافوں کو بھرا دیا مگر توپ کلاں کے ایک دو گولے پڑنے سے یہ بوریاں گر گئیں - خالصہ نے اِس موقعہ کو ہاتھ سے نہ جانے دیا - اکالیوں کا ایک چھوٹا سا دستہ اپنے بہادر سردار سادھو سنگھ کی کمان میں آگے بڑھا اور خندق کے پار ہوکر شگاف کے نزدیک پہنچ گیا - * سادھو سنگھ کی بہادری دیکھ کر باقی

---

* بھائی پریم سنگھ نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ یہ اکالی لیڈر سادھو سنگھ نہیں تھا بلکہ مشہور اکالی سردار پھولا سنگھ تھا - ساتھ یہ بھی کہا ہے کہ تمام مؤرخوں نے یہ غلطی کی ہے - ہماری رائے میں بھائی پریم سنگھ ہی غلطی پر ہیں اور دیگر مؤرخین راستی پر ہیں - منشی سوہن لال اور دیوان امرناتھ سادھو سنگھ کا ہی نام لکھتے ہیں ہمیں یہ امر بالکل غیرممکن معلوم ہوتا ہے کہ سوہن لال اور امر ناتھ جو دربار کے وقائع نویس تھے کس طرح پھولا سنگھ اکالی جیسے مشہور لیڈر کے نام کی بجائے اپنی کتابوں میں سادھو سنگھ کا نام درج کر دیتے - حقیقت یہ ہے کہ اس بار پھولا سنگھ جنگ ملتان میں شامل نہ تھا بلکہ اٹک کی طرف مامور تھا - البتہ اس سے پہلے موقعہ پر پھولا سنگھ نے بہادری کے جوہر خوب دکھائے تھے - گنیش داس بھی اس سلسلہ میں سادھو سنگھ کا نام ذکر کرتا ہے :-

سادھو سنگھ جو نہنگ - کہے بیٹھو جی نسنگ - کرے اب کے جو جنگ - جائے ترکاں نوں چوٹ ہے -

لشکر کے دل میں بڑا جوش آیا اور سیکڑوں سکھ نوجوان شگافوں پر ٹوٹ پڑے - یہ لوگ قلعہ کے اندر داخل ہونے کو هي تھے کہ بہادر نواب اپنے بیٹوں اور لواحقین سمیت موقعہ پر آن پہنچا - شمشیر برھنہ کرکے شگاف پر کھڑا ہو گیا اور بہادري کے وہ جوھر دکھائے کہ دشمن بھي عش عش کرنے لگے - آخرکار لڑتا ہوا اپنے دو بیٹوں اور ایک بھتیجے سمیت وھیں قتل ہوا -

قلعہ پر قبضہ

نواب کے قتل ہوتے ہی خالصہ فوج قلعہ کے اندر داخل ہوئي اور اس پر قابض ہو گئی - نواب کے چھوٹے بیٹے سرفراز خاں اور ذوالفقار خاں زندہ گرفتار کرکے لاھور لائے گئے - مہاراجہ نے اُن کی عزت کی اور خوب خاطر مدارات کی - اُنھیں شرقپور کی جاگیر بخشی جو مدتوں اِن کے قبضہ میں رھی - اس فتح کی خوشی میں مہاراجہ نے بہت جشن منایا - سردار فتح سنگھ اھلووالیہ کا قاصد مہاراجہ کے پاس یہ خوش‌خبري لایا - مہاراجہ صاحب نے اُسے سونے کے کڑوں کی جوڑي ' پانسو روپیہ نقد اور خلعت عطا کی - اور صاحب سنگھ ہرکارہ باشی

لڑے پھر دھائے - مار مار سو مچائے کئی جدھ بھلی بڑائے -
دے مسلے کھپائے ھے
بجال قرابیلی - سو بندوقن کی مار کیلی - بڑي بیک دھائے ھے - ا
موھرے سادھو سنگھ - پاچھے سبھی ھے بجھنگ سنگھ - تب چڑھے برجن
نشان تے ھلائے ھے -

کو جو ملتان کی ڈاک کا انچارج تھا چھ سو روپیہ نقد مرحمت فرمائے - خود ہاتھی پر سوار ہوکر لاہور کے بازاروں میں چکر لگایا روپئے پیسے نچھاور کیئے - شہر کو رات کے وقت چراغاں کیا گیا - *

تاریخ فتح ملتان

ملتان کی فتح کی تاریخ منشی سوہن لال نے اِس طرح لکھی ہے :—

در هزار و هشت صد هفتاد و پنج
فتح شد ملتان بعد از صرف گنج

گنیش داس نے اپنے چھندوں میں اِسے اِس طرح ختم کیا ہے :—

جیٹھ سدی سو اکادشی فتح کیو ملتان
سمت اٹھ دس جانیے اور پچھتر مان

قلعہ کی لوٹ

مہاراجہ جانتا تھا کہ قلعۂ ملتان میں پٹھان بادشاہوں کے

* تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ دفتر دوئم صفحہ ۲۲۰ گنیش داس بھی اس خوشخبری کو قریب قریب اسی طرح بیان کرتا ہے :—
پاچھے سنگھن کے کور، کہے چلو جی لاہور، اب آئے دور دور سر مور سو سہائے ہے -
سو لاہور جب آئے، سن سنگھ سکھ پائے، توپاں شلک چلائے دان دیت ہر کاھے ہے -
کیتی بخش اپار، لئی آئیو جوڑ سار، تب باری دیپ مال، من موڈ کو بڑھائے ہے -

پشت در پشت کے خزانے مدفن ہیں جن میں بے شمار نایاب چیزیں بھی ہونگی - وہ نہیں چاہتا تھا کہ ایسی بےبہا اشیا اُس کی سپاہ لوٹ لے اور اُنہیں برباد کر دے - اُس کی خواہش تھی کہ ملتان کے تمام نادر تحائف ریاست کے خزانے میں رکھے جائیں کیونکہ یہ ریاست کا ہی حق ہے - چنانچہ فوج کے سرداروں کے نام سخت احکام جاری کر دئے کہ خزانہ اور توشہ‌خانہ کی ہر چیز مہاراجہ کی یا کسی سردار یا سپاہی کی ملکیت نہیں بلکہ سلطنت لاہور کی ہے اس لئے کوئی اور شخص کسی چیز کو اپنے ذاتی استعمال میں نہ لاوے بلکہ غارت کا سب مال صحیح سلامت لاہور دربار میں پہنچایا جاوے -

لیکن فوج کے سپاہی اپنے سرداروں کی اجازت بغیر قلعہ میں داخل ہو چکے تھے اور بےتحاشا توشہ‌خانہ اور خزانہ پر لوٹ مار شروع کر دی تھی - فتح کی خوشی میں یہ نوجوان کسی کے قابو میں آنے والے نہ تھے اور اِسی وجہ سے سکھ فوج کے سردار کسی قدر پریشان تھے - آخر سب نے صلاح کی کہ توشہ‌خانہ اور خزانہ کی حفاظت کے لئے دیوان رام دیال کو مقرر کیا جائے -

دیوان رام دیال بائیس سال کا خوشرو بہادر اور یکتا نوجوان تھا - کشمیر کے حملہ میں یہی بہادر پٹھانوں کے مقابلہ میں اکیلا ڈٹا رہا تھا ذاتی قابلیت کے علاوہ دیوان محکم چند کا پوتا ہونے کی وجہ سے ہر شخص اُس کی قدر و منزلت کرتا تھا -

چنانچہ دیوان رام دیال نے قلعہ کے سب دروازے بند کراکر ان پر شدید پہرہ تعینات کرا دیا اور بڑے دروازے پر خود جا موجود ہوا - جو سپاہی باہر نکلتا تھا اُس کی تلاشی لی جاتی اور سمجھا بجھاکر لوٹ کا سب مال وہیں رکھوا لیتا - اِسی طرح سے تمام مال جمع ہو گیا جسے لاہور بھیج دیا گیا - اس غارت کے مال میں بے شمار مہریں ' ہیرے ' جواہرات ' جڑاؤ دستہ والی نادر تلواریں ' بندوقیں ' گراں بہا شال ' دوشالے ' قالین اور غالیچے مہاراجہ کے توشہ‌خانہ میں داخل ہوئے - دیوان امرناتھ کے اندازہ کے مطابق اِس کی قیمت تقریباً دو لاکھ روپیہ تھی - اِس کے علاوہ بہت سے نفیس گھوڑے اُونٹ اور پانچ بڑی توپیں مہاراجہ کے ہاتھ آئیں - اِسی طور پر قلعہ شجاع‌آباد سے بھی تقریباً بیس ہزار روپیہ کا مال ہاتھ آیا -

بندوبست ملتان

سردست مہاراجہ نے ملتان میں امن قائم رکھنے کے لئے چھ سو سپاہیوں کا رسالہ قلعہ میں مقرر کیا - اُس کی تھانیداری کے لئے سردار دل سنگھ نہرینہ ' سردار جودھ سنگھ کلسیہ '، اور سردار دیوا سنگھ دوآبیہ تعینات کئے گئے - پیادہ فوج کی دو پلٹنیں قلعہ شجاع‌آباد میں متعین ہوئیں - تیس ہزار روپیہ قلعہ اور خندق کی مرمت کے لئے منظور ہوا -

یہ بندوبست کرکے مصر دیوان چند لاہور آیا - مہاراجہ نے اُس کی خدمت کے صلہ میں ظفر جنگ بہادر کا خطاب عطا کیا - بیش قیمت خلعت فاخرہ عنایت

کي - نیز دیگر سرداران و اُمراء کو بھي جنھوں نے اِس مہم میں کار نمایاں کئے تھے مہاراجہ نے دل کھول کر انعام و اکرام دئے -

بارھواں باب

فتوحات کشمیر اور شمال مغربي سرحدي صوبجات

سنہ ۱۸۱۸ع سے سنہ ۱۸۲۲ع

فوجي نقطۂ نگاہ سے پشاور کا رتبہ

پیشتر ذکر کیا جا چکا ہے کہ قلعۂ اٹک کے گرد و نواح کے علاقہ پر مہاراجہ کا کم و بیش تسلط ہو چکا تھا - مگر یہاں کے پٹھان قبیلے ابھي تک پورے طور پر مغلوب نہیں ہوئے تھے - اُنھیں کابل اور پشاور کے افغان حکمرانوں سے ہمیشہ مدد کي توقع رھتي تھي - مہاراجہ بھي یہ بخوبي جانتا تھا کہ جب تک پشاور کا علاقہ مفتوح نہ کیا جائیگا اُسے امن چین سے بیٹھنا نصیب نہ ہوگا - کیونکہ پشاور مغربی حملہ آوروں کے لئے ھند میں داخل ہونے کا دروازہ ہے - چنانچہ پشاور پر فوج کشي کرنے کے لئے موقعہ کے انتظار میں تھا جو مہاراجہ کو جلد ھاتھ آ گیا -

پشاور کي روانگي

امیر شاہ محمود کے وزیر فتح خاں بارکزئي اور شاہ کے بھتیے کامران میں جھگڑا ہو گیا - کامران نے سخت اذیتوں سے وزیر کو قتل کرا دیا جس سے افغانستان میں ھلچل مچ گئی - مہاراجہ نے اِس موقعہ کو غنیمت خیال کیا اور زبردست فوج کے ہمراہ اکتوبر سنہ ۱۸۱۸ ع میں اٹک کي طرف روانہ ہوا -

دھمّاس ' راولپنڈی ' اور حسن ابدال قیام کرتا ہوا حضرو کے وسیع میدان میں خیمہ زن ہوا - یہاں سے چھوٹا سا دستہ راستہ کی دیکھ بھال کے لئے اٹک پار روانہ کیا - خطک قبیلہ کے پٹھانوں کو جب یہ سارا حال معلوم ہوا تو انہیں بڑا جوش آیا - سردار فیروز خاں خطک کی سرکردگی میں فوراً سات ہزار کا مجمع اکٹھا ہو گیا اور یہ لوگ خیرآباد کی پہاڑیوں میں مورچے لگاکر گھات میں بیٹھ گئے - جب خالصہ فوج کا بے خبر دستہ یہاں سے گذرا تو آناً فاناً پٹھان پہاڑیوں سے نکل کر بجلی کی طرح اُن پر ٹوٹ پڑے اور تقریباً سارے دستے کو تہ تیغ کر دیا -

خطک کی ہزیمت

جب شیر پنجاب کو یہ دردناک خبر ملی تو غصہ کے مارے اُس کی آنکھوں میں خون اُتر آیا - فوراً اٹک عبور کرنے کی تیاریاں شروع کر دیں - مہاراجہ دریائے راوی ' چناب اور جہلم کے ہوشیار اور تجربہ‌کار ملاح احتیاطاً اپنے ساتھ لایا تھا - اُنہیں تیز رفتار اٹک میں پایاب جگہ دریافت کرنے پر مامور کیا - ملاح جلد ہی کامیاب ہو گئے - فوج کی حوصلہ افزائی کی غرض سے مہاراجہ سب سے پہلے خود جنگی ہاتھی پر سوار ہوکر دریا کی منجدھار میں کھڑا ہو گیا * - اور خالصہ

* دیکھو صفحہ ۲۳۶ اور ۲۳۷ عمدۃالتواریخ - دفتر دوئم - مصنفہ سوہن لال - پنجاب میں ابھی تک یہ روایت جاری ہے کہ مہاراجہ نے اٹک عبور کرتے وقت پہلے اپنی پرزور آواز سے یہ مصرعہ پڑھا -

فوج دریا کے پار پہنچ گئی - اِسی اثناء میں پٹھان بھی موقعہ پر آ پہنچے اور گھمسان کا معرکہ شروع ہوا - پٹھانوں نے پہلی بار معلوم کیا کہ خالصہ واقعی بہادری میں اُن سے بازی لیجا سکتے ہیں - چنانچہ ہزاروں پٹھان کھیت رہے - باقی سکھوں کے نرغہ میں پھنس گئے - انھوں نے جب دیکھا کہ اب جان بچاکر بھاگنا بھی ناممکن ہے فوراً صلح کا سفید جھنڈا بلند کیا اور مہاراجہ کی اطاعت قبول کرلی - اس بار پھر سردار پھولا سنگھ اکالی نے بہادری کے خوب جوہر دکھائے -

پشاور کی فتح

مہاراجہ قلعۂ خیرآباد اور قلعۂ جہانگیرہ میں اپنے تھانے قائم کرکے آگے روانہ ہوا - اسی اثنا میں دیوان شام سنگھ نے جسے مہاراجہ نے پشاور کی طرف روانہ کیا تھا خبر بھیجی کہ دوست محمد خاں والئے پشاور مہاراجہ کے قلعۂ جہانگیرہ پر قابض ہونے کی خبر سن کر پشاور خالی کرکے ہشت نگر کی طرف

" جاں کے من میں اٹک ہے - تاں کو اٹک رہے - "

اور بعد میں طلائی مہروں کا بھرا ہوا تھال دریا کی نذر کیا - پھر اپنا ہاتھی دریا میں ڈال دیا - دریا کا پانی کئی فٹ نیچے اُتر گیا اور مہاراجہ کی فوج دریا کے پار ہو گئی - دیوان امر ناتھ بھی ظفرنامۂ رنجیت سنگھ میں صفحہ ۱۱۹ پر لکھتا ہے :

" از غایت سرور در عین طوفان و طغیان بہ بخت آزمائی فیل بہ دریائے ذخار اٹک انداختند - از سطوت اقبال فیلاب پایاب شد - حکم عبور فوج دادہ - "

چلا گیا ہے - مہاراجہ نے فوج کو آگے بڑھنے کا حکم دیا اور جلدی ہی کوچ کرکے شہر پشاور میں داخل ہو گیا - شہر کا خاطرخواہ بندوبست کیا گیا - منادی کرکے شہر میں امن قائم کر دیا - سردار جہاں داد خان جس سے مہاراجہ نے قلعۂ اٹک لیا تھا اور جو اُس وقت بطور جاگیردار مہاراجہ کے پاس رہتا تھا پشاور کا گورنر مقرر کیا گیا - دو چار روز قیام کرکے مہاراجہ اٹک واپس آ گیا -

دوست محمد خاں کی چالاکی

جوں ہی شہر پنجاب پشاور سے اٹک پہنچا دوست محمد خاں نے ہشت‌نگر سے واپس آکر پشاور پر اپنا تسلط جما لیا - جہاں داد خاں اور دیوان شام سنگھ کو وہاں سے نکال دیا - مگر ساتھ ہی اپنے وکیل دیوان دامودر مل اور حافظ روح اللہ خاں مہاراجہ کی خدمت میں اٹک روانہ کئے اور التجا کی کہ اگر پشاور کی حکومت آپ کی طرف سے مجھے بخشی جائے - تو میں آپکا باجگزار رہونگا اور ایک لاکھ روپیہ ہر سال لاہور بھیجتا رہونگا - نیز دربار لاہور کے تمام احکام پر بخوشی عمل‌درآمد کرونگا - مہاراجہ نے وقت کا خیال کرکے یہ شرائط منظور کر لیں اور دوست محمد خاں باجگذار حکمراں کے طور پر پشاور میں رہنے لگا -

پشاور کی لڑائی میں چودہ بڑی توپیں ' بہت سے گھوڑے ' بیش قیمت سامان اور نقد روپیہ مہاراجہ کے ہاتھ آیا تھا جسے ساتھ لیکر رنجیت سنگھ شان و شوکت کے ساتھ فتح کے شادیانے بجاتا ہوا لاہور واپس آیا -

جنگ پشاور کی اہمیت

اگرچہ فتح پشاور اصل معنوں میں فتح نہیں کہی جا سکتی لیکن اس میں ذرا شک نہیں کہ یہ سکھ تاریخ کی بڑی شاندار جنگ تھی - اگر ہم پنجاب کی گذشتہ تاریخ پر ایک سرسری نظر ڈالیں تو ہمیں اس فتح کی اہمیت فوراً ظاہر ہو جائیگی - تاریخ پڑھنےوالوں کو معلوم ہے کہ گیارھویں صدی کے شروع میں محمود غزنوی نے راجہ جے پال اور اس کے بیٹے اننگ پال کو شکست دے کر پشاور اور پنجاب پر اپنا تسلط قائم کیا تھا - چنانچہ تب سے لیکر لگاتار آٹھ سو سال تک شمال مغرب کی جانب سے بیرونی حملہ‌آوروں کا ایک بھاری سیلاب ہندوستان پر آتا رہا - شہاب‌الدین غوری ' امیر تیمور ' نادر شاہ اور احمد شاہ ابدالی و غیرہ نے ہندوستان کو دل کھول کر لوٹا اور لوگوں پر وہ ظلم ڈھائے جنہیں یاد کرکے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں - اس قدر طولانی عرصہ کے بعد خالصہ کی زبردست فوج نے نہ صرف اس سیلاب کو روک دیا بلکہ اُسے اتنا پیچھے ہٹا دیا جہاں سے آج تک یہ واپس نہیں آیا - بلا شبہ شیر پنجاب کی اس نادر فتح نے پنجاب کی تاریخ ہی بدل ڈالی - سرحد کے قوی ہیکل اور جنگجو پٹھانوں کو پہلی بار یہ معلوم ہوا کہ اب پنجاب میں ایک ایسی قوم پیدا ہو چکی ہے جس کے ہاتھوں اُن کا شکست

کھانا غیر ممکن نہ ہوگا - جس طرح احمد شاہ ابدالی کے
نام سے پنجاب کے لوگ خوف کھاتے تھے اسی طرح
خالصہ کے بہادر جرنیل سردار ہری سنگھ نلوہ کے نام سے
اب پشاور کي گلیوں میں پٹھان تھرانے لگے چنانچہ اب تک
پٹھان گھرانوں میں ہری سنگھ کا نام ہوا خیال کیا
جاتا ہے -

پنڈت بیربل در کي آمد

یہ بتایا جا چکا ہے کہ وزیر فتح خاں کے قتل کئے
جانے پر درانی سلطنت میں بدامنی پھیل رہی تھی
چنانچہ اس سے فائدہ اُتھانے کي غرض سے محمد
عظیم خاں والئے کشمیر جرار فوج لیکر کابل کي طرف روانہ
ہوا اور اپنے چھوتے بھائی جبار خاں کو گورنر کشمیر
مقرر کرکے چھوڑ گیا - جبار خاں بڑا ظالم شخص تھا
خصوصاً اپنی ہندو رعایا کو بہت اذیتیں پہنچاتا تھا -
اسی وجہ سے اُس کا وزیر مال پنڈت بیردر موقعہ پاکر
جان بچانے کي غرض سے کشمیر سے بھاگ نکلا - مہاراجہ کے
یہاں لاہور میں پناہگزیں ہوا - رنجیت سنگھ نے پنڈت
بیردر کي خوب خاطر مدارات کي اور پنڈت نے مہاراجہ
کو کشمیر کے متعلق ہر قسم کي واقفیت بہم پہنچائی
خصوصاً حفاظت کے مواقع پر فوجي طاقت سے آگاہ کیا
اور کشمیر فتح کرنے میں مہاراجہ کو امداد دینے کا وعدہ
کیا -

کشمیر پر چڑھائي کي تیاریاں

مہاراجہ مدت سے کشمیر فتح کرنے کا خواهشمند تھا - چنانچہ ۱۸۱۹ع کے شروع میں کشمیر پر چڑھائي کي تیاریاں شروع هوئیں - ماہ مئي کے شروع میں کثیرالتعداد لشکر وزیرآباد کے مقام پر جمع هوا جسے تین بڑے حصوں میں تقسیم کیا گیا - ایک دستہ مصر دیوان چند ظفر جنگ اور سردار شام سنگھ اٹاري‌والے کي سرکردگي میں اور دوسرا جتھا شہزادہ کھڑک سنگھ کي کمان میں روانہ هوئے - تیسرا حصہ فوج خود مہاراجہ کی سرداري میں پس انداختہ فوج کے طور پر وزیرآباد ٹھہرا تاکہ ضرورت کے وقت تازہ دم فوج مہیا کی جا سکے - رسد رسانی اور سامان جنگ کے ذخیرے وزیرآباد جمع کئے گئے اور ان کے بہم پہنچانے کا مہاراجہ نے خود بندوبست کیا -

کشمیر کا سفر

کل فوج[1] کی کمان شہزادہ کھڑک سنگھ کو عطا کي گئي - اس موقعہ پر مہاراجہ نے سلطان خان والئے بھمبر کو[2] جو سات سال سے مہاراجہ کے پاس نظربند تھا رها کر دیا اور اپنے لشکر کے همراہ کشمیر کي مہم پر روانہ کیا جس نے مہاراجہ کے لئے بہت مفید خدمات سرانجام دیں - یہ دونوں دستے علاقہ بھمبر سے هوکر راجوري پہنچے - مصر دیوان چند نے اپنا بھاری توپخانہ بھمبر

کے مقام پر چھوڑا - صرف ہلکی توپیں اپنے ہمراہ رکھیں - راجوري کا حاکم راجہ اگر خاں * کچھ عرصہ سے اپنے پہلے عہدنامہ کے برخلاف کئی نامناسب کار روائیاں کر چکا تھا جس وجہ سے اُس کے علاقہ کا محاصرہ کیا گیا - جب اگر خاں نے خالصہ فوج کی اتنی طاقت دیکھی تو رات کی تاریکی میں موقعہ پاکر بھاگ نکلا - دوسرے روز اُس کا بھائي رحیم‌اللہ خاں اپنے اہل‌کاروں سمیت سکھ فوج میں حاضر ہوا † اور خالصہ فوج کی رہنمائی کےلئے اپنی خدمات پیش کیں - شاہزادہ کھڑک سنگھ نے رحیم‌اللہ خاں کو مہاراجہ کے پاس وزیرآباد بھیج دیا - رنجیت سنگھ نے اُس کا پرجوش استقبال کیا - ایک ہاتھی معہ سنہري ہودہ ایک گھوڑا معہ طلائی ساز اور قیمتی خلعت عطا فرمائی اور راجوری کا حاکم مقرر کر دیا - اس حکمت عملي سے اُسے اپنا دوست بنا لیا -

متھ بھیڑ

اب راجوري سے دونوں دستے مل‌کر آگے کي طرف بڑھے - چونکہ طغیانی وغیرہ کي وجہ سے واسطے بہت خراب

* سید محمد لطیف نے غلطي سے اُس کا نام عزیز خاں لکھا ہے -

† سید محمد لطیف نے روح‌اللہ خاں کو عزیز خاں کا بیٹا لکھا ہے - ہم نے اس معاملہ میں منشي سوھن لال اور دیوان امر ناتھ کي پیروی کي ہے -

ھو چکے تھے اس لئے بھاري بوجھ اور فالتو سامان یہاں چھوڑنا پڑا - گھوڑسواروں نے گھوڑے بھي چھوڑ دئے اور پیادہ پا کوچ شروع کیا - سیدھی سڑک چھوڑکر پہاڑی پگ ڈنڈیوں کی راہ روانہ ھوئے - شاھزادہ کھڑک سنگھ والا دستہ پوشانہ سے ھوتا ھوا بہرام گلہ پہنچ گیا - یہاں پر سلطان خاں والئے بھمبر کے سمجھانے پر قلعہ شہین کے تھانہ‌دار نے خالصہ کي اطاعت قبول کر لي - شہزادہ نے اسے خلعت عطا کرکے سرفراز کیا - یہاں شہزادہ کو معلوم ھوا کہ زبردست خاں حاکم پونچھ بہت سا لشکر فراھم کرکے جنگ کي تیاریاں کر رھا ھے - چنانچہ اُسے سودھا راستہ چھوڑ کر پیچیدہ گذرگاھیں اختیار کرنے کی ضرورت پڑی - زبردست خاں نے گرد و نواح کے تمام دروں اور راستوں میں درخت اور پتھر بھرواکر اُنھیں ناقابل‌گذر بنا دیا تھا مگر شاھزادہ کے دستہ نے اُس پر دھاوا بول دیا - ایک مختصر سی لڑائي کے بعد تمام درے اپنے قبضہ میں کر لئے - زبردست خاں نے اطاعت قبول کرلی - اس لڑائي میں بھمبروالے سلطان خاں نے خالصہ کو بہت مفید مدد بہم پہنچائي اور رنجیت سنگھ کي پالیسي پورا پھل لائي - *

رنجیت سنگھ کی موجودگي

اتنے عرصہ میں مہاراجہ خود اپنے دستہ سمیت گجرات ،

* یہ وھي سلطان خاں ھے جو سات سال کي قید کے بعد رھا کیا گیا تھا -

بھمبر اور راجوری ہوتا ہوا شاہ‌آباد آ پہنچا - راستہ میں مختلف مقامات پر ذخیرہ جمع کرنے کے لئے گودام‌گھر قائم کرتا گیا - تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ہرکارے تعینات کئے جو ہر روز کي خبریں مہاراجہ کو پنہچاتے تھے - اب دو دستے پھر پنجال کی پہاڑیوں کو قبضہ میں رکھنے کے لئے جدا جدا راستوں سے روانہ ہوئے اور دس ہزار سپاہیوں کا ایک دستہ مہاراجہ نے پیچھے سے بطور کمک روانہ کیا جو مصر دیوان چند کو پھر پنجال پر آ ملا - * یہاں سکھوں اور پٹھانوں کے درمیان زبردست جنگ ہوئي جس میں خالصہ فتحیاب نکلے - اب یہ دونوں دستے ان مشکل گھاٹیوں کو عبور کرتے ہوئے سرائے علیہ‌آباد آ ملے -

جبار خاں کي شکست

یہاں اُنہیں خبر ملي کہ جبار خاں بارہ ہزار افغانی فوج کے ساتھ راستے روکے پڑا ہے - چنانچہ یہاں ڈیرے ڈال دیے گئے - چند روز آرام کرنے کے بعد ۲۱ ہاڑ یعني ۳ جولائی کی صبح کو خالصہ نے یکایک دشمن پر دھاوا بول دیا - جب افغاني فوج خالصہ کي توپوں کي زد میں آ گئي تو سکھوں نے اس غضب کي آگ برسائی گویا قیامت برپا ہو گئي - مگر جبار خاں کي افغان سپاہ نے بھي جان توڑکر مقابلہ کیا - چنانچہ ایک بار

---

* مصر دیوان چند کوہ دھراں کے راستہ گیا تھا - جس راہ سے جاکر شہنشاہ اکبر نے کشمیر فتح کیا تھا - دیکھو عمدۃالتواریخ دفتر دوئم صفحہ ۲۵٦ -

خالصہ فوج کو تھوڑی دور پیچھے بھی ہٹنا پڑا - اور ان کی ایک دو توپیں دشمن کے ہاتھ لگیں - اتنے میں اکالی پھولا سنگھ کا جانباز نہنگ دستہ موقعہ پر آ موجود ہوا - جو آکال اکال کے نعرے مارتا ہوا ایک دم دشمن پر ٹوٹ پڑا اور تلوار کے وہ داؤں چلے کہ آن کی آن میں سیکڑوں افغان موت کے گھاٹ اُتارے گئے - خالصہ توپچیوں کے دوبارہ قدم جم گئے اور جبار خاں کو میدان چھوڑ کر بھاگنا پڑا - افغان اپنا سارا جنگی سامان، رسد کے ذخیرے اور بے شمار گھوڑے میدان میں چھوڑ گئے جو سب خالصہ کے ہاتھ آئے -

سری‌نگر کی فتح

اس لڑائی میں افغانوں کا بڑا بھاری نقصان ہوا - جبار خاں سخت زخمی ہوا بمشکل جان بچاکر بھاگا اور بھمبر کی پہاڑیوں سے ہوتا ہوا افغانستان چلا گیا - خالصہ نے قلعہ شہر گڑھ اور دوسری چوکیوں پر قبضہ کر لیا - ۲۲ ہاڑ مطابق ۴ جولائی ۱۸۱۹ع کو خالصہ فوج بڑی دھوم دھام کے ساتھ سری‌نگر داخل ہوئی - مصر دیوان‌چند کی صلاح کے مطابق شاہزادہ کھڑک سنگھ نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ شہر میں کسی قسم کی دست‌اندازی نہ کی جائے اور لوگوں کی تسلی کے لئے اس بات کی منادی بھی کرا دی *

* " در شہر منادی و ندائے امان برکشید - دل‌ہائے مردم را کہ از جور افاغنہ بجان آمدہ بودند قرین فرحت و آرام گشتند - " ظفرنامہ رنجیت سنگھ صفحہ ۱۴۱ -

شیر پنجاب کی واپسی

اس عظیم‌الشان فتح کی خبر مہاراجہ کو مقام شاہ‌آباد ملی - تمام خالصہ لشکر میں واہ گوروجی کی فتح کے نعرے بلند ہونے لگے جنھیں سنکر مہاراجہ بہت محظوظ ہوا - خود ہاتھی پر سوار ہوکر فوج کے کیمپ میں چکر لگایا اور زرافشانی کی - پھر لاہور کی طرف کوچ کیا - یہاں سے ہو کر امرتسر پہنچا - بے شمار سونا چاندی دربار صاحب کی خدمت میں نذر کیا اور فتح کی خوشی میں بڑے جشن کئے گئے - تین دن تک سارے شہر میں دیپ‌مالا ہوتی رہی ' بازار سجائے گئے اور مہاراجہ کی خوشی میں رعایا نے بھی دل کھول کر حصہ لیا - لاہور میں واپس آنے پر لوگوں نے بھی خوشی کا اظہار کیا - مہاراجہ نے بھی بڑی فراخدلی سے ہزاروں روپئے غربا میں تقسیم کئے -

نظم و نسق کشمیر

گو کشمیر کے دارالخلافہ سری‌نگر پر مہاراجہ کا تسلط قائم ہو چکا تھا لیکن کوہستانی علاقہ میں کئی دشوارگزار مقامات پر ابھی تک ایسے قلعجات موجود تھے جہاں افغانوں کے تھانے قائم تھے - چنانچہ اُنہیں منتوح کرنے کے لئے لاہور واپس آنے سے پیشتر ہی مہاراجہ احکام جاری کر چکا تھا اور راجوری کے قریب قلعہ عظیم‌گڑھ کو خود فتح کر چکا تھا - چنانچہ دیوان رام دیال کو معہ اپنی فوج کے بھمبر میں مقیم ہونے کا حکم ملا - بھیمہ رام سنگھ

درہ تھلہ کے قریب تعینات ہوا تا کہ وہ قلعہ ماد و دیگر مقامات کو اپنے تحت میں لے آئے - مصر دیوان چند ' سردار شام سنگھ اٹاری والا اور سردار جوالا سنگھ بھڑانیہ بارہ مولا اور سری نگر میں مقیم کئے گئے - فقیر عزیزالدین کار خاص پر تعینات کرکے کشمیر بھیجا گیا کہ وہ خود چشم دیدہ حالات کی رپورٹ مہاراجہ کی خدمت میں پیش کرے - دیوان موتی رام گورنر کشمیر مقرر ہوا اور اس کی ماتحتی میں تقریباً بیس ہزار سپاہ صوبہ کشمیر کی حفاظت کے لئے مقیم کی گئی - پنڈت بیربر کو اُس کی خدمات حسنہ کے عوض گراں بہا جاگیر عطا ہوئی - اور مبلغ ترپن لاکھ روپیہ سالانہ سکہ کشمیر کے عوض کے مالیہ کا اجارہ اُسے دیا گیا - * مصر دیوان چند کو ملتان کی جنگ میں ظفر جنگ کا خطاب مل چکا تھا اب فتح و نصرت نصیب کا اعلیٰ خطاب بھی عطا کیا گیا اور پچاس ہزار کی جاگیر عطا ہوئی - †

ملتان اور بہاولپور کا دورہ - اکتوبر سنہ ۱۸۱۹ع

مہم کشمیر سے فراغت پاکر مہاراجہ نے اپنی توجہ جنوبی پنجاب

* منشی سوہن لال نے کشمیر کی کل آمدنی کا اندازہ اٹھتر لاکھ روپیہ کیا ہے - دیوان امر ناتھ کا اندازہ بھی تقریباً اتنا ہی ہے - ترپن لاکھ کے علاوہ دس لاکھ شالباغ کی آمدنی تھی جس کا اجارہ جواہرمل کو دیا گیا تھا - دیوان امر ناتھ متفرق ذرائع سے چند لاکھ روپیہ کی اور آمدنی کا ذکر کرتا ہے -

† تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ - دفتر دوئم - صفحہ ۲۶۱ - ظفرنامہ رنجیت سنگھ - صفحہ ۱۳۲ -

کی طرف مبذول کی اور ایک دستہ فوج کے همراہ اُدھر کا دورہ شروع کیا - پہلے پنڈي بھٹیاں قیام کیا اور وهاں کے سرکش زمیداروں کو قرار واقعی سزا دي - وهاں سے دریائے چناب کی راہ کشتي میں سوار ھو کر چندھیوٹ پہنچا - پھر ملتان قیام‌پذیر ھوا - یہ بات یاد رکھنے کے قابل ھے کہ ایسے دورہ میں مہاراجہ همیشہ بڑے بڑے قصبوں میں دربار منعقد کیا کرتا تھا جس میں علاقہ کے سرکردہ زمیدار ' مقدم ' اور قصبوں کے چودھری پنچ و رؤسا شامل ھوتے تھے - مقامی معاملات کی نسبت مہاراجہ اُن کی رائے غور سے سنتا تھا اور اُسے وقعت دیتا تھا - چنانچہ اس بار ملتان کے دورہ میں مہاراجہ کو معلوم ھوا کہ وهاں کے گورنر شام سنگھ پشاوري سے رعایا بہت نالاں ھے اور نیز اُس نے کچھ سرکاري روپیہ بھی ناجائز طور سے ھضم کر لیا ھے - چنانچہ مہاراجہ نے اُسے معزول کرکے کچھ عرصہ کے لئے نظربند کر دیا -

کشمیرا سنگھ و ملتانا سنگھ کي ولادت

مہاراجہ کو اِس دورہ میں ھي یہ خبر موصول ھوئی کہ اُس کی دو رانیوں رتن کور اور دیا کور کے ھاں سیالکوٹ میں دو بیٹے پیدا ھوئے ھیں - چنانچہ اِس خوشی میں بڑے جلسے کئے گئے - چونکہ حال ھي میں مہاراجہ نے کشمیر اور ملتان کے دو بڑے صوبے فتح کئے تھے اس لئے اِس یادگار میں شاھزادوں کے نام کشمیرا سنگھ اور ملتانا سنگھ رکھے گئے اور اُن کی جائے ولادت یعني سیالکوٹ کو مہاراجہ کے حکم سے چراغاں کیا گیا -

قدم جمانے والی پالیسی

رنجیت سنگھ کی زبردست خواہش تھی کہ شمال مغربی سرحدی صوبہ کو مفتوح کرے چنانچہ سلطنت درانی کی کمزوری سے فائدہ اٹھاکر مہاراجہ رنجیت سنگھ نے پشاور فتح کرنے کی کوشش کی تھی مگر آخرکار سردار دوست محمد خاں کو اپنا باجگذار صوبہ‌دار تسلیم کرکے مہاراجہ واپس آ گیا تھا - اِسی کھلبلی کے دوران میں شاہ شجاع نے بھی کابل کا تخت حاصل کرنے کے لئے اپنی قسمت‌آزمائی شروع کی - لدھیانہ سے روانہ ہوکر پشاور پہنچا اور اُسے اپنے تسلط میں لانا چاہا - مگر دوست محمد خان اور محمد عظیم خاں نے مل کر اُسے شکست دی - یہ وہاں سے بھاگ کر ڈیرہ غازی خان پہنچا جہاں کے حاکم زمان خاں نے اسے بہت مدد پہنچائی - مگر شاہ شجاع کی قسمت میں دوبارہ تاجدار بادشاہ ہونا نہیں لکھا تھا - اسے کوئی کامیابی حاصل نہ ہوئی اور وہ ڈیرہ غازی خاں چھوڑکر امیران سندھ کے ہاں پناہ‌گزیں ہوا -

اب مہاراجہ نے یہ ضروری سمجھا کہ ڈیرہ غازی خاں کو اپنی سلطنت میں ملحق کیا جائے کیونکہ یہاں کا صوبہ‌دار ابھی تک اپنے آپ کو والیان کابل کے ماتحت تصور کرتا تھا - چنانچہ ملتان سے جمعدار خوشحال سنگھ کی سرکردگی میں ایک دستہ فوج اُس طرف روانہ کیا جس نے ایک معمولی سی لڑائی کے بعد زمان خاں کو نکال دیا اور خود ڈیرہ غازی خاں پر قابض ہو گیا - چونکہ یہ صوبہ دارالسلطنت لاہور سے دور

تھا اور مہاراجہ سرحدی صوبہ میں صرف قدم جمانے کی تاک میں تھا اِس لئے مبلغ تین لاکھ سالانہ کے عوض یہ صوبہ نواب بہاولپور کے حوالہ کر دیا -

شورش ہزارہ

ہزارہ کا بہت سا حصہ صوبہ کشمیر میں شامل تھا - جب سکھوں نے وادی کشمیر فتح کی تو یہاں کے سرداروں اور جاگیرداروں کو خوف ہوا کہ انھیں بھی سکھ گورنر کی متابعت کرنی پڑیگی - چنانچہ انھوں نے شور و شر کرنا شروع کیا - چونکہ مہاراجہ کشمیر کی وادی میں اپنی حکومت مستحکم کرنے میں مشغول تھا اِس لئے کچھ عرصہ تک درگذر کرتا رہا مگر جب شورش نے زور پکڑا تو باغی سرداروں کی سرکوبی کے لئے کثیر فوج ہزارہ کی طرف روانہ کی جس کی کمان شہزادہ شیرسنگھ کے ہاتھ میں دی گئی - اُس کی مدد اور رہبری کے لئے سردار فتح‌سنگھ اہلووالیہ ' سردار شام‌سنگھ اٹاری‌والہ اور دیوان رام‌دیال جیسے بہادر اور بیدار مغز افسر تعینات کئے - شہزادہ شیر سنگھ کی نانی یعنی رانی سداکور بھی اپنے دستۂ فوج کے ہمراہ اُن کے ساتھ روانہ ہوئی -

باغیوں کی سرکوبی

یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ شورش کسی خاص جگہ تک محدود نہ تھی بلکہ تمام علاقہ میں پھیلی ہوئی تھی - پکھلی ' دھمتوڑ ' تربیلہ وغیرہ علاقوں کے سب زمیندار جنگ کے لئے مستعد تھے - اس لئے خالصہ فوج نے بجائے ایک جگہ

لڑنے کے کئی جگہ جنگ جاری رکھنا مناسب خیال کیا۔
ایک مقام پر دن بھر گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی۔ جب
شام ہوئی تو دیوان رام‌دیال اور سردار شام‌سنگھ کے دستے
جو صبح سے غنیم کے ساتھ مقابلہ میں مصروف تھے ذرا
پیچھے ہٹے اور پھر اِس زور سے دھاوا کیا کہ دشمن کی
فوج بھاگ نکلی۔

دیوان رام‌دیال کی وفات

دیوان رام‌دیال جو اُس وقت پورا نوجوان تھا اور جوش
جوانی میں متوالا تھا دشمن کے تعاقب میں نکلا اور
افغانوں کو مارتا بھگاتا ہوا ایک پہاڑی نالے تک جا پہنچا۔
دفعتاً اُس وقت زور کی آندھی آ گئی اور دیوان رام‌دیال
بےبس ہو گیا۔ یکایک پاس کی پہاڑیوں سے پٹھانوں نے گولہ‌باری
شروع کر دی جن کی مار سے بہت سے خالصہ نوجوان کام
آئے۔ ایک گولی دیوان رام‌دیال کے بھی لگی اور وہیں
جاں بحق ہو گیا۔ یہ جان کر خالصہ فوج سناٹے میں آ گئی
اور دشمن سے بدلہ لینے کے لئے بڑھی پٹھانوں پر اِس جوش
سے حملہ کیا گیا کہ ہزاروں کو مٹی میں ملاکر دل کا
غبار نکالا۔

ہزارہ کا علاقہ تو فتح ہو گیا اور وہاں کے سرکش سرداروں
نے اطاعت بھی قبول کرلی۔ مگر مہاراجہ کو دیوان رام‌دیال
جیسے ہونہار جرنیل کے قتل ہونے کا نہایت رنج ہوا۔
مہاراجہ کو اُمید تھی کہ یہ نونہال وقت پاکر اپنے دادا

دیوان محکم چند کی طرح نام پیدا کرےگا - رام دیال کے والد دیوان موتی رام کو بڑی اپنے ہونہار اور نوجوان بیٹے کی موت کا اِس قدر بھاری صدمہ ہوا کہ وہ دنیا و ما فیہا سے بیزار ہو گیا - کشمیر کی گورنری سے دستبردار ہونے کی درخواست دی جسے مہاراجہ نے نامنظور کر دیا - مگر اُس کی زبردست اور لگاتار کوشش کے بعد کافی عرصہ کی رخصت دےدی - دیوان موتی‌رام کاشی یعنی بنارس پہنچا اور فقیرانہ زندگی بسر کرنے لگا - اُس کی جگہ سردار ہری‌سنگھ نلوہ گورنر کشمیر مقرر ہوا -

علاقہ ہزارہ کا خاطرخواہ بندوبست کرنے کی غرض سے مہاراجہ نے دیوان کرپا رام اور سردار فتح‌سنگھ اہلووالیہ کی رہبری میں چار مستحکم قلعے غازی‌گڑھ ' تربیلہ ' دربند اور گندگڑھ کے مقامات پر بنوانے شروع کئے -

ولیم مورکرافت

اِسی سال یعنی ماہ مئی سنہ ۱۸۲۰ع میں مشہور سیاح مسٹر مورکرافت لاہور آیا - یہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے گھوڑوں کا داروغہ تھا اور کمپنی کے واسطے گھوڑے خریدنے کے لئے ترکستان جا رہا تھا - مہاراجہ نے اُسے شالامار باغ کی بارہ‌دری میں ٹھہرایا - * اُس کی بڑی خاطر تواضع کی - ایک سو روپیہ

* اس بارہ‌دری کی دیوار میں ایک پتھر نصب ہے جو اِس واقعہ کی یاد دلاتا ہے - اِس پر انگریزی حروف میں یہ عبارت کندہ ہے :- " اِس بارہ دری میں جو مہاراجہ رنجیت سنگھ نے بنوائی مشہور سفیر مورکرافت مئی

روزانہ اُس کی مہمانوازی کے لئے مقرر کیا - ولیم مورکرافٹ مہاراجہ سے ملاقات کا شرف حاصل کرنے کے لئے اکثر اوقات دربار جایا کرتا تھا - اُس نے مہاراجہ کے اصطبل کا بھی معائنہ کیا اور اپنے سفرنامہ میں ذکر کرتا ہے کہ مہاراجہ کے اصطبل میں بہت سے نفیس اور نایاب گھوڑے تھے -

رانی سداکور کی نظربندی - اکتوبر سنہ ۱۸۲۱ ع

رانی سداکور کا نواسہ کنور شیرسنگھ عمر میں کافی بڑا ہو چکا تھا اور مہاراجہ یہ چاہتا تھا کہ رانی اُس کے لئے اپنی کنھیا مثل کے مقبوضات میں سے کافی جاگیر دے مگر اِس کے لئے وہ ہرگز تیار نہ تھی - چنانچہ رنجیت سنگھ اور اُس کی ساس میں ناچاقی ہو گئی - معاملہ بڑھتے بڑھتے طول پکڑ گیا اور رانی سداکور ستلج پار جاکر انگریزوں سے پناہ حاصل کرنے کی کوشش کرنے لگی کیونکہ رانی سداکور کے کچھ مقبوضات مثلاً فیروزپور ، بدھنی وغیرہ ستلج پار واقع تھے - * مہاراجہ بڑا دانا اور بردبار تھا - چنانچہ رانی کو دل پسند اور صلح جو خطوط لکھ کر اُسے لاہور بلا لیا اور نظر بند کر دیا - رانی ایک بار موقعہ پاکر پھر بھاگ نکلی - مگر ابھی لاہور سے تھوڑی

سنہ ۱۸۲۰ع میں ٹھیرا جب وہ ترکستان جاتا ہوا مہاراجہ کا مہمان رہا جہاں وہ سنہ ۱۸۲۵ع میں مرگیا - "

* بموجب عرض کاسےخاں خان‌ساماں و کنور شیر سنگھ جی بعرض والا رسید کہ " رانی در گردن تابعئی حضوروالا مستعد شد - ومارابریں معنی مستبد مے باشد کہ عنقریب روانہ آنروئے ستلج شدہ - ملک را بہ مخالفت برآرد " ظفرنامۂ رنجیت سنگھ - صفحہ ۱۴۸ -

دور ھي گئي تھي کہ گرفتار ھوکر واپس آئي -

کنھیا مثل کے مقبوضات کا الحاق

اب مہاراجہ کو اندیشہ ھو گیا - کہ راني پھر موقع پاکر انگریزوں کي پناہ میں چلي جائیگي - چنانچہ اُس نے اِس خطرہ کا قلع قمع کرنا ضروري اور فوری سمجھ کر مصر دیوان چند اور اٹاری والے سرداروں کي سرکردگي میں فوج روانہ کي اور راني سداکور کے کل مقبوضات پر جو ستلج کے اِس طرف واقع تھے قبضہ کر لیا - سردار جے سنگھ کنھیا کے زمانہ کي جمع کي ھوئي کل دولت ' توشہ‌خانہ ' اور اسلحہ‌خانہ مہاراجہ کے ھاتھ آیا - قصبہ بٹالہ کنور شیرسنگھ کو بطور جاگیر عطا ھوا اور باقي علاقہ سرداو ویسا سنگھ مجیٹھہ کي گورنری میں صوبہ کانگڑہ میں شامل کیا گیا - راني سداکور باقي عمر کے لئے قلعہ لاھور میں نظربند کر دی گئي -

راني سدا کور

راني سدا کور ھندوستان کي مایۂناز عورتوں میں ممتاز درجہ رکھتي ھے - اُس کي ھستي خالصہ تاریخ میں عموماً اور رنجیت سنگھ کے عروج میں خصوصاً یادگار زمانہ ھے - اِس خاتون نے لگاتار تیس سال تک پنجاب کي ملکي تاریخ میں نمایاں خدمات سرانجام دیں - اُسي کي مدد سے رنجیت سنگھ نے اپنے والد کے زمانہ کے دیوان سے اپني مثل کا انتظام اپنے ھاتھ میں لیا - اُس کي وساطت سے رنجیت سنگھ لاھور پر قابض ھوا - بعد میں بھی یہ بیدارمغز عورت رنجیت سنگھ

کو ہر طرح سے مدد پہنچاتی رہی - بڑے بڑے نامور جرنیلوں کے پہلو بہ پہلو میدان جنگ میں لڑنا اِس کے لئے معمولی کام تھا - اپنی ریاست کا انتظام اِس خوبی سے کرتی تھی کہ مدبران سلطنت رشک کھاتے تھے - رنجیت سنگھ کے عروج کے لئے تو رانی سداکور زینہ کی پہلی سیڑھی کی مانند تھی جس کے ذریعہ وہ آخر چوٹی پر پہنچکر پنجاب میں خالصہ سلطنت قائم کرنے میں کامیاب ہوا -

فتح منیکرہ وڈیرہ اسمٰعیل خان - سنہ ۱۸۲۱ ع

جب خالصہ فوج کے چند دستے رانی سداکور کے مقبوضات پر تسلط جمانے کے لئے روانہ کئے گئے تبھی مہاراجہ خود ایک دستۂ فوج لیکر منکیرہ کا علاقہ منتوح کرنے کی نیت سے اُس طرف روانہ ہوا - منزل بہ منزل آرام کرتا ہوا ماہ اکتوبر کے شروع میں دریاے جہلم عبور کرکے مہاراجہ خوشاب پہنچا اور پھر وہاں سے سیدھا موضع کنڈیاں کی طرف کوچ کیا - اِس عرصہ میں مصر دیوان چند بھی رانی سداکور والی مہم سے فارغ ہوکر اپنی فوج سمیت مہاراجہ سے آملا - نیز سردار ہری سنگھ نلوہ جو دیوان موتی رام کے رخصت سے واپس آنے پر کشمیر کی گورنری سے دستبردار ہو چکا تھا مہاراجہ کے ساتھ شامل ہو گیا - تمام لشکر کنڈیاں سے چل کر نواب حافظ احمد خان کے علاقہ میں داخل ہوا اور قلعۂ بھکر کا محاصرہ ڈال دیا - نواب کا قلعہدار مقابلہ کی تاب نہ لا سکا اور اطاعت قبول کرکے قلعہ مہاراجہ کے حوالہ کیا - جہاں رنجیت سنگھ نے اپنا مستحکم تھانہ قائم کر لیا - یہاں سے

رنجیت سنگھ نے ایک دستۂ فوج زیرکردگی سردار دل سنگھ اور جمعدار خوشحال سنگھ ڈیرہ اسمعیل خاں کی جانب روانہ کیا۔ نواب کے گورنر دیوان مانک راے نے مقابلہ کیا مگر ہار گیا اور قلعہ مہاراجہ کو سونپ دیا۔ دوسرے دستے نے لیہ، خان گڑھ اور مانجگڑھ وغیرہ کے قلعجات جلد ہی منتوح کر لئے۔ اب تمام خالصہ فوج نواب کے دارالخلافہ منکیرہ کی طرف بڑھی۔ یہ قلعہ ریگستانی علاقہ میں واقع تھا جہاں پانی کی قلت تھی۔ اس لئے خالصہ فوج بہت تنگ ہوئی۔ مگر رنجیت سنگھ نے ہزاروں بیلدار لگاکر دو تین دن میں ہی پانی فراہم کر لیا۔ *

قلعہ کا محاصرہ ڈال دیا گیا اور مورچے لگاکر خالصہ فوج نے گولہ باری شروع کردی۔ نواب بھی جنگ کے لئے مستعد تھا۔ پندرہ روز تک مقابلہ پر ڈٹا رہا۔ مگر جب اُس کے کئی افسر مہاراجہ سے آ ملے تو اُس کا حوصلہ ٹوٹ گیا اور اطاعت قبول کرنے کے لئے تیار ہو گیا۔ † مہاراجہ نے نواب کی شرائط قبول کر لیں۔ ڈیرہ اسمعیل خاں اُسے بطور جاگیر و رہائش عطا کیا اور اُس کو معہ قبائل و مال اسباب بلا مزاحمت

---

* چوں لشکر غیبی تائید بانحصار حصاریاں پرداخت از فقدان آب۔ کہ آں سرزمین سخت ریگستان است۔ چاہاں خام کندیدند۔ و از وفور آب ہریکے سیراب گردید۔ ظفرنامہ۔ صفحہ ۱۵۰۔

† امام شاہ و حکیم شاہ و بعضے سرکردگان دیگر از نواب مسطور جداگشتہ در حلقۂ اطاعت و انقیاد سرکار دولتدار درآمدند۔ عمدۃالتواریخ دفتر دوئم۔ صفحہ ۲۹۴۔

قلعہ منکیرہ سے باہر آنے کی اجازت دیدی - مہاراجہ بڑی تعظیم سے پیش آیا - اپنے خیمہ میں اُس سے ملاقات کی - باربرداری کا سامان مہیا کرکے نواب کو دریاے سندھ کے پار بھیج دیا اور نواب کا علاقہ جس کی مالیت دس لاکھ کے قریب تھی سلطنت لاہور میں شامل کر لیا -

کنور نونہال سنگھ کی پیدائش - ۱۴ پھاگن سمبت ۱۸۷۸ ع -

۲۳ فروری سنہ ۱۸۲۲ع کو شہزادہ کھڑک سنگھ کے ہاں بیٹا پیدا ہوا جس کا نام نونہال سنگھ رکھا گیا - اُس وقت مہاراجہ کی طرف سے بڑی خوشی منائی گئی اور ہزاروں روپیہ غربا و مساکین میں خیرات کیا گیا -

جرنیل ونتورا اور الارڈ کا لاہور میں وارد ہونا - مارچ سنہ ۱۸۲۲ع

جرنیل ونتورا اور الارڈ ماہ مارچ سنہ ۱۸۲۲ میں لاہور میں وارد ہوئے - ونتورہ اٹلی کا اور الارڈ فرانس کا باشندہ تھا - یہ دونوں اشخاص مشہور عالم جرنیل نپولین بوناپارٹ کی فوج میں اچھے عہدوں پر مامور تھے - جنگ واٹرلو میں یورپ کی متحدہ طاقتوں نے نپولین کو شکست دے کر قید کر لیا تھا جس وجہ سے فرانس کے سیکڑوں نوجوانوں کو روزی کی تلاش میں جابجا مارا مارا پھرنا پڑا - چنانچہ یہ افسر بھی پٹھانوں کے بھیس میں ایران اور افغانستان ہوتے ہوئے لاہور پہنچے - یہ کچھ ٹوٹی پھوٹی فارسی زبان بول سکتے تھے - چنانچہ فقیر عزیز الدین کی معرفت دربار میں

پہنچے - مہاراجہ نے اُن کی خوب آؤ بھگت کی اور انارکلی کے مشہور برج میں اُن کی رہائش کا انتظام کیا - * کچھ دنوں کے بعد انھوں نے مہاراجہ کی خدمت میں ملازمت کے لئے درخواست کی - مہاراجہ نے معاملہ کو غور طلب خیال کرکے فی‌الحال زیر تجویز رکھا - اُسے شک تھا کہ محض ملازمت کی تلاش میں یہ نوجوان اِس قدر دور دراز کا سفر جو خطرہ سے پر تھا کیوں‌کر طے کرسکتے تھے - مگر جب اُسے یقین ہو گیا تو اُنھیں پچیس سو روپیہ ماھوار پر نوکر رکھ لیا - ونٹورہ پیادہ فوج میں اور الارڈ رسالہ میں جرنیل مامور کئے گئے - اُن کا فرض سکھ فوج کو یوروپین طریقہ پر قواعد سکھانا تھا -

شرائط ملازمت

اِن دونوں افسروں اور بعد میں جتنے انگریز یا فرانسیسی افسر مہاراجہ کی ملازمت میں داخل ہوئے اِن سب کے لئے مندرجہ ذیل شرائط منظور کرنا اور اُن پر کاربند رہنے کے لئے دستخط کرنا ضروری تھا -

۱ — اگر کبھی سکھ افواج کو یوروپ کی کسی طاقت کے مقابلہ کرنے کی ضرورت درپیش آئے تو اُنھیں سکھ حکومت کا وفادار عہدیدار رہ کر لڑنا پڑیگا -

۲ — لاھور دربار کی اجازت کے بغیر کسی یوروپین حکومت کے ساتھ اُنھیں براہ راست خط و کتابت کرنے کا کوئی حق نہ

---

* یہاں آج کل پنجاب گورنمنٹ کا ریکارڈ اوفس ھے -

ہوگا -

۳ — اُنھیں ڈاڑھی رکھنی پڑیگی اور مُنڈوانے کی سخت ممانعت ہوگی -

۴ — کسی کو گائے کا گوشت کھانیکی اجازت نہ ہوگی -

۵ — تمباکو نوشی بالکل ممنوع ہوگی -

۶ — اگر ہو سکے تو ہندوستانی عورت کے ساتھ شادی کرنی ہوگی -

میاں کشور سنگھ کی گدی نشینی

میاں کشور سنگھ راجہ رنجیت دیو والئے جموں کے خاندان میں سے تھا جو سنہ ۱۸۱۲ میں ریاست جموں کے مفتوح ہونے پر مہاراجہ کی ملازمت میں داخل ہوا - اُس کے دو شکیل اور نوجوان بیٹے گلاب سنگھ اور دھیان سنگھ تھوڑا عرصہ پہلے مہاراجہ کی سواری فوج میں بھرتی ہو چکے تھے - اِن راجپوت سپاہیوں نے مہاراجہ کے دربار میں رفتہ رفتہ وہ رسوخ حاصل کیا جس کا ذکر اب جا بجا آئیگا - سنہ ۱۸۲۰ع میں مہاراجہ نے اُن کی خدمات کے عوض جموں کا تعلقہ جو اُن کا خاندانی ورثہ تھا اُنھیں جاگیر میں عطا کر دیا - اُن کے والد میاں کشور سنگھ کو راجہ کا خطاب دیکر جموں کے انتظام کے لئے مقرر کر دیا - اور وہاں کے نظم و نسق کے لئے اُسے بہت وسیع اختیارات بخش دئے - *

---

* تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ صفحہ ۲۸ -

تیرھواں باب

فتح پشاور کی تکمیل

سنہ ۱۸۲۳ع سے سنہ ۱۸۳۱ع تک

انتقام کی خواھش

پیشتر ذکر کیا جا چکا ھے کہ سردار یار محمد خاں والئے پشاور نے مہاراجہ رنجیت سنگھ کی مطابعت منظور کرلی تھی اور ھر سال دربار لاھور میں بھاری خراج بھیجنے کا عہد و پیمان کر لیا تھا - یار محمد کا بھائی محمد عظیم خاں وزیر کابل تھا اور بارکزئی قبیلہ کا پیشوا سمجھا جاتا تھا - اُسے یہ ھرگز گوارا نہ تھا کہ اُس کے خاندان کا کوئی شخص سکھوں کا ماتحت ھو - چنانچہ فتح پشاور کا خیال اُس کے دل میں کانٹے کی طرح کھٹک رھا تھا - علاوہ ازیں اُنھی دنوں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اُس کے دوسرے بھائی جبار خاں سے کشمیر کا زرخیز اور جنت‌نظیر صوبہ چھین لیا تھا اور اُس کے تیسرے بھائی جہاندار خاں سے کچھ عرصہ پہلے مہاراجہ قلعۂ اٹک لے چکا تھا - چنانچہ قدرتی طور پر انتقام کی زبردست خواھش عظیم خاں کے دل میں جوش مار رھی تھی اور وہ رنجیت سنگھ کے ساتھ ایک بار فیصلہ کن جنگ کرنے کے لئے موقع کے انتظار میں تھا -

پشاور کا کوچ

یہ موقع اُسے جلد ھی ھاتھ آ گیا - دسمبر سنہ ۱۸۲۳ میں

مہاراجه نے یار محمد خاں سے خراج طلب کیا - گورنر پشاور نے چند نفیس گھوڑے دربار لاھور میں بھیج دئے گو ان میں وہ خاص گھوڑا نه تھا جس کے حاصل کرنے کے لئے مہاراجه نے خواھش ظاھر کي تھی -* محمد عظیم خاں کو اپنے بھائي کا یه رویه پسند نه آیا - چنانچه اُس نے زبردست فوج کے ساتھ کابل سے پشاور کی طرف کوچ کیا - یار محمد خاں نے اپنے بھائی کے اشارہ پر یه بہانه بنا کر که وہ افغانی فوج روکنے کے ناقابل ھے پشاور خالي کر دیا اور یوسف‌زئی کے پہاڑوں میں جا چھپا - †

جہاد کا اعلان

محمد عظیم خاں نے بغیر کسی مزاحمت کے پشاور پر قبضه کر لیا اور سکھوں کے خلاف مذھبی جنگ کا اعلان کرکے جہاد کا حکم بلند کر دیا - سیکڑوں مولوی ملاوں اور واعظ تلقین کرنے کے لئے گرد و نواح کے علاقه میں روانه کئے جس کا نتیجه یه ھوا که پٹھان جوق در جوق محمد عظیم خاں کے جھنڈے تلے جمع ھونے شروع ھوئے اور چند ھی دنوں میں پچیس ھزار کے قریب غازی اکٹھے ھو گئے جس سے محمد عظیم خاں کا حوصله دوچند ھو گیا -

رنجیت سنگھ کي تیاري

ادھر رنجیت سنگھ بھی غافل نه تھا - اُسے یه تمام خبریں

---

* اِس گھوڑے کي نسبت ظفر نامہ رنجیت سنگھ میں " اسپ ایراني صد کردہ رفتار " لکھا ھے - صفحه ۱۵۳ -

† یار محمد خاں مہاراجہ رنجیت سنگھ کي طرف سے پشاور کا گورنر تھا -

ہر لمحہ پہنچ رہی تھیں - چنانچہ اُس نے فوراً دو ہزار سواروں کا دستہ شہزادہ شیر سنگھ اور دیوان کرپا رام کی سرکردگی میں افغانوں کی روک تھام کے لئے روانہ کیا - اُس کے بعد ایک اور دستہ فوج سردار ہری سنگھ نلوہ کی کمان میں شاہزادہ کی مدد کے لئے بھیجا - پھر خود بمعہ اکالی پھولا سنگھ، سردار دیسا سنگھ مجیٹھیہ، سردار فتح سنگھ اہلووالیہ وغیرہ خالصہ فوج کے زبردست دستہ کے ساتھ منزل بمنزل کوچ کرتا ہوا اٹک کے قریب پہنچ گیا -

قلعۂ جہانگیرہ پر قبضہ

مہاراجہ کے پہنچنے سے پہلے ہی شہزادہ شیر سنگھ اور سردار ہری سنگھ نلوہ کشتیوں کے پل کے ذریعہ دریائے اٹک عبور کر چکے تھے - اُنہوں نے قلعہ جہانگیرہ کا محاصرہ ڈال دیا اور چھوٹی سی لڑائی کے بعد قعلہ پر قبضہ کر لیا اور اپنا تھانہ قائم کر لیا - افغان قلعدار وہاں سے بھاگ نکلا -

پٹھانوں اور سکھوں کی مٹھ بھیڑ

محمد عظیم خاں جو ابھی تک پشاور میں مقیم تھا قلعہ جہانگیرہ پر مہاراجہ کا قبضہ ہو جانے کی خبر سن کر فوراً چونک اٹھا - وہاں سے کوچ کرکے نوشہرہ کے قریب پہنچ گیا اور دوست محمد خاں اور جبارخاں کی زیر کردگی غازیوں کا ایک لشکر سکھوں کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا - قلعہ جہانگیرہ کے قریب طرفین میں زور شور کی جنگ شروع ہوئی - محمد زماں خاں نے موقع پاکر اٹک کا پل دریا میں بہا دیا تاکہ دریا پار سے مہاراجہ کی کمک نہ پہنچ جائے -

مہاراجہ کا دریا عبور کرنا

شیر پنجاب ایسی مشکلات کو کب خاطر میں لانے والا تھا - چنانچہ دریا کے کنارے ڈیرے ڈال دئے اور از سر نو پل بنانا شروع کیا - اُسی وقت ایک جاسوس دریا پار سے خبر لایا کہ خالصہ فوج غازیوں کے ٹڈی دل لشکر کی وجہ سے اُن کے قابو میں آ چکی ہے - اگر اِس وقت کمک نہ پہنچی تو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے - یہ خبر سنتے ہی خالصہ فوج میں ہل چل مچ گئی - چونکہ اُسی وقت کشتیوں کا پل بنانا ناممکن تھا اِس لئے رنجیت سنگھ نے اپنی فوج کو تیر کر دریا عبور کرنے کے لئے حکم دیا - خود ایک گھوڑے پر سوار ہوکر معہ چودہ سرداروں کے تیز رفتار اٹک میں کود پڑا - خالصہ فوج تھوڑے سے جان و مال کے نقصان کے بعد دریا پار پہنچ گئی -

غازیوں کی فراری

خالصہ فوج کے دریا پار پہنچنے کی خبر سن کر پٹھان بہت گھبرائے اور میدان چھوڑ کر بھاگ گئے - نوشہرہ میں جا قیام پذیر ہوئے اور زبردست جنگ کی تیاریوں میں مشغول ہو گئے - مہاراجہ نے قلعۂ جہانگیرہ میں اپنے ڈیرے ڈال دئے - پھر اِسے اور قلعہ خیرآباد کو مستحکم کرکے شیر پنجاب اکوڑہ کے میدان میں خیمہ‌زن ہوا اور کئی جاسوس نوشہرہ اور پشاور کی طرف روانہ کئے تاکہ وہ دشمن کی تیاریوں کی خبر لائیں -

سردار جے سنگھ اٹاری‌والے کا پچھتاوا

اُسی رات سردار جےسنگھ اٹاری‌والا مہاراجہ سے آ ملا -

سردار مذکور سنہ ۱۸۲۱ع میں ایک سازش کے شک میں ملزم گردانا گیا تھا - اس لئے وہ پنجاب سے بھاگ کر کابل میں بارکزیوں سے آ ملا تھا اور اُن دنوں عظیم خاں کے ساتھ معہ اپنے سواروں کے پشاور آیا ہوا تھا - مذہبی جنگ ہوتے دیکھکر پنتھ کی محبت نے اُس کے دل میں جوش مارا اور خالصہ فوج میں آ ملا - مہاراجہ نے اُسے معاف کر دیا اور اُس کے سابقہ عہدہ پر تعینات کر دیا - *

پٹھانوں سے جنگ

مہاراجہ ابھی اکوڑہ کے میدان میں مقیم تھا کہ جاسوس غازیوں کی بڑی سرعت سے بڑھتی ہوئی تعداد کی خبر لائے - اگلے روز محمد عظیم خاں بھی اپنا لشکر لےکر دریاے لنڈہ عبور کرکے اُن سے ملنےوالا تھا - مہاراجہ یہ جانتا تھا کہ عظیم خاں کے آنے پر مقابلہ زیادہ مشکل ہو جائےگا - چنانچہ مہاراجہ نے اپنے سرداروں سے مشورہ کیا - چونکہ شام ہو چکی تھی اس لئے بہت سے سرداروں نے دوسرے دن پر جنگ ملتوی کرنے کی رائے دی - مگر جرنیل ونتورہ نے مہاراجہ کو صاف طور پر یقین دلایا کہ فوراً جنگ شروع کر دینا ہی قرین مصلحت ہے - † چنانچہ جنگ کی تیاریاں شروع ہوئیں

* پنڈت گنیش داس جس نے فتح ملتان کو نظم میں بیان کیا ہے - اور جس کا ذکر پہلے آ چکا ہے فتح پشاور کو بھی عام فہم هندی زبان کے شعروں میں لکھتا ہے - اِس ضمن میں وہ لکھتا ہے :—

" ملیچھوں کا سنگ تیاگ کے آئیو سنگھن جان - "

† تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ - دفتر دوئم صفحہ ۳۰۴ -

اور سکھ فوج کو تین دستوں میں بانٹا گیا - پہلا دستہ
جس میں آٹھ سو سوار اور سات سو پیادہ سکھ تھے اکالی
پھولا سنگھ کی زیرکمان دشمن پر ایک خاص سمت سے
حملہ کرنے کے لئے مقرر ہوا - دوسرا دستہ جس میں جاگیر
داروں کے ایک ہزار سوار اور تین پیادہ پلٹنیں تھیں
سردار دیسا سنگھ مجیٹھیہ اور سردار فتح سنگھ اہلوالیہ کی
سرکردگی میں سے دوسری جانب سے دھاوا کرنے کے لئے تیار کیا گیا -
تیسرا دستہ دو ہزار سوار اور آٹھ پیادہ پلٹنوں پر مشتمل
تھا - اس کی کمان کنور کھڑک سنگھ سردار ہری سنگھ
نلوہ جنرل الارڈ اور جرنیل ونتورہ کے ہاتھ میں تھی - یہ
دستہ اِس کام پر تعینات کیا گیا کہ محمد عظیم خاں
کو دریائے لنڈہ عبور کرکے غازیوں کے ساتھ شامل ہونے سے روک
رکھے - باقی تمام سوار اور پیادے مہاراجہ صاحب کے ساتھ
رہے تاکہ جس طرف مدد کی ضرورت ہو تازہ‌دم فوج بہم
پہنچائی جائے -

مہاراجہ کی مستعدی

اگر پٹھان اِس جنگ کو مذہبی رنگ دے کر جہادی
لڑائی بنا بیٹھے تھے تو مہاراجہ بھی اِسے دھرم یدھ سے
کم نہیں سمجھتا تھا - وہ دنیا و مافیہا کو بھلا کر صرف جنگ
میں ہمہ‌تن مصروف تھا اور وہ پورے طور پر یہ ثابت
کرنا چاہتا تھا کہ شیر پنجاب اور اُس کی فوج مذہبی
دیوانگی اور سپاہیانہ جوہروں میں پٹھانوں سے ذرہ بھر کم
نہیں - جس وقت کوچ کا بگل بجا مہاراجہ خود گھوڑے

پر سوار اور هاتھ میں برهنه چمکتي هوئي تلوار لے کر اونچی جگه پر کھڑا هو گیا - فوج کے دستے ایک ایک کرکے اُس کے سامنے سے ست سري اکال کے پرجوش نعرے لگاتے هوئے گزرتے تھے - مہاراجه بھي اُن کا حوصله بڑھانے کے لئے گرجتی هوئي آواز سے جواب دیتا تھا -

اکالی پھولا سنگھ کا شہید هونا

یکایک دونوں فوجیں آمنے سامنے هوئیں - پٹھان اور سکھ جنگلي شیروں کي طرح سے ایک دوسرے پر بپھر کر آ پڑے - اور بڑے گھمسان کا معرکه هوا - حسب معمول اکالی پھولا سنگھ کا اکالي جتھه پہلے پہل غازیوں کے مقابل هوا تھا - اچانک سردار پھولا سنگھ اور اُس کے گھوڑے کو دو گولیاں لگیں جس سے گھوڑا تو فوراً مر گیا مگر بہادر پھولا سنگھ زخموں کی پرواہ نه کرکے هاتھي پر سوار هوکر آگے بڑھتا گیا - اپنے آخری وقت میں اُس نے بہادری کے وہ جوهر دکھائے که پٹھان خوف سے کانپ اُٹھے - غازیوں نے پھولا سنگھ کو اپنا نشانه بنا رکھا تھا - هر ایک پٹھان اُسے هي مارنا چاهتا تھا - چنانچه دشمن کي تمام فوج نے ایک طرح سے سردار پھولا سنگھ کے هاتھي پر چاندماري شروع کر دي - گولیاں یکے بعد دیگرے اِس بہادر اکالي کو لگیں جس سے وہ فوراً هي میدان جنگ میں شہید هو گیا - مہاراجه کو سردار پھولا سنگھ کے مرنے کا نہایت هي رنج هوا - *

* گنیش داس اپنے چھندوں میں لکھتا ہے :—

غازیوں کی شکست فاش

اِس بہادر کی موت پر خالصہ فوج کو بڑا جوش آیا - غازیوں پر بڑے زور سے حملہ کیا - مگر پٹھانوں نے بھی مقابلہ میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی - سیکڑوں بہادر سکھ نوجوان اور افسر اِس جنگ میں کام آئے - آخرکار پٹھانوں کے قدم اُکھڑ گئے اور وہ میدان چھوڑ کر بھاگنے لگے - محمد عظیم خاں دریا کے پار یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا مگر اُس کے لئے دریا پار ہونا نہایت مشکل تھا - کیونکہ اُس کے عین سامنے مقابل کے کنارے پر مہاراجہ کا بھاری توپخانہ اور لشکر جرنیل ونٹورہ اور سردار ہری سنگھ نلوہ کی کمان میں ڈٹا ہوا تھا اور وہ اپنی بھاری توپوں سے گولوں کی ایسی موسلا دھار بارش کر رہے تھے کہ محمد عظیم خاں کو ایک قدم آگے بڑھنا محال تھا - جب محمد عظیم خاں کو غازیوں کے بھاگنے کی خبر ملی تو اُس کی باقی‌ماندہ امیدوں پر بھی پانی پھر گیا - وہاں سے بھاگ کر موچنی میں دم لیا اور آئندہ کے لئے پشاور کی حکومت سے ایسا

پھولا سنگھ کو مار کے بھئے پرسن پٹھان
اب سنگھن کو جیت ہیں مویو بڑو بلوان
پھولا سنگھ جب ماریو سنی سار سرکار
ایسو سنگھ مہابلی ورلا ہم دربار

اکالی پھولا سنگھ کی لاش کو بڑی عزت کے ساتھ جلایا گیا اور اس بہادر سردار کی یادگار قائم رکھنے کے لئے مہاراجہ نے وہاں ہی اس کی سمادھ بنوائی -

مايوس هوا که کابل پہنچنے سے پہلے هي راستے مهں راهئے ملک عدم هوا -

فتح کا اثر

سکھ فوج نے بھاگتے هوئے غازيوں کا تعاقب کيا اور اُن کے خيمے ' توپيں ' گھوڑے اور اونٹ سب کے سب اُن کے هاتھ آئے - گو اِس جنگ ميں خالصه فوج کا بہت نقصان هوا مگر اِس شاندار فتح کا سرحد پر يه اثر هوا که جمرود سے مالاکند اور بنير سے کھٹک تک کا تمام علاقه خالصه کے قبضے ميں آ گيا اور پٹھانوں کے دلوں پر اُن کا ايسا رعب داب بيٹھا که جو اب تک نہيں گيا -

مہاراجه کا پشاور ميں داخله

مہاراجه نے هشت‌نگر کے قلعه پر قبضه کر ليا اور سترہ مارچ کو دهوم دهام کے ساتھ پشاور ميں داخل هوا - * مہاراجه کے حکم سے شہر ميں منادی کي گئي که کسی قسم کي لوٹ مار نہيں کي جائےگي - رعيت نے مہاراجه کا پرجوش استقبال کيا اور رؤسا نے نذرانے پيش کئے - † اِس

* گنيش داس يه تاريخ يوں بيان کرتا هے :—
" سمت اٹھ دس جانيئے اور اُناسي مان
چيت ماس شبھ دن بھيو پشور جيت هنه تھان "

† گنيش داس لکھتا هے :—
" سرکار اور سردار سبھ آئے سو مل پشور ميں
هندو برهمن کھتري دهن بھاگ هم اِس ٹھور ميں "

کے چند دنوں بعد یار محمد خاں اور دوست محمد خاں دونوں بھائی مہاراجہ کے پاس پشاور میں آئے اور صاف طور پر اطاعت قبول کرکے پچاس گھوڑے جن میں مشہور گھوڑا گوھربار بھی تھا بمعہ بیش قیمت تحائف پیش کئے - اپنی غلطی کی معافی مانگی ' پشاور کی حکومت کے لئے درخواست کی اور مہاراجہ کی منہہ مانگی رقم بطور خراج دینے کا وعدہ کیا - شیر پنجاب نے یہ شرائط منظور کر لیں اور مبلغ ایک لاکھ دس ہزار روپیہ خراج کی رقم مقرر کرکے یار محمد خاں کو پشاور کا حاکم مقرر کر دیا - اُس کے عہدہ کے مطابق ایک بیش بہا خلعت ' ایک ہاتھی اور ایک عمدہ گھوڑا اُسے عنایت کیا اور سارا ضروری انتظام کرکے خود ۲۷ اپریل سنہ ۱۸۲۴ع کو لاہور پہنچ گیا جہاں بڑی دیپ مالا ہوئی اور خوشیوں کے جلسے ہوئے - *

راما نند صراف - ستمبر سنہ ۱۸۲۳ع -

ستمبر ۱۸۲۳ع میں مہاراجہ کو خبر ملی کہ امرتسر

---

* تفصیل کے لئے دیکھو ظفر نامۂ رنجیت سنگھ صفحہ ۱۲۴-۱۵۰ -
گنیش داس بھی اپنے چھندوں میں مشہور گھوڑے کہار یعنی گوھربار کا ذکر کرتا ھے : -

آئے ملیو سرکار ھوں کو سبھ یار محمد سیس نوایو
لیو کہار نہ مار ھمیں سبھ رعیت ھے اِہ ساچ الائیو
اور ٹکے دہ دینے گھنے پشمینے سو میوے رسال لیائیو
ادھین بھئ مکھ گھاس لیو سرکار دیال ھوئے بھاکھ سنائیو

دوھرا : -

اب نربھے ھوئے رھو تم کر ھو راج پشور
آوے ھمرو سنگھ جو کرو سبھن کی غور

کا مشهور صراف لاله رامانند فوت هو گیا هے - یه وهي شخص تها جس کے پاس سرکاري خزانه اور دفاتر وغیره قائم هونے سے پیشتر مهاراجه رنجیت سنگھ کي آمدني اور خرچ کا کل حساب رها کرتا تها - اُس کا مهاراجه کے دربار میں بهت رسوخ تها - یه شخص بهت کفایت‌شعار تها اور اُس نے اپني زندگي میں بهت سا روپیه جمع کر لیا تها - * یه لاولد مر گیا - اس لئے مهاراجه نے اُس کے مال و جائداد کا کچھ حصه تو اُس کے بهتیجے شیو دیال کے پاس رهنے دیا اور باقي بیس لاکھ کے قریب نقد روپیه سرکاري خزانه میں جمع کر لیا گیا جو بعد میں لاهور کي فصیل کي ریخت و مرمت میں صرف کیا گیا -

ڈیره غازي خاں میں شورش - اکتوبر سنه ۱۸۲۳ ع -

دسهره کے اختتام پر مهاراجه نے اپني توجه ڈیره غازي خاں کي طرف مبذول کي - یهاں کا زمیندار سردار آسد خاں قدرے سرکش هو رها تها اور نواب بهاولپور سے قابو میں نهیں آتا تها - چنانچه مهاراجه نے ایک دستهٔ فوج کے همراه دریاے سندھ کو عبور کیا اور سرکش زمینداروں سے مبلغ تین لاکھ روپیه بطور جرمانه وصول کیا - اور سردار اسد خاں

---

* راما نند کي کفایت شعاري ضرب‌المثل هو گئي تهي دیوان امر ناتھ ظفر نامهٔ رنجیت سنگھ میں لکهتا هے که لوگ صبح کے وقت اس کا نام زبان پر نه لاتے تهے - مبادا اُنهیں دن بهر کهانا نصیب نه هو -

" مردم نام اورا وقت صبح نمے گرفتند که نان بدست نمے یافتند "
صفحه ۵۹ -

نے اپنا بیٹا بطور یرغمال مہاراجہ کے ساتھ لاہور بھیجا -

راجہ سنسار چند کٹوچ کی وفات

دسمبر سنہ ۱۸۲۳ع میں راجہ سنسار چند کٹوچ فوت ہو گیا - مہاراجہ نے اُس کے بیٹے انرودھ چند کو خلعت راجگی بخشی اور ایک لاکھ روپیہ نذرانے میں وصول کیا - مگر باپ کی گدی پر زیادہ دیر بیٹھنا اُسے نصیب نہ ہوا - جموں کے راجہ دھیان سنگھ کا ستارۂ اقبال اُن دنوں عروج پر تھا - اُس نے خواہش ظاہر کی کہ اُس کے بیٹے ہیرا سنگھ کی شادی راجہ سنسار چند کی بیٹی سے ہو جائے - مہاراجہ نے انرودھ چند کو اِس پر مجبور کیا - مگر وہ اپنا خاندان جموں کے راجپوتوں کے خاندان سے بلند تر سمجھتا تھا - اِس لئے وہ اور اُس کی والدہ اِس رشتہ پر رضامند نہ ہوئے - چنانچہ انرودھ چند موقعہ پاکر اپنے کنبہ سمیت ستلج پار بھاگ گیا اور اپنی دونوں بہنوں کی شادی گڑھوال کے راجہ سے کر دی - مہاراجہ نے اُس کے علاقہ پر قبضہ کر لیا اور راجہ سنسار چند کی دوسری دو بیٹیوں کے ساتھ جو ایک گلاب داسی کے بطن سے تھیں - مہاراجہ نے خود شادی کر لی اور سنسار چند کے دوسرے بیٹے فتح چند کو ایک لاکھ روپیہ کی جاگیر بخش دی -

مصر دیوان چند کی وفات - جولائی ۱۸۲۵ع

مصر دیوان چند مہاراجہ کے دربار کا ایک اعلیٰ رکن تھا جس نے فتوحات ملتان، کشمیر، اور منکیرہ میں نمایاں حصہ

لیا تھا - وہ دفعتاً درد قولنج کا شکار ہوا اور ۵ ساون سمبت ۱۸۸۲ بکرمی مطابق ۱۹ جولائی ۱۸۲۵ ع کو اِس جہان فانی سے رحلت کر گیا - مہاراجہ کو اِس بہادر جرنیل کے مرنے کا بڑا رنج ہوا - دیوان کی لاش کو باقاعدہ فوجی تعظیم و تکریم کے ساتھ جلایا گیا - مہاراجہ مصر دیوان چند کے متعلق بڑی اعلیٰ راے رکھتا تھا اور اُسے ہر طرح سے خوش رکھتا تھا - *

جرنیل ونتورہ کي شادي - ۱۸۲۴ع

اِسي سال جرنیل ونتورہ کی شادي ایک انگریز خاتون سے ہوئی جس کا انتظام کپتان ویڈ نے لدھیانہ میں کیا تھا - مہاراجہ نے اِس موقع پر ونتورہ کو مبلغ دس ہزار روپیہ تنبول میں دیا اور مبلغ تیس ہزار اُمرا و روسا نے دیا -

سردار فتح سنگھ اھلو والیہ کي ناراضگي وصلح

۱۸۲۶ تا ۱۸۲۸

سردار فتح سنگھ اھلووالیہ کا وکیل چودھري قادر بخش جو مہاراجہ کے دربار میں رہا کرتا تھا نہایت فتنہ‌انگیز شخص تھا - اُس نے کچھ عرصہ سے سردار مذکور کے مشیر خاص

* دیوان امرناتھ ظفرنامہ رنجیت سنگھ کے صفحہ ۱۳۳ پر لکھتا ھے کہ کسي هندوستانی سوداگر کے پاس ایک بیش قیمت حقہ تھا جس کو کشادہ دل مہاراجہ نے بیس ہزار روپیہ میں خرید لیا تھا اور اِسے مصر دیوان چند کو عطا کر دیا - نیز اُسے حقہ پینے کي بھی اجازت دے دي - اِس خاص استحقاق سے مصر دیوان چند کا رتبہ اوروں کی نگاھوں میں اور بھي بلند ہو گیا - " ایں معنئي موجب کمال سرافرازي او گشتہ "

دیوان شیر علی خاں کے ساتھ مل کر سردار صاحب کو دربار
لاهور سے غلط خبریں بھیجنی شروع کیں - سردار فتح سنگھ
شیر علی پر پورا اعتماد رکھتا تھا اور همیشه اُس کی صلاح
پر عمل کرتا تھا - چنانچہ اِن دونوں کی طرف سے اُسے بتلایا
گیا کہ مہاراجہ جلدھی اُس کے علاقہ پر ہاتھ صاف کرنا
چاهتا هے نیز اُس کی جان و مال اندیشہ میں هے - چنانچہ
اُسے ستلج پار کے علاقہ میں بھیج دیا - گو اِس میں کچھ
صداقت نہ تھی اور نہ ھی سردار کے پاس ایسا مان لینے
کی کوئی وجہ تھی مگر مہاراجہ کئی ایک سرداروں سے
پہلے ایسا سلوک کرچکا تھا اور حال هی میں رانی سدا
کور کے مقبوضات پر اپنا تسلط جما چکا تھا اِس لئے سردار
فتح سنگھ کے دل میں بھی شک هو گیا اور قادر بخش
اور شیر علی کے داؤ میں آکر اپنے کنبہ سمیت کپورتھلہ سے
بھاگ کر جگراؤں میں پناہ‌گزیں هوا جو انگریزی علاقہ
میں واقع تھا - انگریزی ایجنٹ نے اُس کو اپنے علاقہ میں
رکھنے سے صاف انکار کر دیا اور ساتھ هی یہ کہ دیا کہ هم
مہاراجہ اور آپ کے معاملہ میں کوئی دخل‌اندازی کرنا نہیں
چاهتے - چنانچہ سردار فتح سنگھ بہت تذبذب کی حالت
میں تھا - چونکہ مہاراجہ کے دل میں بھی کوئی پاپ نہ تھا
اِس لئے وہ بھی رنجیدہ اور متفکر تھا - چنانچہ مہاراجہ
نے خط و کتابت کا سلسلہ شروع کیا اور سردار کو یقین دلایا
کہ اگر وہ واپس آ جائے تو اُس کا بال بھی بیکا نہ هوگا -
پس وہ لاهور کو روانہ هوا - مہاراجہ نے اپنے پوتے کنور نونہال

سنگھ کو سردار کے استقبال کے لئے روانہ کیا - جب سردار دربار میں حاضر ہوا تو عجیب دردناک نظارہ وقوع میں آیا - سردار فتح سنگھ نے اپنی تلوار نکال کر مہاراجہ صاحب کے قدموں میں رکھ دی اور محبت بھری رکتی ہوئی زبان سے درخواست کی کہ اِس غلطی کے عوض مجھے میری تلوار سے مناسب سزا دی جائے - اُس وقت تمام دربار میں سناٹا چھا گیا یہ دیکھ کر مہاراجہ رنجیت سنگھ کا دل بھی بھر آیا اور اُس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے - تخت سے اُٹھ کر سردار کو بغل میں لے لیا - اُس کی تلوار میان میں ڈال کر اُس کے حوالہ کی - اور تخت پر اپنے ساتھ بٹھا لیا - غصہ یا گلہ کرنے کے بجائے بیش‌قیمت خلعت معہ آراستہ ہاتھی کے اُسی وقت سردار صاحب کو عطا کی اور پہلے کی طرح اُس کے علاقہ کی حکومت بخش دی - *

انگریز ڈاکٹر کی آمد - جولائی ۱۸۲۶ ع

جولائی ۱۸۲۶ میں مہاراجہ زیادہ بیمار ہو گیا - چنانچہ سرکار انگریزی کی طرف سے ڈاکٹر مرے کی خدمات پیش کی گئیں - مہاراجہ کی طرف سے ڈاکٹر مرے کی خوب آو بھگت کی گئی - ایک سو روپیہ روزانہ ڈاکٹر صاحب کی ضیافت کے لئے دربار سے منظور ہوا - نیز اپنے رواج اور اعتقاد کے مطابق ہزاروں برہمنوں کو پریوگ میں بٹھایا گیا - جب مہاراجہ کو

---

* تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ دفتر دوئم - صفحہ ۳۴۳

شفا حاصل ہوئی تو ہزاروں روپیہ خیرات میں تقسیم کیا گیا -

کشمیر کا زلزلہ - ۱۸۲۷ع

سنہ ۱۸۲۷ع میں کشمیر میں بھاری زلزلہ آیا جس سے ہزاروں جانیں تلف ہوئیں مکانات برباد ہو گئے اور ہزاروں کی تعداد میں لوگ بے گھر اور بے زر ہو گئے - دیوان کرپا رام گورنر کشمیر نے مہاراجہ کی خدمت میں رعایا کی حالت زار کی نسبت مفصل رپورٹ پیش کی اور اُس کی سفارش پر مالیہ میں تخفیف کی گئی - *

لاہور میں وبائے ہیضہ

اِسی سال لاہور میں وبائے ہیضہ پھوٹ پڑی - سیکڑوں آدمی روزانہ مرنے لگے - اُس وقت مہاراجہ نے سرکاری شفاخانوں سے لوگوں کو مفت دوائی دئے جانے کا حکم جاری کیا اور ہر طرح سے رعیت کی امداد کی - سردار بدھ سنگھ سندھانوالہ بھی اِسی بیماری کا شکار ہوا اور آناً فاناً مر گیا - †

شملہ میں سکھ مشن - سنہ ۱۸۲۷ع

لارڈ ایمہرسٹ اس سال موسم گرما بسر کرنے کے لئے کلکتہ سے چل‌کر شملہ آیا - چنانچہ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے

* دیوان امرناتھ کے اندازہ کے مطابق نو ہزار مکان گر گئے چالیس ہزار آدمی شکار اجل ہوئے اور ایک لاکھ روپیہ کا مال ضائع ہو گیا - دیکھو ظفر نامہ رنجیت سنگھ صفحہ ۱۷۹ اور عمدۃ التواریخ دفتر دوم - صفحہ ۳۵۰

† دیوان امرناتھ بڑے رقت‌انگیز لہجہ میں اِس وبا کا ذکر کرتا ہے -

اُس کے خیر مقدم کے لئے دیوان موتی رام اور فقیر عزیزالدین کو بیش قیمت تحائف دےکر شملہ روانہ کیا جن میں کشمیری پشمینہ کا شاندار شامیانہ ' چند نفیس گھوڑے ' ایک قدآور ہاتھی اور شال کا نہایت خوبصورت خیمہ جو شاہ انگلینڈ کے لئے تھا شامل تھے - شملہ میں تزک و احتشام کے ساتھ اُن کا استقبال کیا گیا - کپتان ویڈ جو سرکار انگریزی کا لدھیانہ میں ایجنٹ تھا اُن کا میزبان مقرر ہوا - اِن کو رخصت کرنے کے لئے گورنمنٹ ہاؤس میں عظیم‌الشان دربار منعقد کیا گیا - اِس کے بعد سرکار انگریزی کے اعلیٰ افسروں کا ایک وفد مہاراجہ کی ملاقات کے لئے روانہ ہوا اور گراں‌بہا تحائف جن میں دو نفیس ولایتی گھوڑے ' چاندی کے ہودہ سے مزین ہاتھی ' جواہرات سے جڑی ہوئی تلوار ' دونالی بندوق ' نئی طرز کا طمانچہ ' ہیروں سے جڑی ہوئی دو بھالیں ' کمخواب کے چند تھان شامل تھے اپنے ہمراہ لائے - نیز دیوان‌جی اور فقیر صاحب کو اعلیٰ درجہ کی خلعتیں ملیں -

میاں دھیان سنگھ کا راج‌تلک - اپریل سنہ ۱۸۲۸ ع

پیشتر اشارۃً ذکر کیا جا چکا ہے کہ راجہ گلاب سنگھ ' دھیان سنگھ اور سوچیت سنگھ کا ستارۂ اقبال دن دگنی رات چوگنی ترقی پر تھا - مہاراجہ اِن تینوں بھائیوں پر فدا تھا - خصوصاً دھیان سنگھ دربار میں بہت رسوخ حاصل کر چکا تھا اور وہ اُس وقت وزیر اعظم کے عہدہ پر ممتاز تھا - اُس کے رتبہ کو اور بھی بلند کرنے کے لئے

مہاراجہ نے بیساکھی کے روز دربار عام منعقد کیا - راجہ دھیان سنگھ کو بیش‌بہا خلعت عطا کر کے راج تلک دیا گیا اور ”راجۂ راجگان راجۂ ہند پت راجہ دھیان سنگھ بہادر“ کا خطاب عطا کیا گیا - *

هیرا سنگھ کا خطاب راجگی

راجہ دھیان سنگھ کا بیٹا هیرا سنگھ جو بڑا خوشرو اور هوشیار نوجوان تھا اُن دنوں مہاراجہ کا منظور نظر بن رہا تھا - چنانچہ مہاراج نے اُسے بھي راجہ کا خطاب دیا اور اپنے دست مبارک سے اُس کے ماتھے پر راجگي کا تلک لگایا - اس خاندان کا سوشل رتبہ بلند کرنے کی خاطر مہاراجہ نے کوشش بھي کي کہ هیرا سنگھ کي شادی راجہ سنسار چند کٹوچ کي بیٹي سے هو جائے - اِس کا ذکر پہلے کیا جا چکا هے -

خلیفہ سید احمد کی شورش
سنہ ۱۸۲۷ع سے سنہ ۱۸۳۱ع تک

اِسی سال پشاور سے خبریں آئیں کہ یوسف‌زئي کے علاقہ میں سید احمد نے بےحد شورش برپا کر رکھي هے - سید احمد کا اصل نام میر احمد تھا - وہ ضلع بریلي کے باشندے تھے - شروع میں یہ امیر خاں روهیلہ کي فوج میں ملازم تھے بعد میں اُن‌کي حیثیت ایک مذهبي پیشوا کي هو گئي -

* دیکھو ظفرنامۂ رنجیت سنگھ - صفحہ ۱۸۴ -

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہیں الہام ہوتا تھا - پہلے وہ مکہ اور مدینہ کی زیارت کو گئے پھر ہندوستان میں جب واپس آئے تو اُن کے سیکڑوں مرید ہو گئے اور ہزاروں روپیہ اُن کے قبضے میں آ گیا - دھلی کے دو تین لائق اور مشہور علما مولوی عبدالحئی اور مولوی اسمعیل وغیرہ اُن کے مریدوں میں شامل ہو گئے - یہ سندھ سے گزر کر شکارپور ہوتے ہوئے کابل پہنچے - وہاں اپنے اُصول مذہب کی تلقین شروع کی - محمدی جھنڈہ بلند کیا جس کے تلے پکھلی ' دھمتور ' سوات اور بنیر وغیرہ علاقوں کے افغان قبیلے جمع ہونے شروع ہو گئے - اُنہوں نے سکھوں کے خلاف جہاد کا فتوے دیا * جس پر تمام سرحدی صوبہ میں شورش برپا ہو گئی - اُس کے تدارک کے لئے مہاراجہ نے مارچ ۱۸۲۷ میں سندھانوالیہ سرداروں کی سرکردگی میں فوج کا ایک دستہ لاهور سے روانہ کیا اور یار محمد خاں والئے پشاور کو حکم نافذ ہوا کہ وہ اپنی فوج اُن کی مدد کے لئے روانہ کرے - سید احمد کا بے ترتیب لشکر مہاراجہ کی قواعدداں فوج کا مقابلہ نہ کر سکا - چنانچہ وہ شکست کھاکر سوات کے پہاڑوں میں نکل گئے - کچھ عرصہ بعد انھوں نے اپنے لشکر کو دوبارہ آراستہ کر کے یوسفزئی کے پہاڑی علاقہ کی طرف روانہ کیا اور وہاں سے خلیل اور مہمند قوم کے لوگوں کا

* " از راہ شکارپور در دارالملک کابل رسیدہ مردم آں نواحی را بہ جہاد برداشتند - " ظفرنامہ صفحہ ۱۷۵

کثیرالتعداد لشکر جمع کرکے اٹک کے علاقہ میں جنگ شروع کر دی - چنانچہ اکتوبر ۱۸۲۷ع میں شہزادہ کھڑک سنگھ، جرنیل الارڈ اور ونٹورہ کی کمان میں ایک جرار لشکر روانہ کیا گیا - پٹھانوں اور سکھوں میں سخت جنگ ہوئی - آخر خلیفہ سید احمد کو شکست ہوئی اور اُن کے چھہ ہزار آدمی قتل ہوئے - *

سردار یار محمد کا قتل

اُس کے اگلے سال خلیفہ سید احمد نے ایک اور تجویز کی اور اپنے مریدوں کو سردار یار محمد خاں کے خلاف ابھارا کہ یہ شخص سکھوں کی اطاعت کرتا ہے پس اُسے درست کرنا چاہئے - چنانچہ چالیس ہزار غازیوں کا لشکر جمع کر کے خلیفہ نے پشاور پر دھاوا بول‌دیا اور بارکزئی سردار کو شکست دےکر خود پشاور پر قابض ہو گئے - سردار یار محمد اُس لڑائی میں مارا گیا اور اُس کا توپخانہ سید احمد کے ہاتھ آیا -

سلطان محمد خاں کی تقرری ۱۸۳۰ع

پشاور پر سید احمد کا قبضہ ہو جانے کی وجہ سے مہاراجہ کسی قدر گھبرایا - فوراً شاہزادہ شیر سنگھ اور جرنیل ونٹورہ کو جو اُس وقت اٹک کے گرد و نواح میں دورہ کر رہے تھے حکم صادر ہوا کہ وہ پشاور پہنچیں - انہوں نے جاتے ہی

* " شش ہزار کس از عساکر خلیفہ علف تیغ آبدار گشتند - " ظفرنامہ - صفحہ ۱۸۱ -

سید احمد کے لشکر کو گھیر لیا اور گھمسان کے معرکہ کے بعد پشاور پر قبضہ کر لیا - سید احمد وهاں سے بھاگ گئے - مہاراجہ نے یار محمد کے بھائی سلطان محمد خاں کو واپس بلا لیا اور پشاور کی حکومت پر مقرر کر دیا -

اسپ لیلی

لیلی نامی گھوڑا اپنے زمانہ کا مشہور اور یکتا جانور تھا جو بارکزئی سرداروں کے قبضہ میں تھا - دیوان امر ناتھ کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس گھوڑے کے لئے شاہ روم اور شاہ ایران کی طرف سے بارکزئی سرداروں کے پاس درخواستیں آئی تھیں جس کے عوض وہ بھاری رقومات ادا کرنے کے لئے تیار تھے - سال گذشتہ میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے بھی اُس کے لئے کوشش کی تھی مگر یار محمد نے یہ کہ کر ٹال دیا تھا کہ وہ گھوڑا مر چکا ہے اور اُس کے بدلے اور خوبصورت اور خوش رفتار گھوڑے مہاراجہ کی نذر کرکے اپنا پیچھا چھڑا لیا تھا - چنانچہ اِس بار پشاور کی سرداری عطا کرنے سے پہلے مہاراجہ نے لیلی کی طلبی کی - چنانچہ سلطان محمد خاں نے یہ بےنظیر گھوڑا مہاراجہ کی نذر کر دیا - اِس خوشی میں مہاراجہ نے ونتورہ کو جو گھوڑے کو اپنے همراہ لاهور لایا تھا دو هزار روپیہ قیمت کی خلعت عطا کی -

سید احمد کی شہادت - مئی ۱۸۳۱ع

مہاراجہ کی فوج جونہی پشاور سے واپس آئی خلیفہ سید

احمد نے پھر شورش پیدا کر دی - ایک سال سے زیادہ تک یہی سلسلہ جاری رہا - سلطان محمد خاں اُنہیں شکست دیتا مگر کبھی کبھی وہ سلطان پر غلبہ حاصل کر لیتے - آخر کئی وجوہات سے افغان اُن سے ناراض ہوگئے اور اُن کی جان کے درپے ہو گئے - چنانچہ وہ یوسف‌زئی علاقہ سے نکل کر مظفرآباد کے ضلع میں چلے آئے کیونکہ یہاں ابھی تک اُن کے معتقد باقی تھے - اِس لئے اُن کی مدد سے اپریل ۱۸۳۱ ع میں اُنہوں نے قلعۂ مظفرآباد میں مورچہ لگا دیا - کچھ عرصہ تک خالصہ فوج کے ساتھ جنگ جاری رہی - آخرکار ایک مٹھ بھیڑ میں خلیفہ اور اُن کے مشہر مولوی اسمعیل دونوں شہید ہو گئے اور یہ شورش بند ہو گئی - *

---

* دیوان امرناتھ اس ضمن میں لکھتا ہے - کہ کنور شیر سنگھ نے جو اُس وقت خالصہ فوج کی کمان میں تھا - خلیفہ کی لاش کو اپنے روبرو منگوایا - اور ایک ہوشیار مصور سے اُس کی تصویر بنوائی - جو بعد میں شاہزادہ نے مہاراجہ کی خدمت میں پیش کی - مہاراجہ نے تصویر دیکھ کو اپنے جوانمرد دشمن کی بہت تعریف کی - ظفرنامہ - صفحہ ۱۹۵ -

سید محمد لطیف کا یہ لکھنا کہ کنور شیر سنگھ نے خلیفہ کا سر کٹواکر مہاراجہ کے پاس لاہور روانہ کیا تھا - سراسر غلط اور بے بنیاد ہے -

چودھواں باب

سرکار انگریزي کے ساتھہ تعلقات اور مہاراجہ کي وفات

۱۸۲۸ ع سے ۱۸۳۹ ع تک

سکھہ حکومت کي انتہائي ترقي

اِن دنوں سکھہ حکومت انتہائی ترقي حاصل کر چکي تھي - شیر پنجاب کي شہرت اور طاقت کا سورج دوپہر کي طرح اپنا پورا جوبن دکھا رہا تھا - وہ ملتان ، کشمیر ، اور پشاور کے اسلامی صوبے فتح کرکے سکھہ سلطنت میں شامل کر چکا تھا - وہ پنجاب کے پہاڑی علاقوں اور میدانی ریاستوں کا مکمل طور پر مالک سمجھا جاتا تھا - لداخ اور سندھ مفتوح کرنے کی تجاویز کا نقشہ اُس کے ذہن میں تھا - دور دراز ممالک کے بادشاہ اُس کے ساتھہ رشتۂ دوستي قائم کرنا باعث فخر سمجھتے تھے -

نظام حیدرآباد کا وکیل

سنہ ۱۸۲۹ع میں نظام حیدرآباد کا وکیل درویش محمد لاہور دربار میں حاضر ہوا اور نظام کی طرف سے چار بیش قیمت گھوڑے - ایک بے نظیر چاندني * ایک دودھاري تلوار - ایک توپ اور کئی بندوقیں بطور تحائف مہاراجہ کے لئے لایا - اِن

* یہ چاندنی رنجیت سنگھہ کو نہایت ھی پسند آئي - اور اُس نے یہ اُسي وقت دربار صاحب امرتسر میں بھیجدی - جہاں اب تک میں موجود ھے (بھائي پریم سنگھہ)

کے علاوہ کئی بیش بہا اشیاء شہزادہ کھڑک سنگھ کے لئے بھی تھیں -

ہرات اور بلوچستان کے ایجنٹ

اِسی سال شہزادہ کامران والئیے ہرات کا ایجنٹ صوف خاں نذرانے لے کر حاضر ہوا - ۱۸۲۹ ع میں بلوچستان سے وکیل آئے اور بہت سے گھوڑے اور جنگی سامان ساتھ لائے - مہاراجہ کی خدمت میں تحائف پیش کرنے کے بعد عرض داشت کی کہ اُن کے دو قلعے جو علاقہ ڈیرہ غازی خاں کی سرحد پر دریائے سندھ کے مغرب میں واقع ہیں نواب بہاولپور نے چھین لئے ہیں - اور اُنہیں واپس لینے میں وہ مہاراجہ کی مدد کے خواہش‌مند ہیں -

سرکار انگریزی کے تحائف

سنہ ۱۸۲۸ ع میں لارڈ ایمہرسٹ گورنر جنرل انگلستان واپس پہنچا اور اُس نے رنجیت سنگھ کے پیش کردہ گراں بہا تحائف شاہ انگلستان کی نذر کئے - اب اُس نے بھی ولایت کے نادر تحفے جن میں پانچ بے مثال ولایتی نسل کے گرانڈیل گھوڑے اور ایک نہایت خوبصورت گاڑی شامل تھی مہاراجہ کے لئے بھیجے - لفٹننٹ الگزنڈر برنز جو علاقہ کچھ کا پولیٹکل ایجنٹ تھا اِس سامان کو دریاے سندھ کی راہ کشتیوں میں دربار لاہور میں پہنچانے کے لئے تعینات ہوا - *

* سرکار انگریزی کا مدعا یہ تھا - کہ مہاراجہ کو تحفے بھی پہنچ جائیں - اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوجائے - کہ دریائے سندھ کس حدتک جہاز رانی کے قابل ہے -

یہ سفارت ۲۱ جنوری ۱۸۳۱ع کی صبح کو پانچ دیسی کشتیوں میں مانڈوی علاقۂ کچھ سے لاهور کو روانہ هوئی - سندھ کے امیروں نے اُنهیں اپنے علاقہ میں گذرنے سے روکا مگر رنجیت سنگھ نے ملتان کے گورنر دیوان ساون مل کے ذریعہ امیروں پر دباؤ ڈالا - نیز سرکار انگریزی نے بھی کوشش کی - چنانچہ سفارت کے راستہ میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئی اور ۲۷ مئی کی رات کو یہ بہاولپور پہنچ گئی جہاں ان کا پر تپاک خیر مقدم کیا گیا اور کئی روز تک اُن کی مہمان نوازی کی گئی -

مہاراجہ سے ملاقات

اُس کے بعد لفٹننٹ برنز مہاراجہ کے علاقہ میں داخل ہوا - رنجیت سنگھ نے سردار لہنا سنگھ مجیٹھیہ کو اُس کے استقبال کے لئے روانہ کیا جو اپنے ساتھ ایک آراستہ هاتھی برنز کی سواری کے لئے لایا - ۱۷ جولائی ۱۸۳۱ع کو یہ سفارت لاهور پہنچی جہاں ان کا شاندار خیرمقدم کیا گیا - تین دن کے بعد برنز نے مہارجہ سے قلعہ میں ملاقات کی - اِس موقع پر شیر پنجاب نے عظیم‌الشان دربار منعقد کیا - مہاراجہ کے اُمراوزراء مکمل طور پر مکلف تھے اور اپنے اپنے رتبہ کے مطابق صف آرا تھے - لفٹننٹ برنز نے شاہ انگلستان کے تحائف اور اُس کا محبت‌نامہ مہاراجہ کی خدمت میں پیش کیا - یہ خط ایک خوبصورت تھیلی میں بند تھا اور اِس پر شاهی مہر لگی ہوئی تھی - خط کھولتے ہی قلعہ کی فصیلوں سے سلامی اُتاری گئی -

سفارت کی مہماں‌نوازی

مہاراجہ نے سفارت کو کئی روز تک اپنے یہاں مہمان رکھا اور اُن کی خوب خاطر تواضع کی - اُنھیں اپنی فوج کی قواعد دکھلائی اور کئی طرح سے اُنھیں محظوظ کیا - * بوقت روانگی سفارت کے ارکان کو گراں‌بہا تحائف نذر کئے جن میں جڑاؤ کمان بمعہ ترکش نہایت نفیس گھوڑا جو کشمیری شال سے آراستہ تھا - شامل تھے - نیز بیش قیمت خلعت فاخرہ بھی عطا کی گئیں -

سفارت کی روانگی

۲۱ اگست کی صبح کو یہ سفارت لاہور سے شملہ کو روانہ ہوئی تاکہ گورنر جنرل کو جو ابھی تک شملہ میں مقیم تھا مہاراجہ کی ملاقات اور دریائے سندھ راستہ کی نسبت تمام کیفیت جاکر سنائے - یہ سفارت راستہ میں امرتسر بھی ٹھہری جہاں انھوں نے دربار صاحب کے درشن کئے -

ڈیرہ غازی خاں پر تسلط ۱۸۳۱ع

یہ بتایا جاچکا ہے کہ مہاراجہ نے دریائے سندھ کے پار کا علاقہ فتح کر لیا تھا مگر اُن صوبوں کی حکومت پر پٹھان

* برنز کی درخواست پر مہاراجہ نے اُسے اپنے جواہرات دکھلائے شہرۂ آفاق ہیرا "کوہ نور" دیکھ کر برنز اور اُس کے ساتھی دنگ رہ گئے - اِنھوں نے ایک لال بھی دیکھا- جس پر کئی بادشاہوں کے نام کندہ تھے - جن میں سے اورنگ زیب اور احمد شاہ ابدالی کے نام صاف‌طور پر پڑھے جاتے تھے - دیکھو سفرنامہ برنز -

گورنروں کو هی بحال رکھا تھا - چنانچہ پشاور پر سردار سلطان محمد حکمران تھا - ڈیرہ اسمعیل خاں کا علاقہ نواب منکیرہ کی جاگیر تھا ڈیرہ غازی خاں کی نظامت نواب بہاولپور کے سپرد تھی جو اُس کے عوض تین لاکھ روپیہ سالانہ دربار لاهور کو ادا کرتا تھا - چونکہ بہاولپور کی ریاست دریائے ستلج کے پار تک پھیلی ہوئی تھی - اِس لئے یہاں کا نواب سرکار انگریزی سے پناہ طلب کرسکتا تھا - جب انگریزی سفارت دریائے سندھ کی راہ لاهور آرهی تھی - تو مہاراجہ کو اُس کے اصل مدعا کا حال معلوم ہوگیا تھا - چنانچہ اُسے شک ہوگیا - کہ کہیں اُسے ڈیرہ غازی خاں کے علاقہ سے هاتھہ نہ دھونا پڑے - چنانچہ ابھی لفٹننٹ برنز اپنے تحائف کے ساتھہ ابھی راہ هی میں تھا کہ مہاراجہ نے جرنیل ونتورہ کو ایک دستہ فوج همراہ دےکر ڈیرہ غازی خاں کی جانب روانہ کیا - نواب بہاولپور کے ساتھہ اجارہ ختم کر دیا گیا - اور ڈیرہ غازی خاں براہ راست سکھہ سلطنت میں شامل کر لیا گیا -

روپڑ کی ملاقات کی تیاریاں - اکتوبر سنہ ۱۸۳۱ع

جب لفٹننٹ برنز نے اپنی ملاقات کا حال گورنرجنرل کو سنایا تو اُس کے دل میں مہاراجہ سے ملنے کی خواهش پیدا ہوئی - چنانچہ لارڈ ولیم بنٹنک نے کپتان ویڈ کو لاهور بھیجا جس نے بڑی چالاکی اور دانائی سے دربار لاهور سے گورنرجنرل کی ملاقات کے لئے دعوت بھجوائی -

ملاقات کا مقام دریائے ستلج کے کنارے روپڑ مقرر ہوا اور ملاقات کی تاریخ ۲۵ اکتوبر ٹھہری - چنانچہ دونوں طرف سے تیاریاں شروع ہوئیں - روپڑ میں بے شمار خیمے ' قناتیں ' شامیانے وغیرہ نصب کئے گئے - طرفین کی تھوڑی تھوڑی فوج بطور باڈی گارڈ پہنچ گئی - مہاراجہ کے روپڑ پہنچنے پر توپوں کے ذریعہ سلامی لی گئی اور اسی وقت میجر جنرل افرمی اور چیف سکرٹری مزاج پرسی کے لئے مہاراجہ کے کیمپ میں آئے - اُس کے بعد مہاراجہ کی طرف سے شہزادہ کھڑک سنگھ ' سردار ہری سنگھ نلوہ ' راجہ سنگت سنگھ ' سردار عطر سنگھ سندھیانوالہ ' سردار شام سنگھ اٹاری‌والا اور راجہ گلاب سنگھ گورنرجنرل کی مزاج‌پرسی کے لئے گئے - لارڈ ولیم بنٹنک نے اپنے خیمہ کے دروازہ پر اُن کا خیر مقدم کیا - بڑی تعظیم کے ساتھ شہزادہ کو اپنی دائیں طرف بٹھایا - ۲۶ اکتوبر کا دن دونوں والیان ریاست کی ملاقات کے لئے مقرر ہوا -

مہاراجہ گورنر جنرل کے کیمپ میں

اگلے دن مہاراجہ کے دربار کے اُمرا وزراء ' اہلکار اور خالصہ فوج اپنی اپنی زر دوز وردیوں میں ملبوس آراستہ ہاتھیوں اور گھوڑوں پر سوار گورنرجنرل کے کیمپ کی طرف روانہ ہوئے - گورنرجنرل ' کمانڈر انچیف اور سکرٹریان ہاتھیوں پر سوار مہاراجہ کے استقبال کو آگے بڑھے - جب دونوں والیاں ریاست کے ہاتھی برابر ہوئے تو دونوں نے پرتپاک مصافحہ کیا -

مہاراجہ اپنے هاتھي سے اُتر کر گورنرجنرل کے هودہ میں آ گیا - * اُس کے بعد وہ هاتھی سے اُترے اور هاتھ میں هاتھ ڈالے کیمپ میں داخل هوئے - رخصت کے وقت ولیم بنٹنک نے دو خوبصورت گھوڑے اور برما کا ایک خوبصورت هاتھي اور بہت سے جواهرات مہاراجہ کي نذر کے کیئے -

گورنرجنرل مہاراجہ کے کیمپ میں

دوسرے روز مہاراجہ نے کشمیری پشمینے کا شامیانہ نصب کرایا اور اُسے سونے چاندی کي چوبوں اور بیش قیمت قالینوں سے سجایا - شاهزادہ کھڑک سنگھ اور شاهزادہ شیر سنگھ مقررہ وقت پر گورنرجنرل کے استقبال کے لئے حاضر هوے - مہاراجہ اپنے بہترین هاتھي پر سوار موجود تھا - جونھي گورنرجنرل اور مہاراجہ کے هاتھي برابر پہنچے دونوں نے محبت سے پر مصافحہ کیا - گورنرجنرل مہاراجہ کے هودہ میں آن بیٹھا - توپخانہ نے سلامي اُتاري - سونے کے جڑاؤ تخت پر دو سنہری کرسیاں آراستہ تھیں جن پر مہاراجہ اور

* روایت هے کہ مہاراجہ اپنے همراہ دو سیب لے گیا تھا - کیونکہ مہاراجہ کے دل میں گورنر جنرل کی طرف سے کچھ شک هو گیا تھا - اُس کے نجومیوں نے اُسے بتلایا کہ مہاراجہ گورنر جنرل کو دو سیب پیش کرے - اگر وہ بخوشی منظور کرلے - تو کوئی خطرہ نہ هوگا - چنانچہ وہ دونو سیب گورنر جنرل نے نہایت خوشی سے قبول کئے - دیوان امرناتھ بھی اسکی طرف اشارہ کرتا هے - وہ لکھتا هے -

" دو سیب کہ بدست اقدس بودند - بہ لاٹ بہادر و صاحبۂ رو مرحمت یافت - ظفرنامہ صفحہ ۲۰۸ -

گورنر جنرل بیٹھ گئے - درباریوں نے اپنے اپنے نذرانے گورنر جنرل کی خدمت میں پیش کئے جنھیں اصول کے مطابق اُس نے صرف ہاتھ سے چھوکر واپس کر دیا - رخصت کے وقت نفیس شال کے ایک سو ایک تھان چار آرستہ گھوڑے ، چاندی کے ہودہ والے دو ہاتھی ، گورنر جنرل کی نذر کئے گئے جنھیں اُس نے بخوشی قبول کیا -

ضیافت کے دن

تیسرے دن مہاراجہ نے گورنر جنرل کی ضیافت کی - سیکڑوں قسم کے لذیذ کھانے تیار کرائے جنھیں انگریز مہمانوں نے نہایت خوشی سے کھایا - اُس سے اگلے روز گورنر جنرل نے مہاراجہ کو دعوت دی - مہمانوازی کے سب انتظام مہیا تھے - ضیافت کے خیمہ میں سیکڑوں انگریز لیڈیوں نے مہاراجہ کا خیرمقدم کیا - اِس موقعہ پر گورنر جنرل کے ایما سے باجے والوں نے اپنے وہ وہ کرتب دکھائے کہ مہاراجہ عش عش کرنے لگا -

فوجی قواعد

اگلے دن مہاراجہ نے انگریزی فوج کی قواعد دیکھی - پہلے توپخانہ نے اپنے کرتب دکھائے پھر پلٹنوں نے اپنے ہنر و کمال پیش کئے جنھیں دیکھکر مہاراجہ صاحب بہت محظوظ ہوئے - بعد میں انگریز فوجی افسر میدان میں آئے اور اپنے کمال دکھانے شروع کئے - یہ دیکھکر مہاراجہ کے بہادر سردار بھی باہر نکلے - سردار ہری سنگھ نلوہ ،

جنرل ونتورہ ، راجہ سوچیت سنگھہ ، اور جرنیل اِلٰہی بخش وغیرہ نے ایسے جنگی کرتب دکھائے کہ تمام انگریز حیران و ششدر رہ گئے - اب مہاراجہ صاحب کے سپاہیانہ جوش نے بھی حرکت کی اور ہاتھی سے اُتر کر اپنے مشہور گھوڑے لیلی پر سوار ہو گئے - میدان میں ایک پیتل کا لوٹا رکھوایا گیا - مہاراجہ تلوار ہاتھہ میں لیکر گھوڑا دوڑاتا ہوا پاس سے گذرا - گھوڑے کو ٹھہرائے بغیر تلوار کی نوک سے لوٹے پر ایسے نشان لگائے - جو ایک خوبصورت پھول کی شکل ظاہر کرتے تھے - گورنر جنرل اور دیگر انگریزی افسر مہاراجہ کے فوجی کمال کو دیکھہکر انگشت بدنداں رہ گئے - پھر گورنر جنرل نے مہاراجہ کی فوج کی قواعد دیکھی - خالصہ توپخانہ کی گولہ‌اندازی اور پیادہ فوج کی قواعددانی دیکھہکر گورنر جنرل بہت خوش ہوئے -

لاهور کو واپسی

اُسی شام روانگی کا دربار منعقد ہوا اور یکم نومبر ۱۸۳۱ع کو دونوں حکمراں اپنے اپنے علاقہ کی طرف روانہ ہوئے - مہاراجہ اُونہ اور کپورتھلہ سے ہوتا ہوا ١٦ نومبر کو لاہور پہنچ گیا -

گل بیگم کا قصد - سنہ ۱۸۳۲ع

سنہ ۱۸۳۲ع کے دوران میں رنجیت سنگھہ نے گل‌بہار نامی ایک خوبصورت رقاصہ کو اپنے حرم میں داخل کر لیا - کچھہ عرصہ تک اُس کے ساتھہ عیش و عشرت میں

مشغول رہا - اُسے گل بھکم کا خطاب دیا گیا - اور اُس کے بھائی بندوں کو انعام و اکرام سے مالامال کر دیا - *

کشمیر کی بدانتظامی - سنہ ۱۸۳۳ ع -

کچھ عرصہ سے صوبۂ کشمیر شہزادہ شیر سنگھ کی تحویل میں تھا - دیوان بساکھا سنگھ اُس کا مال افسر تھا - مگر دیوان نے دیانتداری کے اصول پر عمل نہ کیا اور نہ ہی شہزادہ نے معاملات ریاست کی طرف توجہ دی - چنانچہ مہاراجہ کو کشمیر کی بد انتظامی کی پے در پے خبریں آنی شروع ہوئیں - رنجیت سنگھ نے جمعدار خوشحال سنگھ ' بھائی گورمکھ سنگھ اور شیخ غلام محی الدین کو معاملات بہتر کرنے کے لئے بھیجا - مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِن لوگوں نے بھی عنقریب رعایا کا خون چوسنے میں ہی بہتری سمجھی -

قحط کشمیر

اِسی سال فصل نہ ہونے کی وجہ سے کشمیر میں قحط شروع ہو گیا جو اِس قدر شدید تھا کہ ہزاروں گھرانے اپنے وطن کو خیرباد کہ کر پنجاب اور ملک کے دیگر حصوں میں جا آباد ہوئے - دیوان امرناتھ کی تحریر سے معلوم

---

* دیوان امرناتھ اور منشی سوہن لال نے اِس قصہ کو اپنی کتابوں میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے - دیکھو ظفر نامۂ - صفحہ ۲۱۵ سے ۲۱۸ عمدۃالتواریخ دفتر سوئم حصۂ دوئم صفحہ ۱۴۹ سے ۱۵۱

هوتا هے کہ ایسا قحط کشمیر میں گذشتہ دو سو سال میں
کبھي ظهور میں نہیں آیا تھا - مہاراجہ نے اِس موقعہ پر
بڑي فراخدلي سے کام لیا - لاهور اور امرتسر میں مصیبت
زدوں کي امداد کے لئے جا بجا ذخیرے کھول دئے گئے
جہاں قحطزدوں کو سامان خوراک مفت ملتا تھا - نیز
سرکاري گوداموں سے هزارها من گندم کشمیر روانہ کی گئی -
جو اناج بیوپاري لوگوں نے بھی کشمیر بھیجا مہاراجہ نے
اُس پر بھی محصول چنگی معاف کر دیا - *

دیوان بساکھا سنگھہ اور شیخ غلام محي الدین کو سزا

مہاراجہ کو شبہ تھا کہ اِن دو اشخاص نے مل ک
سرکاری روپیہ خردبرد کر لیا هے - چنانچہ دونوں سزا کے
مرتکب هوئے - بساکھا سنگھہ پابہ زنجیر لاهور لایا گیا اور
چار لاکھہ روپیہ اُس سے بر آمد کیا گیا - شیخ غلام محي الدین
کی نسبت مہاراجہ کو یہ بتایا گیا کہ اُس نے اپنے وطن
هوشیار پور میں اپنے مکان میں نقد روپیہ زیر زمین
دفن کر رکھا هے اور شبہ کو رفع کرنے کے لئے اُس جگہہ اپنے
مرشد کي فرضی قبر تعمیر کر لي هے - مہاراجہ کے حکم سے
یہ قبر کھدوائي گئي جس میں سے نو لاکھہ روپیہ کي مالیت
کا سونا چاندي اور زر نقد برآمد هوا جس پر مہاراجہ نے

*تفصیل کے لئے دیکھو ظفرنامۂ رنجیت سنگھہ - صفحہ ۲۲۴ ۲۲۵
عمدةالتواریخ - دفتر سوئم - حصۂ دوئم - صفحہ ۱۸۲

طنزاً شیخ کو کہا کہ تمہارے مرشد کی عبادت بے فائدہ نہیں گئی کیونکہ اُس کی ہڈیاں سونے اور چاندی میں تبدیل ہو گئی ہیں - * شیخ اپنے عہدہ سے معزول کیا گیا اور یہ تمام روپیہ سرکاری خزانہ میں داخل ہوا -

دریاے سندھ کے راستہ انگریزی تجارت سنہ ۱۸۳۲ ع

پیشتر ذکر آچکا ہے کہ مہاراجہ کے لئے دریاے سندھ کی راہ تحائف بھیجنے کا مقصد دریا کے راستہ سے بخوبی واقفیت حاصل کرنا تھا سرکار انگریزی سندھ اور افغانستان وغیرہ ممالک کے ساتھ اپنی تجارت قائم کرنا چاہتی تھی - نیز انگریزوں کو یہ بھی خیال تھا کہ اگر کبھی شاہ روس اور شاہ ایران مل کر ہندوستان کی طرف اپنی توجہ پھیریں تو وہ سندھ کے راستہ جلدی ہی اپنی حفاظت کے لئے سرحد پر پہنچ جائیں - یہ مدعا اُنہوں نے مہاراجہ رنجیت سنگھ سے پوشیدہ رکھا ہوا تھا - دوسری طرف شیر پنجاب بھی سندھ مفتوح کرنے کی خواہش رکھتا تھا - اُسے یقین تھا - کہ سندھ کے بلوچی سپاہی خالصہ فوج کے سامنے ایک دم بھی نہیں ٹھہر سکیں گے - مہاراجہ خصوصاً علاقۂ شکارپور لینا چاہتا تھا -

عہد نامہ

در اصل اِسی پیچیدگی کو سلجھانے کے لئے ہی گورنر

---

* " ایہا الشیخ عبادات مرشد شما خالی نہ رفت - بلکہ استخوان ہا مرشد شما عین زر گشت " ظفر نامہ - صفحہ ۲۲۸

جنرل نے مہاراجہ سے ملاقات کی تھی گو دوران ملاقات میں ارادتاً اِس معاملہ کي طرف کسی قسم کا اشارہ نہیں کیا گیا - ۸ اکتوبر سنہ ۱۸۳۱ع میں کرنیل پوٹینگر امیران سندھ کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم کرنے کے لئے روانہ ہوا جس کے لئے اُسے جانفشانی و کوشش کرنی پڑی - مگر آخرکار اُسے کامیابی حاصل ہوئی اور اپریل سنہ ۱۸۳۲ع میں سندھ کے تینوں * حکمرانوں کے ساتھ جدا جدا تجارتی عہد نامے قائم کئے گئے جن کی روسے یہ قرار پایا کہ امیران سندھ انگریزي تجارتی جہازوں سے کوئی مزاحمت نہ کریں گے - اور صرف مقررہ رقم بطور محصول لیا کریں گے -

دربار لاہور سے عہدنامہ

امیران سندھ کے ساتھ عہدنامہ طے ہو جانے کے بعد گورنر جنرل نے رنجیت سنگھ کے ساتھ بھی اِس کے متعلق عہدنامہ کرنا چاہا اور اِسی غرض سے خط و کتابت شروع کر دي - دسمبر سنہ ۱۸۳۲ع میں کپتان ویڈ کو لدھیانہ سے لاہور جانے کے لئے ہدایت ملی - گورنر جنرل کی تجویز سن کر مہاراجہ شش و پنج میں پڑ گیا کیونکہ وہ خود صوبۂ سندھ فتح کرنا چاہتا تھا - مگر بہت قیل و قال کے بعد اُس نے بھی اِس بات کو منظور کر لیا اور ۲۶ دسمبر

* صوبۂ سندھ اُن دنوں تین حکومتوں پر مشتمل تھا - جنوب میں ریاست حیدرآباد تھی - شمال میں خیرپور - اور اِن دونوں کے درمیان میر پور کی ریاست تھي -

سنہ ۱۸۳۲ع کو عہدنامہ لکھ دیا -

شاہ شجاع الملک کی تخت کابل کے لئے دوبارہ کوشش

سنہ ۱۸۳۳ - ۱۸۳۵ع

ان دنوں شلطنت درانی کا شیرازہ بکھر چکا تھا اور اُس کے تین ٹکڑے ہو چکے تھے - کابل ' غزنی اور جلال آباد کے تین صوبے سردار دوست محمد خاں بارکزئی کے تسلط میں تھے - قندھار میں اُس کا دوسرا بھائی شیر دل خاں خود مختار حکمراں تھا - اور صوبۂ ہرات شہزادہ کامران کے قبضہ میں تھا - اِس کھلبلی کو دیکھ کر شاہ شجاع الملک کے دل میں تمنائے شاہی نے پھر زور کیا - اور وہ ایک بار پھر قسمت آزمائی کرنے کے لئے تیار ہو گیا چنانچہ سنہ ۱۸۳۳ع میں شاہ نے لدھیانہ سے کوچ کیا - مالیر کوتلہ اور جگراؤں سے ہوتا ہوا نواب بہاولپور کے پاس پہنچا - وہاں سے کچھ امداد لے کر سندھ کی طرف بڑھا اور شکارپور میں جا ڈیرے لگائے - حاکمان سندھ اور مہاراجہ رنجیت سنگھ کے ساتھ خط و کتابت شروع کر دی - مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اِس شرط پر شاہ کو مالی امداد دینے کا وعدہ کیا کہ اگر وہ تخت کابل حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے تو وہ سندھ پار کے تمام علاقہ یعنی پشاور ' بنوں ' ڈیرہ اسمعیل خاں اور ڈیرہ غازی خاں وغیرہ صوبجات پر اپنا دعویٰ ہمیشہ کے لئے چھوڑ دےگا اور رنجیت سنگھ کو از روئے قانون اور از روئے حقیقت اُس علاقہ کا حکمراں تسلیم کر لیگا - شاہ نے یہ

شرائط منظور کر لیں - مہاراجہ نے اُسے ایک توپ اور ایک لاکھہ روپیہ نقد بطور امداد بھیجا - اُس کے بعد شاہ نے امیران سندھہ سے خراج طلب کیا کیونکہ پہلے یہ لوگ شاہان درانی کے صوبہدار تھے - اُن کے انکار کرنے پر شاہ شجاع اور امیر حیدرآباد کے درمیان میں جنگ ہوئی جس میں والئے حیدرآباد کو شکست ہوئی اور شاہ نے امیران سندھہ سے پانچ لاکھہ روپیہ وصول کیا - اِس کے بعد شاہ قندھار پہنچا اور شہر کا گھیرا ڈال دیا - سردار دوست محمد خاں والئے کابل بہت سرعت سے شاہ کا مقابلہ کرنے کے لئے قندھار پہنچا - جنوری سنہ ۱۸۳۴ع میں شاہ کو شکست فاش ہوئی - وہ سیستان کی طرف بھاگا اور وہاں سے مصائب جھیلتا ہوا واپس ہندوستان لوٹا -

پشاور میں سکھہ گورنر مئی سنہ ۱۸۳۴ع

پیشتر ذکر کیا جا چکا ہے کہ مہاراجہ نے پشاور کا علاقہ سلطان محمد خاں بارکزئی کو دے رکھا تھا اور اُس سے سالانہ خراج لیا کرتا تھا - چونکہ مہاراجہ کے دل میں افغانوں کی طرف سے ہمیشہ شبہہ رہتا تھا اِس لئے شاہ شجاع اور دوست محمد خاں کے درمیان جنگ کے دوران میں مہاراجہ نے اِسی میں مصلحت سمجھی کہ ملک پشاور کو براہ راست اپنے قبضہ میں کر لے - اپریل ۱۸۳۴ع میں سکھوں کے مشہور جرنیل سردار ہری سنگھہ نلوہ کے ہمراہ کثیرالتعداد فوج پشاور روانہ کی گئی جس کی کمان کنور نونہال سنگھہ کو عطا ہوئی -

خالصہ فوج کے پشاور پہنچنے پر سردار سلطان محمد خاں اور اُس کے بھائی پیر محمد خاں نے شہر خالی کر دیا اور مہاراجہ کے سرداروں نے پشاور پر قبضہ کر لیا - کنور نونہال سنگھ پشاور کا پہلا سکھ گورنر تعینات ہوا -

دوست محمد خاں کا پشاور پر حملہ

دوست محمد خاں والی کابل کو جب اپنے بھائیوں کے پشاور سے دست‌بردار ہونے کی خبر ملی تو وہ آگ بگولا ہو گیا اور ایک جرار لشکر کے ہمراہ کابل سے کوچ کیا - درۂ خیبر عبور کرکے پشاور کے قریب میدان میں خیمہ زن ہوا اور افغانوں کو سکھوں کے خلاف جہاد پر آمادہ کرنے میں مشغول ہو گیا - مہاراجہ کو جب یہ خبر ملی تو فوراً لاہور سے روانہ ہو پڑا - گو اُس کی عمر اُس وقت پچپن سال کی تھی اور صحت بھی کمزور تھی تاہم تیز کوچ کرتا ہوا جلد ہی پشاور آن پہنچا - * دوست محمد خاں نے جب مہاراجہ کی تیاریوں کا حال دیکھا تو گھبرا گیا - جب اُس سے کچھ بن نہ آیا تو ایک شرم‌ناک حرکت کا مرتکب ہوا - مہاراجہ کے دو ایلچی مسٹر ہارلن اور فقیر عزیزالدین اُس کے کیمپ میں تھے - اُس نے اُنھیں نظربند کر لیا اور اپنے

* دوست محمد در دارالملک کابل برائے جہاد پرداخت - سرکار والا نیز بنفس نفیس بصولت‌ها - " ما پیر شدیم و دل جوانست هنوز " براسپ تلدکر وصبا رفتار سوار شدہ - روا رو وارد پشاور و بر آں شغال وروبہ سیرت حملہ‌آور گشتہ
ظفر نامۂ رنجیت سنگھ صفحہ ۲۳۰ -

همراه لے کر جلال‌آباد کی طرف واپس روانہ هوا - فقیر عزیزالدین نہایت دانش‌مند اور مدبر شخص تھا - اُس نے اُس موقعہ پر بڑی دانائی سے کام لیا اور دوست محمد کو ڈرا دھمکا کر سمجھا بجھا کر رهائی حاصل کرلی - ممکن تھا کہ اگر دوست محمد واپس نہ لوٹ جاتا تو مہاراجہ جسے اپنے سفیروں کی عزت کا بہت پاس تھا اُسے اپنے کئے کی سزا دیتا - *

انتظام پشاور

اب مہاراجہ نے پشاور کا پورے طور پر بندوبست کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا - سرحد پر مچھنی اور سکھ تیری جو آج کل شنکرگڑھ کے نام سے مشہور هے دو نئے قلعے بنوانے کا حکم دیا † اور سردار هری سنگھ نلوہ کو اِس کام پر تعینات کیا - نیز سردار مذکور کو صوبۂ پشاور کا فوجی محکمہ سپرد کیا گیا اور راجہ گلاب سنگھ مالیہ کے کام پر مامور هوا -

دوست محمد خاں کے بھائیوں کو اپنے هاتھ میں رکھنے کی

---

* اپنے سفیروں کے قید هونے کی خبر سن کر مہاراجہ نے قسم کھائی تھی کہ جب تک ایک عزیز الدین کے بدلے هزار افغانوں کے خون سے اپنی تلوار کی پیاس نہ بجھا لوں واپس لاهور نہ جاؤنگا - مگر عزیز الدین کی منت سماجت پر مہاراجہ اپنے ارادہ سے باز رہا -

† ایسا معلوم هوتا هے کہ مہاراجہ سکھوں کے چند خاندانوں کو سرحد پر بسانا چاهتا تھا - اِسی غرض سے کئی نئے گاؤں آباد کئے گئے - مثلاً شیر گڑھ ، سکھوں کی تیری ، چک خالصہ وغیرہ جو آج تک اِس علاقہ میں موجود هیں - مگر مہاراجہ کی وفات کے ساتھ هی یہ تجویز ختم هو گئی - دیکھو تاریخ مہاراجہ رنجیت سنگھ مصنفہ بھائی پریم سنگھ -

غرض سے مہاراجہ نے سلطان محمد اور پیر محمد خاں کو کوہات اور ہشت نگر کے علاقہ میں تین لاکھ روپیہ سالانہ کی جاگیر عطا کی - علاوہ ازیں پچیس ہزار کا علاقہ دوآبہ میں دیا - اور بھی بہت سے رئیسوں کو جاگیریں اور انعامات ملے -

فتح لداخ سنہ ۱۸۳۴ ع

جموں کے قرب و جوار کا کوہستانی علاقہ راجہ گلاب سنگھ کی نظامت میں تھا - گلاب سنگھ فطرتاً بڑا دوراندیش آدمی تھا - اُس نے تھوڑے ہی دنوں میں اپنی طاقت مستحکم کرلی اور موقع پاکر اپنے قابل جرنیل زورآور سنگھ کی کمان میں جرار لشکر لداخ کی جانب روانہ کیا - یہ سردار کشتوار کے راستے گھاٹیاں عبور کرتا ہوا سورو وادی میں جا پہنچا جہاں لداخ کے گورنر سے اُس کی مٹھ بھیڑ ہوئی - دو ماہ کی جنگ کے بعد لداخ کا حاکم خراج دینے پر مجبور ہو گیا - یہ آج تک کشمیر کی ریاست کا ایک حصہ ہے -

کنور نونہال سنگھ کی شادی - مارچ ۱۸۳۷ ع

کنور نونہال سنگھ کی شادی سردار شام سنگھ اٹاری والے کی بیٹی سے ہوئی تھی - اُن دنوں مہاراجہ کی طاقت پورے زوروں پر تھی - اِس وجہ سے یہ شادی نہایت شان و شوکت اور دھوم دھام سے کی گئی - دور دراز کے راجاؤں، مہاراجوں، گورنر جنرل اور بڑے بڑے انگریزی افسروں کو مدعو کیا گیا - چنانچہ انگریزی فوج کا کمانڈر انچیف سر ہنری فین اور اُس کی بیگم شادی میں شامل ہوئے - مہمانوں کی خاطر تواضع کا

انتظام اعلیٰ پیمانے پر کیا گیا تھا - اُن کے آرام و آسائش کے لئے ہر قسم کے سامان مہیا کئے گئے - برات کی روانگی کے موقع پر تمام معزز مہمان آراستہ ہاتھیوں پر سوار تھے - یتیموں اور غربا میں تقسیم کرنے کے لئے مہاراجہ نے ہر ہاتھی پر دو دو ہزار روپیہ کی تھیلیاں رکھوا دی تھیں - سکھ حکومت کے ادنیٰ خادم سے لے کر اعلیٰ افسر تک ہر ایک زرق برق پوشاک میں ملبوس تھا - ملک کے ہر گوشہ سے لاکھوں کی تعداد میں بھیک منگے اکٹھے ہو گئے جو سڑک کے دورویہ کھڑے تھے - ان پر اشرفیوں اور روپیوں کی بارش ہو رہی تھی - میک گریگر لکھتا ہے کہ بارہ لاکھ سے زائد روپیہ غربا میں تقسیم کیا گیا - دیگر مورخین اِس کی تعداد بائیس لاکھ لکھتے ہیں - در اصل یہ رقم کسی حالت میں بھی بیس لاکھ روپیہ سے کم نہ تھی - *

سردار شام سنگھ نے بھی برات کی خاطر تواضع میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا - ہر ایک مہمان کے لئے اُس کے رتبہ کے مطابق ضروری سامان مہیا کیا گیا - نیزہ بازی اور شمشیر زنی اور بازیگری کے عمدہ کرتب کرنے والوں نے براتیوں کو محظوظ کیا - جہیز میں گیارہ ہاتھی، ایک سو گھوڑے، ایک سو اونٹ، یک سو گائے، ایک سو ایک بھینس، پانسو کشمیری شالیں، بے شمار جواہرات اور بہت سا نقد روپیہ دیا - معزز مہمانوں کو بیش بہا خلعتیں دیں - اِس شادی پر سردار شام سنگھ کا

---

* اس شادی کے موقعہ پر مہاراجہ کو تقریباً ساڑھے چھ لاکھ روپیہ بطور تنبول کے وصول ہوا - اِس کی تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ دفتر سویم حصہ سویم -

پندرہ لاکھ روپیہ خرچ ہوا * - قصہ کوتاہ کنور نونہال سنگھ کی شادی کیا تھی گویا زمانہ نہال ہو گیا - پنجاب کی تاریخ میں یہ قابل یادگار واقعہ ہے -

جنگ جمرود - اپریل ۱۸۳۷ع

سکھ گورنر کا پشاور میں تعینات ہونا دوست محمد خاں والئی کابل کے دل میں کانٹے کی طرح کھٹک رہا تھا - ۱۸۳۵ع میں اُس نے پشاور لینے کی ناکام کوشش کی - پھر اُس نے انگریزوں کے ساتھ ساز باز شروع کی - جب اُدھر سے بھی نااُمیدی ہوئی تو اُس نے ایک بار پھر رنجیت سنگھ سے دوچار ہونے کی ٹھان لی - یہ جان کر سردار ہری سنگھ نلوہ نے درہ خیبر کے ناکے پر اپنی طاقت کو اور بھی مستحکم کر لیا - اپریل ۱۸۳۷ع میں جمرود کے مقام پر افغانوں اور سکھوں میں بڑی خونریز جنگ ہوئی - بہادر سردار ہری سنگھ گھوڑے پر سوار میدان جنگ میں اپنی فوج کو جوش دلانے کے لئے اِدھر سے اُدھر بھاگتا پھرتا تھا کہ دشمن کی گولیوں سے موت کا شکار ہوا - اِس سانحہ سے خالصہ فوج میں سناٹا چھا گیا اور اُنہیں مجبوراً جمرود کے قلعہ میں پناہ لینی پڑی - مہاراجہ یہ خبر سنتے ہی بھاری کمک لیکر پشاور کی طرف روانہ ہوا اور رہتاس کے مقام پر قیام کیا - یہاں سے راجہ دھیان سنگھ کی سرکردگی میں خالصہ فوج قبل کوچ کرتی ہوئی بھاری

* سر لیپل گرفن ، پنجاب چیفس - جلد اول - صفحہ ۲۴۲ - اور عمدۃالتواریخ دفتر سوئم حصہ دوئم صفحہ ۳۷۷ -

توپوں کے ساتھ چھہ روز کے قلیل عرصہ میں دو سو میل سے زیادہ سفر طے کر کے پشاور پہنچ گئی - سکھ کمک کو آتے دیکھ کر افغانوں کے حوصلے پست ہو گئے اور وہ واپس کابل بھاگ گئے -

سکھوں اور انگریزوں کی کابل پر چڑھائی - ۱۸۳۸ ع

تلوار کے زور سے پشاور واپس لینے کی دوست محمد کی یہ آخری کوشش تھی - ۱۸۳۸ ع میں انگریزوں نے روس کی پیش بندی کرنے کی غرض سے دوست محمد سے رابطہ اتحاد قائم کرنا چاہا - دوست محمد نے اپنی دوستی اور امداد کے عوض انگریزوں سے یہ طلب کیا کہ وہ اُسے پشاور واپس دلانے میں مدد کریں - انگریز رنجیت سنگھ سے بگاڑنا نہ چاہتے تھے - چنانچہ دوست محمد خاں کے ساتھ رابطہ اتحاد کی گفت و شنید ختم ہو گئی - انگریزوں نے شاہ شجاع الملک کو کابل کے تخت پر بحال کرنا چاہا - رنجیت سنگھ بھی اِس شرط پر شاہ کی مدد کرنے پر آمادہ ہو گیا کہ وہ کابل کا بادشاہ بننے پر سندھ پار کے علاقہ پر ہمیشہ کے لئے اپنا دعویٰ چھوڑ دے - چنانچہ شاہ شجاع اور انگریزی فوج بہاولپور، سندھ اور درۂ بولان سے ہوتی ہوئی دوست محمد خاں پر حملہ‌آور ہوئی - یہ جنگ تاریخ میں جنگ افغانستان کے نام سے مشہور ہے - *

* اس موقعہ پر مہاراجہ رنجیت سنگھ نے انگریزی فوج کو اپنے ملک میں سے گزرنے کی اجازت نہیں دی تھی - اس لئے اس فوج کو درۂ بولان والا لمبا سفر طے کرنا پڑا -

مہاراجہ رنجیت سنگھ کا انتقال - ۲۷ جون ۱۸۳۹ ع

ابھی جنگ افغانستان جاری تھی کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ یکایک بیمار ہو گیا - درحقیقت مہاراجہ پانچ سال سے بیماری کا شکار ہو رہا تھا - مگر اُس کے قوی اعضا اور شہ زوری نے اُسے بچائے رکھا - ۱۸۳۴ ع میں رنجیت سنگھ پر فالج کا پہلا حملہ ہوا تھا جس وقت وہ بمشکل موت کے منہ سے بچا تھا - بعد ازاں مہاراجہ نے سلطنت کے انتظام کا کچھ حصہ اپنے دانا وزیر راجہ دھیان سنگھ کے سپرد کر دیا تھا - مگر پھر بھی پنجاب کی وسیع سلطنت کا بار اِس قدر بھاری تھا کہ جس کے نیچے مہاراجہ کی صحت دن بدن دبی جا رہی تھی - اُس کی تندرستی برابر گھٹتی جا رہی تھی حتیٰ کہ اپریل سنہ ۱۸۳۹ع میں مہاراجہ سخت بیمار پڑ گیا - اِس دفعہ مہاراجہ بھی اپنی زندگی سے مایوس ہو گیا - ماہ مئی کے تیسرے ہفتہ میں اُس نے ایک دربار منعقد کیا جس میں کل اراکین سلطنت جمع ہوئے - مہاراجہ نے اپنے بڑے بیٹے شہزادہ کھڑک سنگھ کو راج تلک دیا - حاضرین دربار نے ولیعہد کو نذریں پیش کیں - راجہ دھیان سنگھ اُس کا وزیر مقرر ہوا - اِس بات کا اعلان کرنے کے لئے تمام صوبہ داروں اور فوجی افسروں کے نام سرکاری پروانے جاری کئے گئے * - مہاراجہ کی زندگی کا یہ آخری دربار تھا - اُس کے

* تفصیل کے لئے دیکھو عمدۃالتواریخ دفتر سوئم - حصہ پنجم - صفحہ ۱۴۷ و ۱۴۸ -

بعد مہاراجہ کا مرض دن بدن بڑھتا گیا اور وہ آخرکار ۲۷ جون بروز ویروار شام کے وقت اِس جہان فانی سے رحلت کر گیا ۔

مہاراجہ کا مرتک سنسکار - ۲۸ جون

اگلے روز مہاراجہ کا مرتک سنسکار نہایت دھوم دھام کے ساتھ کیا گیا ۔ گرد و نواح کے ہزاروں لوگ اپنے پیارے مہاراجہ کے آخری سنسکار میں شامل ہونے کے لئے جوق در جوق جمع ہوئے ۔ مہاراجہ کی ارتھی جہاز کی شکل کی بنائی گئی جس کو پورے شاہی طریقہ سے سجایا گیا اور لاہور کے بڑے بڑے بازاروں سے گذارا گیا ۔ جوں جوں یہ جلوس چلتا جاتا تھا اُوپر سے ہزاروں روپیہ نچھاور کئے جاتے تھے ۔ منشی سوہن لال لکھتا ہے کہ لوگوں کو مہاراجہ سے اِس قدر محبت تھی کہ وہ جنازہ کے ساتھ زار و زار رو رہے تھے ۔ دریائے راوی کے کنارے مہاراجہ کی لاش کو آگ کی نذر کیا گیا ۔ عین اُس وقت قلعہ سے توپخانے نے مہاراجہ کی آخری سلامی اُتاری ۔ مہاراجہ کے ساتھ اُس کی کئی رانیاں اور داسیاں ستی ہوئیں ۔

خالصہ تاریخ کا نیا دور

مہاراجہ رنجیت سنگھ کی وفات کے ساتھ ہی خالصہ تاریخ کا ایک اہم باب بند ہوتا ہے ۔ رنجیت سنگھ نے پنجاب کے ایک چھوٹے سے گاؤں سے اُٹھ کر پنجاب بھر میں عظیم‌الشان خالصہ سلطنت قائم کی ۔ بلکہ پنجاب سے

باهر کے کئی ممالک مثلاً کشمیر' لداخ' پشاور اور جمرود اپنی قلمرو میں شامل کر لئے - اپنے زمانہ میں رنجیت سنگھ ایک لاثانی هستی تھا - اُس نے بے سروسامانی کی حالت میں اپنی زندگی شروع کی لیکن تھوڑے هی عرصہ میں وہ طاقت بہم پہنچائی کہ جس سے خالصہ کا چاروں طرف ڈنکا بجنے لگا - مرتے وقت رنجیت سنگھ ایک وسیع سلطنت' جرار اور قواعدداں فوج اور نقد و جنس سے پر خزانہ اپنے جانشین کے حوالہ کر گیا - رنجیت سنگھ اپنی ذاتی سعی سے آئندہ آنے والی خالصہ نسلوں کے سامنے اعلے درجہ کی مثال چھوڑ گیا - یہہ اُسی کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ سکھ آج اپنے آپ کو ایک متحدہ قوم تصور کرتے هیں اور اِسی سکھ سلطنت کی بنا پر اپنے پولیٹکل حقوق گورنمنٹ سے طلب کرتے هیں رنجیت سنگھ کے انتظام سلطنت اور اُس کی ذاتی صفات کا ذکر هم اگلے باب میں کرینگے - یہاں صرف یہ بتا دینا هی کافی هے کہ انیسویں صدی میں رنجیت سنگھ کے برابر همارے ملک میں کوئی دوسرا شخص پیدا نہیں هوا -

پندرھواں باب

مہاراجہ کا مالی ، ملکی اور فوجی انتظام

مہاراجہ کی سلطنت

مہاراجہ کی وفات کے وقت اُس کی وسیع سلطنت کا رقبہ تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار مربع میل سے کچھ زیادہ تھا - جس کی ایک حد لداخ اور اسکردو کی جانب تبت تک پھیلی ہوئی تھی - دوسری جانب درۂ خیبر سے چل کر کوہ سلیمان کی پہاڑیوں سے ٹکراتی ہوئی جنوب میں شکار پور سندھ تک پہنچتی تھی - مشرق میں انگریزوں کے ساتھ دریائے ستلج حد فاصل مقرر ہو چکی تھی - یہ سلطنت چار بڑے بڑے صوبوں میں منقسم تھی جن کے نام مہاراجہ کے سرکاری کاغذات میں اِس طرح درج ہیں - (۱) صوبہ لاہور (۲) صوبہ دارلمان ملتان (۳) صوبہ جنت نظیر کشمیر (۴) اولکائے پشاور -

مہاراجہ کی آمدنی

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں سرکاری آمدنی مالیہ و دیگر وسائل سے حسب ذیل تھی جس کو نقشہ کی صورت میں درج کیا جاتا ہے -

نقشہ آمدنی سرکار خالصہ ۹-۱۸۳۸ع

[نوٹ ـــ مفصلہ ذیل رقومات دفتر مال کے سمت 1895 بکرمی کے کاغذات لیکر جمع کی گئی ہیں - صوبہ‌جات کشمیر اور ملتان

کی آمدنی اجارہ کی شکل میں وصول کی جاتی تھی چنانچہ یہ رقومات ہم نے دفتر مال کے سمبت ۲-۱۹۰۱ بکرمی کے کاغذات سے لی ہیں جہاں ان صوبوں کا پنج‌سالہ حساب ایک جگہ درج کیا ہوا ہے - جاگیرات کی رقوم کسی ایک جگہ لکھی ہوئی موجود [نہیں ہیں - یہ مختلف کاغذات سے حاصل کی گئی ہیں - یہ بھی قریب قریب درست ہیں -]

(۱) مالیات	(۱) صوبہ لاہور	۱۱۴۹۴۲۲۱	روپیہ
	(۲) صوبہ ملتان	۲۷۲۹۳۰۰	,,
	(۳) صوبہ کشمیر	۲۱۱۵۵۹۰	,,
	(۴) صوبہ پشاور	۱۲۲۱۹۳۰	,,
		۱۷۵۵۷۷۴۱ میزان	
(۲) نذرانہ	(۱) نذرانہ مشخصہ	۲۸۱۵۵۷	روپیہ
	(۲) ,, غیر مشخصہ	۶۲۲۱۰۰	,,
		۹۰۳۶۵۷ میزان	
(۳) سائرات وغیرہ	(۱) سائرات	۹۸۰۳۰۳	روپیہ
	(۲) آبکاری	۸۶۹۶	,,
	(۳) رسومات	۷۸۶۶۰	,,
	(۴) کان نمک	۴۶۴۹۷۵	,,
		۱۵۳۱۶۳۴ میزان	
(۴) جاگیرات	...	... ۸۸,۰۰,۰۰۰	

کل میزان آمدنی ... ۲۸۴۹۳۰۳۲ روپیہ سالانہ تخمیناً

[نوٹ — مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں چلنے والا روپیہ یعنی سکہ‌رائج سکہ کو ضرب نانک شاہی امرتسریہ کے نام سے نامزد کرتے تھے - اس میں گیارہ ماشہ دو رتی چاندی ہوتی تھی -]

نقشہ خرچ سالانہ سرکار خالصہ

[نوٹ — مفصلہ ذیل رقومات مختلف کاغذات سے مختلف مدوں کے لئے اکٹھی کر کے جمع کی گئی ہیں - قریب قریب یہ تمام رقومات درست ہیں -]

(۱) صرف حضور	۴,۰۰,۰۰۰	روپیہ
(۲) سرکاران محل خاص	۴۱۰۰۰	"
(۳) ضیافت وغیرہ	۱۵۰۰۰۰	"
(۴) دھرم ارتھ	۱۲۰۰۰۰	"
* (۵) روزینہ داران	۷۶۰۰۰۰	"
(۶) کارواران	۲۵۱۳۰۰	"
(۷) جاگیرات اہلکاران	۳۹۶۰۰۰	"
(۸) عملہ	۱۲۵۰۰۰	"
† (۹) پنشن شہزادہا	۱۵۵۰۰۰	"
(۱۰) انعامات و خلعت	۳۲۰۰۰۰	"
(۱۱) گلاب خانہ	۲۰۰۰	"
(۱۲) اصطبل خاص	۵۰۰۰۰۰	"
‡ (۱۳) ذخیرہ جات	۱۵۰۰۰۰	"
§ میزان کل	۳۳۷۰۳۰۰	میزان کل

* روزینہ‌دار سے مراد ایسے پنشن‌خوار یا جاگیردار سے ہے جس کو روزمرہ کے حساب سے نقد گذارہ کے لئے ملتا تھا -

† یہ پنشن شہزادہ ایوب شاہ ابدالی اور نواب سرفراز خاں ملتان‌والے کو ملتی تھی -

‡ گلاب‌خانہ سے مراد شفاخانہ ہے -

§ اس میزان میں فوج کا خرچ شامل نہیں ہے - وہ نقشہ خرچ فوج میں درج ہے اور اس کتاب کے اگلے صفحوں میں ملےگا -

انتظام سلطنت

مہاراجہ رنجیت سنگھ اپنی سلطنت کے مالی و ملکی نظم و نسق کی طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکا - اس کی وجوہات صاف ظاہر ہیں - رنجیت سنگھ پڑھا لکھا شخص نہ تھا - اوائل عمر میں ہی باپ کا سایہ سر سے اُٹھ جانے کی وجہ سے ریاست کا بار اُس کے سر پر آ پڑا تھا - اس لئے وہ اپنی تعلیم کی طرف توجہ نہ دے سکا - اپنے والد سردار مہان سنگھ کی حین حیات میں بھی اُسے تعلیم حاصل کرنے کا کوئی موقعہ نہیں ملا - کیونکہ سردار مہان سنگھ اپنی چھوٹی سی ریاست کو مستحکم کرنے میں مشغول تھا - نیز رنجیت سنگھ نے ورثہ میں کوئی بڑی بھاری مملکت نہ پائی تھی جس کا انتظام کرنے میں اُسے نظم و نسق کے فن میں کسی بڑے پیمانہ پر عملی تجربہ حاصل ہو جاتا - علاوہ ازیں سکھ سردار پشتوں سے صرف ملک‌گیری کے علم سے ہی واقف تھے - مالی و ملکی نظم و نسق سے نہ انہیں کوئی خاص انس تھا اور نہ ہی اُس جنگ و جدل کے زمانہ میں اُنہیں اِس طرف توجہ دینے کی فرصت ملتی تھی - اس کام کو ان لوگوں نے اپنے ہندو منشی و متصدیوں کے سپرد کر رکھا تھا - رنجیت سنگھ نے یہی باتیں وراثت میں پائیں اور اُنہی حالات میں وہ پلا اور جوان ہوا - لڑکپن میں ہی اُسے دشمنوں سے اپنی ریاست بچانے کے لئے جد و جہد کرنی پڑی - بیس برس کی عمر سے پہلے ہی وہ لاہور پر قابض ہو گیا - اب اس کے دل میں

یہ نیک اور زبردست خواہش پیدا ہوئی کہ سکھوں کی منتشر شدہ طاقت کو یکجا اکٹھا کر کے فولادی سانچہ میں ڈھال دئے - چنانچہ شروع ہی سے اسکی توجہ اس اہم کام میں لگ گئی اور لگاتار پچیس سال تک وہ اسی فتوحات کے کام میں مشغول رہا -

مہاراجہ کے راستہ میں اور بھی مشکلات تھیں - انتظام کا یہ پہلو صرف ان اشخاص کی مدد سے پورا ہو سکتا تھا جو ریاستوں کے مالی و ملکي معاملات کے اُصولوں سے پوری واقفیت اور عملي تجربہ رکھتے ہوں - لیکن پنجاب میں گذشتہ ساٹھ ستر سال سے باقاعدہ حکومت کا سلسلہ ٹوٹ چکا تھا - اس لئے ایسی قابلیت کے آدمي کا ملنا محال تھا -

پھر بھی مہاراجہ نے سلطنت کے ان صیغوں کو ترقي دینے میں کوئی کسر باقي نہیں چھوڑی - وہ ہمیشہ ایسے اشخاص کي تلاش میں رہتا تھا - چنانچہ سنہ ۱۸۰۹ع میں جب گورنمنٹ کابل کا دیوان بھوانی داس دربار لاہور میں آیا تو مہاراجہ نے معقول تنخواہ اور جاگیر کا لالچ دےکر اُسے اپنے ہاں ملازم رکھ لیا - دیوان بھوانی داس نے ایک باقاعدہ دفتری حکومت کی بنیاد رکھی ، دفاتر جاری کئے ، خزانہ کا انتظام کیا ، آمدنی و خرچ کے حسابات رکھے جانے لگے - زاں بعد مہاراجہ نے دہلی سے دیوان گنگا رام اور پھر دیوان دینا ناتھ کو بلوایا جنھوں نے اِس صیغہ میں قابل‌قدر خدمات سرانجام دیں - جس روز سے یہ دفاتر

جاری ہوئے تب سے لیکر خالصہ حکومت کے اختتام تک تمام صیغوں کے کاغذات پنجاب گورنمنٹ کے ریکارڈ اوفس میں موجود ہیں - اُن کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ملکی انتظام ایک خاصے اچھے طریقہ پر رائج تھا -

ملکی انتظام

صوبجات ملتان کشمیر اور پشاور کے انتظام کے لئے ناظم یعنی گورنر مقرر تھے - صوبۂ لاہور میں پرگنہوار کاردار متعین تھے - بعد میں بہت سے پرگنے ملا کر اس صوبہ کے بھی بڑے بڑے حصے بنا دئے گئے تھے جن کے انتظام کے لئے کارداروں کے اوپر افسران اعلیٰ مقرر تھے - مثلاً جالندھر ' کانگڑہ ' وزیرآباد ' اور گجرات ' اِن اضلاع کا رتبہ چھوٹے چھوٹے صوبوں کے برابر سمجھا جاتا تھا - تمام انتظام کے لئے صوبہ کا ناظم ذمہ‌دار تھا - اِن حکام کے دلوں پر مہاراجہ کا خوف اِس قدر طاری تھا کہ وہ بدانتظامی کرنے کی جرات نہیں کر سکتے تھے - مہاراجہ اکثر اوقات تمام علاقہ کا دورہ کرتا تھا - علاقہ کے چودھریوں اور بر آوردہ اشخاص سے مل‌کر سرکاری افسروں کی نسبت حالات دریافت کیا کرتا تھا - مہاراجہ کو ہر طرح سے اپنی رعایا کی بہتری اور بہبودی مقصود تھی اور رعایا بھی اُسے دل و جان سے محبت کرتی تھی - *

* کتنے ہی دستورالعمل جس میں افسر ضلع کے فرائض درج ہوتے ہیں ہماری نظر سے گزرے ہیں - اِن سب میں زیادہ اہم فرض یہ بتلایا گیا ہے کہ رعایا کی بہتری ہر افسر کا فرض اولین ہے -

معاملۂ زمین

زمین کے لگان کے طریقہ میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے کوئی خاص تبدیلی جاری نہیں کی - اُس زمانہ کے رواج کے مطابق ایک تہائی سے لیکر پیداوار کے نصف حصہ تک معاملہ زمین میں وصول کیا جاتا تھا - کاشتکار کو کئی قسم کی سہولیتں بہم پہنچائی جاتی تھیں - اکثر اوقات شاہی خزانہ سے روپیہ بطور تقاوی دیا جاتا تھا - زمینداروں کے مال مویشی اور ہل وغیرہ کوئی قرض‌خواہ وصولی قرضہ میں قرق نہیں کر سکتا تھا - نئے کوئیں کھدوانے میں کاشتکاروں کی حسب ضرورت مدد کی جاتی تھی - *

عدالتیں اور سزائیں

اُس زمانہ میں عدالتوں کا طریق سیدھا سادہ تھا - دیوانی مقدمات گاؤں کی پنچائتیں فیصل کرتی تھیں - انگریزی عملداری کے شروع ہونے تک پنچائتی طریقہ پنجاب میں پورے زوروں پر تھا - وصولی قرضہ کے مقدمات بھی تعلقہ کا کاردار علاقہ کے پنچوں کی مدد سے فیصل کرتا تھا - ڈگری کی تعمیل کے بعد سرکار پچیس فی صدی ڈگری‌یافتہ سے بطور کورٹ فیس لے لیا کرتی تھی - فوجداری مقدمات کارداروں کی عدالتوں میں

---

* رنجیت سنگھ کے طریقۂ مال کے مفصل حالات کے لئے دیکھو مصنف کا انگریزی میں لکھا ہوا مضمون جو کہ پنجاب ہسٹاریکل سوسائٹی کے سنہ ۱۹۱۸ء کے جرنل میں شائع ہوا تھا -

طے ہوتے تھے اور ملزموں کو سزائیں دی جاتی تھیں - چوری
کا سراغ لگانے میں پاؤں کا کھوج لگانے والوں سے مدد لی جاتی
تھی - جب نقش پا کسی گاؤں تک پہنچتا تھا تو چور کو
برآمد کرنے کی ذمہ داری تمام گاؤں پر عائد ہوتی تھی -
گاؤں کی پنچایت کوشش کرکے ملزم گرفتار کرا دیتی تھی -
موجودہ زمانہ کی طرح باقاعدہ جیل خانے نہ ہوتے تھے اور نہ
ہی مختلف اقسام کے جرائم کے لئے جدا جدا تعزیرات موجود
تھیں - عام طور پر جرمانہ کی سزا دی جاتی تھی - بہت یا
توڑے بھی لگائے جاتے تھے - بعض اوقات سخت جرم کی پاداش
میں جسمانی اعضا مثلاً ہاتھ ' ناک ' کان وغیرہ بھی کٹوا دئے
جاتے تھے - ہمارے مطالعہ میں کہیں بھی ایسا ذکر نہیں آیا
کہ مہاراجہ نے کسی کو پھانسی یا موت کی سزا دی ہو -
بلکہ اس کے برعکس ایک دو موقعہ پر ایسا ضرور ہوا ہے
کہ مہاراجہ نے اپنے گورنروں کو لعنت ملامت کی اور سخت
ناراضگی کا اظہار کیا کیونکہ انہوں نے ایک یا دو مجرموں
کو سزائے موت دی تھی * - اسی سلسلہ میں ایک اور
انگریز مورخ لکھتا ہے کہ میں نے ہاتھ کٹوانے کی سزا
پر جو کہ مہاراجہ نے میری موجودگی میں ایک شخص
کے لئے تجویز کی تھی جب حیرانگی ظاہر کی تو
رنجیت سنگھ نے میری طرف دیکھ کر کہا کہ " ہم سزا

* تفصیل کے لئے دیکھو ہانگ برگر کی کتاب - " مشرق میں
پینتیس سال " -

ضرور دیتے ھیں لیکن جان کسی کی نہیں نکالتے - "
بعض اوقات عجیب و غریب قسم کی سزائیں دی جاتی تھیں - مثلاً لوھا گرم کرکے مجرم کی پیشانی پر داغ دیا جاتا تھا یا منھ کالا کرکے گدھے پر دم کی طرف سوار کرکے مجرموں کو اکثر شہر کے گلی کوچوں میں پھرایا جاتا تھا - فوجی کاغذات میں ایک جگہ ذکر آتا ھے کہ جب سنہ ۱۸۴۱ میں لافونٹ فرنگی کی پلٹن کے سپاھیوں نے بغاوت کی تو اُن میں سے بعض کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا - کچھ سپاھیوں کو جرمانہ کی سزا دی گئی - کاھن سنگھ سپاھی کا ایک کان کاٹ دیا گیا اور اُس کے ماتھے پر داغ دیا گیا - جمعیت سنگھ نے اُبلتے تیل کی کڑاھی میں ھاتھ ڈال کر اپنے بےگناہ ھونے کا ثبوت دیا - چنانچہ اُسے نہ صرف معاف کیا گیا بلکہ اُسے سپاھی کے درجہ سے ترقی دیکر نایک مقرر کر دیا گیا * -

مہاراجہ کا خزانہ و توشہ‌خانہ

عمدۃالتواریخ میں منشي سوھن لال نے ایک دو مرتبہ

* " کاھن سنگھ سپاھی یک گوش بریدہ بر طرف شد - داغ اندرون پیشانی دادہ بر طرف شد - جمعیت سنگھ سپاھی کمپنی دوم دست در کڑاھی انداختہ سوختہ نہ شد نایک گردید - طلب خود خواھد یافت - " تفصیل کے لئے دیکھو مصنف کا مضمون جو کہ جرنل اوف انڈین ھسٹري مدراس میں شائع ھوا تھا -

اِس بات کا ذکر کیا ہے کہ ابتدا میں مہاراجہ کے خزانہ میں روپیہ کی اس قدر قلت تھی کہ وہ اپنی فوج کی تنخواہ ادا کرنے سے معذور تھا - ایک مرتبہ فوج کو صرف دس ہزار روپیہ دینا تھا مگر وہ بھی دستیاب ہونا مشکل ہو گیا - آخر دیوان محکم چند نے مبلغ پانچ سو روپیہ مہاراجہ سے لےکر تھوڑي تھوڑی رقم فوج میں بانٹ دي اور پھر اُن کو ہمراہ لے کر وصول نذرانہ کے لئے دورہ پر نکل گیا اور چھوٹے بڑے سرداروں سے روپیہ جمع کرکے فوج کي تنخواہ ادا کي اور اس طرح سے مہاراجہ کي عزت بچائي - چالیس سال کي حکومت کے بعد مہاراجہ اپنے خزانہ میں کروڑوں روپیہ نقد، سونے کي مہریں، اور تقریباً بیس لاکھ روپیہ قیمت کے ہیرے جواہرات چھوڑ کر مرا - اِن کے علاوہ دنیا کا بہترین بےمثال اور انمول ہیرا کوہ‌نور مہاراجہ کے توشہ خانہ کو چار چاند لگا رہا تھا - سنہ ۱۸۴۹ع میں الحاق پنجاب کے وقت رنجیت سنگھ کا توشہ‌خانہ انگریزوں کے ہاتھ آیا جس کا افسر اعلیٰ ڈاکٹر لوگن مقرر ہوا - اُس نے اُن تمام اشیاء کي جو توشہ‌خانہ میں موجود تھیں فہرست تیار کی تھی - اُن میں نمونہ کے طور پر مفصلہ ذیل چند چیزوں کے نام اپني بیوی کو ولایت لکھے تھے - کوہ‌نور، بےشمار قیمتي پتھر اور جواہرات، نقد و جنس، سونے چاندي کے پیالے، پلیٹیں، گلاس، لوٹے، کھانا پکانے کے برتن، کشمیر کے بیش‌قیمت دوشالے، چوغے اور جامہ‌دار وغیرہ، مہاراجہ کي سنہری کرسي، چاندی کی بارہ‌دری، کشمیری

چاندنی اور شامیانہ معہ نقرئي چوبوں کے ، مرصع زرہ بکتر ، شاہ شجاع کا خیمہ ، گورو گوبند سنگھ کي کلغي ، حضرت محمد کی یادگاري اشیاء ، اور مہاراجہ کے والد سردار مہان سنگھ کي وہ پوشاک جو اُس نے اپني شادی کے موقع پر زیب‌تن کی تھی - * یہ قیمتي توشخانہ اور سیم و زر سے پر خزانہ رنجیت سنگھ کے زور بازو کا نتیجہ تھا -

مہاراجہ کا اصطبل

رنجیت سنگھ گھوڑوں کا بہت شوقین تھا - جہاں کہیں اُسے خوش شکل و خوش‌رفتار گھوڑے کا پتہ چلتا اُسے حاصل کئے بغیر نہ چھوڑتا - پچیس ہزار روپیہ کے گھوڑے ہر سال خریدے جاتے تھے - مہاراجہ کے اصطبل میں ایک ہزار نفیس گھوڑے رنجیت سنگھ کی سواری کے لئے مخصوص تھے - اِن میں سے کچھ خالص عربی نسل کے تھے اور بعض خالص ایراني نسل کے - اپنے زمانہ کے نادر اور چیدہ گھوڑے مثلاً اسپ لیلی ، اسپ گوہربار ، اور اسپ سفیدپري وقتاً فوقتاً مہاراجہ نے سلطان محمد خاں والي پشاور سے حاصل کئے تھے - اُن کے لئے بیش‌قیمت زین اور ساز تیار کرائے گئے تھے - مہاراجہ خاص اشتیاق سے اُن کي سواری کرتا تھا - رنجیت سنگھ اپنے زمانہ میں یکتا شہ‌سوار سمجھا جاتا تھا -

گھوڑوں کے علاوہ مہاراجہ کے اصطبل میں سیکڑوں ھاتھي

* دیکھو صفحہ ۱۸۴ لوگن اور دلیپ سنگھ -

جھولتے تھے - ھیوگل اپنے سفرنامۂ کشمیر میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے اصطبل کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ھے کہ مہاراجہ کی اپنی سواری کے لئے عظیم‌الشان تنیل تنول کے تقریباً ایک سو ھاتھی تھے - اِن کی سجاوٹ اور سونے چاندی کے ہودے دیکھ کر ھیوگل حیران رہ گیا تھا - وہ لکھتا ھے کہ مہاراجہ ھاتھیوں کی سجاوٹ پر ھر سال ایک لاکھ سے زیادہ روپیہ خرچ کرتا تھا اور اُن کے راتب وغیرہ پر چالیس ہزار سالانہ خرچ آتا تھا -

مہاراجہ کی فوج

مہاراجہ رنجیت سنگھ کی فوج کا بیشتر حصہ قواعدداں تھا - یہ فوج یورپین فوجوں کی طرح پلٹنوں اور رسالوں میں منقسم تھی اور اُن کی طرح قواعد سیکھی ہوئی تھی - اِس فوج کی وردی بھی یورپین فوجوں کی مانند جاکٹ اور پتلون پر مشتمل تھی -

قواعدداں فوج کی ضرورت

خالصہ فوج کو یورپین طریقہ پر ڈھالنے کا خیال مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دل میں پہلے پہل غالباً سنہ ۱۸۰۵ع میں پیدا ہوا - اُن دنوں مرہٹہ راجہ جسونت راؤ ھلکر امرتسر میں مہاراجہ کے پاس پناہ‌گزیں ہوا - جسونت راؤ کی فوج یورپین طریقہ پر آراستہ و پیراستہ تھی - رنجیت سنگھ نے اِس فوج کی قواعد دیکھی - دوراندیش مہاراجہ فوراً بھانپ گیا کہ قواعدداں فوج میدان جنگ میں

ناتربیت‌یافتہ فوج پر ضرور سبقت لے جائیگی - سنہ ۱۸۰۹ع میں مہاراجہ نے امرتسر کے مقام پر مٹکاف کے چھوٹے سے قواعدداں دستہ کو بہادر اکالیوں سے بچشم خود لڑتے دیکھا - اس سے وہ قواعدداں فوج کی فضیلت کا اور بھی زیادہ قائل ہو گیا - *

چنانچہ مہاراجہ نے اپنے دل میں فیصلہ کر لیا کہ وہ اپنی فوجوں کو یوروپین طریقہ کی قواعد سکھائے - اُسے پختہ یقین تھا کہ قواعد سیکھنے سے اس کی فوج ہر طرح فائدہ میں رہےگی - خالصہ سپاھی دلیر جنگجو اور بہادر تو پہلے ہی تھا ، قواعد جاننے سے وہ ناقابل تسخیر ہو جائےگا ، یعنی سونے پر سوھاگے کا کام ہوگا - پھر مہاراجہ کی فوج کے سامنے کوئی دشمن نہ ٹھہر سکےگا -

اِس تجویز پر جلدی عمل‌در آمد کرنے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ سنہ ۱۸۰۹ع میں دریاے ستلج تک انگریز آن پہنچے تھے جن کی فوج مغربی قواعددانی میں ماھر تھی - چونکہ مہاراجہ قدرتی طور پر بہت دوراندیش تھا اِس لئے اس نے سوچا کہ اگر کبھی اُسے اپنے یوروپین ہمسایوں سے دو چار ہونے کی نوبت آ گئی کامیابی کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے اُسے بھی قواعدداں فوج رکھنی چاھیئے تاکہ وہ کسی بات میں انگریزوں سے پیچھے نہ رہ جائے -

* اِس کتاب کے کسی پہلے باب میں بھی اس بات کا ذکر آ چکا ھے -

کیا کیا طریقے اختیار کئے

رنجیت سنگھ نے شروع شروع میں اپنے خالصہ سپاهیوں کو انگریزی طرز کی قواعد سکھانے کے لئے ایسے شخصوں کو ملازم رکھا جو برٹش فوج میں نائکی وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے عہدوں پر مامور رہ چکے تھے اور اب یا تو وهاں سے بھاگ آئے تھے یا برطرف ہو چکے تھے - اِن میں سے اکثر صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ کے باشندے تھے جنہیں پنجاب میں پوربیے یا ہندوستانی کے نام سے پکارتے ھیں - چنانچہ ابتدا میں مہاراجہ نے سکھوں اور پوربیوں کی ملی جلی پانچ پلٹنیں تیار کیں - *

بعد میں مہاراجہ نے بڑی معقول تنخواہیں دےکر فرانسیسی اور انگریز افسر اپنی ملازمت میں لئے جنہوں نے خالصہ فوج کو بالکل یوروپین طریقہ پر تربیت دی - †

مگر رنجیت سنگھ کو اپنے مقصد کے حصول میں بڑی دقت پیش آئی - سکھ سپاھی گھوڑے پر چڑھ کر لڑنے کا عادی تھا اور پیادہ فوج میں بھرتی ہو کر کندھے پر بندوق رکھ‌کر لڑنے کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتا تھا - نہ ھی وہ اِس بات پر رضامند تھا کہ اُس پر کسی قسم کی فوجی پابندی عائد کی جائے - چنانچہ مہاراجہ کی جدید طرز کی

---

* چارلس منکاف نے یہ پلٹنیں اپنی آنکھوں سے لاھور میں دیکھی تھیں - وہ اپنے خطوط میں اِس بات کا ذکر کرتا ھے -

† اُن افسروں کی تفصیل‌وار فہرست اِس کتاب کے آخر میں دی گئی ھے -

پلٹنوں پر اکثر اوقات خالصہ سپاہی ہنسی مذاق اور پھبتیاں اُڑاتے تھے - مگر مہاراجہ اپنی دھن کا پکا تھا اور یہ جانتا تھا کہ خالصہ سپاہی ابھی تک یوروپین طریقہ کی قواعد کی برتری کو نہیں سمجھے - اِس لئے مہاراجہ نے نوجوان سکھ لڑکوں کو جاگیر ' انعام ' اور دیگر قسم کے لالچ دے کر جدید طرز کی پیادہ پلٹنوں میں بھرتی کرنا شروع کیا - مہاراجہ اُن کی حوصلہ‌افزائی کی خاطر خود اُن کی قواعد دیکھتا ' اُن کے کرتب دیکھ کر خوش ہوتا ' اپنے ہاتھ سے انعام تقسیم کرتا تاکہ سکھ نوجوان خود بخود بھرتی ہونا شروع کر دیں اور اُن کے دلوں میں نئی پیادہ فوج کی قدر و منزلت بڑھ جائے - چنانچہ ایساہی ہوا اور آٹھ دس سال کے اندر ہی اندر مہاراجہ کی لگاتار کوششیں بارور ہوئیں اور فوج کا یہ حصہ سکھوں میں مقبول عام ہو گیا* - مہاراجہ رنجیت سنگھ کی وفات کے وقت سکھوں کی قواعدداں پیادہ فوج کی تعداد ستائیس ہزار تک پہنچ گئی تھی جو اکتیس پلٹنوں میں منقسم تھی جس کی ماہواری تنخواہ کا خرچ دو لاکھ ستائیس ہزار کے قریب تھا - †

* مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دفتر کے صیغۂ فوج کے کاغذات دیکھنے سے اِس بات کی تائید ہو سکتی ہے - اِن جدید پلٹنوں میں سنہ ۱۸۱۳ع سے پیشتر کے کاغذات میں اکثر اوقات پوربئے ' ہندوستانی ' گورکھے اور پٹھان سپاہیوں کے نام آتے ہیں - اُس کے بعد سکھوں کے نام زیادہ ہیں -

† پیادہ فوج کی تفصیل کے لئے دیکھو مصنف کا مضمون جو جرنل اوف انڈین ہسٹری فروری سنہ ۱۹۲۲ع میں شائع ہوا تھا -

مہاراجہ کا توپخانہ

پیادہ فوج کي طرح مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اپنے توپخانے کو بھی بہتر کرنے کے لئے خاص کوشش کی - سچ تو یہ ہے کہ یوروپین اقوام کے ہند میں وارد ہونے سے پیشتر ہمارے ملک میں توپ‌اندازي کے علم کو ٹھیک طور پر سمجھنے والے بہت کم آدمي تھے - مغلوں کا توپخانہ اور گولہ‌انداز ہمارې نظر میں خواہ کتنے ہي اچھے تھے مگر یوروپین توپوں کے مقابلہ میں ان کي توپیں کچھ ہستي نہ رکھتي تھیں - یہي حال مغلوں کے بعد بھي رہا - سکھ مثلداروں کے پاس نہ تو بہت سی توپیں تھیں اور نہ اُنھیں توپخانہ کي سائنس سے زیادہ واقفیت تھی - مہاراجہ یہ امر بخوبي سمجھتا تھا کہ میدان جنگ میں توپخانہ کي برستي ہوئي آگ کے مقابلہ میں سواري فوج زیادہ دیر تک نہیں ٹھہر سکتي - اُس نے اِس نئے اور مؤثر ہتھیار کو خالصہ فوج میں رائج کرنے کا شروع حکومت سے ہي مصمم اِرادہ کر لیا تھا - چنانچہ زر کثیر خرچ کرکے کئي جگہ توپیں ڈھالنے کے کارخانے قائم کئے - پنجاب کے مختلف مقامات سے لائق مستري طلب کئے اور اُنھیں اِس کام پر لگایا گیا - مہاراجہ کي کوشش کا یہ نتیجہ ہوا کہ پنجاب کے مستریوں نے فن توپ‌سازي میں جلدي ہي کمال حاصل کر لیا اور خالصہ فوج کے لئے عمدہ خوبصورت اور کارگر توپیں تیار کیں - مہاراجہ کے کارخانہ کي ساختہ توپیں یورپ کی توپوں سے کسی طرح گھٹیا نہ تھیں بلکہ

کئي یوروپین فوجي افسروں کي رائے میں اُن سے بہتر تھیں - سنہ ۱۸۳۱ع میں لارڈ ولیم بنٹنک نے مہاراجہ کو چند توپیں بطور تحائف دي تھیں - مہاراجہ نے اُسي نمونہ پر اور بہت سی توپیں تیار کرائیں - چھ برس بعد جب سر ھنري فین برٹش کمانڈر انچیف لاھور آیا تو وہ لارڈ ولیم بنٹنک والي توپوں کو نہ پہچان سکا * -

مہاراجہ نے اپني توپوں کو بڑے دلفریب نام دے رکھے تھے ' مثلاً جنگ بجلي ' فتح جنگ ' ظفر جنگ ' نشتر جنگ ' شیر دھان ' سورج مکھي ' وغیرہ - ھر توپ کا نام اور سال ساخت اُس پر کندہ ھوتا تھا - اُس کے علاوہ کچھہ اور بھی عبارت ھوتی تھی - بعض اوقات شعر کندہ ھوتے تھے جن کی تاریخ ساخت حروف ابجد کے ذریعہ معلوم کر سکتے تھے -

مہاراجہ کے توپخانہ میں اُس کی وفات کے وقت بڑي اور چھوتی توپیں ملاکر چار سو ستر کے قریب تھے - جس کے گولہ‌اندازوں کي ماھواري تنخواہ تیئیس ھزار کے لگ بھگ تھي † - گولہ‌اندازي کے کام میں سکھ سپاھي اِس قدر

---

* توپوں کے کارخانہ کي اِس قدر حیرت‌انگیز ترقي میں مہاراجہ کے افسر سردار لہنا سنگھ مجیٹھیہ کا بہت حصہ تھا - یہ سردار علم جوتش ' ریاضي اور سائنس میں خداداد لیاقت رکھتا تھا - اُس کے مفصل حالات کے لئے دیکھو پنجاب چیفس جلد اول -

† اِن میں وہ توپیں شامل نہیں ھیں جو مختلف قلعوں میں رکھي ھوئي تھیں - چھوتي ھلکي توپوں کو زنبورک بولتے تھے - یہ اونٹوں کے پشت پر رکھ‌کر چلائي جاتي تھیں - توپخانہ کے مضمون پر دیکھو مصنف کا مضمون جو جرنل اوف انڈین ھسٹري ستمبر سنہ ۱۹۲۲ع میں شائع ھوا تھا -

ماہر ہو گئے تھے کہ جب سنہ ۴۶-۱۸۴۵ع میں سکھوں اور انگریزوں کے درمیان جنگ ہوئی تو سکھ گولہ‌اندازوں نے برتش توپخانہ کا کمال درجہ کی استعداد و بہادری سے مقابلہ کیا اور دشمن نے بھی اُن کی بےاختیار تعریف کی -

جدید رسالہ فوج

پیدل فوج اور توپخانہ کے علاوہ مہاراجہ نے سواری فوج میں بھی کم و بیش ترمیم کی اور جدید قسم کے رسالے تیار کئے جن کو مہاراجہ کے فرانسیسی افسر جنرل الارڈ نے ترتیب دیا - مگر اِس حصہ فوج کو بہت توجہ نہیں دی گئی کیونکہ گھوڑے پر سوار ہوکر جنگ کرنے میں خالصہ سپاہی پہلے ہی ماہر تھا اور نہ ہی وہ اپنے قدیم طریقۂ جنگ کو بدلنے پر رضامند تھا -

قدیم گھڑسوار فوج

قدیم طریقہ کی سواری فوج میں زیادہ‌تر سکھ سپاہی تھے - اِس سپاہ کا کثیر حصہ اُن سپاہیوں کا مجموعہ تھا جو کسی وقت اُن خودمختار سرداروں کی ملازمت میں تھے جو وقتاً فوقتاً مہاراجہ نے مفتوح کئے - سرداروں کو مغلوب کرنے کے بعد مہاراجہ اُن کی سپاہ اپنے ہاں ملازم رکھ لیتا تھا کیونکہ رنجیت سنگھ کا قاعدہ تھا کہ نہ تو وہ کسی بہادر سپاہی کو ہاتھ سے کھوتا تھا اور نہ مفتوح سرداروں اور اُن کی سپاہ کو بےسروسامانی کی حالت میں چھوڑ کر اپنے لئے دشمنوں کی تعداد بڑھاتا تھا - " ملک خدا تنگ نیست پائے

گدا لنگ نسبت " کے مقولہ پر عمل کرتا تھا - مہاراجہ اُن کی طاقتوں کو مشغول رکھنے کے لئے اُنھیں خالصہ سلطنت کو وسیع کرنے میں مصروف رکھتا تھا - مہاراجہ کی وفات سے ایک سال پہلے اِس فوج کی تعداد گیارہ ہزار کے قریب تھی جن کی سالانہ تنخواہ بتیس لاکھ روپیہ کے لگ بھگ تھی -

جاگیرداروں کی فوج

اِس فوج کے علاوہ بڑے بڑے جاگیرداروں کے پاس بھی قدیم طریقہ کی سواری فوج تھی - جاگیرداری فوج کا دستور ہندوستان میں مسلمانوں کے زمانہ سے برابر چلا آتا تھا - سکھ مثلداروں نے بھی اِس طریقہ کو جاری رکھا اور مہاراجہ رنجیت سنگھ نے بھی اِسے بدستور رہنے دیا گو بعد میں رفتہ رفتہ مہاراجہ اُسے کم کرتا گیا - سکھ سرداروں کے جاہ و حشمت کو برقرار رکھنے کے لئے مہاراجہ اُنھیں جاگیریں دیا کرتا تھا - اُن کے لئے یہ لازمی تھا کہ وہ مہاراجہ کے لئے فوجی خدمات سرانجام دیں - چنانچہ ہر جاگیردار کو جاگیر کی حیثیت کے مطابق سواروں کی خاص تعداد اپنی ملازمت میں رکھنی پڑتی تھی اور مہاراجہ کے طلب کرنے پر انھیں جنگ میں شامل ہونا پڑتا تھا - اس فوج کے اسلحہ پوشاک اور سواری کا کل انتظام جاگیردار کے ذمہ ہوتا تھا - یہ تمام شرائط جاگیر کے پٹہ‌نامہ میں درج ہوتی تھیں اور ہر ایک سوار اور اس کے گھوڑے کا حلیہ رکھا جاتا تھا جس کی نقل سرکاری دفتر میں رکھی جاتی تھی تاکہ جاگیردار کسی قسم کا دھوکا نہ دے سکے - یہ تمام باتیں صرف کاغذ تک ہی محدود نہ

تھیں بلکہ اُن پر مہاراجہ کے عہد حکومت میں پورے طور پر عمل کیا جارہا تھا - جاگیرداروں کی فوج کی وقتاً فوقتاً پڑتال کی جاتی تھی اور فرق نکلنے پر بڑے سے بڑے سردار کو بھی سزا دینے میں گریز نہیں کیا جاتا تھا * - مہاراجہ کے دفتر کے کاغذات سے اِس فوج کا مکمل پتہ نہیں چلتا مگر ہمارے اندازہ کے مطابق اُس کی تعداد مہاراجہ کی وفات کے وقت پانچ چھہ ہزار سے کم نہ تھی کیونکہ اُس کے خرچ کے لئے پچیس لاکھ سالانہ سے کچھہ زیادہ کی جاگیر مخصوص تھی -

خالصہ فوج کی بہادری کا سکہ

یوروپین اقوام کے ہند میں وارد ہونے کی وجہ سے یہاں کا قدیم طریقہ جنگ کارگر نہ رہا تھا اور نتیجہ یہ تھا کہ ہندوستانی فوج یوروپین سپاہ کے مقابلہ میں ہر دفعہ شکست کھاتی تھی - مہاراجہ کی تیز بینی ' عاقبت اندیشی ' فہم و فراست نے یہ سب کچھہ ایک دم بھانپ لیا تھا - اور اُس کی ہی لگاتار کوششوں کی وجہ سے خالصہ فوج ناقابل تسخیر سپاہ سمجھی جانے لگی تھی - چنانچہ جب ۱۸۴۶ع میں انگریزوں اور سکھوں کی چار بڑی خونریز لڑائیاں ہوئیں تو اُس وقت اگرچہ مہاراجہ مر چکا تھا اور سپاہ کی رہنمائی کرنےوالا کوئی دیانتدار اور ہمدرد افسر موجود نہ تھا لیکن پھر بھی خالصہ فوج انگریزی سپاہ کے عین ہم

---

* ایک بار اسی قسم کی غلطی کیلئے سردار ہری سنگھ نلوہ جیسا بڑا جاگیردار سزا کا مرتکب ہوا تھا - دیکھو عمدۃالتواریخ دفتر دوئم صفحہ ۲۷۱ -

پلہ اتری - برٹش فوج کا کمانڈر انچیف لارڈ گف خود اِس امر کو تسلیم کرتا ہے کہ " اگر خالصہ فوج میں اُس وقت کوئی قابل جرنیل موجود ہوتا جو اُنہیں پورے طور پر اُن کے فنون جنگ دکھلانے کا موقعہ دیتا تو ہم نہیں کہ سکتے کہ اِس جنگ کا کیا نتیجہ ہوتا " -

یوروپین لوگوں کی رائے

انگریز اور دیگر یوروپین سیاح مہاراجہ کے دربار میں اکثر آیا جایا کرتے تھے - مہاراجہ اُنہیں اپنی فوج کے کرتب دکھلایا کرتا تھا - انہوں نے جو رائے خالصہ فوج کی نسبت قائم کی تھی اُن میں سے چند ہم ذیل میں درج کرتے ہیں -

ولیم اوزبرن اپنی کتاب کے صفحہ ۱۳۴ پر لکھتا ہے کہ ۲۴ جون ۱۸۳۸ع کی صبح کو ہم مہاراجہ کے توپخانہ کی پریڈ دیکھنے گئے - ہم اُن کی چاندماری دیکھکر بہت حیران ہوئے - دو سو گز کے فاصلہ سے سکھ گولہ‌اندازوں نے چاند پر ایسی عمدگی سے نشانہ لگایا کہ پہلے ہی وار میں چاند کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے - آٹھ سو گز سے بارہ سو گز کے لمبے فاصلہ کی چاندماری بھی ایسی ہی بےخطا نکلی - ہماری حیرانی کی کوئی حد نہ رہی جب ہم کو یہ معلوم ہوا کہ اِس قسم کے گولے اور توپیں تھوڑا عرصہ ہوے ہی رائج کئے گئے ہیں -

بیرن ہیوگل آسٹریا کا ایک سیاح ۱۸۳۵-۶ع میں لاہور آیا - وہ اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے کہ رنجیت سنگھ

نے کئی بار مجھے اپنی افواج کے فنون جنگ دکھانے کا شرف بخشا - میں ہر دفعہ اُن کی پھرتی ' بارعب چہرے اور بے خطا چاندماری دیکھ کر حیران رہ گیا ہوں - میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ یہ فوج اتنے ہی عرصہ کی بھرتی شدہ یورپین فوج کی نسبت بدرجہا بہتر ہے - اِن کی فوجی قابلیت دیکھ کر میں یقین واثق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ فوج باہر سے آئے ہوئے دشمن کی فوج پر فتح پائیگی - آسٹریا کی فوجیں ٹھیک نشانہ لگانے میں شہرۂ آفاق ہیں لیکن خالصہ فوج اُن سے بھی بڑھی ہوئی ہے - جتنی گولیاں اور گولے انہوں نے چلائے سب کے سب نشانہ پر بیٹھے ' کوئی خالی نہیں گیا -

مسٹر بار اور ولیم اوزبرن نے ایک جگہ لکھا ہے کہ خالصہ فوج مارچنگ کے وقت اِس ترتیب سے پاؤں اُٹھاتی ہے جیسی انگریزی یا دیگر یوروپین افواج - مگر خالصہ سپاہ لمبا کوچ کرنے میں ہماری فوجوں سے بڑھی ہوئی ہیں - وہ بآسانی ایک مقام سے دوسرے مقام تک کوچ کر سکتی ہیں - کوچ کے وقت ہماری فوجوں کی طرح باربرداری کی زیادہ محتاج نہیں - ہر ایک رجمنٹ کے ساتھ ایک ٹھیکہ‌دار ہوتا ہے جو ان کی ضروریات پوری کرتا ہے - جتنے وقت اور خرچ میں تیس ہزار سکھ فوج بڑی آسانی سے کوچ کر سکتی ہے اتنے ہی وقت اور خرچ میں ہماری تین ہزار فوج بمشکل کوچ کر سکتی ہے -

مہاراجہ کی فوجی طاقت

مندرجہ ذیل نقشہ پر سرسری نظر ڈالنے سے مہاراجہ رنجیت سنگھ کی فوجی طاقت اور اُس کے خرچ کا پورے طور پر اندازہ لگایا جا سکتا ہے -*

نقشہ فوج مہاراجہ رنجیت سنگھ - سنہ ۳۹-۱۸۳۸ع

کیفیت	تعداد نفری	تنخواہ سالانہ روپیوں میں
۱ — قواعدداں فوج		
(ا) پیادہ ...	۲۸۶۰۰	۲۷۵۰۰۰۰
(ب) رسالہ ...	۴۶۰۰	۱۲۳۰۰۰۰
(ج) توپخانہ ...	۴۸۰۰	۴۰۰۰۰۰
۲ — فوج سواری		
(ا) ڈیرہ ماتحت سرداران	۹۶۰۰	۲۵۲۰۰۰۰
(ب) گھرچڑھا خاص ...	۱۲۰۰	۹۳۶۰۰۰
(ج) ڈیرہ ہا جاگیرداران ...	۳۴۰۰	۱۶۰۰۰۰۰
۳ — فوج قلعجات ...	۱۰۰۰۰	۶۰۰۰۰۰
میزان کل ...	۷۲۲۰۰	۹۷۳۶۰۰۰
۴ — انگریز اور فرانسیسی افسروں کی تنخواہ جو کاغذات میں الگ درج ہے -		۲۰۰۰۰۰ تخمیناً
		۹۹۳۶۰۰۰ سالانہ

* یہ نقشہ جات مصنف نے تقریباً گیارہ سال گذرے مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دفتر کے فوجی کاغذات مطالعہ کرکے تیار کئے تھے -

[نوٹ — مندرجہ بالا رقومات کے علاوہ تقریباً آٹھ لاکھ روپیہ سالانہ سے زاید فوجي محکمہ پر اور خرچ ہوتا تھا - اِس میں فوج کي وردي، باربرداري کا سامان اور میگزین وغیرہ کے اخراجات شامل تھے یعني فوجي محکمہ پر کل خرچ ایک کروڑ سات لاکھ چھتیس ہزار روپیہ کے قریب آتا تھا جو کہ مہاراجہ کي کل آمدني کا تقریباً ۳۸ في صدي ہوتا ہے -]

نقشہ شرح تنخواہ ماہواري

جو رنجیت سنگھ کے عہد میں سپاہیوں اور افسروں کو ملتي تھي

عہدہ		ابتدائي تنخواہ روپیہ	اِنتہائي تنخواہ روپیہ
جرنیل	...	۴۰۰	۴۶۰
کرنیل	...	۳۰۰	۳۵۰
کمیدان	...	۶۰	۱۵۰
اجیٹن	...	۳۰	۶۰
میجر	...	۲۱	۲۵
صوبیدار	...	۲۰	۳۰
جمعدار	...	۱۵	۲۲
حولدار	...	۱۳	۱۵
نائک	...	۱۰	۱۲
سارجنٹ	...	۸	۱۲
فوریر	...	۷½	۱۰
سائر (سپاہی)	...	۷	۸½

عملہ — جس میں خلاصي ، سقہ ، گھڑیالی ، ساربان ، علم‌بردار اور لانگري شامل تھے - فی کس بحساب چار روپیہ پاتے تھے - البتہ بیلدار کو پانچ روپیہ اور مستري کو چھہ روپیہ ماهوار ملتا تھا -

مہاراجہ کي پالیسي

مہاراجہ بلا شک و شبہ چوٹي کا اعلیٰ‌ترین ملکي مدبر تھا - اُس کی زبردست چالوں کا مفہوم اُس کے درباري پورے طور پر نہیں سمجھ سکتے تھے - در حقیقت مہاراجہ کي پالیسي اِتني گہري اور دوراندیشي کی ہوتی تھی کہ بڑے سے بڑے سردار کي تیزبین نگاهیں بھي وهاں تک نہ پہنچ سکتی تھیں - سچ تو یہ هے کہ رنجیت سنگھ فطرت اِنساني کا جوهري تھا - اُس کی اکثر اَوقات یہی کوشش ہوتی تھی کہ دشمن کو زیر کرکے بھی اُسے یہ محسوس نہ ہونے دیوے کہ اُس کي پہلي اور موجودہ عزت میں فرق آ گیا هے - ایسے اشخاص جنھیں سلطنتیں قائم کرنے کي هوس هوتی هے بلا تامل ملک‌گیري کي پالیسي پر عمل کیا کرتے هیں - چنانچہ رنجیت سنگھ نے بھي عمر بھر اِسی حکمت عملي پر عمل کیا - اِسي لئے هماري رائے میں اُس کي فتوحات کے اسباب کی جستجو کرنا بےسود هے - همیں اُس کا مدعا یہي نظر آتا هے کہ سکھ قوم کے پراگندہ شیرازہ کو یکجا جمع کرکے زبردست طاقت بنایا جائے - اِسي جستجو میں مشغول مہاراجہ نے ملتان ،

کشمیر، پشاور اور لداخ تک کے دور و دراز ممالک فتح کرکے ان پر خالصہ کا جھنڈا بلند کیا - ہمیں اِس میں ذرا بھی شک معلوم نہیں ہوتا کہ اگر سنہ ۱۸۰۹ع میں سرکار انگریزی کی حد دریائے ستلج تک قائم نہ ہو جاتی تو مہاراجہ اپنی فتوحات کا میدان دریائے جمنا کے کنارے تک ضرور وسیع کر لیتا -

فرحت‌بخش عنصر

لیکن اس جوش میں آکر مہاراجہ نے سب کچھ نہیں بھلا دیا تھا - اُس کی ملک‌گیری کی پالیسی میں یہ فرحت‌بخش عنصر بھی شامل تھا کہ وہ مفتوح شدہ حاکموں کو دھکا دے کر باہر نہیں نکال دیتا تھا بلکہ ان کی حیثیت اور لیاقت کے مطابق انہیں اپنی ملازمت میں ذمہ‌داری کے عہدوں پر فائز کرتا تھا - ان کے آرام و آسائش کے لئے بڑی بڑی جاگیریں عطا کرتا تھا - یہ فراخدلی صرف سکھوں تک ہی محدود نہ تھی بلکہ مسلمان گورنروں کے ساتھ بھی ویسا ہی سلوک کیا جاتا تھا - نواب قطب الدین خاں والی قصور، نواب حافظ احمد خاں والی منکیرہ، نواب سرفراز خاں والئے ملتان اور دیگر سب چھوٹے بڑے رؤسا کو مہاراجہ کی طرف سے جاگیریں اور پنشنیں ملتی تھیں - دربار میں اُن کی عزت و توقیر اُن کے درجہ کے مطابق کی جاتی تھی -

مذہب و ملت کا سوال

مہاراجہ کی سلطنت تمام سکھوں کی یکساں حکومت تھی ہر ایک سکھ کو بلالحاظ درجہ و مرتبہ پورے اور برابر

برابر حقوق حاصل تھے - مگر غیر سکھوں کے لئے بھی اُن کی لیاقت اور قابلیت کے مطابق راج دربار کے دروازے کھلے تھے - در حقیقت ہماري رائے میں مہاراجہ کے عہد حکومت میں مذہب و ملت کا سوال کبھی پیدا ہي نہیں ہوا - سرکاري ملازمت میں کبھي بھي یہ سوال دوپیش نہیں آیا - ابتدا میں مہاراجہ کے توپ‌خانہ کا افسر اعلیٰ میاں غوث خاں تھا - اُس کی وفات پر اس کا بیٹا سلطان محمود خاں بڑھتے بڑھتے اپنے باپ کے عہدہ پر پہنچ گیا - فقیر عزیزالدین کے درجۂ مصاحبي کے برابر دربار میں کسي دوسرے شخص کو اتنا رتبہ حاصل نہیں ہوا - ملکی سفارتوں کے نازک کار خاص پر فقیر عزیزالدین هي ممتاز کیا جاتا تھا - دیوان محکم چند اور مصر دیوان‌چند خالصہ فوج کے چیدہ اور برگزیدہ جرنیلوں میں سے تھے - دیوان موتی رام اور دیوان ساون مل چوتي کے گورنر تھے جن کي تحویل میں مہاراجہ نے اپنے سب سے بڑے صوبے سپرد کئے ہوئے تھے - دیوان ساون مل کا نام ملتان کے لوگ آج تک بڑے فخر اور محبت سے لیتے ہیں - اُس کی چوبیس سالہ عہد گورنري میں صوبۂ ملتان ترقی کے عروج پر پہنچ گیا تھا - دیوان بھوانی داس ، دیوان گنگا رام اور راجہ دینا ناتھ کي نگراني میں تمام سلطنت کي آمدني و خرچ کا حساب رہتا تھا - سرکاري خزانہ اور توشہ‌خانہ مصر بیلي رام اور اس کے بھائیوں کے تحت میں تھا - میاں راجہ دھیان سنگھ اور اس کے بھائي میاں راجہ گلاب سنگھ ڈوگرہ کو جس قدر رسوخ مہاراجہ کے دربار میں اس کي زندگي کے

آخری حصہ میں تھا وہ شاید ہی کسی دوسرے درباری کو حاصل ہوا - غرضیکہ ہم اس سوال کو خواہ کسی پہلو سے مطالعہ کریں ہمیں اس کا ایک ہی جواب نظر آتا ہے یعنی مہاراجہ کی انتظامیہ پالیسی وسیع دریادلی پر مبنی تھی اور اس میں مذہب و ملت کی رو رعایت ذرا بھی روا نہ رکھی گئی تھی - *

* اکثر اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ مہاراجہ کے دربار میں ان ناموافق اور مخالف عناصر کی موجودگی ہی آخر میں سکھ سلطنت کے زوال کا ایک زبردست باعث ہوئی خصوصاً ڈوگرہ اور برہمن عنصر سکھ مذہب اور خالصہ تمناؤں کے ساتھ کوئی مطابقت نہ رکھتے تھے - ہم یہاں یہ بحث نہ چھیڑینگے کہ اس نقطۂ خیال میں کس قدر سچائی اور کس قدر مبالغہ ہے - اس مسئلہ پر اسی سلسلہ کی دوسری جلد میں با تفصیل اور مکمل طور سے بحث کی جائیگی -

سولھواں باب

مہاراجہ کے ذاتی اوصاف

مہاراجہ کي شکل و صورت

رنجیت سنگھ میانہ قد کا انسان تھا - آوائل عمر میں هي چیچک نکل آنے کی وجہ سے اس کا چہرہ بدشکل ہو گیا تھا اور ایک آنکھ بھي بند هو گئی تھي - مگر نظام قدرت میں همیں عوض معاوضہ کا قانون کام کرتا نظر آتا ہے - اگر رنجیت سنگھ کو خوبصورتي کا ورثہ کم ملا تھا تو قدرت نے عقل دوراندیشي اور تیزفہمي کئی گنا زیادہ دےکر یہ کمي پوری کر دی تھی -

بہت سے یورپین اور هندوستاني اصحاب مہاراجہ کے دربار میں آیا جایا کرتے تھے - انہوں نے مہاراجہ کے قد و قامت اور اوصاف کا ذکر کیا ہے - وہ لکھتے هیں کہ گو رنجیت سنگھ شکل میں خوبصورت نہ تھا مگر اس کے چہرہ سے ایسا رعب برستا تھا کہ دیکھنےوالوں کے دلوں پر خود بخود اس کي بہادری اور دلیری کا سکہ جم جاتا تھا - مہاراجہ کی سفید ڈاڑھی اتنی لمبی تھی کہ اس کی ناف تک پہنچتی تھی جس سے اس کا چہرہ سڈول اور بھرا ہوا معلوم ہوتا تھا - اس کا بدن بڑا چست اور پھرتیلا تھا - مہاراجہ کی پوشاک سیدھی سادی اور صاف

ستھری ہوتی تھی گو رنجیت سنگھ اکثر اپنے درباریوں کو عمدہ اور قیمتی پوشاک زیب‌تن کرنے کے لئے ہدایت کیا کرتا تھا -

اطوار و معمول

مہاراجہ اپنے اطوار میں بہت سادہ تھا - سلطنت کے وزیراعظم سے لے کر محل کے خانگی ملازموں تک کھلم کھلا بغیر جھجک بات چیت کرتا تھا - بعض اوقات ہنسی مذاق سے بھی گریز نہ کرتا تھا اور جواب میں مذاق سن کر کبیدہ خاطر نہ ہوتا تھا - حافظہ اس قدر تیز تھا کہ معمولی درجہ کے ملازموں تک کے نام یاد تھے - اُنھیں نام سے پکارتا تھا - موقع دیکھ کر بڑوں کے ساتھ بڑا اور چھوٹوں کے ساتھ چھوٹا ہو جایا کرتا تھا - غربا کی عرضداشت خود سنا کرتا تھا - اُن کی تسلی و تشفی کرتا اور تسکین دیتا - اپنے ہاتھوں سے اُنھیں انعام و اکرام دیتا - اِنھی وجوہات سے وہ ہردل‌عزیز تھا - مگر اس کے باوجود بھی مہاراجہ کا رعب اس قدر تھا کہ بڑے سے بڑا افسر بھی خوف کے مارے کانپتا تھا -

سیر و شکار کا شوق

رنجیت سنگھ کو لڑکپن سے ہی سواری کا بہت شوق تھا - بڑا ہوکر وہ ایسا بےدھڑک شہسوار بن گیا تھا کہ اس کے پلہ کا چابک‌سوار شاید ملک بھر میں ملنا دشوار تھا - یہ وجہ تھی کہ مہاراجہ کو اپنے اصطبل میں عمدہ سے عمدہ

گھوڑے رکھنے کا ازحد شوق تھا - مہاراجہ شکار کا بھی بے
حد شائق تھا - جب کبھی سرکاری کام سے قدرے فراغت ملتی
تو مہاراجہ اپنے چیدہ بہادر سپاہیوں کو ساتھ لے کر شکار کے لئے
نکل جاتا - شیر اور چیتے کے شکار سے اُسے خاص رغبت
تھی جن کو وہ نیزہ یا آبدار تلوار کی نوک سے مارا
کرتا تھا - منشی سوہن لال نے روزنامچہ رنجیت سنگھ
میں کئی موقعوں پر یہ درج کیا ہے کہ خواہ فوج کے کوچ
کے وقت یا خواہ دورہ کے وقت جب کبھی مہاراجہ کو خبر
موصول ہوئی کہ قریب کے جنگل میں شیر یا چیتا رہتا ہے
تو فوراً اس نے سو کام چھوڑ کر اپنی توجہ شکار کی
طرف مبذول کی -

بہادری کے اوصاف

رنجیت سنگھ نہایت ہی نڈر اور بے خوف تھا اور وہ
پیدائشی جنگجو سپاہی تھا - ایام جوانی میں وہ ہمیشہ
فوج کی کمان اپنے ہاتھ میں رکھتا تھا - جہاں کہیں
دیکھتا کہ اس کے سپاہیوں کو میدان جنگ میں مشکل
آ پڑی ہے اور اُن کے لئے دشمن پر فتح حاصل کرنا مشکل
ہو گیا ہے فوراً اپنی آبدار تلوار لئے آگے بڑھتا اور دشمنوں
پر ایسا بے دھڑک حملہ کرتا کہ دشمن کے ہوش و حواس
قائم نہ رہتے - وہ خود بڑا دلیر اور بہادر تھا اور اُسے بہادری
کی داستانیں سننے اور سنانے کا بہت شوق تھا - تمام یورپین
سیاحوں نے اس امر کا ذکر کیا ہے - بیرن وان ہیوگل اپنے سفر

نامہ میں لکھتا ہے کہ میرے دل پر سردار ہری سنگھ نلوہ کی بہادری کا حال سن کر بہت رعب چھا گیا تھا اور میں یہ سن کر حیران رہ گیا تھا کہ اِس بہادر سردار نے اکیلے بغیر کسی ہتھیار کے ایک چیتے کی گردن مروڑ دی تھی - اِسی طرح سردار امر سنگھ مجیتھیہ جیسے شہزور سردار نے اپنی کمان سے چلائے ہوئے تیر کو شہتوت کے درخت میں سے گذار کر چھید کر دیا تھا - *

بہادروں کی قدردانی

مہاراجہ بہادر سپاہیوں کا بڑا قدردان تھا - اُن کی ہمیشہ حوصلہ‌افزائی کرتا تھا اور انعام و اکرام دیتا رہتا تھا - منشی سوہن لال نے عمدۃالتواریخ میں بیسوں ایسے واقعات بیان کئے ہیں - ولیم اوزبرن بھی اس امر کا ذکر کرتا ہے کہ مہاراجہ کے توشہ‌خانہ بھلہ میں جو ہر وقت اُس کے ساتھ رہتا تھا سونے کے کڑوں اور کنٹھوں کی جوڑیاں ہر دم موجود رہتی تھیں - جب کبھی کوئی سپاہی اپنی بہادری کا ثبوت دیتا تو مہاراجہ فوراً تمام فوج کی موجودگی میں اُسے کڑا اور کنٹھا عنایت کرتا جس کا اثر باقی فوج پر ایسا ہوتا کہ وہ بھی بڑھ چڑھ کر بہادری اور قابلیت دکھاتے اور انعام

* معلوم ہوتا ہے کہ یہ درخت سنہ ۱۸۶۵ع تک یوسف‌زئی کے علاقہ میں قائم رہا سرلیپل گرفن لکھتا ہے کہ اِس علاقہ کے بوڑھے لوگ اب تک اِس درخت کی طرف اشارہ کرکے بتلاتے ہیں کہ اِسے امر سنگھ نے اپنے تیر سے چھید ڈالا تھا -

حاصل کرتے - اسي طرح جو سپاهی لڑائی میں زخمی هوکر همیشه کے لئے کام کرنے کے ناقابل هو جاتے یا مارے جاتے تو انهیں اور ان کے لواحقین کو گذارے کے لئے جاگیر یا روزینه دیا جاتا تها - *

تقسیم اوقات

مہاراجه وقت کا بڑا پابند تها - هر کام سونا جاگنا کهانا دربار کرنا مقررہ وقت پر کیا جاتا تها - سر هنري فین اپني کتاب میں لکهتا هے که رنجیت سنگهہ اپنے کهانے کے وقت کا بہت پابند تها - ایک روز صبح کے وقت مہاراجه روپڑ کے مقام پر گورنر جنرل کے ساتهہ فوج کی قواعد دیکهہ رها تها که اس کے ناشته کا وقت آ گیا - وہ فوراً سب کو چهوڑکر اُتهہ گیا اور ناشته کرکے پهر گورنر جنرل کے پاس آ بیٹها - منشی شہامت علی خاں سنه ۱۸۳۸ع میں مہاراجه کے دربار میں آیا تها - وہ اپني کتاب موسومه "سکهہ اور افغان" میں مہاراجه کي عادات کا ذکر کرتے هوئے لکهتا هے که رنجیت سنگهہ صبح سویرے اُتهنے کا عادي هے ' حاجات ضروري سے فارغ هوکر اکثر گهوڑے پر اور بعض اوقات پالکي میں بیٹهہکر هواخوري کو جاتا هے - † آندهي هو یا بارش ' گرمي

---

* خالصه گورنمنٹ کے فوجي صیغه کے کاغذات میں جو مصنف نے گیارہ سال گزرے مرتب کئے تهے ایسے بہت سے نام پائے جاتے هیں جهاں ' زخمیوں اور بکارآمدہ ' کے وارثوں کے نام پنشنیں لگائی گئیں -

† اوزبرن لکهتا هے که مہاراجه نے حکم دے رکها تها که اس کے سونے کے کمرے کے نزدیک هی ایک گهوڑا تیار رکها جائے تاکه صبح کے وقت هواخوري کے لئے جانے میں دیر نه هو - نیز اپني ڈهال اور تلوار بهی مہاراجه اپنے سرهانے رکهہ کر سوتا تها -

ہو یا سردی ' مہاراجہ ہر روز بلا ناغہ صبح کی سیر کو جاتا تھا - ہواخوری کے بعد جلدی سے کچھ ناشتہ کرکے مہاراجہ دربار منعقد کرتا تھا جو عموماً بارہ بجے تک رہتا تھا - مہاراجہ صبح کا دربار ضروری طور سے دربار عام کی عمارت میں نہیں لگاتا تھا بلکہ جس جگہ اُس کا جی چاہتا تھا منعقد کر لیتا - کبھی درخت کے سایہ میں بیٹھ جاتا ' کبھی شامیانہ کے تلے صبح کے دربار میں وہ مختلف محکموں کے افسروں سے رپورٹیں سنتا ' اُن پر حکم لکھواتا ' بعد میں کھانا کھاتا تھا ' کھانے کے بعد آدھ گھنٹہ آرام کرتا ' پھر تیرہ گھنٹہ تک گرنتھ صاحب سنتا رہتا - * دو پہر کے وقت ہی مہاراجہ اکثر اوقات اپنے کبوتر بٹیر باز وغیرہ کو اپنے ہاتھوں سے دانہ ڈالتا اور قلعہ کے اندر والے باغیچہ میں تفریح طبع کے لئے قدرے ٹہلتا - اُس سے فراغت پاکر پھر سرکاری کام کی طرف متوجہ ہوتا - ایک چھوٹا سا دربار منعقد کرتا جسے سرکاری کاغذات میں دربار سہ‌پہری لکھا ہے - اُس میں مختلف محکموں کے برگزیدہ افسر موجود ہوتے تھے اور اکثر حساب کتاب کے معاملات پر غور کیا جاتا تھا - شام کے وقت مہاراجہ سیر کو نکل جاتا تھا - عموماً اُس وقت فوجوں کی قواعد کا معائنہ کرتا اور راستہ میں جاتا ہوا رعایا کی داد و فریاد سنتا -

* دیکھو سکھ اور افغان مصنفہ شہادت علی خاں - صفحہ ۱۷ -

محنت کي عادت

رنجیت سنگھ نہایت ھی محنتی اور جفاکش واقع ھوا تھا - کام کرنے میں اُسے خوشی حاصل ھوتي تھی - بیکاري کی زندگی اس کے لئے وبال تھي - ادنی سے ادنی کام کي طرف خود توجہ دیتا تھا ' گھوڑوں کي نعل‌بندي اور ان کے راتب کے لئے خود احکام صادر کرتا تھا - افسروں کے نام خود پروانے لکھواتا تھا باھر سے آئی ھوئی رپورٹوں کو سنتا تھا حکم کی عبادت خود بولتا تھا جسے پیشکار فوراً قلمبند کرلیتے تھے - اُسے دوبارہ سنتا تھا تاکہ یہ دیکھے کہ پیشکار نے پورا مطلب ظاھر کر دیا ھے یا نہیں - * مہاراجہ کے حکم سے ایک پیشکار ھر وقت اُس کے پاس موجود رھتا تھا - مہاراجہ خواہ محل میں ھوتا خواہ سیر پر یا فوج کی قواعد دیکھتا ھوتا - بلکہ رات کے وقت بھی ایک پیشکار فرمانبرداري کے لئے حاضر ھوتا تھا - مہاراجہ کو جب کوئی ضروري کام یاد آ جاتا اُسے پیشکار فوراً لکھ لیتا اور دستور کے موافق پروانہ پر مہاراجہ کے حکم کا وقت موقع اور مقام بھي درج کر دیتا - پھر مہاراجہ کي اجازت سے فوراً حکم جاري کر دیا جاتا - دنیا کے تمام بڑے بڑے مہا پرشوں کي طرح مہاراجہ

* مہاراجہ کے دربار سے پروانے فارسي زبان میں جاری ھوتے تھے - ان پروانوں کی زبان پنجابی‌نما فارسی ھے جس کی وجہ یہ بھی ھے کہ جوں جوں مہاراجہ بولتا جاتا تھا پیشکار اسے فارسی میں ترجمہ کرتا جاتا تھا -

کي عادت تھي کہ کبھي آج کا کام کل پر نہ چھوڑتا۔
مہاراجہ کي کامیابي کا یہ بڑا بھاري راز تھا۔ لیکن اس
اس محنت شاقہ اور جفا کشی کا خمیازہ بھگتنے سے مہاراجہ
نہ بچ سکا۔ پچاس برس کی عمر میں ھی رنجیت سنگھ
کی صحت خراب ھو گئي۔ گو مہاراجہ نے تندرستي حاصل
کرنے کے لئے بہتري کوشش کي مگر لگاتار محنت کي عادت
کي وجہ سے سب کوشش رائگاں گئی اور انسٹھ برس کي
چھوٹي عمر میں ھي مہاراجہ اس جہان فاني سے رحلت
کر گیا۔

مہاراجہ کي تعلیم

اوائل عمر میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کو تعلیم حاصل
کرنے کا کوئي موقعہ نہیں ملا۔ اس زمانہ میں سکھ سرداروں
کو حصول علم کا کوئی شوق نہ تھا اور نہ ھي ان کو اس
طرف توجہ دینے کي فرصت تھي۔ اٹھارھویں صدي کے آغاز میں
خالصہ دھرم اور پنتھ کا وجود ھی سخت خطرہ میں تھا۔
اس لئے اس کو بچانا ھر خالصہ کا مقدم فرض تھا۔ ایسے
حالات میں سکھ سردار علم کي تحصیل کی طرف کس طرح
توجہ دے سکتے تھے۔ علم و ھنر کی ترقی ھمیشہ امن و آسائش
کے زمانہ میں ھوا کرتي ھے۔ مگر ان دنوں امن و امان
ملک کو خیرباد کہہ چکا تھا کہ کتابی علم سے بے بہرہ ھونے کے
باوجود بھی رنجیت سنگھ بہت باخبر شخص تھا جس کا
دماغ عام معلومات سے پر تھا۔ یورپین سیاح جو وقتاً فوقتاً

مہاراجہ کے دربار میں آیا جایا کرتے تھے صاف طور سے لکھتے ہیں کہ مہاراجہ اس قدر باخبر ہے کہ تھوڑے عرصہ کی گفتگو میں ہی بہت سے اور مختلف انواع کے دقیق مسئلوں پر بحث کر جاتا ہے -

عالموں کا قدردانی

مہاراجہ اهل علم سے مل کر خوش ہوتا تھا اور ان کی قدر و منزلت کرتا تھا - * اس میں شک نہیں کہ مہاراجہ اپنے عہد حکومت میں کسی خاص وسیع پیمانہ پر ملک میں تعلیم رائج نہیں کر سکا - مگر ہم یہ امر نظر انداز نہیں کر سکتے کہ ایسا کرنے کے لئے نہ تو پنجاب میں اسے ایسے سامان مہیا تھے اور نہ ہی اُسے زندگی بھر اُدھر توجہ دینے کی فراغت نصیب ہوئی - پھر بھی اُس نے کوشش میں کسر باقی نہیں چھوڑی - عیسائی مشنریوں نے لدھیانہ میں انگریزی پڑھانے کا اسکول جاری کر رکھا تھا - مہاراجہ نے سرکاری خرچ پر چند نوجوان طلبا حصول تعلیم کی غرض سے وہاں روانہ کئے - اپنے بیٹے شہزادہ شیر سنگھ کے لئے بھی انگریزی پڑھانے کا انتظام کیا - † اپنے کئی درباریوں کو بھی تیار کیا کہ وہ

* مہاراجہ کے دل میں تعلیم کے لئے کس قدر عزت موجود تھی اس کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب سکھ جنگ پشاور میں مشغول تھے تو مہاراجہ نے حکم دے دیا کہ چمکنی کی زیارت‌گاہ میں جو مسلمانوں کا کتب‌خانہ ہے اسے صحیح سلامت رکھا جائے -

† مہاراجہ شیر سنگھ کے انگریزی دستخط کئی سرکاری کاغذوں پر موجود ہیں جو گورنمنٹ پنجاب کے ریکارڈ اوفس میں پڑے ہیں -

اپنے بچوں کو انگریزی تعلیم دلائیں - سرکاری خرچ پر لاہور میں انگریزی اسکول کھولنے کی تجویز کی گئی تھی جس کے لئے مسٹر لاری کو جو لدھیانہ اسکول کا برگزیدہ معلم تھا بلوایا - مگر یہ تجویز ناکامیاب رہی کیونکہ مسٹر لاری سکول میں بائبل (انجیل) پڑھانے پر بضد تھا اور مہاراجہ یہ پسند نہ کرتا تھا - فارسی ہندی اور گورمکھی پڑھانے کی درسگاہوں کو مہاراجہ کی طرف سے وظیفے اور جاگیریں ملتی تھیں - جتنے انگریزی اور فرانسیسی اصحاب مہاراجہ کے ہاں ملازم تھے اُن کے ساتھ مہاراجہ اپنی قوم کے ہونہار بچے لگائے رکھتا تھا تاکہ وہ اُن سے کچھ نہ کچھ یورپین سائنس سیکھ لیں - ڈاکٹر میکریگر اور ہانگ برگر نے اپنی کتابوں میں اس بات کا کئی بار ذکر کیا ہے کہ ان کے سکھ شاگرد اپنے گولہ اندازوں کے لئے ہدایتیں انگریزی زبان سے گورمکھی میں ترجمہ کردیا کرتے تھے - * مہاراجہ کو خود بھی نئی نئی معلومات حاصل کرنے کا از حد شوق تھا - چنانچہ کپتان ویڈ کو گورنمنٹ کے ضابطۂ دیوانی اور انگلستان کی پارلیمنٹ کے ضابطۂ حکومت پر ایک طویل نوٹ لکھنے کے لئے کہا اور دربار کے وکیل منشی سوہن لال کو اُس کا فارسی میں ترجمہ

* میاں قادر بخش ہونہار نوجوان تھا اور مہاراجہ کے توپخانہ میں ملازم تھا - مہاراجہ نے اسے انگریزی پڑھنے کے لئے لدھیانہ بھیجا - اس نے انگریزی کتابوں کی مدد سے فن توپ اندازی پر ایک کتاب فارسی زبان میں مرتب کی تھی -

کرنے کے لئے فرمایا - * اسی طرح انگریزی کورٹ مارشل کے ضوابط بھی ترجمہ کرائے گئے -

مہاراجہ کو علم تاریخ کا خاص طور پر شوق تھا - وہ تاریخ لکھنے والوں کو انعام و اکرام دیتا رہتا تھا - اسی سرپرستی کا نتیجہ تھا کہ منشی سوہن لال دربار کے تاریخی واقعات لکھنے کے لئے وکالت کے عہدہ پر ممتاز کیا گیا - اس کا لکھا ہوا روز نامچہ مہاراجہ کے حالات معلوم کرنے کے لئے ایک ضخیم اور قابل قدر چشمہ ہے - اسی طرح دیوان امر ناتھ نے بھی مہاراجہ کے حکم سے ظفر نامۂ رنجیت سنگھ تیار کیا - ان کے علاوہ سیکڑوں روپیہ خرچ کرکے گرنتھ صاحب گور مکھی زبان میں نقل کرائے اور انھیں بڑے بڑے گور دواروں میں رکھوایا -

غرضیکہ زمانہ کی رفتار اور ضروریات وقت کے مطابق رنجیت سنگھ نے تعلیم کی ترقی کے لئے کم و بیش کوشش ضرور کی تھی گو موجودہ زمانہ کے معیار کے مطابق یہ خاص قابل قدر کوشش نہیں سمجھی جا سکتی -

مہاراجہ کی مذہبی زندگی

اُس زمانہ میں کسی شخص کی مذہبی زندگی جانچنے کی کسوٹی صرف یہ نہ تھی کہ اُس شخص کا اخلاق کیسا ہے

* یہ ترجمہ سوہن لال کی عمدۃالتواریخ کے ساتھ بطور ضمیمہ شائع ہوا تھا -

اور اُس کی پرائیویٹ زندگی کیسی ہے بلکہ اُس کا معیار ظاہری رسم و رواج اور نت نیم کی ادائیگی پر مبنی تھا - جو شخص مذہب کے باطنی اور ظاہری پہلو پر پوری طرح سے عمل کرتا تھا - دھرم‌وان کہلاتا تھا چنانچہ رنجیت سنگھ بھی اسی قسم کے مذہبی اصولوں کا قائل تھا - وہ سکھ مذہب کا پکا معتقد تھا - ہر روز گرنتھ صاحب کا پاٹھ سنتا تھا - * گوربانی سن کر اُسے بہت تسکین ہوتی تھی - گرنتھ صاحب کی ارداس کرانے میں بہت با قاعدہ اور پابند تھا اور اس پر ہزاروں روپیہ سالانہ خرچ کیا کرتا تھا - دربار صاحب امرتسر میں پرشاد کے لئے شہر کی چنگی کی آمدنی میں سے روزانہ ایک خاص رقم مخصوص کی ہوئی تھی - اور دیگر بڑے بڑے گوردواروں کے لئے بھی ایسا ہی انتظام کیا ہوا تھا - دربار صاحب کے گنبد پر سنہری کام کرنے میں مہاراجہ نے ایک کثیر رقم خرچ کی تھی - سکھ گوردواروں کے علاوہ جوالا مکھی کے مندر کی سجاوٹ پر بھی ہزاروں روپیہ خرچ کئے - سری ترن تارن اور کٹاس راج کے مشہور تیرتھ کو مہاراجہ اکثر اشنان کے لئے جایا کرتا تھا اور وہاں سیکڑوں روپیہ خیرات میں تقسیم کیا کرتا تھا -

مذہبی پالیسی

حکمران ہونے کی حیثیت سے رنجیت سنگھ کی مذہبی

* یہ گرنتھ صاحب مہاراجہ نے سنہ ۱۸۱۸ء میں کرتار پور سے منگوایا تھا -

پالیسي فراخدلي پر مبني تھي - اُس نے کبھي کسی شخص پر جبر و تشدد کرکے اُسے سکھ مذہب میں داخل کرنے کي کوشش نہیں کی اور نہ ھي کچھ ایسی زیادہ مثالیں ملتي ھیں جن سے یہ ثابت ہو کہ مہاراجہ نے کسی قسم کا روپیہ یا جاگیر وغیرہ کا لالچ دے کر لوگوں کو اپنے مذہب میں آنے کي دعوت دي ہو - * مہاراجہ کی سلطنت قائم ہونے سے پہلے بھی پنجاب میں اکثر ھندوؤں کا میلان گورو باني سننے کی طرف تھا گو وہ باقاعدہ خالصہ دھرم میں شامل نہ تھے - مہاراجہ کے زمانہ میں قصبوں اور شہروں میں دھرم شالاؤں کی تعداد بڑھتی گئي اور اس طرح لوگوں کا رجوع گورو باني سننے کي طرف بڑھتا گیا - " یتھا راجہ تتھا پرجا " والا معاملہ ھمیشہ سے ہوتا چلا آیا ھے - خالصہ کي بڑھتي ہوئي تعداد کو دیکھ، کر مہاراجہ خوش ضرور ہوتا تھا - چنانچہ بہت سے ھندو مہاراجہ کي خوشنودگي حاصل کرنے کے لئے اپني مرضي سے پاؤھل لینے میں فخر سمجھتے تھے - اِسي ضمن میں الکزینڈر برنز نے جو کئي

* ھمارے مطالعہ کے دوران میں صرف دو تین مثالیں ھماري نظر سے گزری ھیں - جہاں کسی شخص کو پاؤھل لینے پر انعام دیا گیا ہو یا ایسا کرنے کا لالچ دیا گیا ہو - ایک سرکاری پروانہ ۹ بیساکھ سمت ۱۸۹۱ بکرمی میں یہ ذکر آتا ھے کہ ایک شخص دیوان سنگھ خدمتگار کو پاہل لینے کے عوض پانچ سو روپیہ کی جاگیر عطا ہوئی - منشی سوھن لال عمدۃالتواریخ دفتر سوئم کے صفحہ ۲۰۴ پر اسی قسم کا واقعہ درج کرتا ھے کہ پنڈت مدھو سودن کے بیٹے کو مہاراجہ نے کہا کہ اگر تم پاوھل لے لو تو تمہیں فوج میں عہدہ دیا جائیگا -

مرتبہ مہاراجہ کے دربار میں آیا ایک معزز سکھ کی زبانی سن کر یہ لکھا ہے کہ اوسطاً پانچ ہزار آدمی سالانہ سکھ مذہب میں داخل ہوتے ہیں * - سر لیپل گرفن بھی اِس امر کی تائید کرتا ہوا لکھتا ہے کہ مہاراجہ کے عہد حکومت میں خالصہ مذہب کے پیرووں کی تعداد بہت بڑھ گئی تھی -

مہاراجہ کا چال چلن

اوپر کے بیان سے واضع ہو گیا ہوگا کہ مہاراجہ قدرتی طور سے غیر معمولی اِنسان واقع ہوا تھا - لیکن اُن خوبیوں کے ساتھ ہی اُس میں کئی قسم کی کمزوریاں بھی تھیں - وہ افیون کھاتا تھا ' شراب پینے کا عادی تھا ' رقص و سرود کی محفلوں کا مشتاق تھا اور ایسے موقعوں پر بھری مجلس میں بھی شرم و حیا کا بہت پاس نہ رکھتا تھا - موراں اور گل بیگم والا معاملہ بھی انہی محفلوں کا نتیجہ تھا مگر مہاراجہ کی زندگی کے اس پہلو کا مطالعہ کرتے وقت ہمیں یہ مد نظر رکھنا چاہیئے کہ وہ پنجاب میں اس وقت پیدا ہوا جب ان باتوں کو خاص بری نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا تھا - نیز اس نے ایسی سوسائتی میں پرورش پائی جس میں یہ کوئی بڑا عیب تصور نہیں کیا جاتا تھا بلکہ برعکس اس کے اعلیٰ طبقہ کے لوگ رقص و سرود کی محفلوں کو اپنی زندگی کا لازمی اور ضروری حصہ سمجھتے

* برنز ا سنہ ۱۸۳۱ ء میں کافی عرصہ تک مہاراجہ کے دربار میں ٹھہرا -

تھے - چنانچہ مہاراجہ کے درباری لوگ بھی ایسی زندگی بسر کرتے تھے جیسے وہ تھے ویساھی مہاراجہ بھی تھا - اس نے اپنے اعلی مرتبہ کا ایسے خراب کاموں کے لئے کبھی بھی ناجائز فائدہ نہیں اُٹھایا اور اپنی شاھی طاقت کا کبھی اس طرح ناجائز استعمال نہیں کیا - ایشیا اور یورپ کی تاریخ میں ایسی سیکڑوں مثالیں پائی جاتی ھیں جہاں بادشاھوں نے کئی گھرانوں کی خانگی زندگی کی پوترتا کو خراب اور برباد کیا ھے - لیکن رنجیت سنگھ کا چال چلن اس لحاظ سے بالکل پاک صاف ھے - لارنس ' ھانگ برگر ' ھیوگل ' سر ھنری فین اور دیگر کئی یورپین اصحاب نے جنھیں مہاراجہ کے ساتھ ذاتی طور پر واسطہ پڑا مہاراجہ کی لیاقت ' قابلیت ' اور چال چلن کی نسبت اعلی اور بلند رائے ظاھر کی ھے -

دنیا کی تاریخ میں ایسی نظیریں کم ملتی ھیں کہ ایک شخص نے رنجیت سنگھ کی طرح بے سروسامانی سے اُٹھکر اِتنی بڑی سلطنت قائم کی ھو پھر اُس نے کسی بھاری اخلاقی گناہ کا بوجھ اپنے سر نہ لیا ھو اور وہ اپنے مغلوب شدہ دشمنوں کے غصہ کا شکار نہ ھوا ھو - مہاراجہ کے لئے یہ بڑے فخر اور عزت کی بات ھے کہ جب سے اُس نے حکومت کی باگڈور اپنے ھاتھ میں لی کسی شخص کو بھی موت کی سزا نہیں دی - یہ اُس کی خوش خلقی ' نیک طبیعتی اور ھردلعزیزی کا ھی نتیجہ تھا کہ اُس کی رعایا بچے سے لےکر بوڑھے تک اُسے پیار کرتی تھی - اُس کے دشمن بھی اُس کی مہربانیوں کے بوجھ کے نیچے دب

کر خاموش ہو جاتے تھے -

مہاراجہ کا تاریخ میں درجہ

حیرت انگیز ترقی

رنجیت سنگھ کے مذکورہ بالا حالات پڑھ کر واضح ہو گیا ہوگا کہ اِس غیر معمولی ہستی نے ایک چھوٹے سے گاؤں کی سرداری سے زندگی شروع کرکے تھوڑے ہی عرصہ میں ایک وسیع سلطنت قائم کر لی - ہمہ تن کوشش میں مشغول رہ کر اپنی فوج کو نہایت ہی اعلیٰ درجہ کی ترقی پر پہنچا دیا - سونے ' چاندی اور جواہرات سے پر قابل‌قدر خزانہ جمع کر لیا ' اپنے دربار کی شان و شوکت اور جاہ و حشمت کو بڑھایا - نہایت عقلمندی زیرکی اور فراست سے انگریزوں کی زبردست طاقت کے ساتھ دوستانہ رابطہ اور اتحاد قائم کر لیا - یہ سب باتیں مہاراجہ کی تعجب‌خیز لیاقت اور قابلیت کا ثبوت دیتی ہیں -

خالصہ کی متحدہ طاقت

مگر ہماری رائے میں اس سے بھی کئی گنی زیادہ قابل قدر خدمت جو مہاراجہ نے اپنی قوم و ملک کے لئے کی وہ خالصہ کی منتشرشدہ فوجی وملکی طاقت کو ایک جگہ اکٹھا کرنا تھا - اٹھارھویں صدی کے اخیر میں خالصہ کی کشتی بھنور میں پھنسی ہوئی تھی اور قریب تھا کہ یہ ڈوب جائے مگر مہاراجہ اُسے گرداب سے صحیح سلامت نکال کر ساحل پر لے آیا اور باقاعدہ پختہ مرمت کرکے ایک بار پھر اِس قابل

بنا دیا کہ وہ زبردست طوفانوں کا مقابلہ کرتي ہوئي سیاسي سمندر کا سفر طے کر سکے - مغلیہ طاقت کے زوال کے دوران میں خالصہ مثلداروں نے پنجاب کے بڑے بڑے علاقوں پر قبضہ کر لیا تھا اور آپس میں جتھہ بندي کرکے خالصہ کے لئے اهم پولیٹیکل طاقت قائم کر دي تھي - لیکن اتھارھویں صدي کے آخیر میں مثلیں اپنا کام کر چکي تھیں - اُن میں کسي قسم کا اِتفاق اور جتھہبندي باقي نہیں رهي تھي - اُن کي تاریخ کا بغور مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بڑے بڑے سرداروں کے دل میں آپس کي همدردي کے بجائے خودغرضي داخل ہو چکی تھي اور وہ ایک دوسرے کی مدد کرنے کی بجائے ایک دوسرے کو کمزور کرنے کے درپے ہو رهے تھے - آپس کی خانہ جنگی زوروں پر تھی اور ایک سردار اپنے همسایہ دوسرے سردار کے خون کا پیاسہ بنا ہوا تھا - اگر یہی حالت کچھ اور عرصہ تک جاري رهتی تو بعید نہ تھا کہ تھوڑے ہی عرصہ میں خالصہ کی کل طاقت زائل ہو جاتی اور چونکہ وہ چاروں طرف سے غیر سکھ طاقتوں سے گھرے ہوے تھے اِس لئے وہ جلد ہی اپني شاندار قربانیوں سے حاصل کی ہوئی آزادیٔ کھو بیٹھتے - اُن کے جنوب ، شمال اور مغرب میں بہاولپور ، سندھ ، ملتان ، ڈیرہجات ، پشاور ، هزارہ اور کشمیر کی زبردست اسلامی طاقتیں واقع تھیں - شمال مشرق میں جموں اور کانگڑہ کے کوهستانی علاقہ پر راجپوت راجہ حکمراں تھے - مشرق میں انگریزوں کی عملداری دریائے جمنا تک پہنچ چکی تھي - چنانچہ سکھ مثلدار بجئیس

دائتوں میں زبان کی طرح غیر سکھ طاقتوں سے گھرے ہوئے تھے -

خالصہ کی طاقت کو برقرار رکھنے کے لئے سکھ مثلداروں میں اتفاق اور اتحاد قائم کرنے کی اُس وقت سخت ضرورت تھی - رنجیت سنگھ نے وقت کی ضرورت پہچان کر سوچا کہ مثلداروں کا جتھےبند ہونا مشکل ہے - اس لئے اُن سب کو ایک بھاری سلطنت کے پرزوں میں تبدیل کر دینا چاہیئے ورنہ منتشر رہتے ہوئے اُن سب کی طاقت ضائع ہو جائیگی - چنانچہ مہاراجہ اپنی عالی ہمت الوالعزمی اور خداداد لیاقت سے اپنے بلند ارادہ میں کامیاب ہوا اور تیس برس کے اندر ہی اندر خالصہ کی عظیم‌الشان سلطنت قائم کر دی بلکہ اپنی قوم کے لئے قابل فخر مثال قائم کر دی کہ " سکھوں نے پنجاب میں حکومت کی " - اور یہ ثابت کردیا کہ صدیوں تک ملکی غلامی کی زنجیر میں جکڑا رہنے اور بیرونی ممالک کی حکومتوں کے کچل ڈالنے والے بوجھ کے تلے دبے رہنے اور انتظام سلطنت میں کبھی کوئی حصہ نہ لینے کے باوجود بھی ہندوستان ایسے شخص پیدا کر سکتا ہے جو نہ صرف ماتحتی میں ہی اہم خدمات سرانجام دے سکتے ہیں بلکہ خودمختار حکمراں بن کر بھی زبردست سلطنت قائم کر سکتے ہیں - بلا شبہ رنجیت سنگھ دنیا کے اُن غیر معمولی آدمیوں میں سے ایک تھا جو شاذ و نادر پیدا ہوتے ہیں اور دنیا کے نقشے کو پلٹ دیا کرتے ہیں - ہم اُس کی ہستی پر جتنا بھی ناز کریں تھوڑا ہے -

سکھ سلطنت کے زوال میں رنجیت سنگھ کی ذمہ داری

اِس کے متعلق ناظرین کے دل میں یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہوگا کہ مہاراجہ کی وفات کے بعد یہ زبردست سلطنت کیوں عرصہ دراز تک قائم نہ رہ سکی اور جلدی ہی درہم و برہم ہو گئی - شیر پنجاب کی وفات کے دس سال کے اندر ہی خالصہ نے اپنی پولیٹیکل طاقت کھو دی اور رنجیت سنگھ کی محنت و جانفشانی سے قائم‌کردہ سلطنت ۱۸۴۹ء میں انگریزی راج میں ملحق ہو گئی - اس سوال کے کئی پہلو ہیں جن پر الگ الگ بحث کرنے اور اُس کا جواب دینے کے لئے ایک مکمل کتاب تیار ہو سکتی ہے - اس لئے اس موقعہ پر ہم اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتے - البتہ اپنے مطالعہ سے ہم اس نتیجہ پر ضرور پہنچتے ہیں اور یہ فیصلہ دینے میں ہمیں ذرا بھی تامل نہیں ہے کہ سکھ حکومت کے دیر تک قائم نہ رہنے کی ذمہ‌داری زیادہ حد تک رنجیت سنگھ کے سر پر نہیں رہتی - جس وقت مہاراجہ نے آخری سانس لیا تمام سلطنت میں پورا امن و امان قائم تھا - سرکاری آمدنی بغیر کسی جبر و تشدد کے کوڑی کوڑی تک وصول ہو جاتی تھی - خالصہ فوج ضابطہ اور قواعد کی پوری پابند تھی - زوال کا کوئی نشان بھی ظہورپذیر نہ تھا کہ جس کے دیکھنے سے یہ باور ہوتا کہ رنجیت سنگھ کی آنکھیں بند ہوتے ہی خالصہ سلطنت پولیٹیکل گرداب میں پھنس جائےگی اور اسی بھنور میں

یہ ہمیشہ کے لئے غرقاب ہو جائیگی - یہ پولیٹیکل گرداب کیوں کر پیدا ہوا اِس کا جواب ہم دوسری کتاب میں دینگے - یہاں صرف اِسی پر قناعت کرتے ہیں کہ

دریں ورطہ کشتی فرو شد ہزار
کہ پیدا نہ شد تختۂ بر کنار

ختم شد

مہاراجہ کا دربار

[بہ اجازت پنجاب گورنمنٹ ریکارڈ آفس]

ضمیمہ ۱

مہاراجہ کے خاص افسروں کي فہرست * -

اِس ضمیمہ کے حجم کو دوسرے ضمیموں کے برابر رکھنے کی غرض سے ہم نے یہاں پر صرف چند ایک چوٹي کے افسروں کے هی نام درج کرنے پر قناعت کي ہے - اس سے یہ مفہوم نہیں ہے کہ ان افسروں کے سوائے کسي دوسرے افسر کو مہاراجہ کے دربار میں دخل یا رسوخ نہیں تھا -

(۱) سردار فتح سنگھ کالیانوالہ - قدیمي فوجي سرداروں میں سے تھا - مہاراجہ کي طرف سے اس سردار کو جنگ و صلح کي نسبت کل اختیارات حاصل تھے - نرائن گڑھ کی جنگ میں سنہ ۱۸۰۷ع میں جاں بحق ہوا -

(۲) سردار فتح سنگھ دھاري - یہ بھي قدیمي فوجي سرداروں میں سے تھا - سنہ ۱۷۹۹ع میں تسخیر لاہور کے وقت مہاراجہ کے ہمراہ تھا -

(۳) سردار عطر سنگھ دھاري - سردار فتح سنگھ کا بیٹا تھا - باپ کے بعد اپنی فوج کا سرکردہ مقرر ہوا - جنگ ملتان میں سنہ ۱۸۱۰ع میں سرھنگ کے پھٹنے سے جل کر مر گیا -

---

* یہ ضمیمہ زیادہ‌تر منشي سوهن لال کي عمدة‌التواریخ اور سرلیپل گرفن کي کتاب رؤسان پنجاب پر مبنی ہے -

(۴) سردار مت سنگھ بھڑانیہ - مہاراجہ کے دربار میں اس سردار کو بڑا رسوخ حاصل تھا - سنہ ۱۸۱۳ع میں پونچھ (کشمیر) کے مقام پر جنگ میں ہلاک ہوا -

(۵) سردار جوالا سنگھ بھڑانیہ - سردار مت سنگھ کا بیٹا تھا - باپ کی جاگیر کے علاوہ ایک لاکھ پچیس ہزار سالانہ کی اس کو اپنی جاگیر ملی ہوئی تھی - جنگ ملتان، کشمیر و منکیرہ میں اس نے نمایاں خدمات سرانجام دیں -

(۶) سردار دل سنگھ نہیرنہ - سردار فتح سنگھ کالیانوالہ کا متبنی تھا - والد کی کل فوج و جاگیر اس کو عطا ہوئی - باوجود عمررسیدہ ہونے کے جنگ کے موقعہ پر سردار دل سنگھ جوانوں کی طرح لڑتا تھا - سنہ ۱۸۲۳ع میں فوت ہوا -

(۷) سردار حکم سنگھ اٹاری‌والہ - مہاراجہ کے قدیمی سرداروں میں سے تھا - مہاراجہ اس سردار سے اکثر صلاح و مشورہ لیا کرتا تھا - ایک لاکھ سالانہ سے زیادہ جاگیر تھی - سنہ ۱۸۱۳ع میں فوت ہوا -

(۸) سردار نہال سنگھ اٹاری‌والہ - دربار میں اس کا بڑا رتبہ تھا - مہاراجہ کا نہایت ہی وفادار سردار ثابت ہوا - (دیکھو صفحہ ۲۰۴)

(۹) سردار شام سنگھ اٹاری‌والہ - سردار نہال سنگھ کا بیٹا تھا - اپنے والد کی وفات پر کل جاگیر و

فوج و رتبہ پر ممتاز ہوا - سنہ ۱۸۴۶ع میں
سبراؤں کی لڑائی میں بہادری سے لڑتا ہوا
مارا گیا -

(۱۰) دیوان محکم چند - چوٹی کے فوجی افسروں میں
سے تھا - شجاعت و فن سپاہگری میں یکتا تھا -
مہاراجہ کو دیوان محکم چند کی وفاداری پر پورا
اعتماد تھا - اکتوبر سنہ ۱۸۱۴ع میں فوت ہوا -

(۱۱) دیوان موتی رام - دیوان محکم چند کا بیٹا تھا -
عرصہ تک کشمیر کا گورنر رہا -

(۱۲) دیوان رام دیال - دیوان موتی رام کا بیٹا تھا - چھوٹی
عمر میں ہی فوج میں ایک اونچے عہدہ پر
ممتاز تھا - اپنے دادا کی طرح شجاعت و فن
سپاہگری میں یکتا تھا - سنہ ۱۸۲۰ع میں ہزارہ
کی لڑائی میں اٹھائیس برس کی چھوٹی عمر
میں ہلاک ہوا -

(۱۳) دیوان حکما سنگھ چمنی - نمک‌سار کھیوڑہ اور
دارالسلطنت لاہور کے چلکی‌خانہ کا افسر تھا -
اس کے علاوہ فوجی عہدہ پر بھی ممتاز تھا -
تین لاکھ سالانہ کی جاگیر تھی -

(۱۴) سردار بدھ سنگھ سندھانوالیہ - مہاراجہ کے بہادر
سرداروں میں سے تھا - سنہ ۱۸۲۷ع میں ہیضہ کی
مرض سے فوت ہوا - بڑی شان و غرور کا انسان
تھا - اس کے بعد سردار بدھ سنگھ کے بھائی

(۱۵) عطر سنگھ - لہنا سنگھ و دساوا سنگھ فوج و جاگیر پر ممتاز ہوئے -

(۱۶) سردار کرم سنگھ چاھل - یہ سردار شکل و وضع میں نہایت ہی خوبصورت تھا - مہاراجہ کے پاس اس کی بڑی رسائی تھی - سنہ ۱۸۲۳ع میں یوسف زئی کے جنگ میں قتل ہوا - اس کے بعد اس کا بیٹا سردار گورمکھ سنگھ فوج و جاگیر پر ممتاز ہوا -

(۱۷) سردار جودھ سنگھ رامگڑھیہ - رامگڑھیہ مثل کا سردار تھا - مہاراجہ اس کی بڑی تعظیم کیا کرتا تھا - سنہ ۱۸۱۶ع میں فوت ہوا -

(۱۸) سردار جودھ سنگھ و امیر سنگھ سوڑیانوالہ - ہر دو باپ اور بیٹا مہاراجہ کے بڑے سرداروں میں سے تھے - ان کی تیرہ لاکھ کے قریب جاگیر تھی -

(۱۹) میاں غوث خان - قدیمی فوجی افسروں میں سے تھا - کل توپخانہ جلسی اس کے ماتحت تھا - بڑا جابر اور شان شوکت والا افسر تھا - مہم کشمیر میں فوت ہوا -

(۲۰) سردار سلطان محمود - میاں غوث خان کا بیٹا تھا - باپ کی جگہ توپخانہ کا افسر مقرر ہوا -

(۲۱) جرنیل الٰہی بخش - توپخانہ اسپی کا افسر تھا - خوش شکل و خوش گفتار انسان تھا -

(۲۲) امام شاہ - توپخانہ خاص کا افسر اور قلعہ لاہور کے اندر تعینات تھا -

(۲۳) مظہر علی بیگ - توپخانہ گھرنال کا افسر تھا -

(۲۴) فقیر عزیزالدین - اس کا مہاراجہ کے دربار میں بڑا رتبہ تھا - ہر سیاسی معاملہ میں مہاراجہ فقیر عزیزالدین کا مشورہ لیا کرتا تھا - فقیر عزیزالدین کے دونوں بھائی نورالدین اور امام‌الدین بڑے بڑے عہدوں پر ممتاز تھے -

(۲۵) راجہ دھیان سنگھ، و گلاب سنگھ و سوچیت سنگھ - یہ تینوں بھائی جموں کے رہنےوالے تھے - لاہور میں معمولی گھڑسواروں میں داخل ہوئے مگر اپنی لیاقت اور دانش‌مندی کی وجہ سے بڑے اونچے عہدہ پر پہنچ گئے - راجہ دھیان سنگھ وزیر اعظم مقرر ہوا - راجہ سوچیت سنگھ گھوڑچڑھا فوج میں چہاریاری ڈیرہ کا افسر اعلیٰ تھا اور راجہ گلاب سنگھ نظامت کے اونچے عہدہ پر ممتاز ہوا - یہ بعد میں مہاراجہ گلاب سنگھ والی جموں و کشمیر بنا -

(۲۶) جمعدار خوشحال سنگھ - یہ ضلع میرٹھ کا رہنے والا تھا - ذات کا گوڑ براہمن تھا - غربت کی حالت میں لاہور پہنچا اور معمولی پیادہ سپاہیوں میں بھرتی ہوا - خوبرو جوان تھا - بڑھتے بڑھتے افسر ڈیوڑھی کے بارسوخ رتبہ کو پہنچا -

(۲۷) سردار تیجا سنگھ - جمعدار خوشحال کا بھتیجہ

تھا - اپنے چچا کے رسوخ کی وجہ سے کمپوئی معلی
کا افسر اعلی مقرر ہوا -

(۲۸) سردار دھنا سنگھ ملوئی - مہاراجہ کے قدیمی سرداروں
میں سے تھا - بڑی فوج و جاگیر کا مالک تھا -

(۲۹) سردار جوند سنگھ موکل - اونچے درجہ کے فوجی
سرداروں میں سے تھا - مہاراجہ کے خاص مشیروں
میں سے تھا -

(۳۰) سردار دلیسا سنگھ مجیٹھہ - کوھستانی علاقہ کانگڑہ
کا ناظم تھا - بڑی شان و شوکت کے ساتھ رھتا تھا -
منشی سوھن لال اس کی نسبت لکھتا ھے کہ " مردی
متکبر و مغرور است - عقل خود را از تمامی زیادہ
میداند " -

(۳۱) سردار لہنا سنگھ مجیٹھہ - سردار دلسیا سنگھ کا بیٹا
تھا - والد کے بعد کانگڑہ کا ناظم مقرر ہوا - علم
نجوم و سائنس میں کافی مہارت رکھتا تھا -

(۳۲) سردار رتن سنگھ گرجاکھیہ - فوج و جاگیر کا مالک تھا -
دربار میں ایک وقت اس کا بڑا رسوخ تھا -

(۳۳) مصر دیوان چند - چوٹی کے فوجی افسروں میں سے
تھا - فتح ملتان ، کشمیر و ملکیرہ میں اس کا
نمایاں حصہ تھا - فتح ملتان کے صلہ میں مہاراجہ
نے مصر دیوان چند کو ظفر جنگ بہادر و فتح و
نصرت نصیب کا خطاب عطا کیا تھا - سنہ ۱۸۲۵ع
میں مرض قللنج کا شکار ہوا -

(۳۴) سردار گلاب سنگھ کہتہ - فوج گھوڑچڑھا خاص کا افسر اعلیٰ تھا -

(۳۵) دیوان دیوی سہائے - سردار گلاب سنگھ کہتہ کے ساتھ گھوڑچڑھا خاص کا افسر اعلیٰ تھا -

(۳۶) سردار ھری سنگھ نلوہ - مہاراجہ کا مشہور جرنیل تھا - بہادری و شجاعت میں یکتا تھا - کچھ عرصہ کے لئے کشمیر و ملک ھزارہ کا گورنر بھی رھا - بڑی فوج و جاگیر کا مالک تھا - ۱۸۳۷ع میں جنگ جمرود میں دشمن کی گولی سے ھلاک ھوا -

(۳۷) دیوان ساون مل - صوبہ ملتان کا ناظم تھا - نہایت ھی دانش‌مند و عدل‌پسند ناظم ھو گذرا ھے - مہاراجہ کے دل میں دیوان ساون مل کے لئے خاص عزت تھی -

(۳۸) دیوان بھوانی داس - مہاراجہ کا وزیر مال تھا - پہلے پہل اسی نے دفتر مال جاری کیا تھا - دربار میں دیوان بھوانی داس کا خاص رتبہ تھا - بڑے امیرانہ ٹھاٹھ سے زندگی بسر کرتا تھا - اس کا بھائی دیوان دیوی داس بھی اعلیٰ عہدہ پر ممتاز تھا -

(۳۹) دیوان گنگا رام - کشمیری پنڈت تھا - دربار میں اونچے عہدہ پر ممتاز تھا - مہاراجہ کا دفتر آبکاری و دفتر فوج اسی نے جاری کیا تھا - نہایت ھی خلیق انسان تھا -

(۴۰) دیوان اجودھیا پرشاد - دیوان گنگارام کا بیٹا تھا - اپنے والد کی جگہ دفتر فوج خاص کا افسر مقرر ہوا - بعد میں اسی دستۂ فوج کا کمانڈر بھی مقرر ہوا - بڑی شان و شوکت سے رہتا تھا - " مردی متکبر و نخوت‌شعار است " - (منشی سوہن‌لال -)

(۴۱) دیوان دینا ناتھ - کاشمیری پنڈت تھا - اپنی لیاقت و دانشمندی کی وجہ سے بڑھتے بڑھتے وزیر مال کے عہدہ پر پہنچا - پہلے دیوان اور بعد میں راجہ کا لقب پایا -

(۴۲) مصر بیلی رام - خزانہ عامرہ کا افسر اعلیٰ تھا - کوہ‌نور بھی اسی کی تحویل میں رہتا تھا - مصر بیلی‌رام کے دوسرے بھائی بھی اعلیٰ عہدوں پر ممتاز تھے - مصر روپ لال دوابہ جالندھر کا ناظم تھا - مصر میگھراج کی تحویل میں قلعہ گوبندگڑھ کا خزانہ و توشہ‌خانہ تھا - مصر رام‌کشن کچھ عرصہ کے لئے ڈیوڑی‌بردار کے عہدہ پر ملازم رہا - پانچواں بھائی مصر سکھراج فوج کے ایک برگیڈ کا کمانڈر تھا -

(۴۳) بخشی بھگت‌رام - تمام فوج آئین کے دفتر کا افسر اعلیٰ تھا - صیغہ فوج کا کل حساب و کتاب اسی کی تحویل میں تھا -

(۴۴) منشی کرم چند - لالہ کرم‌چند مہاراجہ کے خاص منشیوں میں سے تھا - دیوان تارا چند ' دیوان منگل

سین و دیوان رتن‌چند لالہ کرم چند کے بیٹے تھے
اور دربار میں اچھے عہدوں پر ممتاز تھے -
(۴۵) منشی رام دیال - حضوری منشی تھا - بڑا اہل قلم تھا -
مہاراجہ کي حکومت کے اوائل ایام میں دفتر
کي کل کارروائي اسي کے ہاتھوں ہوا کرتی تھی -
(۴۶) بھائی رام سنگھ و بھائی گوبند رام - بھائي بستي رام
کے پوتے تھے - مہاراجہ کے دربار میں ان کا بڑا
رسوخ تھا -

ضمیمہ ۲

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے یوروپین ملازموں کی فہرست

[نوٹ — یہ فہرست هم نے دفتر فوج کے کاغذات سے مرتب کي ہے - مسٹر گرے نے اپني کتاب میں ان کا مفصل حال درج کیا ہے نیز ان کے علاوہ اور بھي نام دیئے ہیں جو کہ اس نے مختلف کتابوں اور رپورٹوں سے جمع کئے ہیں -]

نمبر	نام	تنخواہ ماہوار	تاریخ ملازمت	کیفیت
۱	ونٹورہ	۲۵۰۰	۱۸۲۲	Ventura - جنرل ونٹورہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے نامي افسروں میں سے تھا - قواعدداں پیادہ فوج اسي کی زیر نگرانی تیار ہوئي تھي - یہ قریباً بیس سال تک خالصہ دربار میں ملازم رہا -
۲	الارڈ	۲۵۰۰	۱۸۲۲	Allard - جنرل الارڈ اور ونٹورہ اکٹھے هي مہاراجہ کے پاس ملازم ہوئے تھے - الارڈ نے مہاراجہ کے لئے قواعدداں رسالے تیار کئے تھے - یہ جنوري سنہ ۱۸۳۹ع میں فوت ہوا اور لاہور میں دفن کیا گیا -

نمبر	نام	تنخواہ	سنہ	کیفیت
۳	ابوطویلہ	۱۶۶۶	۱۸۲۷	Avatabile - جنرل ابوطویلہ فوجی افسر ہونے کے علاوہ وزیرآباد اور پشاور کا گورنر بھی مقرر ہوا -
۴	موسیٰ آمس	۱۰۰۰	,,	Oms - یہ شخص پیدل فوج میں کمیدانی کے عہدہ پر مامور تھا -
۵	برون ڈي مہوس	۷۰۰	,,	Brown de Mervis - پیدل فوج میں کمیدانی کے عہدہ پر مامور تھا -
۶	کورٹ	۱۶۶۶	,,	Court - جنرل کورٹ بھی مہاراجہ کے نامي افسروں میں سے تھا - یہ توپخانہ کا افسر تھا -
۷	ڈاکٹر مارٹن	۹۰۰	۱۸۳۰	Martin Honigberger - یہ شخص ڈاکٹر تھا - پندرہ سال تک لاہو دربار میں رہا - اس نے پنجاب کے حالات کے متعلق دلچسپ کتاب لکھی ہے -
۸	کوتلینڈ	۵۰۰	۱۸۳۲	Courtlandt - پیادہ فوج میں ملازم تھا - کوتلینڈ کي بیوي کو بھی مہاراجہ کی طرف سے ۸۰۰ روپیہ سالانہ وظیفہ ملتا تھا - سنہ ۱۸۴۲ع میں ان کے

نمبر و نام	تنخواہ	سنہ	کیفیت
			نلھے لڑکے کے لئے بھی وظیفہ لگایا گیا -
۹ لیسلی	۱۵۰	۱۸۳۴	Leslie - پیادہ فوج میں ملازم تھا -
۱۰ بیانکی	۲۷۰	۱۸۳۵	Bianchi - اس کے کام کے متعلق کاغذوں میں آباد کار لکھا ہے - مسٹر گرے اس کو انجینیر لکھتا ہے -
۱۱ دٹنرویس	۵۰۰	۱۸۳۴	Dottenweiss - یہ توپخانہ میں ملازم تھا اور باروت‌خانہ کا افسر تھا - یہ صرف چند ماہ کے لئے لاہور دربار میں رہا بعد میں برطرف کر دیا گیا -
۱۲ هارلن	۱۰۰۰	,,	Harlan - نورپور چسروتہ اور بعد میں گجرات کا گورنر مقرر ہوا - هارلن کی غالباً ایک ہی مثال ہے جو کہ نہایت ہی بےعزتی کے ساتھ ملازمت سے موقوف کیا گیا تھا - تفصیل کے لئے دیکھو ظفرنامہ رنجیت سنگھ صفحہ ۲۴۳ -
۱۳ فوکس	۵۰۰	۱۸۳۶	Foulkes - فوج سواری میں ملازم تھا - سنہ ۱۸۴۱ع میں

نمبر	نام	تنخواہ	سنہ	کیفیت
				جب کہ اپنی رجمنٹ کے ساتھ مہم کوہ منڈی میں گیا ہوا تھا اپنے سپاہیوں کے ہاتھ سے قتل ہوا -
۱۴	آرگو	۴۰۰	۱۸۳۶	Argoud - پیادہ فوج میں رنگروٹوں کو قواعد سکھلانے کے لئے ملازم رکھا گیا - سنہ ۱۸۴۳ع میں ملازمت سے برطرف کیا گیا -
۱۵	استائن بیک	۷۰۰	,,	Steinbach - پیادہ فوج میں ملازم تھا - اس نے بھی پنجاب کے متعلق کتاب لکھی ہے -
۱۶	فورڈ	۸۰۰	۱۸۳۷	Ford - فوج میں ملازم تھا -
۱۷	لافونٹ	۲۷۰	۱۸۳۸	LaFont - ابرطویلہ کے ماتحت پلٹن میں کمیدانی کے عہدہ پر مامور تھا -
۱۸	دلاروس	۵۰۰	,,	De la Roche - پیادہ فوج میں کمیدانی کے عہدہ پر مامور تھا -
۱۹	جیکب	۳۰۰	۱۸۳۸	Jacob - نجیب پلٹن میں امیر خان کے ساتھ کمیدانی کے عہدہ پر مامور تھا -
۲۰	ڈاکٹر بنیٹ	۱۰۰۰	,,	Benet - یہ شخص مہاراجہ

نمبر	نام	تنخواہ	سنہ	کیفیت
				کے دربار میں بطور ڈاکٹر کے ملازم تھا -
۲۱	موٹن	۸۰۰	۱۸۳۸	Mouton - یہ شخص فوج سواري میں ملازم تھا -
۲۲	لوئي ڈفیون	۸۰۰	۱۸۴۰	Louis De Facieu ؟ فوج سواری میں ملازم تھا -
۲۳	راے ڈفیون	۳۰۰	,,	De Facieu ؟ ؟ یہ لوئی ڈفیون کا بیٹا تھا - باپ اور بیٹا اکٹھے ملازم ہوئے تھے -
۲۴	ہاروے	۷۰۰	...	Harvey - یہ شخص ڈاکٹر تھا -
۲۵	ہوربن	۲۰۰	۱۸۴۲	Hurbons - یہ شخص بیلداروں میں ملازم تھا -
۲۶	کینبٹ	۲۵۰	,,	Kenawitch ؟ - یہ شخص توپخانہ میں ملازم تھا -
۲۷	لافونٹ دوئم	۸۰۰	۱۸۴۳	La Font II - یہ پلٹن میں کمیدانی کے عہدہ پر مامور تھا -
۲۸	جان ہوم	۱۵۰	۱۸۲۹	John Holmes - یہ شخص ایک پلٹن کا کمیدان مقرر ہوا - آہستہ آہستہ ترقی کر کے کرنیل کے عہدہ پر پہنچا - کچھ عرصہ

				کے لئے گجرات کا گورنر بھی رہا -
۲۹	گارڈونا	۱۵۰	۱۸۳۱	Alexander Gardiner - یہ شخص توپخانہ میں ملازم تھا - بعد میں راجہ دھیان سنگھ کی فوج میں داخل ہو گیا - اس نے پنجاب کے متعلق دلچسپ حالات لکھے ہیں جو کتاب کی صورت میں شائع ہوئے تھے -
۳۰	گارن	۱۵۰	۱۸۲۰	Garron - یہ شخص رنگروٹوں کو قواعد سکھلانے کے لئے ملازم رکھا گیا -
۳۱	کنورا	۲۰۰	۱۸۴۱	Kanora - یہ شخص توپخانہ میں ملازم تھا - سنہ ۱۸۴۸ع میں سردار چتر سنگھ گورنر ہزارہ کے حکم سے گولی سے مارا گیا -

ضمیمہ ۳

مہاراجہ رنجیت سنگھ کا کنبہ *

* یہ ضمیمہ سر لیپل گرفن کی کتاب رؤسان پنجاب پر مبنی ہے -

مہاراجہ رنجیت سنگھ کی سولہ رانیاں تھیں جن کے نام ذیل میں درج کئے جاتے ہیں - ان میں سے پہلی آٹھ تو ایسی تھیں جن کے ساتھ مہاراجہ کی باقاعدہ رسومات کی ادائیگی کے بعد شادی ہوئی تھی اور باقی آٹھ کو مہاراجہ نے صرف چادر ڈالنے کی رسم پوری کرکے اپنی حرم میں داخل کر لیا تھا -

(۱) رانی مہتاب کور - سردار گوربخش سنگھ کنھیا اور اس کی زوجہ رانی سدا کور کی بیٹی تھی - سنہ ۱۷۹۶ع میں اس کی شادی رنجیت سنگھ کے ساتھ ہوئی تھی - مہاراجہ شیر سنگھ اور کنور تارا سنگھ اسی رانی کے بیٹے خیال کئے جاتے ہیں - سنہ ۱۸۱۳ع میں اس کا انتقال ہو گیا -

(۲) رانی راج کور - اس رانی کا دوسرا نام داتار کور بھی تھا - گو عام لوگوں میں یہ رانی مائی نکین کے نام سے مشہور تھی - رانی راج کور سردار گیان سنگھ نکئی کی ہمشیرہ تھی - سنہ ۱۷۹۸ع میں اس کی شادی رنجیت سنگھ کے ساتھ ہوئی تھی - مہاراجہ کھڑک سنگھ اسی رانی کے بطن سے تھا - سنہ ۱۸۱۸ع میں اس کا انتقال ہو گیا -

(۳) رانی روپ کور - یہ کوٹ سید محمود ضلع امرتسر

کے ایک زمیندار سردار جے سنگھ کی بیٹی تھی -
سنہ ۱۸۱۵ع میں اس کی شادی ہوئی تھی -

(۴) رانی لچھمی - یہ گجرانوالہ کے ایک سردار دیسا سنگھ سندھو کی بیٹی تھی - سنہ ۱۸۲۰ع میں اس کی مہاراجہ کے ساتھ شادی ہوئی تھی -

(۵-۶) رانی مہتاب کور اور رانی راج بنسو دونوں بہنیں تھیں - اور راجہ سنسار چند والی کانگڑہ کی ایک کنیزک کے بطن سے تھیں - مہاراجہ نے ان دونوں کے ساتھ سنہ ۱۸۳۰ع میں شادی کی تھی -

(۷) رانی رام دیوی گجرانوالہ کے سردار گرومکھ سنگھ کی بیٹی تھی -

(۸) رانی گل بیگم - گل بیگم امرتسر کی ایک حسین مسلمان اہل نشاط تھی - سنہ ۱۸۳۲ع میں مہاراجہ نے باقاعدہ رسومات ادا کرکے اس کے ساتھ شادی کرلی اور اسے اپنی حرم میں داخل کرکے رانی گل بیگم کا لقب دیا -

(۹) رانی دیوی - یہ ریاست جسواں کے وزیر کی بیٹی تھی -

(۱۰-۱۱) رانی رتن کور اور رانی دیا کور - یہ دونوں سردار صاحب سنگھ حاکم گجرات کی بہوہ تھیں - سنہ ۱۸۱۱ع میں جب سردار صاحب سنگھ کا انتقال ہو گیا تو مہاراجہ نے ان دونوں کو اپنی

حرم میں داخل کر لیا - رانی رتن کور کے بطن
سے کنور ملتانا سنگھ اور رانی دیا کور کے بطن
سے کنور کشمیرا سنگھ اور پشورا سنگھ پیدا ہوئے
تھے -

(۱۲) رانی چاند کور - موضع چھن‌پور ضلع امرتسر کے
ایک سردار جے سنگھ کی بیٹی تھی - سنہ ۱۸۱۵ع
میں مہاراجہ کے ساتھ اس کی شادی ہوئی تھی -

(۱۳) رانی مہتاب کور موضع ملا ضلع گورداس‌پور کے
چودھری سوجان سنگھ کی بیٹی تھی - سنہ ۱۸۲۲ع
میں اس کی شادی مہاراجہ کے ساتھ ہوئی تھی -

(۱۴) رانی سمان کور - ستلج پار ایک ملوئی جاٹ مسمی
صوبہ سنگھ کی لڑکی تھی - سنہ ۱۸۳۲ع میں اس
کی شادی ہوئی تھی -

(۱۵) رانی گلاب کور - موضع جگدیو ضلع امرتسر کے ایک
زمیندار کی بیٹی تھی - سنہ ۱۸۳۹ع میں اس کا
انتقال ہو گیا -

(۱۶) رانی جندان - موضع چار ضلع امرتسر کے ایک جاٹ
مسمی منا سنگھ کی بیٹی تھی - منا سنگھ
مہاراجہ کی سواری فوج میں ملازم تھا - مہاراجہ
دلیپ سنگھ اسی کے بطن سے تھا -

مندرجہ بالا رانیوں کے علاوہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی
حرم میں بہت ساری کنیزک بھی تھیں - ان

میں بعض بعض کا درجہ تو رانیوں کے برابر تھا - اور ان میں سے چند ایک مہاراجہ کی چتا پر جل کر اس کے ساتھ ستی بھی ہو گئی تھیں -

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے سات بیٹے تھے جن کے نام ذیل میں درج کئے جاتے ہیں

(۱) کنور کھڑک سنگھ - یہ مہاراجہ کا سب سے بڑا بیٹا تھا - رانی داتار کور کے بطن سے سنہ ۱۸۰۲ع میں پیدا ہوا تھا - مہاراجہ کے پیچھے سنہ ۱۸۳۹ع میں تخت پر بیٹھا - مگر تیرہم سال کے اندر ہی اندر موت نے اسے آن گھیرا اور وہ اس جہان فانی سے چل بسا -

(۲-۳) کنور شیر سنگھ و کنور تارا سنگھ - یہ ہر دو شہزادے رانی مہتاب کور کے بیٹے تھے * - کنور شیر سنگھ جنوری سنہ ۱۸۴۱ع میں تخت‌نشین ہوا - ستمبر سنہ ۱۸۴۳ع میں سردار اجیت سنگھ سندھانوالیہ کے ہاتھوں قتل ہوا - کنور تارا سنگھ نے سنہ ۱۸۵۹ع میں انتقال کیا -

(۴-۵) کنور کشمیرا سنگھ و کنور پشورا سنگھ - یہ ہر دو شہزادے رانی دیا کور گجرات والی کے بطن سے تھے * -

* ان شہزادوں کی ولادت کی نسبت مؤرخین نے مختلف رائیں ظاہر کی ہیں جو ہم نے تفصیل کے ساتھ اس کتاب میں درج کی ہیں - مثلاً دیکھو صفحہ ۱۰۵ - ۶

اُن دونوں بھائیوں کو مہاراجہ نے تعلقہ سیالکوٹ جاگیر میں دے رکھا تھا - سنہ ۱۸۴۳ع میں جب لاہور دربار میں کھلبلی مچی ہوئی تھی کنور کشمیرا سنگھ خالصہ فوج کے غصہ کا شکار ہوا - اس کے ایک سال بعد دوسرا بھائی کنور پشورا سنگھ بھی قلعہ اٹک میں قتل کیا گیا -

(۶) کنور ملتانا سنگھ - یہ شہزادہ رانی رتن کور گجرات والی کے بطن سے تھا - سنہ ۱۸۴۶ع میں اس کا انتقال ہوا -

(۷) کنور دلیپ سنگھ - یہ شہزادہ رانی جنداں کے بطن سے تھا - اور سنہ ۱۸۳۷ع میں پیدا ہوا تھا - مہاراجہ شیر سنگھ کے پیچھے سنہ ۱۸۴۳ع میں تخت پر بٹھایا گیا - الحاق پنجاب کے دو سال بعد مہاراجہ دلیپ سنگھ انگلستان کو چلا گیا اور باقی عمر وہاں ہی مقیم رہا - اس کی والدہ رانی جنداں بھی بعد میں انگلستان چلی گئی اور وہاں ہی فوت ہوئی -

ضمیمہ ۴

کتابوں کی فہرست

ذیل کی فہرست میں صرف ان کتابوں کا نام درج کیا گیا ہے جن میں سے حوالہ کے طور پر ہم نے انتخابات لئے ہیں - اس سے یہ مفہوم نہیں کہ اس فہرست میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کی تواریخ کے متعلق مجموعی طور پر کتب درج کئے گئے ہیں -

(۱) خالصہ دربار ریکارڈ جلد اول و دوئم - یہ ہر دو کتابیں مصنف نے خود مرتب کی تھیں اور پنجاب گورنمنٹ نے انہیں شائع کیا تھا - جلد اول میں سرکار خالصہ کے صیغہ فوج کے کل کاغذات کی فہرست ہے اور جلد دوئم میں زیادہ‌تر صیغہ مال کے کاغذات کی فہرست درج ہے - خالصہ دربار ریکارڈ کی نسبت ہم نے اس کتاب کے دیباچہ (صفحہ ۱) میں ایک مختصر نوٹ دیا ہے -

(۲) ظفرنامہ رنجیت سنگھ - یہ کتاب فارسی زبان میں ہے اور دیوان امرناتھ کی تصنیف ہے - مصنف نے اس کتاب کو سنہ ۱۹۲۸ع میں پہلی بار شائع کیا تھا - (دیکھو دیباچہ صفحہ ۵) -

(۳) عمدۃالتواریخ یعنی روزنامچہ مہاراجہ رنجیت سنگھ مصنفہ منشی سوہن لال - یہ کتاب فارسی زبان

میں مہاراجہ کی تواریخ کے لئے ایک گراں بہا
ذخیرہ ہے - (دیکھو دیباچہ صفحہ ۴) -

(۴) تواریخ پنجاب مصنفہ بوٹی شاہ - یہ کتاب بھی
فارسی زبان میں ہے اور ابھی تک مسودہ کی
شکل میں ہے - (دیکھو دیباچہ صفحہ ۵)

(۵) فتح نامہ ملتان و پشاور یدھ مصنفہ گنیش داس
پنگل - یہ کتاب ہندی زبان کے چھندوں میں
ہے اور ابھی تک مسودہ کی شکل میں ہے ہم نے
دیباچہ کے صفحہ ٦ پر اس کی نسبت مختصر نوٹ
لکھا ہے -

(٦) تواریخ مہاراجہ رنجیت سنگھ مصنفہ پرنسپ صاحب -
یہ کتاب سنہ ۱۸۳۴ع میں مہاراجہ کی حین
حیات میں شائع ہوئی تھی - (دیکھو دیباچہ
صفحہ ۲) -

(۷) تواریخ سکھاں مصنفہ میک گریگر صاحب - یہ
کتاب سنہ ۱۸۴٦ع میں شائع ہوئی تھی - (دیکھو
دیباچہ صفحہ ۲) -

(۸) تواریخ سکھاں مصنفہ کننگھم صاحب - یہ کتاب
سنہ ۱۸۴۹ع میں شائع ہوئی تھی -

(۹) مہاراجہ رنجیت سنگھ کا دربار مصنفہ ولیم اوزبرن -
یہ کتاب سنہ ۱۸۴۰ع میں شائع ہوئی تھی -

(۱۰) تواریخ پنجاب مصنفہ لفٹننٹ اسٹن بہک - یہ

کتاب سنہ ۱۸۴۵ع میں شائع ہوئی تھی -

(۱۱) متکالف صاحب کی خط و کتابت مصنفہ کے صاحب -

(۱۲) سفرنامہ فارسٹر صاحب - یہ کتاب سنہ ۱۷۹۸ع میں شائع ہوئی تھی - اس کتاب میں سکھ مثلوں کے عہد حکومت کے کچھ چشم‌دید حالات مصنف نے لکھے ہیں -

(۱۳) سفرنامہ ایلگزنڈر برنز - یہ کتاب سنہ ۱۸۳۹ع میں شائع ہوئی تھی -

(۱۴) سکھ اور افغان مصنفہ شہامت علی - شہامت علی سنہ ۱۸۳۶ع کے قریب انگریزی مشن کے ساتھ افغانستان جاتا ہوا مہاراجہ کے پاس لاہور میں کچھ عرصہ کے لیئے ٹھہرا تھا - دو ایک برس پیچھے اس نے اپنا سفرنامہ انگریزی زبان میں شائع کیا تھا -

(۱۵) سفرنامہ مور کرافت صاحب - مسٹر مور کرافت سنہ ۱۸۱۹ع کے قریب تبت اور لداخ جاتا ہوا لاہور میں ٹھہرا تھا - اس نے ڈائری یعنی روزنامچہ کی صورت میں اپنے سفر کے حالات قلمبند کئے تھے جو کہ بعد میں مسٹر ولسن نے شائع کئے تھے -

(۱۶) سفرنامہ بیرن ھیوگل صاحب - مسٹر ھیوگل سنہ ۱۸۳۲ع کے قریب کشمیر جاتا ہوا راستہ میں

مہاراجہ کے پاس کچھ عرصہ کے لئے ٹھہرا تھا -
اس کا سفرنامہ جرمن زبان میں شائع ہوا تھا
جسے بعد میں مسٹر جروس نے انگریزی زبان
میں ترجمہ کیا -

(۱۷) سفرنامہ ڈاکٹر ہانگ برگر - ڈرکٹر ہانگ برگر
ہندوستان میں پینتیس برس مقیم رہا - وہ
مہاراجہ کے دربار میں ڈاکٹر کے عہدہ پر ممتاز
تھا اور ساتھ ہی بارودخانہ کا افسر بھی تھا -

(۱۸) سفرنامہ سر ہنری فین - اس کتاب میں سر ہنری فین
کے پانچ سالہ ملازمت سنہ ۱۸۳۵ع تا ۱۸۳۹ع کے حالات
درج ہیں - سر ہنری فین نے لارڈ آکلینڈ گورنر جنرل
کے ہمراہ مہاراجہ کے ساتھ ملاقات کی تھی -

(۱۹) رؤسان پنجاب مصنفہ سر لیپل گرفن - یہ کتاب
پہلے پہل سنہ ۱۸۶۵ع میں شائع ہوئی تھی -
اس کتاب میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے درباریوں
اور سکھ سرداروں کے حالات وضاحت کے ساتھ
درج ہیں -

(۲۰) مہاراجہ رنجیت سنگھ مصنفہ سر لیپل گرفن -

(۲۱) تواریخ پنجاب مصنفہ سید محمد لطیف سنہ
۱۸۹۲ع - دیباچہ میں اس کتاب کی نسبت
ہم نے ایک مختصر نوٹ درج کیا ہے -

(۲۲) ڈاکٹر لوگن اور مہاراجہ دلیپ سنگھ - یہ کتاب لیڈی
لوگن نے سنہ ۱۸۹۰ع میں شائع کی تھی -

(۲۳) سکھوں اور انگریزوں کی جنگ مصنفہ سر جی - گف -

(۲۴) آرمی آف رنجیت سنگھ - یہ پانچ مضامین کا مجموعہ ہے جو کہ مصنف نے جرنل آف انڈین ہسٹری مدراس فروری سنہ ۱۹۲۲ع تا ۱۹۲۶ع میں شائع کیا تھا -

(۲۵) یوروپین ایڈونچررز مصنفہ سی ' ٹی ' گرے European Adventurers in Northern India. یہ کتاب حال ہی میں شائع ہوئی ہے -

(۲۶) تواریخ پنجاب مصنفہ رائے بہادر منشی کنہیا لال - یہ کتاب اردو زبان میں ہے اور زیادہ‌تر مندرجہ بالا انگریزی کتاب پر مبنی ہے -

(۲۷) تواریخ مہاراجہ رنجیت سنگھ مصنفہ بھائی پریم سنگھ - یہ کتاب پنجابی زبان میں گورمکھی حروف میں حال ہی میں شائع ہوئی ہے - بھائی پریم سنگھ جی نے کافی محنت اور تحقیقات کے بعد اپنی کتاب شائع کی ہے -

انڈیکس

صحت نامہ

صفحہ	سطر	غلط	درست
۱۴	۱۴	معتفر	مظفر
۱۴	۱۵	هندوں	هندؤں
۱۵	۱۰	سکھ پنتھ کو خالصہ کا خطاب دیا	خالصہ کی بنیاد رکھی
۱۵	۱۱	ان کے	اپنے مریدوں کے
۲۴	۱۲	سنہ ۱۷۲۵ع	سنہ ۱۷۴۵ع
۲۵	۱۹	سنہ ۱۷۲۸ع	سنہ ۱۷۴۸ع
۳۰	۱۲	اپنے نام کا مکہ	اپنے نام کا سکہ
۳۴	۱۳	سنہ ۱۷۶۲ع	سنہ ۱۷۶۴ع
۴۲	۸	کلھریاں	مکھیریاں
۵۴	فٹ نوٹ	ملہ	حملہ
۸۲	۱۹	دور کر دیا دور کي	دور کر دیا
۹۹	۸	مایوس کرنا دھم نہیں	مایوس کرنا دھرم نہیں
۱۰۰	فٹ نوٹ	انگریزوں ور هولکر	انگریزوں اور هولکر
۱۰۲	۱	فضیل پوربیہ	فیصل پوربیہ
۱۳۷	۴	کی یہ چال	کا یہ رویہ
,,	۵	پسند نہ تھي	پسند نہ تھا

۱۴۵	۱۳	تجان	جان
۱۴۹	۱۸	تهوڑي دور	تهوڑي تهوڑي دور
۱۵۱	۹	نجیت سنگھ	رنجیت سنگھ
,,	۱۱	بویا	دیا
۱۶۸	فٹ نوٹ	۳۰۷۵	۳۵۷۷۵
۱۷۰	۱	سامان صرب	سامان حرب
۱۷۴	فٹ نوٹ	صفحہ ۷	صفحہ ۷۱
۱۷۵	فٹ نوٹ	فیر گرفید	پذیر گردید
۱۷۶	۱۰	وار	اور
,,	۱۶	خوش سمتي	خوش قسمتي
۱۸۱	فٹ نوٹ	صفحہ ۹	صفحہ ۸۹
۱۸۶	۷	شمیر	کشمیر
۱۸۸	۲۰	سامان سد	سامان رسد
۱۹۷	۱۷	وانہ هوا	روانہ هوا
,,	۲۱	شہر فصیل	شہر کي فصیل
۱۹۸	۱۳	کالي	اکالي
۲۰۰	۷	تالیق	اتالیق
۲۰۲	۴	یوان سنگھ	دیوان سنگھ
۲۱۱	۱۴	پے وکیل	اپنے وکیل
۲۱۴	۱۱	بہر	بے نظہر
۲۶۷	فٹ نوٹ	میں موجود هے	یہ موجود هے
۲۶۸	۷	سرمد	سرحد
۲۷۹	۳	کرنیل پامنچز	کرنیل پونہنچر

صفحه	سطر	غلط	صحيح
,,	فٹ نوٹ	درمیں	درمیان
۲۹۸	۱	دي جاتي نهیں	دي جاتي تهیں
,,	۹	قوڑے	کوڑے
۳۰۰	۷	وصول نذرانه	وصولي نذرانه
۳۰۷	۱۴	قریب تهے	قریب تهیں
۳۰۸	۲۲	بڑهانا تها	بڑهانا چاهتا تها
۳۱۶	۱۷	سرفراز خان والي ملتان	سرفراز خان ملتانی
۳۲۵	۷	عبادت	عبارت
۳۲۷	۵	عالموں کا قدرداني	عالموں کي قدرداني
۳۳۴	۱۰	شوقت	شوکت

پنجاب - رنجیت سنگھ کے عہد حکومت میں (۱۸۳۹ء)